روئی پٹ سن کے اسکریو اور پریس	۸۳	۱۳۳۳۴۶۹۷۰
دیگر اقسام کے مل کارخانے اور پریس	۳۱	۴۴۱۵۵۶۰
میزان کارخانہ پارچہ بافی و پریس	۲۴۵	۱۲۰۵۷۸۳۸۰

	تعداد	سرمایہ وصول شدہ
چاے کی کمپنیان	۱۴۴	۳۶۴۸۸۳۴۰
کافی و سنکونا	۵	۳۸۳۲۹۰
دوسری اقسام کی کاشتکاری کی کمپنیان	۹	۶۳۱۰۰۰
معدن اور کہان کے کام کی کمپنیان	۵۷	۱۶۱۵۸۹۵۰
برف کی کمپنی	۱۲	۱۹۷۱۸۳۰
شکر بنانے کی کمپنیان	۲	۱۶۰۶۳۶۰
بیر بنانے کی کمپنیان	۳	۱۶۹۵۴۰۰
دیگر اقسام کی کمپنیان	۳۲	۹۰۱۹۸۵۰
میزان کل	۹۴۷	۲۶۵۸۰۹۸۵۰

نقشہ ذیل سے رقبہ پیمایش شدہ و کل رقبہ برٹش انڈیا صوبہ وار مزروعہ و غیر مزروعہ بابت سنہ ۹۰ - ۱۸۹۱ء معلوم ہوگا۔

نام صوبہ	رقبہ جو سرکاری محکمہ پیمایش سے معلوم ہوا اور جسمیں خراجگذار ریاستوں کا اور نیز وہ رقبہ شامل ہے جسکے نقشے بہم نہ پہونچے	رقبہ جسکی تفصیل اس نقشہ مین حسب پیمایش ہند دی گئی ہے	اراضی مزروعہ: جسمین کاشتکاری ہوئی ایکر	اراضی مزروعہ: جو بے فصل کے پڑی رہی ایکر	اراضی مزروعہ: میزان ایکر	غیر مزروعہ: قابل زراعت ایکر	غیر مزروعہ: ناقابل زراعت ایکر	غیر مزروعہ: میزان ایکر	جنگل ایکر
بنگالہ	.	نقشہ بہم نہ پہونچا							
ممالک مغربی شمالی	۵۷۰۱۹۵۱۱	۴۷۴۴۲۹۸۲	۲۵۲۶۶۵۴۹	۲۴۱۲۶۱۰	۲۷۶۷۹۱۵۹	۷۹۳۳۸۴۷	۶۶۸۲۶۰۶	۱۴۶۱۶۴۵۳	۵۲۱۲۴۴۹
اودہ	۱۵۳۳۷۸۴۶	۱۵۳۳۷۸۴۶	۸۸۷۵۲۲۲	۵۱۱۴۹۵	۹۳۸۶۶۱۷	۳۳۱۳۴۵۵	۲۲۲۶۸۰۲	۵۵۴۰۲۲۷	۵۷۲۱۰۵
پنجاب	۹۶۱۰۳۹۳۶	۶۸۱۳۲۷۳۶	۲۰۸۵۴۰۹۲	۵۰۱۷۰۶۵	۲۵۸۷۱۱۵۷	۲۶۹۳۴۴۱۷	۱۲۱۱۹۸۳۶	۳۹۰۵۴۲۵۳	۳۰۳۸۷۱۱
برہما پائین	۵۶۲۷۶۲۳۰	۵۶۲۷۶۲۳۰	۵۰۰۰۷۲۲	۷۱۳۰۷۶	۵۷۱۳۷۹۸	۱۶۸۰۵۷۰۶	۳۰۱۷۰۸۲۶	۴۶۹۷۶۵۳۲	۳۵۸۵۹۰۰
برہما بالاے	۵۲۲۳۵۶۸۲	۵۰۷۴۸۳۲۲	۲۸۴۸۸۸۴	۱۲۷۰۱۲۸	۴۱۱۹۰۱۲	۱۹۶۱۷۸۷۲	۲۷۰۱۱۴۳۸	۴۶۶۲۹۳۱۰	.
ممالک متوسط	۷۴۱۹۹۴۲۱	۴۳۰۰۶۵۳۶	۱۵۵۸۷۵۶۶	۱۵۷۲۵۸۵	۱۷۱۶۰۱۵۱	۹۰۷۶۰۲۴	۴۲۸۹۲۸۲	۱۳۳۶۵۳۰۶	۱۲۴۵۴۳۸۱
آسام	۲۹۰۶۸۳۸۸	۱۳۹۵۷۱۳۹	۱۷۷۷۳۳۴	۸۹۸۹۳۷	۲۶۷۶۲۷۱	۸۹۲۲۳۱۰		۸۹۲۲۳۱۰	۲۳۵۸۵۵۸

نام صوبہ	رقبہ جو سرکاری محکمہ پیمائش سے معلوم ہوا اور جسمیں خراج گذار ریاستوں کا اور نیز وہ رقبہ شامل ہے جسکے نقشے ہم نہیں پہنچے	رقبہ جسکی تفصیل اس نقشہ میں حسب پیمائش بندی دی گئی ہے	اراضی مزروعہ			غیر مزروعہ			جنگل ایکڑ
			جسمیں کاشتکاری ہوئی ایکڑ	جو بے فصل پڑی ہے ایکڑ	میزان ایکڑ	قابل زراعت ایکڑ	ناقابل زراعت ایکڑ	میزان ایکڑ	
اجمیر	۱۷۱۴۷۷۳	۸۵۵۹۶۱	۲۱۷۲۲۸	۹۴۳۹۴	۳۱۱۶۲۲	۱۱۰۹۱۹	۳۴۴۳۰۷	۴۵۵۲۲۶	۸۹۱۱۳
کورگ	۱۰۱۲۲۶۰	۱۰۱۲۲۶۰	۱۳۹۷۴۸	۱۹۳۲۰	۱۵۹۰۶۸	۵۴۰۲۱	۲۵۱۱۲۶	۳۰۵۱۴۷	۵۴۸۰۴۵
مدراس	۹۱۰۳۱۶۹۰	۶۰۲۴۹۸۷۳	۲۳۷۰۲۲۸۰	۵۱۷۶۲۱۸	۲۸۸۷۸۴۹۸	۷۸۶۹۲۷۲	۱۱۹۶۰۲۲۲	۱۹۸۲۹۴۵۴	۱۱۵۴۱۸۸۱
بمبئی	۷۵۹۵۲۴۶۲	۶۸۲۷۲۱۸۱	۲۷۹۱۷۵۷۳	۸۲۲۴۰۰۸	۳۶۱۴۱۵۸۱	۷۳۸۸۷۴۴	۱۷۴۴۹۱۶۹	۲۴۸۳۷۹۱۳	۷۲۹۲۶۸۷
برار	۱۱۳۳۹۶۳۱	۱۱۳۳۹۶۳۱	۶۶۹۷۲۸۱	۹۹۸۲۷۳	۷۶۹۵۵۵۴	۶۹۹۰۲۴	۲۲۲۱۶۱۶	۲۹۲۰۶۴۰	۷۲۳۴۳۷
پرگنہ مانپور	۳۸۸۷۱	۳۸۸۷۱	۶۵۶۸	۷۳۶	۷۳۰۴	۱۰۴۱۲	۱۳۵۷	۱۱۷۶۹	۱۹۷۹۸
میزان	۵۶۱۳۳۰۷۰۱	۴۳۶۶۷۰۵۶۷	۱۳۸۸۹۰۹۴۷	۲۶۹۰۸۸۴۵	۱۶۵۷۹۹۷۹۲	۹۹۸۱۳۷۱۳	۱۱۴۷۲۸۵۱۷	۲۲۳۴۶۴۶۱۰	۴۷۴۳۷۰۶۵

(قابل زراعت + ناقابل زراعت) ۸۹۲۳۳۱۰

سنہ ۱۸۹۱ء مین ۱۸ کویلہ کی کہانین ہندوستان مین ایسی تہین کہ جنپر کام ہو رہا تہا - اور
جن سے سالانہ نکاسی حسب تفصیل ذیل ہوئی -

	ٹن		ٹن		ٹن
سنہ ۱۸۸۶ء	۱۳۸۸۴۸۷	سنہ ۱۸۸۸ء	۱۷۰۸۹۰۳	سنہ ۱۸۹۰ء	۲۱۶۸۵۲۱
سنہ ۱۸۸۷ء	۱۵۶۴۰۶۳	سنہ ۱۸۸۹ء	۱۹۴۶۱۷۲	سنہ ۱۸۹۱ء	۲۲۲۹۴۰۰

سنہ ۱۸۹۱ء کی نکاسی کی کل تخمینی قیمت ۷۶۰۷۰۰۰ روپیہ ہے - جو کویلہ کوک (جو ایک قسم کا کویلہ ہے) اور اینڈہن سنہ ۹۱-۱۸۹۲ء مین باہر سے لایا گیا اوسکی تعداد ۷۳۶۹۷۱ ٹن تہی - اور جو لوگ کہ کہان کے کام مین لگے تہے اون کی کل تعداد ۳۴۰۴۳ تہی -

تجارت

اٹہاون برس مین سنہ ۳۴-۱۸۳۵ء سے لیکر سنہ ۹۱-۱۸۹۲ء تک بیرونی تجارت سمندر مین ہوکر ۱۴۴۴۲۲۹۰۰ روپیہ سے ۱۹۵۶۱۵۳۲۲۰ روپیہ تک ہوگئی ہے یہ ترقی قریب قریب چودہ گنا ہوئی ہے - جسکی اوسط بیشی فی صدی سالانہ ۲۱،۷۹ ہوتی ہے - گذشتہ ۳۱ سال کی بیشی کا اوسط نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا - اس زمانہ کو سات سات سال کے چار زمانون پر منقسم کر دیا ہے -

سال	اوسط سالانہ درآمد	اوسط سالانہ برآمد	درآمد کی زیادتی یا کمی فی صدی	برآمد کی زیادتی فی صدی
	روپیہ	روپیہ		
سنہ ۶۱-۱۸۶۲ع سے سنہ ۶۷-۱۸۶۸ع تک	۴۶۵۶۴۲۱۷۰	۵۵۲۴۷۳۵۰۰	•	•
سنہ ۶۸-۱۸۶۹ع سے سنہ ۱۸۷۴-۷۵ع تک	۴۳۱۴۴۹۶۵۰	۵۷۳۷۹۶۱۱۰	۷٫۳۴—	۳٫۸۶
سنہ ۱۸۷۵-۷۶ع سے سنہ ۱۸۸۱-۸۲ع تک	۵۳۱۵۸۳۷۹۰	۶۹۴۳۲۱۹۱۰	۲۳٫۲۱	۲۱٫۰۰
سنہ ۱۸۸۲-۸۳ع سے سنہ ۱۸۸۸-۸۹ع تک	۷۲۷۶۸۲۴۰۰	۸۹۳۰۰۲۵۶۰	۳۶٫۸۹	۲۸٫۶۲
سنہ ۱۸۸۹-۹۰ع	۸۶۶۵۶۹۹۰۰	۱۰۵۳۶۶۷۲۰۰	۱۹٫۰۹	۱۷٫۹۹
سنہ ۱۸۹۰-۹۱ع	۹۳۹۰۹۸۵۶۰	۱۰۲۳۵۰۵۲۶۰	۸٫۳۷ —	۲٫۸۶
سنہ ۱۸۹۱-۹۲ع	۸۴۱۵۵۰۴۵۰	۱۱۱۴۶۰۲۷۷۰	۱۰٫۳۹ —	۸٫۹

اوس سال مین جو ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۲ع کو ختم ہوا ہندوستان کی بیرونی تجارت (سرکاری اور خانگی) حسب تفصیل ذیل تھی-

	درآمد روپیہ	برآمد روپیہ
سامان تجارت	۶۹۴۳۲۳۸۳۰	۱۰۸۱۷۳۵۹۲
چاندی سونا	۱۴۷۲۲۶۶۲	۳۲۸۶۶۸۶
میزان	۸۴۱۵۵۰۴۵	۱۱۱۴۶۰۲۷۸

نقشہ ذیل سے ۱۸۸۲ء اور ۱۸۸۸ء سے ۱۸۹۲ء تک کی درآمد و برآمد اسباب تجارت اور چاندی سونے کا حال معلوم ہوگا۔ اس مین سرکاری مال و اسباب اور چاندی سونا شامل نہین ہے۔

سال	درآمد			برآمد		
	مال و اسباب تجارت	چاندی سونا	میزان	مال و اسباب تجارت	چاندی سونا	میزان
۱۸۸۲ء	۴۶۹۹۲۰۸۴۰	۱۱۳۲۲۷۸۱۰	۵۸۳۱۴۸۶۵۰	۸۱۹۰۱۹۶۰۰	۱۰۹۷۳۳۷۰	۸۲۹۹۳۴۷۰
۱۸۸۸ء	۶۲۳۸۴۸۱۳۰	۱۳۸۲۵۸۵۶۰	۷۶۲۱۰۶۶۹۰	۹۰۴۷۱۴۶۲۰	۱۵۱۳۹۵۴۰	۹۱۹۹۵۴۱۶۰
۱۸۸۹ء	۶۶۵۷۰۳۱۸۰	۱۳۸۴۴۹۶۰۰	۸۰۴۱۵۲۷۸۰	۹۶۹۷۸۱۷۱۰	۱۷۰۳۴۹۷۰	۹۸۶۸۱۶۶۸۰
۱۸۹۰ء	۶۶۵۶۰۱۲۰۰	۱۷۴۵۹۳۰۱۰	۸۴۰۱۹۴۲۱۰	۱۰۳۳۹۶۸۶۲۰	۱۸۴۱۹۲۰۰	۱۰۵۲۳۸۷۸۲۰
۱۸۹۱ء	۶۹۰۳۴۹۰۰۰	۲۱۹۱۹۴۸۶۰	۹۰۹۵۴۳۸۶۰	۱۰۰۱۳۵۷۲۲۰	۲۰۷۱۹۰۶۰	۱۰۲۲۰۷۶۲۸۰
۱۸۹۲ء	۶۶۵۸۷۴۵۷۰	۱۴۷۲۲۶۶۲۰	۸۱۳۱۰۱۱۹۰	۱۰۸۰۳۶۰۱۰۰	۳۱۴۳۱۸۶۰	۱۱۱۱۷۹۱۹۶۰

جو مال واسباب تجارت سنہ ۱۸۹۱-۹۲ء مین باہر کو گیا اوس مین سے ۱۰۳۵۵۰۸۲۳۱۰ روپیہ کا مال وہ تہا جو اس ملک مین پیدا ہوا تہا - اور ۴۴۸۵۱۷۹۰ روپیہ کا ایسا مال تہا جو باہر سے آیا تہا اور پہر باہر کو بہیجا گیا تہا -

مال واسباب درآمد و برآمد مین خانگی سونا چاندی بہی شامل ہے مگر سرکاری مال و اسباب اور چاندی سونا داخل نہین ہے ہندوستان کے بڑے بڑے پانچ حصون مین حسب تفصیل آیا گیا

	بنگال	برہما	مدراس	بمبئی	سندہ
			درآمد		
سنہ ۱۸۸۲ء	۲۲۳۶۳۱۹۸۰	۳۳۴۴۹۵۳۰	۴۲۱۴۸۴۵۰	۲۷۱۵۹۴۲۷۰	۱۲۳۲۲۴۲۰
سنہ ۱۸۸۸ء	۲۴۵۸۲۱۴۱۰	۵۷۱۹۸۰۲۰	۵۵۲۷۱۷۵۰	۳۷۶۵۳۴۷۲۰	۲۷۲۷۸۷۹۰
سنہ ۱۸۸۹ء	۲۷۱۱۸۷۲۴۰	۵۰۱۱۸۸۹۰	۵۹۳۳۶۰۵۰	۳۸۶۱۲۵۷۲۰	۲۷۳۹۴۸۸۰
سنہ ۱۸۹۰ء	۲۶۳۱۴۸۰۳۰	۵۴۶۷۷۵۲۰	۶۴۳۷۴۲۰۰	۴۲۲۹۵۴۵۷۰	۲۵۰۳۹۸۹۰
سنہ ۱۸۹۱ء	۲۹۹۹۸۷۶۶۰	۵۵۰۰۳۲۳۰	۶۵۴۳۲۳۱۰	۴۵۱۲۴۸۹۷۰	۳۷۸۷۱۶۷۰
سنہ ۱۸۹۲ء	۲۸۷۰۶۸۴۸۰	۵۵۲۰۸۷۲۰	۶۲۲۱۷۰۲۰	۳۶۷۷۶۵۵۶۰	۴۰۸۴۱۴۱۰
			برآمد		
سنہ ۱۸۸۲ء	۳۴۲۸۳۵۴۴۰	۶۵۷۹۷۲۶۰	۷۸۴۲۵۴۵۰	۳۲۲۵۰۹۱۴۰	۲۰۴۲۶۱۸۰
سنہ ۱۸۸۸ء	۳۷۱۹۶۳۰۶۰	۶۶۳۳۵۴۷۰	۹۹۶۶۶۶۵۰	۳۵۵۲۶۰۰۳۰	۲۶۶۲۸۹۵۰
سنہ ۱۸۸۹ء	۳۷۸۷۳۷۴۱۰	۶۱۰۸۸۲۲۰	۱۰۴۴۶۳۴۸۰	۴۰۳۶۳۶۴۶۰	۳۸۸۹۱۱۱۰

	بنگال	برہما	مدراس	بمبئی	سندھ
برآمد					
سنہ ۱۸۹۰ء	۳۹۸۰۶۰۴۴۰	۷۷۸۱۵۴۲۰	۱۱۶۰۸۵۰۹۰	۴۰۹۷۳۷۴۱۰	۵۰۶۸۹۴۶۰
سنہ ۱۸۹۱ء	۳۷۴۲۸۲۳۰۰	۹۶۱۲۳۲۱۰	۱۰۹۰۰۱۴۵۰	۳۹۵۴۲۵۳۶۰	۴۷۲۴۳۹۶۰
سنہ ۱۸۹۲ء	۴۰۲۱۸۸۰۵۰	۱۰۰۸۹۳۲۶۰	۱۰۱۸۴۸۵۱۰	۴۳۳۰۷۱۱۳۰	۷۳۷۹۱۰۱۰

جو چاندی سونا کہ سرکار نے یا اور لوگون نے ہندوستان مین منگایا یا باہر کو بہیجا اوسکی تعداد سنین مذکورین حسب تفصیل ذیل تہی۔

سال	درآمد طلا	درآمد نقرہ	برآمد طلا	برآمد نقرہ
سنہ ۱۸۸۲ء	۴۸۵۶۳۹۲۰	۶۴۶۶۳۸۹۰	۱۲۴۰۸۰	۱۰۸۷۳۳۹۰
سنہ ۱۸۸۸ء	۳۲۳۶۰۵۳۰	۱۰۵۸۹۸۰۳۰	۲۴۳۵۷۲۰	۱۳۶۱۰۵۲۰
سنہ ۱۸۸۹ء	۳۱۱۹۰۸۸۰	۱۰۷۲۵۸۷۲۰	۳۰۵۱۵۴۰	۱۴۷۹۱۹۲۰
سنہ ۱۸۹۰ء	۵۰۷۱۰۲۷۰	۱۲۳۸۸۴۷۴۰	۴۵۵۷۲۴۰	۱۴۵۰۵۹۸۰
سنہ ۱۸۹۱ء	۶۵۰۰۸۳۲۰	۱۵۴۳۳۶۵۴۰	۸۶۴۶۶۰۰	۱۲۵۸۵۱۸۰
سنہ ۱۸۹۲	۴۱۱۸۹۲۹۰	۱۰۶۰۳۷۳۳۰	۱۷۰۵۱۳۷۰	۱۵۸۱۵۴۹۰

نقشۂ ذیل سے یہ بات معلوم ہوگی کہ کن کن بڑے بڑے ملکون سے ہندوستان کو کس کس قدر مال واسباب تجارت سنہ ۱۸۹۱ اور سنہ ۱۸۹۲ء مین آیا اور گیا۔

نام ممالک	ہندوستانی پیداوار کی برآمد		درآمد	
	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲
سلطنت متحدہ	۳۱۶۹۱۷۹۶۰	۳۳۴۴۶۹۸۵۰	۵۲۱۰۱۸۶۸۰	۴۸۲۷۱۴۰۰۰
چین	۱۴۲۹۵۹۳۴۰	۱۳۷۱۱۸۸۳۰	۲۴۲۰۲۹۵۰	۲۸۷۷۱۳۸۰
فرانس	۷۸۴۲۲۶۷۰	۱۰۹۴۵۵۷۵۰	۸۱۵۸۲۵۰	۱۰۴۱۶۷۸۰
اٹلی	۳۶۲۷۸۷۰۰	۲۹۸۵۴۵۷۰	۴۹۲۷۱۱۰	۵۳۵۹۰۶۰
اسٹریٹ سٹلمنٹ	۵۴۹۹۵۰۵۰	۴۹۹۷۷۶۹۰	۲۳۰۰۳۳۸۰	۲۳۵۸۵۹۸۰
ریاستہاے متحدہ	۳۹۶۸۷۳۵۰	۳۸۷۲۵۹۳۰	۱۵۲۲۳۶۵۰	۱۱۹۹۴۵۸۰
مصر	۴۴۹۹۰۹۷۰	۷۱۸۱۴۶۰۰	۸۷۳۰۶۰	۹۱۲۸۲۰
بلجیم	۴۶۴۸۶۰۹۰	۵۴۶۰۲۷۳۰	۹۷۶۷۵۹۰	۱۳۲۴۰۲۷۰
آسٹریا	۲۷۴۵۴۷۸۰	۲۱۷۴۶۴۵۰	۸۳۲۷۹۵۰	۸۳۹۴۰۷۰
سیلون	۲۵۲۵۷۹۰۰	۲۷۶۰۸۸۳۰	۷۱۳۳۸۳۰	۶۶۹۷۷۷۰
آسٹریلیا	۱۲۱۹۰۳۷۰	۹۶۷۷۳۹۰	۲۴۹۷۱۸۰	۲۸۷۳۱۵۰
جاپان	۱۲۱۰۲۷۶۰	۱۲۸۹۷۸۷۰	۵۷۶۷۲۰	۶۵۷۴۶۰
جرمنی	۴۳۸۷۴۸۲۰	۵۰۷۳۵۲۷۰	۱۶۹۱۶۴۹۰	۱۵۲۴۹۶۹۰
مارشیس	۱۰۹۳۲۱۲۰	۱۱۵۸۴۳۶۰	۱۷۰۱۶۹۵۰	۱۷۱۹۸۷۱۰
عرب	۷۳۴۶۴۶۰	۶۴۴۴۹۹۰	۲۹۰۷۰۷۰	۳۵۳۲۹۷۰

نام ممالک	هندوستانی پیداوار کی برآمد		درآمد	
	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء
هالینڈ	۴۰۹۷۸۸۰	۹۳۲۰۷۱۰	۱۸۷۳۹۰	۱۵۵۴۱۵۰
کنارہ شرقی افریقہ	۵۰۸۸۹۵۰	۵۶۰۷۱۹۰	۴۴۷۶۰۷۰	۳۲۶۵۹۱۰
ایران	۴۲۰۹۸۶۰	۵۹۴۸۲۹۰	۷۱۰۱۸۲۰	۷۰۹۹۹۲۰
اسپین	۴۳۹۱۰۶۰	۲۴۶۷۷۹۰	۹۳۲۵۰	۱۴۸۰۲۰

هندوستان کی پیداوار مین سے چند اقسام کی اشیاء درآمد و برآمد کی مجملاً قیمت (جسمین صرف مال و اسباب تجارت خانگی بھی شامل نہے) بابت ۱۸۹۱ء و ۱۸۹۲ء کی نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی۔

	درآمد		برآمد	
	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء
جانور	۲۹۵۴۳۰۰	۲۹۳۲۵۷۰	۱۲۲۲۷۸۰	۱۰۱۸۷۸۰
اشیاے خوردنی و نوشیدنی	۸۶۲۸۸۵۲۰	۸۱۷۶۷۹۷۰	۲۷۷۸۵۲۱۹۰	۳۸۴۵۶۹۵۴۰
فلز اور اوسکی مصنوعات				
ظروف آہنی و چاقو وغیرہ	۱۱۹۷۶۱۴۰	۱۲۳۸۹۹۴۰	۱۰۲۵۸۰	۱۰۹۵۵۰
فلزات	۵۶۴۶۱۴۷۰	۵۹۵۵۰۷۲۰	۵۰۲۶۸۰	۶۵۸۹۹۰
کلین	۲۰۶۳۸۶۳۰	۲۱۱۱۵۹۶۰	۶۱۸۰	۱۲۴۰

	درآمد		برآمد	
	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء
آلات ریلوے	۲۰۰۱۸۵۳۰	۱۴۸۴۱۷۳۰	۷۷۷۲۰	۰
ادویہ وغیرہ	۱۳۹۷۴۷۹۰	۱۵۳۵۲۱۶۰	۱۳۲۸۳۲۲۰۰	۱۳۸۷۲۴۳۱۰
روغن	۲۶۳۴۱۸۷۰	۲۶۳۵۹۵۵۰	۵۵۱۹۰۳۰	۵۸۳۸۱۱۰
اشیاے خام	۴۳۰۲۷۶۵۰	۳۸۲۸۰۵۳۰	۳۹۴۹۷۹۰۱۰	۳۶۱۷۹۲۹۲۰
اشیاے مصنوعی				
اونی سوت اور اشیاے بافتنی	۳۴۴۲۲۹۸۰	۳۲۳۹۲۷۱۲۰	۱۰۴۹۳۱۳۱۰	۹۸۲۸۴۲۷۰
پوشاک	۱۳۴۹۸۹۸۰	۰	۱۰۳۴۲۹۰	۱۱۹۲۰۴۰
دیگر اشیا	۵۳۶۴۵۱۴۰	۱۳۹۸۰۲۷۰	۳۹۹۷۱۹۶۰	۴۳۳۱۸۱۶۰
میزان	۶۹۰۳۴۹۰۰۰	۶۶۵۸۷۴۵۷۰	۹۵۹۰۲۱۹۳۰	۱۰۳۵۵۰۸۳۱۰

نقشہ ذیل سے درآمد و برآمد اشیاے تجارت خانگی کی بابت سنہ ۱۸۹۲ء کے معلوم ہوگی اس مین صرف ہندوستان کی پیداوار ہے اور وہ چیزین جو دوسرے ملکون سے آئین اور پھر باہر گئین شامل نہین ہین۔

برآمد	قیمت	درآمد	قیمت
چاول	۱۳۳۸۵۹۷۱	مصنوعات روئی	۲۸۶۸۹۴۷۲
گندم	۱۴۳۰۸۰۴۶۲	فلزات ظروف آہنی و چاقو وغیرہ	۶۸۹۴۰۶۷

برآمد	قیمت	درآمد	قیمت
کپاس	۱۰۷۵۴۳۱۲	ریشم خام اور اوسکی مصنوعات	۳۰۱۴۶۹۸
روئی اور اوسکی مصنوعات	۷۰۳۵۰۳۶	شکر	۲۵۶۱۹۹۶
افیون	۹۵۶۲۲۶۱	اونی اسباب	۲۷۶۲۰۳۱
تخم (خاصا تخم روغن)	۱۲۲۰۸۴۵۸	شراب	۱۴۴۲۰۹۵
کہال و چمڑا	۵۱۸۶۰۲	اوزارات ریلوے	۱۴۸۴۱۷۳
پٹ سن (خام)	۶۸۴۸۴۹۳	روغن	۲۶۳۵۹۵۵
پٹ سن کی مصنوعات	۲۵۰۳۱۰۰	کلین	۲۱۱۱۵۹۶
چاے	۵۹۶۸۱۲۹	کوئلہ	۱۲۵۰۴۹۳
نیل	۳۲۱۴۰۷۶	اشیاے خوردنی	۱۷۷۱۷۹۳
دوسرے رنگ	۷۶۴۷۱۰	پوشاک (جسمین موزہ شامل نہین ہے)	۱۳۹۸۰۲۷
کافی	۱۹۹۸۶۵۹	نمک	۶۲۷۹۵۳
اون خام	۱۰۱۳۸۶۴	مصالحہ	۷۹۷۱۹۶
مصالحہ	۴۰۸۹۷۸	گلاس	۷۲۸۲۰۳
لاکھہ (جسمین رنگین لاکھہ داخل نہین ہے)	۷۵۱۲۲۴	ادویہ	۶۵۰۴۲۵
شکر	۵۰۸۴۱۷	کاغذ	۴۷۰۳۳۹
ریشم خام	۵۱۸۶۲۷	چھتریان	۴۱۴۹۴۲

برآمد	قیمت	درآمد	قیمت
ریشم اوسکی مصنوعات	۱۸۳۹۵۷	غلہ	۲۱۵۵۹۰
روغن	۵۸۳۸۱۱		
بلکڑہی	۶۰۹۴۶۳		
اون کی مصنوعات	۹۴۷۸۸		
اشیاے خوردنی	۳۱۶۵۷۷		
شورہ	۳۶۵۶۱۸		

مختلف صوبون سے جو بڑی بڑی اشیا باہر کو جاتی ہین اون کی کیفیت بابت سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء کے نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی ۔

	بنگال	بمبئی	سندہ	مدراس	برہما
	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
چاول	۳۸۰۷۸۴۴۰	۳۲۳۴۱۵۰	۳۶۵۷۴۰	۴۹۸۶۸۷۰	۸۷۱۹۴۵۰۰
گندم	۲۱۱۸۵۱۷۰	۷۲۷۸۵۶۵۰	۴۹۸۳۰۶۵۰	۳۱۲۰	۰
افیون	۶۰۱۴۷۹۲۰	۳۵۴۷۴۶۹۰	۰	۰	۰
نیل	۲۶۳۳۶۰۳۹۰	۱۰۸۹۱۷۰	۲۴۰۰۳۰	۴۴۵۱۱۷۰	۰
روئی	۳۰۸۵۷۴۰	۸۵۳۶۱۸۵۰	۳۷۴۸۱۴۰	۱۵۱۲۷۴۳۰	۲۱۹۹۶۰
تخم	۴۱۸۷۵۵۸۰	۶۶۴۶۰۳۹۰	۶۶۰۰۴۹۰	۶۸۷۱۵۵۰	۲۶۱۵۷۰

جو محصول کہ درآمد مال پر سنہ ۱۸۹۱-۹۲ء مین لیا گیا اوس کی مقدار ۲۸۹۷۰۳۳۳ روپیہ تھی اور برآمد کے محصول کی مقدار ۸۷۹۲۱۳۰ روپیہ تھی درآمد کے محصول کی جو سب سے بڑی رقم ہے وہ نمک کے محصول کی ہے۔ اور برآمد کا محصول بالکل چاول کا محصول ہے۔

ہندوستان اور انگلستان مین جو تجارت کا تعلق ہے اور جو نقشجات مجلس تجارت بورڈ آف ٹریڈ سے ظاہر ہوتا ہے وہ نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا۔

	۱۸۸۷ء	۱۸۸۸ء	۱۸۸۹ء	۱۸۹۰ء	۱۸۹۱ء
	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
درآمد سلطنت متحدہ از ہندوستان	۳۰۵۲۹۳۱۰	۳۰۷۶۳۶۷۷	۳۶۱۹۹۲۰۴	۳۲۶۶۸۷۹۰	۳۲۲۳۴۳۹۸
برآمد پیداوار سلطنت متحدہ برائے ہندوستان	۳۰۵۸۳۲۰۹	۳۲۵۳۹۲۳۴	۳۰۹۵۵۷۷۸	۳۳۶۴۱۰۰۱	۳۱۱۷۷۹۶۸

ہندوستان سے جو خاص خاص اجناس تجارت سلطنت متحدہ مین سنہ ۱۸۸۷ء سے سنہ ۱۸۹۱ء تک گئین وہ نقشہ ذیل سے معلوم ہونگی۔

سال	روئی	گندم	پٹسن	تخم	چاے	چاول	نیل
	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
سنہ ۱۸۸۷ء	۴۸۱۵۱۸۵	۳۱۰۲۹۶۴	۳۶۷۰۲۵۳	۲۸۴۳۵۶۲	۳۲۱۱۰۵۱	۱۴۶۷۴۷۹	۱۴۴۷۸۶۸
سنہ ۱۸۸۸ء	۳۰۶۳۰۰۲	۳۰۶۹۸۰۸	۳۸۹۰۳۱۵	۳۴۹۲۶۴۰	۴۴۲۶۵۰۶	۱۴۰۰۹۵۲	۱۴۵۶۷۴۰
سنہ ۱۸۸۹	۵۲۲۳۸۰۸	۳۴۰۵۲۸۴	۵۴۰۳۶۵۱	۳۶۱۸۹۸۰	۴۵۶۶۴۹۲	۱۷۷۴۷۶۱	۱۶۱۲۶۸۴
سنہ ۱۸۹۰ء	۴۷۴۰۲۳۳	۳۴۶۱۰۷۱	۴۹۱۶۵۰۹	۲۵۲۴۹۵۹	۴۷۶۸۳۴۰	۱۹۸۴۱۲۱	۱۳۸۶۱۹۶
سنہ ۱۸۹۱ء	۱۸۵۰۳۳۱	۵۵۰۷۵۲۶	۴۱۹۲۸۳۲	۲۴۸۵۴۵۵	۵۰۴۵۱۲۱	۲۲۰۹۱۵۷	۸۸۸۷۴۳۶

دوسری چیزون مین سے پکا ہوا چمڑا ۲۱۱۵۵۶۶ پونڈ کا اور چرم خام ۷۰۰۰۵۴ پونڈ کا۔ اور کافی ۳۴۰۱۴۴۲۴ پونڈ کی اور اون ۹۸۵۲۲۱ پونڈ کی سنہ ۱۸۹۱ء مین سلطنت متحدہ کو گیئین۔

اور سلطنت متحدہ کی پیداوار مین سے بڑی بڑی چیزین جو ہندوستان کو آئین وہ حسب تفصیل ذیل ہین۔

سال	مصنوعات روئی	روئی کا سوت	لوہا	تانبا	کلین	اونی سامان
	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
سنہ ۱۸۸۷ء	۱۶۷۲۱۹۶۰	۲۵۱۶۶۷۷	۳۲۲۶۰۳۶	۹۱۹۷۳۸	۱۶۸۵۲۳۱	۵۵۲۱۷۲
سنہ ۱۸۸۸ء	۱۸۵۳۰۶۴۱	۲۷۱۱۸۴۴	۳۱۷۸۷۷۹	۲۹۵۵۰۵	۲۰۳۸۹۶۶	۵۲۰۸۱۲
سنہ ۱۸۸۹ء	۱۷۶۷۸۶۳۴	۲۲۵۰۲۹۲	۲۸۱۹۰۹۲	۷۴۱۹۰۰	۱۹۴۴۵۵۶	۴۶۲۰۳۶
سنہ ۱۸۹۰ء	۱۸۶۷۶۱۱۰	۲۵۶۳۶۸۰	۳۱۸۸۳۱۴	۸۵۵۵۸۷	۱۸۰۱۴۵۰	۵۶۰۰۵۴
سنہ ۱۸۹۱ء	۱۷۱۱۱۳۲۳۷	۲۳۹۹۲۷۵	۲۳۲۶۰۵۹	۸۱۹۳۷۳	۱۹۱۱۲۴۵	۶۱۵۰۱۱

جو چیزین کہ سنہ ۱۸۹۱ء مین ہندوستان کی برطانیہ عظمیٰ کو گیئین اور جو خانگی پیداوار اور مصنوعات برطانیہ عظمیٰ سے ہندوستان کو آئین وہ حسب تفصیل ذیل ہین۔

نام ممالک	برآمد	درآمد
	پونڈ	پونڈ
بمبئی وسندہ	۹۰۴۱۹۷۷	۱۲۳۸۱۳۴۵
مدراس	۳۷۵۴۶۴۰	۳۲۸۶۳۴۶
بنگال	۱۷۰۳۴۵۱۳	۱۳۳۷۵۴۲۷
برہما	۲۴۰۳۲۶۸	۲۱۳۴۸۵۰
میزان	۳۲۲۳۴۳۹۸	۳۱۱۷۷۹۶۸

ہندوستان کے چھہ بڑے بڑے بندرگاہون سے جو اور ملکون کو مال واسباب تجارت گیا یا آیا اون کی پانچ سال گذشتہ کی کیفیت نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی۔

نام ممالک	۱۸۸۷-۸۸ء	۱۸۸۸-۸۹ء	۱۸۸۹-۹۰ء	۱۸۹۰-۹۱ء	۱۸۹۱-۹۲ء
	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
بمبئی	۵۹۶۵۴۴۰۰۰	۶۵۲۹۲۳۰۰۰	۶۵۷۴۸۰۰۰۰	۶۵۳۷۱۶۰۰۰	۶۶۳۵۲۰۰۰۰
کلکتہ	۵۸۹۵۵۸۰۰۰	۶۲۲۸۸۲۰۰۰	۶۳۱۱۲۴۰۰۰	۶۱۷۵۰۶۰۰۰	۶۳۹۳۳۱۰۰۰
رنگون	۹۸۹۷۷۰۰۰	۹۳۱۰۰۰۰۰	۱۰۸۹۳۷۰۰۰	۱۲۴۳۷۶۰۰۰	۱۲۶۱۴۵۰۰۰
مدراس	۸۸۰۰۱۰۰۰	۹۲۹۶۷۰۰۰	۱۰۳۳۹۳۰۰۰	۱۰۰۲۰۷۰۰۰	۸۹۱۸۰۰۰۰
کرانچی	۵۱۶۸۸۰۰۰	۷۳۷۷۲۰۰۰	۸۴۰۵۷۰۰۰	۸۴۰۲۱۰۰۰	۱۱۳۱۱۰۰۰۰
توتی کورن	۱۶۱۳۹۰۰۰	۱۶۵۵۱۰۰۰	۲۲۶۴۷۰۰۰	۲۰۳۶۰۰۰۰	۱۶۴۸۲۰۰۰

نہر سوئز مین ہوکر جو مال واسباب تجارت ہندوستان سے گیا اوسکی قیمت ۵۴۷۰۶۵۱۶

روپیہ تہی اور جو ہندوستان مین آیا اوسکی قیمت ۶۷۲۷۳۵۸۳۰ روپیہ تہی۔

علاوہ تجارت بحری مذکورہ کے خشکی کے ذریعے سے بہی بڑی تجارت ہوتی ہے نقشہ ذیل سے تین سال گذشتہ کی تجارت خشکی کی کیفیت معلوم ہوگی اس مین سونا چاندی شامل نہین ہے کیونکہ جو تعداد اوس کی بتائی گئی ہے وہ قابل اعتبار نہین۔

سال	درآمد	برآمد	میزان
سنہ ۱۸۹۰ء	۳۲۶۱۷۰۰۰	۳۲۶۳۴۰۰۰	۶۵۲۵۱۰۰۰
سنہ ۱۸۹۱ء	۳۵۱۵۲۰۰۰	۳۰۲۹۷۰۰۰	۶۵۴۴۹۰۰۰
سنہ ۱۸۹۲ء	۳۹۷۰۹۰۰۰	۳۹۱۸۲۰۰۰	۷۸۸۹۱۰۰۰

جو پاس پڑوس کے بڑے بڑے مقامات سے اور ہندوستان سے تجارت ہوتی ہے اوس کا حال سہ سالہ گذشتہ کا نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا اس مین سونا چاندی شامل نہین ہے۔

	درآمد از مقام			برآمد از ہندوستان بمقام		
	۱۸۹۰ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء	۱۸۹۰ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء
لس بیلا	۳۲۸۰۰	۴۸۸۰۰	۴۳۸۰۰	۲۹۱۰۰	۲۸۶۰۰	۲۳۶۰۰
قلات	۳۹۹۰۰	۳۳۱۰۰	۴۳۸۰۰	۳۵۵۰۰	۳۴۰۰۰	۱۰۷۰۰
قندہار[1]	۷۱۰۰	۱۲۹۰۰	۴۶۰۵۰۰	۱۶۹۰۰	۵۷۰۰	۵۱۲۲۰۰

[1] اس بے موقع کمی بیشی کا سبب یہ ہے کہ ابہی نیا قاعدہ ان تحقیقاتونکی رجسٹری کا جاری ہوا ہے اور بندوبست کامل نہین ہے

	درآمد از مقام			برآمد از ہندوستان بمقام		
	۱۸۹۰ع	۱۸۹۱ع	۱۸۹۲ع	۱۸۹۰ع	۱۸۹۱ع	۱۸۹۲ع
سیوستان	۶۴۰۰۰	۶۳۴۰۰	۶۹۵۰۰	۷۵۴۰۰	۶۸۳۰۰	۸۵۵۰۰
کابل	۳۲۵۳۰۰	۲۰۸۶۰۰	۲۱۸۱۰۰	۷۹۶۵۰۰	۴۵۹۹۰۰	۶۵۳۶۰۰
باجور	۷۵۷۰۰	۹۳۴۰۰	۷۹۵۰۰	۸۹۷۰۰	۹۳۵۰۰	۱۰۳۳۰۰
کشمیر	۵۷۸۷۰۰	۵۴۳۲۰۰	۵۹۶۸۰۰	۵۶۳۸۰۰	۵۶۵۲۰۰	۶۵۶۵۰۰
لداخ	۲۴۵۰۰	۳۴۲۰۰	۳۰۱۰۰	۲۲۳۰۰	۲۷۶۰۰	۲۱۶۰۰
تبت	۱۰۱۴۰۰	۷۷۷۰۰	۱۰۱۸۰۰	۴۰۴۰۰	۴۰۲۰۰	۴۷۶۰۰
نیپال	۱۵۴۲۱۰۰	۱۷۱۹۵۰۰	۱۵۵۷۵۰۰	۱۲۵۸۰۰۰	۱۲۸۵۴۰۰	۱۳۳۴۰۰۰
کرینی	۷۶۲۰۰	۱۴۸۷۰۰	۱۷۴۱۰۰	۳۴۹۰۰	۱۴۴۰۰	۱۴۴۰۰
ریاستہائے شان	۹۴۲۰۰	۱۸۱۲۰۰	۲۱۰۱۰۰	۱۲۳۴۰۰	۱۵۵۱۰۰	۱۶۶۵۰۰
زمی	۱۴۶۸۰۰	۱۴۱۴۰۰	۱۵۸۵۰۰	۴۲۶۰۰	۵۹۰۰۰	۳۷۱۰۰
سیام	۴۹۹۰۰	۴۸۷۰۰	۳۴۷۰۰	۳۰۱۰۰	۲۳۴۰۰	۲۱۵۰۰
مغربی چین	۴۹۰۰	۵۳۴۰۰	۴۶۳۰۰	۳۸۴۰۰	۱۰۸۷۰۰	۱۰۴۵۰۰

جہاز رانی

پانچ سال گذشتہ مین جو جہازات کہ برٹش انڈیا کے بندرگاہون مین آئے یا گئے اونکی تعداد اور اون کے مال و اسباب کا وزن ٹنون[1] مین نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا۔

(۱) ۲۸ من کا ایک ٹن ہوتا ہے۔ جہاز رانی کی اصطلاح مین ۴۰ مکعب فیٹ کا ایک ٹن ہوتا ہے۔

قوم کا نام جسکے جہاز آئے یا گئے	۱۸۸۷-۸۸ء		۱۸۸۸-۸۹ء		۱۸۸۹-۹۰ء		۱۸۹۰-۹۱ء		۱۸۹۱-۹۲ء	
	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن
درآمد										
انگریزی	۱۸۹۸	۲۸۲۳۷۱۲	۱۸۱۸	۲۸۱۴۸۷۷	۱۸۶۹	۲۹۶۰۵۵۱	۲۱۱۸	۳۱۶۱۷۶۵	۲۳۲۵	۳۵۶۳۶۷۸
برٹش انڈین	۱۰۴۳	۱۳۶۹۶۸	۱۰۷۱	۱۵۵۲۳۴	۱۰۹۳	۱۵۶۶۷۰	۱۰۲۱	۱۵۳۳۷۸	۹۵۳	۱۴۶۶۵۹
ممالک غیر	۷۴۰	۴۷۰۲۲۳	۶۵۷	۳۹۹۱۰۴	۷۰۸	۴۵۶۷۰۶	۶۳۸	۴۶۳۶۷۲	۷۲۱	۵۰۷۹۴۴
ہندوستانی	۱۶۲۷	۸۳۳۱۱	۱۶۳۵	۸۰۹۶۴	۱۶۱۲	۸۴۲۵۴	۱۷۱۳	۸۴۰۲۶	۱۶۸۷	۹۰۰۹۴
میزان	۵۳۰۸	۳۵۱۴۲۱۴	۵۱۸۱	۳۴۵۰۱۷۹	۵۲۸۲	۳۶۵۸۱۸۱	۵۴۹۰	۳۸۶۲۸۴۱	۵۶۸۶	۴۳۰۸۳۷۵

قوم کا نام جسکے جہاز آئے یا گئے	۱۸۸۷-۸۸ء		۱۸۸۸-۸۹ء		۱۸۸۹-۹۰ء		۱۸۹۰-۹۱ء		۱۸۹۱-۹۲ء	
	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن
برآمد										
انگریزی	۱۹۷۱	۲۹۴۹۰۳۵	۱۸۷۲	۲۸۹۸۱۳۵	۱۸۹۸	۲۹۹۱۷۰۵	۲۱۳۳	۳۱۷۴۶۷۰	۲۳۳۵	۳۵۸۳۳۵۴
برٹش انڈین	۱۰۷۸	۱۴۰۲۲۹	۱۱۲۵	۱۵۵۸۲۰	۱۰۷۵	۱۴۹۰۸۱	۱۰۰۲	۱۴۰۸۵۰	۹۷۷	۱۴۸۹۶۳
ممالک غیر	۷۳۱	۴۹۸۷۸۰	۵۹۴	۳۹۴۰۶۷	۶۳۳	۴۲۸۵۹۸	۵۶۸	۴۲۱۰۱۲	۶۴۵	۴۶۸۹۰۴
ہندوستانی	۱۸۰۵	۸۷۲۰۷	۱۷۱۳	۸۵۱۳۱	۱۷۸۵	۸۸۰۲۱	۱۸۳۰	۸۵۵۸۱	۱۵۱۵	۸۱۰۵۵
میزان	۵۵۸۵	۳۶۷۵۲۵۱	۵۳۰۴	۳۵۳۳۱۵۳	۵۳۹۱	۳۶۵۷۴۰۵	۵۵۳۳	۳۸۲۲۱۱۳	۵۴۷۲	۴۲۸۲۲۷۶
میزان کل درآمد و برآمد	۱۰۸۹۳	۷۱۸۹۴۶۵	۱۰۴۸۵	۶۹۸۳۳۳۲	۱۰۶۷۳	۷۳۱۵۵۸۶	۱۱۰۲۳	۷۶۸۴۹۵۴	۱۱۱۵۸	۸۵۹۰۶۵۱

جو دخانی جہاز براہ نہر سوئز ہندوستانی بندرگاہون مین آئے یا گئے اون کی تفصیل بابت سنین مذکور نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی۔

سن	درآمد		برآمد		میزان	
	تعداد	وزن ٹنون مین	تعداد	وزن ٹنون مین	تعداد	وزن
۶۸۲-۱۸۸۱	۹۲۹	۱۳۷۰۲۴۲	۱۰۶۰	۱۵۱۷۷۴۶	۱۹۸۹	۲۸۸۷۹۸۸
۶۸۸-۱۸۸۷	۷۸۴	۱۴۰۷۹۹۷	۹۴۹	۱۶۳۷۷۳۸	۱۷۳۳	۳۰۴۵۷۳۵
۶۸۹-۱۸۸۸	۷۵۵	۱۴۰۸۳۳۱	۹۶۷	۱۷۳۵۶۲۶	۱۷۲۲	۳۱۴۳۹۵۷
۶۹۰-۱۸۸۹	۶۷۷	۱۳۳۱۷۶۷	۹۳۱	۱۷۲۳۵۹۷	۱۶۰۸	۳۰۵۵۳۶۴
۶۹۱-۱۸۹۰	۷۵۲	۱۴۸۷۱۱۱	۹۶۵	۱۸۲۱۴۰۵	۱۷۱۷	۳۳۰۸۵۱۶
۶۹۲-۱۸۹۱	۱۰۴۳	۲۰۱۹۴۸۳	۱۲۶۸	۲۴۱۲۳۴۱	۲۳۱۱	۴۴۳۱۸۲۴

جو تجارتی جہاز کہ سنہ ۱۸۹۰-۹۱ع مین آئے اون کی تعداذ ۱۰۹۶۶۵ اور اون کا وزن ۱۰۰۱۸۵۹۶ ٹن تها - اور جو سنہ ۱۸۹۱-۹۲ع مین آئے اون کی تعداد ۱۰۸۹۴۵ اور وزن ۱۰۶۱۴۵۶۴ ٹن تها - اور جو جہاز کہ گئے اون کی تعداد سنہ ۱۸۹۰-۹۱ع مین ۱۰۳۸۰۹ اور وزن ۹۸۸۰۷۶۶ ٹن تها - اور سنہ ۱۸۹۱-۹۲ع مین تعداد ۹۹۳۹۴ اور وزن ۱۰۲۸۶۵۸۹ ٹن تها -

سنہ ۱۸۹۱-۹۲ع مین ۸۶ جہاز جن مین ۳۳۱۶ ٹن مال جا سکتا ہے ہندوستانی بندرگاہون مین تیار ہوئے جن مین سے ۴۴ بمبئی مین اور ۲۵ مدراس مین بنے -

چهہ سال گذشتہ کے درمیان یہان جہازونکے بننے اور اون کی رجسٹر ہونے وغیرہ کا حال نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا -

	۱۸۸۷ء		۱۸۸۸ء		۱۸۸۹ء		۱۸۹۰ء		۱۸۹۱ء		۱۸۹۲ء	
	تعداد	وزن ٹنون مین	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن	تعداد	وزن
تعداد جہازات جو بنائے گئے	۱۴۳	۴۳۱۱	۱۱۵	۴۲۰۳	۱۱۸	۴۷۸۱	۱۰۶	۳۰۰۶	۸۰	۲۷۹۵	۸۶	۳۳۱۶
" جن کی رجسٹری ہوئی	۱۸۰	۹۷۵۵	۱۶۵	۱۰۱۴۶	۱۸۹	۱۳۲۷۶	۱۵۰	۸۵۹۱	۱۲۴	۱۰۰۰۵	۱۳۷	۱۰۰۶۰

وسائل آمد و رفت اندرونی

نقشہ ذیل سے سرکاری سڑکون کی لمبائی میلونمین معلوم ہوگی

نام ممالک	پختہ سڑکوں کی لمبائی میلوں میں	خام سڑکوں کی لمبائی میلوں میں	میزان
بنگال	۳۹۳۲	۲۷۰۹۵	۳۱۰۲۷
ممالک مغربی و شمالی و اودھ	۴۹۲۴	۲۳۵۸۱	۲۸۵۱۵
پنجاب	۲۲۵۶	۲۱۹۲۰	۲۴۱۷۶
برہما	۱۰۹۲	۲۶۸۰	۳۷۷۲
ممالک متوسط	۱۲۰۱	۶۰۵۷	۷۲۵۸
آسام	۱۲۰	۴۷۵۹	۴۸۷۹
مدراس	۱۱۰۹۵	۴۱۰۳۶	۲۱۵۳۱
بمبئی	۲۵۷۶	۱۷۷۰۹	۲۰۲۸۵
حیدرآباد	۸۲۰	۰	۸۲۰
کورگ	۸۹	۲۲۱	۳۱۰
میسور	۱۷۳۰	۳۱۷۰	۳۹۰۰
راجپوتانہ	۷۷۱	۱۱۶۲	۱۹۳۳
وسط ہند	۱۵۵۴	۰	۱۵۵۴
بلوچستان	۳۷۶	۸۸۹	۱۲۶۵
سڑکہائے متعلق فوج	۸۴۲	۴۴۰	۱۲۸۲
میزان	۳۳۳۸۸	۱۲۰۱۱۹	۱۵۳۵۰۷

دریاے گنگا برہمپتر سندھ ایراوتی اور ان کی شاخین یہ سب مال کے اندرونی آمدورفت کے کام مین آتی ہین - اور خاصکر جنوبی ہند مین تو نہرین آمدورفت کا بڑا بھاری ذریعہ ہین - مگر ریلوے اس کام کیواسطے بہت جلد تمام جزیرہ نما مین تیار ہوتی جاتی ہے -

۲ ریلوے

جس حساب سے کہ بارہ سال گذشتہ مین ریلوے کے بننے کی ترقی ہوتی رہی ہے وہ حسب تفصیل ذیل ہے -

سنہ	میل جاری تھی	سنہ	میل جاری تھی	سنہ	میل جاری تھی	سنہ	میل جاری تھی
۱۸۷۶ء مین	۶۸۳۳″	۱۸۸۰	۶۹۳۰۸	۱۸۸۴-۸۵ء	۱۲۰۰۰	۱۸۸۸-۸۹ء	۱۵۲۴۲
۱۸۷۷ء	۷۳۲۲″	۱۸۸۱ء	۹۸۹۲″	۱۸۸۵-۸۶ء	۱۲۳۷۵″	۱۸۸۹-۹۰ء	۱۶۰۹۷″
۱۸۷۸ء	۸۲۱۲″	۱۸۸۲ء	۱۰۱۴۵″	۱۸۸۶-۸۷ء	۱۳۳۸۶″	۱۸۹۰-۹۱ء	۱۶۹۷۷″
۱۸۷۹ء	۸۴۹۲	۱۸۸۳-۸۴ء	۱۰۸۲۸″	۱۸۸۷-۸۸ء	۱۴۳۷۷″	۱۸۹۱-۹۲ء	۱۷۵۶۴″

سرکار نے جو روپیہ ابتک ہندوستانی ریلون کے بنانے مین لگایا ہے جسمین ریلون کا وہ خرچ تعمیر بھی شامل ہے جو اب بن رہی ہین اور جن کی پیمایش ہوئی ہے کل ۲۲۷۶۶۹۷۶۵۰ روپیہ ہے اور اوس کی تفصیل اس طرح پر ہے -

سرکاری ریلوے (اسٹیٹ ریلوے)	روپیہ ۱۳۳۵۴۴۰۷۴۴	وہ روپیہ جو سرکار نے کمپنیون کو بطور امداد کے دیا ہے	روپیہ ۵۴۰۲۰۹۱۰	کوئلہ کی کہانین	روپیہ ۲۴۷۵۲۴۴
،، جو کمپنیون کو پٹہ پر دیے گئے ہین	۲۸۱۱۳۷۶۳۰	ہندوستانی ریاستین	۸۶۰۰۲۵۱۰	سو دبنگال و ممالک شمال و مغرب و دہلی کالکا ریلوین	۱۶۶۵۹۶۰
گرنٹیڈ ریلوے	۴۹۲۰۵۶۶۸۰	غیر ملکی ریلین	۱۶۸۹۰۶۸۰		
وہ روپیہ جو سرکار نے کمپنیون سے بطور امداد کے لیا ہے	۲۰۴۹۴۶۰	زیر پیمایش	۴۹۳۵۵۴۰	میزان	۲۲۷۶۶۹۷۶۵۰ روپیہ

سنہ ۱۸۹۱ء کے آخر تک جو سرمایہ کہ گیرنٹیڈ ریلوے کمپنیون نے جمع کیا اوس کی تعداد ۴۵۲۵۳۷۹۶ پونڈ تھی اور سرکاری ریلوے کا جو کمپنیون کو پٹے پر دی گیئن ۲۲۷۱۶۸۵۴ پونڈ یا دونون کا مجموعہ ۶۷۹۷۰۶۵۰ پونڈ تھا - اور اوس کی تفصیل اس طرح ہے -

گیرنٹیڈ ریلوے		سرکاری ریلوے جو کمپنیون کو پٹہ پر دی گیئن			
گریٹ انڈین پنن شولا	۲۵۴۷۶۹۳۳ پونڈ	بنگال ناگپور	۶۹۰۵۷۸۱ پونڈ	میسور	۱۲۲۴۰۰۰ پونڈ
بمبئی بڑودہ اور وسط ہند کی ریلوے	۸۸۰۷۲۱۹	انڈین مڈلینڈ	۶۹۸۶۱۱۶	بنگال سنٹرل	۱۰۰۰۰۰۰
مدراس	۱۰۹۶۹۶۴۴	لکھنو بریلی	۱۴۷۰۰۰	میزان	۲۲۷۱۶۸۵۴
میزان	۴۵۲۵۳۷۹۶	جنوبی مرہٹہ	۶۴۵۳۹۵۷		

ریلوے کی کل آمدنی سنہ ۱۸۹۰ء مین ۲۰۶۶۹۸۲۲۰ روپیہ اور سنہ ۱۸۹۱ء مین ۲۲۴۰۴۲۷۹۰ روپیہ ہوئی۔ سنہ ۱۸۹۱ء مین مسافرون کی تعداد ۱۲۲۸۵۵۳۳۷ اور اون کا کرایہ ۷۷۵۳۷۶۲۰ روپیہ اور رفتار میلون مین ۵۲۲۶۱۰۷۹۷۳ تھی اور سنہ ۱۸۹۰ء مین مسافرون کی تعداد ۱۱۴۰۸۲۲۴۶ اور اون کا کرایہ ۷۰۵۷۷۵۴ اور رفتار میلون مین ۴۷۷۱۰۷۵۲۲۴ تھی۔

جو مال واسباب اور جانور سنہ ۱۸۹۱ء مین ریل مین ہوکر گئے اون کا وزن ۲۶۱۵۸۹۵۳ ٹن اور اون کا کرایہ ۱۵۶۰۸۱۱۷۰ روپیہ اور رفتار میلون مین ۳۴۳۸۹۹۲۴۳۱ تھی اور سنہ ۱۸۹۰ء مین اوس کی مقدار ۲۲۲۱۶۷۱۸ ٹن اور کرایہ ۱۲۹۹۳۰۱۲۰ روپیہ اور رفتار میلون مین ۳۵۰۹۶۶۹۷۳۵ تھی۔

سنہ ۱۸۹۱ء مین جو خرچ ہوا اوس کی کل تعداد ۱۱۳۰۳۸۴۷۰ روپیہ یا ۴۷٫۰۲ فیصدی کل آمدنی پر تھا۔ اور یہی خرچ سنہ ۱۸۹۰ء مین ۱۰۳۱۰۹۱۳۰ روپیہ یا ۴۹٫۸۷ فیصدی کل آمدنی پر تھا۔

سنہ ۱۸۹۱ء مین خالص آمدنی ۱۱۲۷۳۶۴۳۲۰ روپیہ ہوئی اور سنہ ۱۸۹۰ء مین ۱۰۳۵۸۹۰۹۰ روپیہ تھی۔ سنہ ۱۸۹۱ء کی آمدنی کا اوسط جاری ریلوے کے کل سرمایہ خرچ شدہ پر ۵٫۷۶ فی صدی ہوا۔ اور سنہ ۱۸۹۰ء مین ۵٫۸۵۴ فیصدی تھا۔ اس خرچ مین وہ خرچ بھی شامل ہے جو دخانی کشتیون کی کارروائی مین ہوا اور وہ رقمین بھی داخل ہین جن کے خرچ کا ابھی فیصلہ کامل نہین ہوا ہے۔

۳ ڈاک وتار برقی

اگرچہ سنہ ۱۸۵۶ء مین ڈاکخانے ۷۵۳ تھے مگر اس مین اوس وقت سے بہت کچھ ترقی ہوئی ہے۔ اور سنہ ۱۸۹۱ء مین ڈاکخانون اور صندوقون کی تعداد ۲۰۳۹۳ ہوگئی ہے۔

سنہ ۱۸۹۱ء کے حسابی سال مین ۳۱ مارچ تک جو خطوط پوسٹ کارڈ منی آرڈر برٹش انڈیا کے ڈاکخانون مین ہوکر گذرے اون کی تعداد ۲۸۸۰۴۴۷۷ تھی۔ اور اخبار ۲۴۹۳۵۳۶۸ اور پارسل ۱۹۰۵۴۷ اور پیکیٹ ۱۱۰۳۷۵۳۱۹ تھی۔ جن کا کل مجموعہ ۳۲۵۲۷۸۷۱۱ ہوتا ہے پنج سالہ گذشتہ کے خطوط وغیرہ کی تعداد جو ڈاکخانون مین ہوکر گذرے اور ڈاکخانون کا آمد وخرچ نقشہ ذیل سے معلوم ہوگا۔

سال	تعداد خطوط واخبارات وغیرہ	تعداد ڈاکخانجات وصندوق چٹھیات	آمدنی	خرچ
سنہ ۱۸۸۷ء	۲۵۹۵۷۰۸۶۱	۱۶۴۸۳	۱۱۵۷۴۷۸۰	۱۳۵۳۸۷۷۰
سنہ ۱۸۸۸ء	۲۷۴۳۹۸۶۲۲	۱۶۹۶۷	۱۲۱۴۱۹۶۰	۱۳۷۵۲۱۵۰
سنہ ۱۸۸۹ء	۲۹۳۲۲۴۲۲۸	۱۷۶۰۰	۱۲۸۱۵۴۰۰	۱۳۴۲۴۵۲۰
سنہ ۱۸۹۰ء	۳۱۱۹۸۸۱۱۰	۱۹۱۹۶	۱۳۰۱۳۶۲۰	۱۳۷۶۵۹۴۰
سنہ ۱۸۹۱ء	۳۲۵۲۷۸۷۱۱	۲۰۳۹۳	۱۴۰۲۷۴۸۰	۱۳۹۶۵۳۵۰

حسابی سال مین جو ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۷۰ء کو ختم ہوا کل ۵۰۲۸۱۱ میل ڈاک روانہ ہوئی جسمین سے ۴۰۶۸۵ میل بذریعہ کشتی دوہرکارہ ۵۴۶۰ میل بذریعہ گاڑی اور گھوڑے کے اور

۳۵۲۴۴ میل بذریعہ ریلوے کے راستہ طے ہوا۔ سنہ ۱۸۹۱ء مین کل ڈاک ۳۹۳۴۷ میل روانہ ہوئی اوس مین سے ۵۳۷۵۳ میل بذریعہ دخانی جہاز وکشتی وہرکارہ اور ۱۲۶۴۱ میل بذریعہ گاڑی وگھوڑے کے اور ۱۴۱۶۵۱ میل بذریعہ ریلوے کے طے ہوئے ہندوستان کی سرکاری تار برقی کی لمبائی اور اوسپر جو پیغام روانہ ہوئے اون کی تعداد اور نیز آمد وخرچ پنج سالہ کی مقدار نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی۔

سال	طول تار برقی میلون مین	طول ٹرک میلون مین	آمدنی	خرچ	تعداد پیغامات جسپر محصول لیا گیا
سنہ ۱۸۸۷ء	۸۶۸۹۱	۳۰۰۳۴	۶۹۲۷۴۷۰	۷۱۴۴۶۴۰	۲۵۱۶۸۲۶
سنہ ۱۸۸۸ء	۹۳۵۱۷	۳۱۸۹۴	۷۶۳۸۸۶۰	۷۸۴۶۲۷۰	۲۸۰۷۶۱۷
سنہ ۱۸۸۹ء	۹۹۶۵۵	۳۳۴۶۲	۷۴۲۱۴۸۰	۷۰۴۰۹۲۰	۲۹۸۳۱۵۲
سنہ ۱۸۹۰ء	۱۰۶۱۴۰	۳۵۲۷۹	۷۶۶۸۶۵۰	۷۳۱۳۵۵۰	۳۱۳۲۵۷۱
سنہ ۱۸۹۱ء	۱۱۳۵۱۲	۳۷۰۷۰	۷۸۱۰۳۴۰	۷۶۳۹۸۰۰	۳۵۰۷۱۰۰

۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۱ء کو تمام ہندوستان مین ۹۴۹ تار گھر کُھلے ہوئے تھے۔

سکہ اور کاغذ زر (نوٹ وغیرہ)

پندرہ سال گذشتہ سے جو چاندی کی قیمت برابر گھٹتی چلی جاتی ہے اس وجہ سے ہندوستان کے انتظام مین بہ نسبت پیشتر کی یہ ایک سخت دقت حائل ہو رہی ہے ہندوستان کی بابت ایک کرور پچاس لاکھ پونڈ کے قریب برطانیہ عظمی مین خرچ کرنا پڑتے ہین اور یہ تمام روپیہ سونے کے سکون مین ادا کرنا ہوتا ہے حالانکہ

ہندوستان کا محاصل چاندی کے سکّے مین وصول ہوتا ہے اور اس وجہہ سے
بجائے پندرہ کرور روپیہ کے بائیس کرور پچاس لاکھہ روپیہ ادا کرنا پڑتا ہے۔
کیونکہ روپیہ کی قیمت ۲ شلنگ سے گھٹکر ایک شلنگ ۴ پنس رہ گئی ہے۔

چاندی اور تانبے کے سکے جو شروع سنہ ۱۸۵۹ع سے سنہ ۱۸۹۱ع کے اخیر تک
برٹش انڈیا مین بنے اون کی مقدار ۳۵۲۶۰۳۹۷۰ روپیہ کی ہے اس مدت مین
سے جب سنہ ۱۸۷۷-۷۸ع مین قحط پڑا تھا تو اوس سال سب سے بہت سکّہ
بنا تھا جس کی مقدار ۱۶۲۲۸۹۱۷۰ روپیہ تھی۔

ہندوستان مین کثرت سے چاندی کا سکہ چلتا ہے اور سکے کی تعداد جو ہر سال
بنتا ہے بہت کثرت سے ہے۔ سنہ ۱۸۸۵ع سے سنہ ۱۸۹۱ع تک جو ہندوستان کی
دونون ٹکسالون کلکتہ بمبئی مین روپیہ مسکوک ہوا اوس کی تعداد حسب تفصیل ذیل ہے

سال	سونا	چاندی	تانبا	میزان
	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
سنہ ۱۸۸۷ع	۰	۴۶۱۶۵۳۷۰	۱۱۷۱۲۸۰	۴۷۳۳۶۶۵۰
سنہ ۱۸۸۸ع	۰	۱۰۷۸۸۴۲۵۰	۱۷۰۳۳۷۰	۱۰۹۵۸۷۶۲۰
سنہ ۱۸۸۹ع	۲۲۶۰۹۰	۷۳۱۲۲۵۵۰	۱۰۱۵۰۳۰	۷۴۳۶۳۶۷۰
سنہ ۱۸۹۰ع	۲۳۰۵۱۰	۸۵۵۱۱۵۸۰	۲۰۴۴۶۸۰	۸۷۷۸۶۷۷۰
سنہ ۱۸۹۱	۰	۱۳۱۶۳۴۸۰۰	۱۷۸۳۰۹۰	۱۳۳۴۱۷۸۹۰

۱۶ جولائی سنہ ۱۸۶۱ء کو گورنمنٹ ہند نے ایک قانون منظور کیا جسکی رو سے پرامیسری نوٹ جاری کیے گئے اور جہان کہین کسیوقت ضرورت پڑی اون کے اجرا کے حلقہ مقرر فرمائے - اور اونہین حلقون کے اندر اون کا جاری ہونا سرکاری طور پر جائز کیا - اور قرار دیا کہ اون کے اجرا کے مقام پر یا پریزیڈنسی یعنی صوبہ کے صدر مقام پر اون کا روپیہ ادا کیا جائے - ایسے حلقے اس وقت آٹھ ہین - اور اون آٹھون مین پانچ روپیہ سے لیکر دس ہزار روپیہ تک کے نوٹ جاری ہین ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۶۳ء کو نوٹون کی مقدار جو جاری تھی ۰۰۰۰۶۲۹۴ روپیہ کی تھی سالہائے ذیل کے ۳۱ مارچ کو جاری نوٹون کی مقدار حسب تفصیل ذیل تھی -

سنہ ۱۸۸۷ء ۱۳۸۷۶۸۳۶۰ روپیہ سنہ ۱۸۸۹ء ۱۵۷۳۷۸۱۳۰ روپیہ سنہ ۱۸۹۱ء ۲۵۶۹۰۴۴۹۰ روپیہ

سنہ ۱۸۸۸ء ۱۶۴۲۴۳۸۰۰ سنہ ۱۸۹۰ء ۱۵۷۷۱۷۸۰۰ سنہ ۱۸۹۲ء ۲۴۰۷۶۴۰۸۰

نوٹون کا اجرا جو صرف کلکتہ اور بمبئی سے ہوا اون کی مقدار کل نوٹون کے اجرا کی مقدار سے قریب دو ثلث کے ہے - پانچ سال گذشتہ مین سرکاری ہندوستانی بنکونکی حالت حسب تفصیل ذیل تھی - سنہ ۱۸۹۰-۹۱ء مین ان بنکون کی تعداد یہ تھی - پریزیڈنسی بنیک ۳ ریلوے بنیک ۱۲ پوسٹ آفس بنیک ۶۴۵۵ ملٹری بنیک ۱۷

سنہ	بینک	ہندوستانی امانت دہندہ — تعداد	ہندوستانی امانت دہندہ — بقایا اخیر سال پر	یورپین یا یوریشین امانت دہندہ — تعداد	یورپین یا یوریشین امانت دہندہ — بقایا اخیر سال پر	میزان — تعداد	میزان — بقایا اخیر سال پر
			روپیہ		روپیہ		روپیہ
۱۸۸۶-۸۷ء	۶۲۲۹	۲۳۰۲۲۲	۴۳۶۲۹۵۳۲	۵۸۸۴۳	۱۳۶۸۵۷۷۳	۲۸۹۰۶۵	۵۷۳۱۵۳۰۵
۱۸۸۷-۸۸ء	۶۱۵۱	۲۶۶۳۰۸	۵۰۹۹۲۷۲۱	۶۵۴۰۳	۱۴۷۸۴۶۵۴	۳۳۱۷۱۱	۶۵۷۷۷۳۷۵
۱۸۸۸-۸۹ء	۶۲۳۶	۳۱۲۷۲۲	۵۹۳۶۳۱۵۹	۷۰۲۴۹	۱۵۶۳۷۵۴۹	۳۸۲۹۷۱	۷۵۰۰۰۷۰۸
۱۸۸۹-۹۰ء	۶۵۴۵	۳۵۵۰۱۷	۵۹۳۸۲۷۶۳	۷۶۲۹۱	۱۴۵۸۵۷۷۵	۴۳۱۳۰۸	۷۳۹۶۸۵۳۸
۱۸۹۰-۹۱ء	۶۶۴۱	۴۰۲۰۶۱	۶۴۴۳۶۰۶۰	۷۲۷۰۹	۱۴۵۳۹۳۹۰	۴۷۴۷۷۰	۷۸۹۷۵۴۵۰

روپیہ - وزن - اور پیمانے

ہندوستان کے روپیہ کا وزن اور وزن اور پیمانے مروجہ حسب تفصیل ذیل ہیں۔

ایک پائی		= ½ فار دنگ
۳ پائی	= ایک پیسا	= ¼۱ فار دنگ
۴ پیسے یا ۱۲ پائی	= ایک آنہ	= ½۱ پنس
۱۶ آنہ	= ایک روپیہ	= ۲ شلنگ
۱۶ روپیہ	= ایک مہر یا اشرفی	= ایک پونڈ ۱۲ شلنگ

ہندوستان اور انگلستان کے سکوں کی قیمت یا شرح مبادلہ چاندی سونے کے بھاؤ کے موافق بدلا کرتی ہے - کسی زمانے مین اسی سبب سے روپیہ کی قیمت ۲ شلنگ ۲ پنس تھی - مگر اوس کے بعد کچھ عرصہ تک ایک شلنگ ۷ پنس رہی - لیکن اب (۳۱ مارچ ۱۸۹۲ء) کو تین سال سے روپیہ کی اوسط قیمت ایک شلنگ ۵ ⅛۱ پنس ہو گئی ہے - اور اس سبب سے آجکل ایک آنہ قریب قریب ایک پنس کے برابر ہو گیا ہے

وزن اور پیمانہ

۱۰۰۰۰۰ کو ایک لاکھ اور ۱۰۰۰۰۰۰۰ کو ایک کرور کہتے ہین -

بنگال کا من ۴۰ سیر کا ہوتا ہے	= ۸۲ ۶/۷ پونڈ اور دو پائنٹ
بمبئی کا من	= ۲۸ پونڈ
مدراس کا من	= ۲۵ پونڈ
کھندی = ۲۰ من	= ۳ ۸/۴ ۲ بشل
تولہ	= ۱۸۰ گرین

بنگالہ کا گز ۳۶ = انچہ

۱۸۷۱ء مین گورنر جنرل کی کونسل نے ایک قانون منظور کیا جس کی روسے برٹش انڈیا مین آخر کو ایک ہی سا وزن اور ایک ہی سے پیمانے جاری ہون گے اس قانون کے فقرہ دو سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان مین وزن کی ابتدا سیر سے رکھی گئی ہے جو دہات کی چیز کا بنا ہوتا ہے اور اوس کا وزن اوس وزن کے برابر ہے جو فرانس مین کیلوگرام کے نام سے مشہور ہے اور جو وزن مین ۲۰۵ء۲ پونڈ اور دو پائیز کے برابر ہے - اسی قانون کے تیسرے فقرے کا یہ منشا ہے کہ اسی سیر سے تمام وزن اور پیمانے شروع ہون گے - پیمانون کے بنانیکے واسطے کسی برتن مین پانی ڈال کر ایسی جگہہ تولین گے جہان ہوا نہو - اور پھر اوس برتن کو ایک سیر وزن کا پیمانہ سمجھین گے اور جب تک اور کوئی حکم نہوان وزنون کے حصے کسر اعشاریہ مین بیان کیئے جائینگے فقط

راقم

حسن

دل پکڑکر رہجائیگا - بالکل طبیعت کے بیچین کر دینے والے سامان - یا ناول کے پیرایہ مین قوم کو ایک نیک صلاح ہمین عورتونکی بے پردگی کے نقصانات نہایت کامیابی کے ساتھہ دکھایے گیے ہین قیمت عہ "مسیحاے عالم" حفظ صحت کی مستند کتاب جسمین اُن چہہ چیزون سے محققانہ بحث کی گئی ہے جنپر زندگی کا بالکل مدار ہے قیمت ۸ر علاوہ محصول درخواست خریداری نقد یا باجازت ویلو پی ایبل بنام حکیم محمد علی خانصاحب اڈیٹر "مرقع عالم" ہردوئی بھیجنا چاہیے - فقط

اشتہار

فیروزالدین کی بینظیر مشہور عالم آزمودہ نہایت مفید اور سچی دوائیان

حبوب خیری یعنی "فیروز نردا ین بلڈ ٹانک" انسان کی صحت مسلمہ اور شرطیہ دوائی جسکو ہندوستان بہر نے مفید مانا ہے اس دوائی نے میڈیکل افسران - حکما اور عام پبلک سے بڑی تصدیق حاصل کی ہے کہ جسمانی کمزوری - ضعف اعضاے رئیسہ ضعف معدہ ضعف دماغ - لقوہ - آدہرنگ وغیرہ کو دور کرنے اور بدن مضبوط اور طاقتور بنانیکے لیے اور خصوصیت کے ساتھہ بلا مبالغہ بینظیر اثر کے ساتھہ جوانی کی غلط کاریون اور بے احتیاطیون کے نقص دور کرنیمین بینظیر ہین - بکس ۴۸ گولی عہ **جوہر عشبہ** یعنی تریاق براے فسادات خون درد کہنہ خارش پہوڑا پہنسی وغیرہ شیشی کلان عہ خرد عہ **فیروز بام** اکسیر براے درد سر - کہانسی و نزلہ زکام آواز کا بیٹھہ جانا شیشی خرد ۱۲ر کلان عہ **تپ تلی** کا علاج اکسیر ہے - گولیان ۱۲ر عرق عہ ہزارون مایوس بفیض خداوند تعالی کے فضل سے صحت یاب ہوے ہین بہورے

عرصہ کے مریض کیلیے یہ گولیان کافی ہین پرانے مریض کے لیے دونون چاہئین - **چوتھیا تپ** جاڑو بھرا عرق مشہور ہے ایک شیشی سے چھہ مریض صحت پاتے ہین شیشی ۱۲؍ **حب بواسیر** بادی ہو یا خونی اکسیر ہے فی بکس ۱؍ **فیروز سرب** اسکے استعمال سے عادات افیون چانڈو وغیرہ بغیر تکلیف چھوٹ جاتی ہے نہ سمین ہر ہے نہ نشہ ہے - صرف بوٹی سے طیار کیا گیا ہے شیشی ۱؍ **بادی گارڈ** دوائی ہیضہ و بدہضمی شیشی ۱؍ **دیکھو تازہ شہادت** - جناب ڈاکٹر حسین شاہ صاحب راے بہادر سول سرجن و میڈیکل افسر ضلع جھنگ ۲۷ اکتوبر ۱۸۹۲ء - آپکا جوہر عشبہ چند مریضون مین آزمایا گیا عمدہ مصفی خون نکلا ہے **جناب** ڈاکٹر مہتہ دونی چند صاحب اسسٹنٹ سرجن انچارج شفاخانہ صدر سیالکوٹ ۴ اکتوبر ۱۸۹۲ء آپکی حبوب خیری تجربہ کیگئین ازبس مفید ہین **گورنمنٹ** عالیہ انگلشیہ کا یورپین فوجی اعلی سے اعلی عہدہ دار - جناب میجر بلیک صاحب بہادر ۱ نومبر ۱۸۹۲ء مقام ڈلہوزی (ترجمہ خط انگریزی) براہ مہربانی بوتل کلان فیروز بام دیلو بی اپل بہیجدیجیے درحقیقت تمہارا فیروز بام دمہ کہانسی کیلیے نہایت مفید ہے جناب مفتی دوست محمد خانصاحب از مقام چوہر کانہ تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ ۱ نومبر ۱۸۹۲ کو تحریر فرماتے ہین جناب کی خوش معاملگی اور راستبازی کی مین جہانتک تعریف کرون صحیح اور درست ہے آپکی راستبازی سے ہزارہا بندگان خدا فیضیاب ہوتے ہین جنمین سے ایک ادنی یہ شکرگزار بھی ہے مین نے آپکی حبوب خیری وغیرہ کا ضرورتاً بمختلف وقتون مین استعمال کیا - یہ ایسی سریع التاثیر اور بینظیر ثابت ہوئین کہ بیان نہین کرسکتا مین نے اپنی تمام عمر مین ایسی کوئی دوا نافع نہین پائی مجھے کلی فائدہ ہو گیا -

المشتہر (فیروزالدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار امرتسر (پنجاب)

ہندوستان مین پیدا شدہ مرضون کا علاج

(مندرجہ ذیل ادویہ اقسام سے امتحاناً منگا کر دیکھو)

شربت مقوی اعصاب - سریع الاثر قابل اعتماد صلبی طاقت کیلیے جو کثرت فواحشات و مسکرات و کثرت محنت سے ضعف دماغ معدہ و جگر درد سر و کمر قبض تاریکی چشم وغیرہ عوارض جو لطف دنیا سے محروم کرنیوالے ہون دور کرکے مثانہ و مادہ انسانی کو درست کرتا ہے قیمت فی شیشی للعہ **روغن خارجا** لگانیسے اون عوارض کو جو سوء استعمال و خلاف قدرت عامل ہونیسے اپنے ہاتھون قوا خراب کر چکے ہون فی تولہ للعہ **ہیر آئل** دلربا خوشبو کے علاوہ بالون کو سفید ہونیسے روکتا ہے نزلہ زکام ریزش عطسہ جنکو ادنی ادنی باتون سے ہوجاتا ہے آواز بھاری ہوجانا کہانسی وغیرہ کو دور کرتا ہے ضعف دماغ و بصر کو پیدا نہین ہونے دیتا شیشی ۱؍

اطلاع بخدمت خریداران رسالہ حسن

رسالہ حسن جو ماہوار زیر نگرانی و سرپرستی عالیجناب **نواب عماد نواز جنگ بہادر**
حیدرآباد دکن سے نکلتا ہے چند مہینے سے اکثر عالی درجہ قدردانونکی فرمایش سے
مطبع مفید عام آگرہ سے جو چھاپنے کے فن میں مسلم اور نہایت پسندیدہ
ہے شایع ہوتا ہے تاکہ اسکے اولو العزم ناظرین کو خوبی مضامین کے ساتھہ لوازم
طبع کا بھی پورا لطف حاصل ہو جو حیدرآباد کے مطابع سے باوجود کوشش ممکن
نہیں ہوا اس سے ہمکو اپنا حیدرآباد کا خاص مطبع بیکار کر دینا پڑا اور اخراجات
کی توفیر [illegible] ہمکو امید ہے کہ ہمارے اولو العزم ناظرین بلحاظ کثرت وجدت اخراجات
وقتاً فوقتاً ایثار یا ادا فرما کے ممنون کرینگے اور اس علمی پرچہ کی درمے و قلمے مدد
فرما کر اپنی قوم کو جنہیں متعلقات علوم و فنون کے اشاعت کی ہنوز بہت ضرورت
ہے اس سے فائدہ اوٹھانیکا موقع دینگے۔ مطبع مفید عام آگرہ کو رسالہ
کے دیگر تعلقات سے کوئی تعلق نہیں ہے اس لیے جملہ خط و کتابت و ترسیل زر
حسب دستور سابق حیدرآباد میں نوابصاحب موصوف کے نام نامی ہونی چاہیے
چندہ سالانہ سال تمام عہ ۱۲ کم آمدنی والونسے للعہ اجرت اشتہار فی مرتبہ فی صفحہ صہ

الراقم

محمد یوسف مہتمم رسالہ حسن حیدرآباد دکن

جلد — نمبر

حسن

بابت ماہ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

بقیہ اخلاق اور تمدن کی ترقی ... صفحہ ۱
ترجمہ تذکرۃ الخلفاء ... صفحہ ۳۴

از نتائج جناب نواب عماد نواز جنگ بہادر

در مطبع مفید عام آگرہ باہتمام محمد قادر علی خان صوفی طبع شد

سنہ ۱۸۹۴ء

بقیہ مضمون اخلاق اور تمدنی ترقی

(سلسلہ کے لیے نمبر ۲ جلد ۷ ملاحظہ ہو)

جرمنی نسل کے لوگ جنوبی رومیون پر آگرے وحشی لوگ رومیون کے لشکر مین داخل ہوئے۔ اونہون نے فوجی اور ملکی عہدے حاصل کیئے اور روم کے ملک مین اپنا مسکن بنایا اور آخر کار تمام طاقت اپنے ہاتہون مین لے لی۔ جرمنی کی قوم فاتحین مین صرف وہ ہی خودمختاری نہ تہی جو وحشیون مین عموماً ہوا کرتی ہے بلکہ اون مین شخصی آزادی اور شخصی عزت کا بہی خیال تہا جو اونکا خاصہ تہا۔ اور اسی سبب سے کچہہ کچہہ عیسائی مذہب بہی اون مین پہیلنے لگا تہا گویا خود فاتح ہی اب جدید مذہب کے مفتوح ہو گئے اون کی حمایت مین ہر شخص اپنے حقوق پا سکتا اور آزادی کو کام مین لا سکتا تہا اور اپنے تمام افعال مین جائز حقوق کو استعمال کر سکتا تہا۔ اور یہی بات ہے کہ جو پورانے اور حال کے زمانے مین بہت بڑا امتیاز پیدا کرتی ہے۔

زمانہ وسطی

وحشی یعنی غیر مہذب رومی اور مذہب عیسوی

پانچوین صدی عیسوی یعنی رومی سلطنت کے زوال کے بعد سے زمانہ وسطی شمار

کیا جاتا ہے۔ روم کی سلطنت مین قومین باہم مل گئی تھین اور بنیاد ترقی کی پڑ گئی تھی۔
شروع زمانے مذہب عیسوی مین یہودی ہر جگہہ پائے جاتے تھے۔ سلطنت
روم کے مشرقی حصّہ کے شہرون مین وہ کثرت سے آباد تھے خصوصاً اسکندریہ
اور انطاکیہ مین تو وہ بہت ہی تھے۔ اونکی تجارت اس سلطنت کے کنارون تک
پھیلی ہوئی تھی اور جہان پر وہ تھے اپنے مذہب پر مستقیم تھے اور اوسکے پھیلانیکا
اون کو بڑا شوق تھا۔ یونانی بھی قید ہو کر یا وطن چھوڑ کر اپنے علم سمیت تمام ملک
تہذیب یافتہ مین پہونچ گئے تھے۔ اونکی کتابین اور ہنر اونکے ساتھ تھے۔ سوا
اسکے رومیون کے قوانین اون کے مفتوحہ ملکون مین اور اونکی فوجون مین جہان
جہان کہ وہ حکومت کرتے تھے بڑا اثر دکھا رہے تھے اور اس قسم کی گوناگونی سے
ترقی پھیل سکتی تھی۔ زمانہ وسطی مین ملکی قانون وراثتاً اوس زمانے کی مخلوق کو ملا تھا۔
اور وحشی خود مختاری باہم خلط ملط ہو گئی تھی اور عیسائیت کا دل اون مین خمیر ہوتا جاتا
تھا اور ان اجزاے جداگانہ کے خلط ملط سے عمدہ ترین انسانیت اور آدمیت جو
اب تک دنیا کو حاصل نہین ہوئی تھی وہ ظہور پکڑنے لگی تھی اور اگرچہ بعد مین کلیسون مین
کچھ بھی مذہبی خرابیان کیون نہ پیدا ہو گئی ہون مگر تاہم یقیناً بڑے بڑے فوائد بھی

پہونچے ہین

غیر مہذب لوگ ابتدا مین اوسکو بت اشتے تھے اور ڈرتے ہی تھے اس سبب سے
زیادتی موقوف ہو گئی سردارون اور بادشاہون کے سینہ تانی تھی ان حد اعتدال سے

آگئے اور غریب بیچارے اکثر مذہبی پادریونکی حمایت کی بدولت مظالم سے بچنے لگے اور
اور علم کا جہاز جو قدیم علما کی بربادی سے تباہ ہو گیا تھا وہ پھر خانقاہون مین موجین مارنے
لگا - انسانون مین روحانیت اور ابد الآباد تک رہنے کے خیالات پھیل گئے اور آخر کار
زمانہ بر سر راہ ہو گیا - مدرسے جاری ہوئے - بیت التعلیم قائم کیے گئے - خیالات
چمکے اور آزادی سے ترقی کرنے لگی -

جاگیراتی انتظام اوسکی خرابیان اور فوائد

جرمن کے غنیمون نے آپس مین ملک کو تقسیم کر لیا تھا شارلمین اور بعض اور
فرانسیسی حاکمون کے زمانے مین مغربی یورپ مین ایک متحد شاہی انتظام جاری ہو گیا
تھا جب یہ سلطنت ٹوٹی تو جاگیراتی انتظام پیدا ہوا - اور ایک زمانہ دراز تک یورپ مین
طوائف الملوکی پھیل گئی - بہت سی چھوٹی چھوٹی سلطنتین قائم تھین جو تھوڑے تھوڑے ٹکڑون پر جھگڑے
کرتی تھین - تماشہ جنگیان جہالت - سرزوری ہر طرف تماشا دکھا رہی تھین - سردار
لوگ اپنے متعلقین کے قلعون مین مثل محصورین کے رہا کرتے تھے - بڑی بڑی
حکومتون کے اختیار مین ضعف آگیا تھا اور اس بات کا اندیشہ تھا کہ کبھی ایسا نہو کہ
یورپ اپنی وحشیانہ حالت پر پھر عود کر جائے - تاہم جاگیراتی طریقہ بھی ترقی کے لئے غیر
مفید نہ تھا - ہر بات کا نتیجہ جیسے برا ہوتا ہے ویسے ہی بھلا بھی ہوتا ہے - اگرچہ غربا
پر ظلم ہوتا تھا مگر اسی کے ساتھ غریبون کی حمایت کے لئے دلیری بھی پیدا ہو جاتی
تھی - اور جو جاگیردار اپنے مسکنون مین رہا کرتے تھے وہ اپنے قرب و جوار کے

لوگون سے اور نیز اپنے پاس کے رہنے والون سے بہائی برادری کا سا برتاؤ کرتے تھے۔ تواضع آدمیت نوازش تحمل کے برتاؤ جو عورتون کے ساتھ برستے جاتے تھے اون کو دیکھہ کر تعجب ہوتا تھا کہ یہ خوشنما اور خوشبودار پہول ایسی شورہ زمین پہ کیونکر پیدا ہو گئے۔

کروسیڈ یعنی عیسائی جہاد اور اوسکے فوائد

یورپ کی تاریخ مین عیسائی مذہبی جہادون نے بہی انقلاب عظیم پیدا کر دیا ہے۔ جاہل مغربی یورپ کے بہادر لوگ جن مین بہادری جوش مار رہی تہی وہ متعصب مذہب والونکی تحریک سے ایک دوسرے کے شوق کو دیکہکر آپس کی ہمدردی کے واسطے مسلمانون پر جو بیت المقدس پر قابض تھے ٹوٹ پڑے سیدہے جا گرے۔ ان حملون سے جب اون کو خشکی اور تری کا تجربہ ہوا اور اپنے مخالف عقیدے والے شایستہ دشمنون کو دیکہا تو اون کی دانش بہت بڑہ گئی۔ سب سے بڑا فائدہ ان لڑائیون کا یہ ہوا کہ جاگیرداری انتظام ہمیشہ کے لیئے تہ و بالا ہو گیا۔ چہوٹے چہوٹے جاگیردار سب فنا فی السلطنت ہو گئے اور طاقت کے ایک جگہہ جمع کرنیکے لیئے بڑے بڑے زور لگائے گئے جن کے سبب سے سلطنت ہائے متحدہ آخر کار پیدا ہو گئین۔

تیرہوین صدی

علم کی ترقی اور ریفارمیشن یعنی اصلاح کا زمانہ

گیارہوین صدی کے وسط مین طرح طرح کے اسباب سے ذہن مین ایک حرکت تو

پیدا ہو ہی چکی تھی اب کچھہ تو کلیسیا کی عمدہ حالت کے سبب اور کچھہ اون مدارس کو دیکھہ کر جو اہل عرب نے اسپین مین جاری کیئے تھے ایک اور نیا زمانہ نمودار ہو گیا - چند صدیون تک تو علم الٰہیات اور معقولات مین بڑا جوش خروش رہا - بڑے بڑے مدرسین پیدا ہو گئے - معترضین اوٹھہ کھڑے ہوئے - تیرہوین صدی مین ترقی کی بڑی دہوم دہام رہی - بیت العلوم جاری ہوئے قانون اور الٰہیات کا درس و تدریس شروع ہوا بڑے بڑے کلیسیا کے مکانات تعمیر کیئے گئے - الفرڈ اعظم اور خصوصاً راجر بیکن سے ادمی بہی علم طبعیات پڑہنے کے لیے پیدا ہو گئے - اس کے بعد تعلیم و تعلم مین بڑی ترقی ہوئی - جوانون اور مستعد مزاجون مین علم ادب کا ایک نیا شوق و ذوق چمکا - منطق اور اوسکے مماثل شعبہ ہاے علم پر لوگ قانع نرہے اونہون نے ارسطاطالیس کے سوا جو مدتسے مدارس مین شہرت پا رہا تہا اور قدیمی مصنفون کو جہان مین کر نکالا - یورپ نے یونانی مصنفون کے قلمی نسخے مشرقی ممالک سے منگائے گئے - افلاطون اور ہومر کے نام دیکھکر لوگ ایسے خوش ہوئے کہ جیسے کسی کو کوئی بڑا خزانہ ملجاتا ہے - جب ترکون نے ۱۴۵۳ء مین قسطنطنیہ کو فتح کیا تو بہت سے یونانی عالم مغربی ملکون مین آکر آباد ہو گئے - پندرہوین اور شروع سولہوین صدی کے زمانے مین عقلی کامون کے ہر صیغے مین بڑی سرسبزی ہوئی - یہ زمانہ بڑی بڑی ایجادون اور تحقیقاتون کا گذرا ہے - جہازرانی کے لیے مقناطیسی کمپاس یعنی قطب نما بنایا گیا - بارود نکالی گئی جس سے ایک دیہاتی بڑے جوانمرد کی لڑائی کے مقابلے مین برابر ہو جاتا ہے - چھاپہ کے متحرک حروف بنائے گئے

کلمبس نے ایک نیا نصف کرہ دریافت کیا۔ واسکوڈیگاما نے راس جنوبی افریقہ کے گرد گھومکر ہندوستان کی تجارت کا بڑا راستہ نکالا۔ کوپرنکس نے عالم کا سچا انتظام ظاہر کیا اور ہنر مین نئی جان پڑی۔ اوسوقت کے موجدین مین سے رافیل۔ میکائیل۔ انجیلو لیونارڈو ڈا ونسی اور البرٹ ڈورمشہور لوگ ہین۔ بڑی بڑی سلطنتین فرانس اسپین انگلستان کی مستحکم ہوگئین۔ اقوام مین بڑی بھاری تجارت جاری ہوکر خوب پھیل گئی۔ وینس و جنیوا۔ او فینشیا یک جرمن کے شہرون مین لوگ جیسے متفق ہوگئے تھے ویسے ہی یورپ کے دوسرے حصون مین بھی اوسکی تقلید کی گئی۔ جب تجارتی تعلقات پیدا ہوئے تو سفارت کا سلسلہ قائم ہوگیا۔ قومون کو آپس مین ایک دوسرے سے زیادہ تعلق بڑھ گیا اور قومی قانون نے اپنا ظہور کیا اور انقلاب گمنامی سے اوس نے اپنا منہ نکالا۔ اصلاح (ریفامشن) سے پہلے مختلف اقسام کی بہت سی شورشین آدمیون کے دلون مین ایک جنبش پیدا ہوئی۔ ہم کو اس مقام پر فیصلہ کرنا منظور نہین ہوتا کہ پروٹسٹنٹ مذہب کیون نکلا اور اوسکی کیا ضرورت تھی۔ اور جو اون مین بحثین یا فساد واقع ہوئے اون مین حق بجانب کون تھا۔ البتہ دونون فریق کے علما تسلیم کرتے ہین کہ اوسوقت خیالات اور تجسس مین بڑا جوش پیدا ہوگیا تھا۔ اور پیاسے تھے کہ کوئی بہتر اور عمدہ طریق ظاہر ہو۔

انقلاب فرانس اور سیاستی معاملات مین اعتدال

چند صدیون کے بعد تاریخ مین ایک اور واقعہ عظیم ہوا جس نے دنیا مین بڑا جوش پیدا کیا

کیواسطے جنگ ہوئی تھی اوسکے بعد فرانس مین ایک انقلاب عظیم برپا ہوا شخصی سلطنت کی برائیان - نیچے درجے والون کی تکلیف - ذی ہوش لوگونکی جبر منفعت اور کسب معاش کے خیالات چاہتے تھے کہ ملکی معاملات مین اعتدال پیدا ہو اور اس سبب سے ایک بہت بڑا پولیٹیکل جھگڑا اوٹھہ کھڑا ہوا - اور چند عرصے تک ایک تہلکہ عظیم برپا رہا - مخلوق پر سخت مصیبتین آپڑین - جدال و قتال کا شمار نہ تھا - لاکھون آدمی مارے گئے - مگر آخر کار اس طوفان سے ہوا صاف ہو گئی - گو کہ ابھی تک استقلال اور اطمینان گورنمنٹ مین اور نیز سوشل معاملات مین پورا پورا نہین ہوا ہے - لیکن اگر اس صدی کے شروع زمانے کے یورپ کو حال کے یورپ سے مقابلہ کر کے دیکھا جائے تو کوئی عقلمند یہ نہین کہہ سکتا کہ انقلاب فرانس نے ایک فائدہ نہین بخشا - اوس سے ذہن اور اخلاق بنی آدم مین ترقی ہوئی - پورانی خرابیون کے عوض نئی دنیا قائم ہو گئین -

مقابلہ مابین ماضی و حال

اس امر پر نظر ڈالتے وقت اگر زمانہ گذشتہ کو حال کے اون امورات سے جن کا کہ اس مضمون مافی البحث پر اثر پڑتا ہے مقابلہ کر کے دیکھا جائے تو مفصلہ ذیل باتین دریافت ہوتی ہین -

تمام بنی نوع انسان کا متحد ہو جانا

اس کو ہم پہلے لکھ چکے ہین کہ اس بارے مین پہلے کیسی کیسی تحریکین ہوئین مگر

مشرق مین ایک بڑی عظیم الشان سلطنت تھی۔ سکندر اعظم نے فتوحات کین۔ رومیونکی بڑی لمبی سلطنت رہی سلطنت روم نے آدمیون کے اتحاد بڑھانے مین بڑا کام کیا۔ کیونکہ اوسکی وسعت اسقدر بڑی تھی کہ وہ بحر اسکاٹ لینڈ سے صحرائے افریقہ تک اور بحر قلزم اور دریائے فرات سے اٹلانٹک تک پھیلی ہوئی تھی۔ اوسکے سبب سے لوگونکی زبان اور تعلیم مین یکسانی ہوگئی تھی۔ سوائے اسکے اور بہی ایسی حکومتین گذری ہین کہ جنھون نے مثل شارلمین اور جرمنی حکومت کے قومی خصوصیتون کو توڑا ہے۔ دیکھئے اتحاد اور قربت اقوام مین پہلے کی بہ نسبت آجکل کتنا فرق ہے۔ اول تو آج کل تمام کرہ ارض کی یہ کیفیت ہے کہ ایک ملک کے آدمی دوسرے ملک مین مارے مارے پھرتے ہین اس لیئے سب جگہہ کے آدمیون مین باہم شناسائی ہے کوئی قوم ایک دوسری سے چھپی نہین گروہ کیسے ہی اکیلے اور جدا مقام پر رہتی ہو دوسرے یہ کہ وقت اور مسافت کو کامون کے سرانجام دینے کے لحاظ سے ایسا چھوٹا اور آسان کر دیا گیا ہے کہ جس سے آدمیونکی دوری ایک دوسرے سے بہت کم ہوگئی ہے وہ رومیون کی نہایت شاندار سڑکین جو اونھون نے دارالسلطنت سے تمام اطراف کو بنائی تھین اور جو سیدہی پہاڑون اور دریاؤن پر گذرتی تھین ریلوے کے مقابلے مین کیا چیز ہین۔ جو بر اعظمون مین جال کی طرح سے جابجا پھیلی پڑی ہین اگر خسرو کے زمانے کے لوگون کو کوئی شخص دخانی طاقت کی وہ تیزی بتا دیتا جس سے اس زمانے مین ریل اور جہاز روان ہوتے ہین تو وہ لوگ اسکو یا تو معجزہ خیال کرتے یا محض جھوٹ

سمجھتے جو ملک کسی زمانے مین نہایت دور معلوم ہوتے تھے اب نہایت نزدیک ہو گئے ہین گویا وہ ایک دوسرے کے پس دیوار او پڑوس مین بستے ہین -

جب جان اوس کنٹنینٹل کانگریس مین شامل ہونیکے واسطے **فلیڈلفیا** گیا تھا تو وہ شہر اوس کو ایک غیر ملک معلوم ہوتا تھا - وہ وہان کے روزانہ حالات زندگی کے ایسے بیان کرتا ہے جیسے آج کل کوئی سینٹ پیٹرسبرگ کے معاملات لندن مین آکر سنائے - **فلیڈلفیا** حقیقتاً کبھی بوسٹن سے اتنی دور تھا کہ جسقدر اب قریب قریب سان فرانسس کو اور لندن ہین - رومیونکی سلطنت کی سرسبزی کے زمانے مین بڑے بڑے سفر کیئے جاتے تھے - تجارت خوب چمکی ہوئی تھی - سکندریہ ایک بڑا دولتمند تجارتی بندرگاہ تھا - لیکن اوسوقت کا تجارتی میل جول آج کل کے تجارتی ربط ضبط کے مقابلے مین کچھ بھی نہ تھا - قریب قریب دنیا کے تمام حصص کا ایک دوسرے کے ساتھ مدامی خلط ملط جو تبادلہ پیداوار ملکی کے ذریعے سے پیدا ہوتا ہے وہ اپنا ایک تعجب انگیز اثر دکھلاتا ہے - یعنی اوسکے لحاظ سے مختلف جماعتون کے آدمی ایک ہی جماعت کے لوگ معلوم ہونے لگتے ہین - قومی رشتہ نہ صرف اون بڑی بڑی قومون مین پیدا ہوا ہے جو شائستہ اور مہذب ہین بلکہ جو عیسائی نہین ہین اور عام قومی قانون کو مان لیا ہے وہ بھی اس رشتے مین منسلک ہو گئے ہین - اگر کوئی صاف صاف دیکھنا چاہے کہ دنیا کیونکر اکھٹی ہو گئی ہے - تو کسی روزانہ اخبار کے پرچے کو ہاتھ مین لیکر دیکھے اور مضمون کو جانچے جو واقعات کہ یورپ اور ایشیا مین کل ہوئے ہین اور برقی وساطت سے بھیجے گئے ہین وہ ہماری آنکھون کے

سامنے ہون گے - اگر کہین فارس یا چین مین زلزلہ آیا ہو قحط پڑا ہو کوئی کسی جگہہ نئی چیز ایجاد ہوئی ہو بڑی آگ لگی ہو - یا اور کوئی دلچسپ واقعہ ظاہر ہوا ہو تو اوسکی خبر اوسی مین درج پائیگا یہ اوس تار کے وسیلے سے خبر آئی ہے جو سمندر کے نیچے پڑا ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ جو قومین کسی وقت ایک دوسرے سے اسقدر دور تہین کہ جیسے دوسرے سیارے کے باشندے ہون اور جنکی خبر کبھی سالہائے دراز کے بعد سنائی دیتی تہی اب وہ ہمارے پڑوسی ہوگئے ہین - یہ سب چیزین صرف ترقی کی علامات ہی نہین ہین بلکہ ذہن کے واسطے ایک محرک ہین اور چال چلن پر بہت بڑا اثر پیدا کرتی ہین جس جگہہ پر ہم رہتے ہین اوسکا رقبہ بہت بڑھ گیا ہے - خیالی مضامین مین بڑا اضافہ پایا جاتا ہے انسانی فوائد اور اوسکی ہمدردی کا دائرہ بے انتہا بڑا ہوگیا ہے - یہودی لوگون اور سمیریا والون مین سلوک تہا جو ہمزاد والون کے گہرون اور شہرون مین واقعات گذرتے تہے اگر یہودی اون کو سنتے رہتے تو شمالی لوگونکی نسبت رفتہ رفتہ اون کے خیالات بہی بہت بدل جاتے -

اقوام شایستہ کا عروج

وہ حالت کہ جس سے آیندہ زمانے کی نسبت بہتری کی امید ہو سکتی ہے وہ اقوام تہذیب یافتہ کا عروج اور علی طاقت ہے شایستہ اور تہذیب یافتہ عیسائی قومین عروج پر ہین - ایشیا کے مقابلے مین یورپ گو بہت چہوٹا ہے اور یورپ اور اوسکے متعلقات کی آبادی کرہ دنیا کی آبادی سے بہت ہی کم ہے - لیکن طاقت سب اسی چہوٹے سے حصے کے ہاتہہ مین ہے - دانش کو قوت اور غلبہ ہے - یہ بات ہمیشہ نہین ہوا کی ہے - بارہا ایسا

ہوا ہے کہ زمانہ ہاے دراز تک ناشایستہ اور نیم تہذیب یافتہ لوگون نے مہذب قومون کو نیست و نابود کرنیکی دہمکی دی ہے۔ جس زمانے مین کہ وسط ایشیا کی ناشایستہ اقوام نے ایک بڑی حرکت کی اور مغرب کی جانب کو گئی جس سے جرمنی قوم نے نمود کی اور موج پر موج چلی جاتی تہی جس سے معلوم ہوتا تہا کہ رومیونکی سلطنت مین جو روشنی پہیلی تہی وہ اب کوئی دن مین ایسی تاریکی سے بدل جائیگی جسکا آخر کبہی نہوگا۔ ہماری پانچوین اور چہٹی صدی مین جو کچہہ آدمیون نے کمایا تہا وہ سب برباد ہو چلا تہا۔ کوئی دن مین زمانہ تہ و بالا اور درہم برہم ہونیوالا تہا۔ آٹہوین صدی مین مسلمانون نے بحر روم کے جنوب مشرق کے ممالک کو گہیر لیا۔ اسپین کو فتح کیا اور چاہتے تہے کہ ممالک عیسوی کو اژدہے کیطرح سے اپنی کنڈلی مین پہانس لین۔ ابہی تہوڑا زمانہ ہوا کہ ترکون سے بہی بڑا خوف پیدا ہوا تہا۔ شروع پندرہوین صدی مین اونہون نے یونان کو فتح کر کے اپنی فوجین وائنا تک پہونچا دی تہین۔ اب ممکن ہے کہ اسلام کا تعصب مشرق مین کبہی کچہہ کچہہ دغدغہ پیدا کرے مگر یورپ تو اوس خطرے سے بالکل بیخوف ہے اور اس مین کوئی شک نہین ہے کہ آخر کار یورپ کی طاقت اپنے مسلح دشمنون پر غالب آوے گی۔

رای عامہ کی جدید طاقت

حال کے زمانے مین ایک اور ترقی کا معاون بڑہ گیا ہے۔ اوسکی قدرتی حالت کے سبب اور جو اوسکے باعث سے جو جو امیدین اوس سے وابستہ ہین اون کے لحاظ سے خاصکر اوسکا بیان کرنا ضرور معلوم ہوتا ہے وہ راے عامہ کی طاقت ہے۔

پچھلے زمانے مین جب لوگ ایک دوسرے سے کم ملتے تھے تو ہر ایک کے خیالات
جدا جدا رہتے تھے اور اس سبب سے تمام لوگونکی حالت بالانفراد بیان کرنیوالے بہت کم
ہوا کرتے تھے۔ اس بارے مین پوری آزادی نہ تھی اور اس سبب سے راے عامہ
کی بہت ہی کم قدر تھی بلکہ اس لفظ کے معنی کا بھی ایسا مفہوم نہ تھا جو اب ہے۔ اگر
کسی باب مین راے مفید عام ہوتی تھی تو اوسکو عہدہ دار اور افسر بیان کیا کرتے تھے
اگر عام لوگونکی حالت پر بھی غور کرنا ہوتا تھا تو بادشاہون شاہزادون سردارون اور علما کی
حالت پر اون کو بھی قیاس کر لیا کرتے تھے۔ اب تو ذات پات کچھ چیز نہین ہے خیالات
آزادانہ سب جگہہ دوران کر رہے ہین اور رفاہ عام پر خیالات جمع کیے جا رہے ہین
اونکا زور دیکھا جاتا ہے اور کبھی کبھی اوسکے خلاف عمل کرنا غیر ممکن ہو جاتا ہے۔ بادشاہ
اور مقنن اوسکے مطابق کرنے پر مجبور ہوتے ہین۔ کوئی شخص ایسا نہین ہے کہ
وہ کوئی بڑا بھاری ظلم یا نا انصافی اوسوقت تک کر سکے جبتک کہ یہ زبردست صداے
جانی اور آواز ہاتفی جسکے آئینے مین عام خواہشین اور مخلوق کی ضرورتین اپنا منہہ دکھاتی
ہین اوسکو ملامت کرکے اوسکے کرنے پر مجبور نہ کرے۔ مخلوق اپنے خیال اور مرضی
کی مختار ہے۔ کوئی جماعت اور قانون گو کیسا ہی مدت سے چلا آتا ہو اور قانون اور
سلطنت بھی اوس کی مددپر ہون ایسا نہین ہے کہ عام راے کے سامنے اگر اوسکی
برائی اور ناجائز ہونا اوس سے ثابت ہو جائے تو وہ مدت تک بالاستقلال قائم رہ سکے
ایسی ناپائدار عمارت کے مقابلے مین تند تند ہوائین چلتی ہین کہ جو اوسکو گرا دیتی ہین

اور اگر وہ نہ گرا سکین تو ہوا کی آندہی اور پہر طوفان ہوکر سارا جہان گرد و باد سے دُہندلا ہوجاتا ہے اور جبتبک کہ اوسکی بنیاد نہ گرجائے ہمیشہ ٹہہتا رہتا ہے اور آخر کو گرا کر ہی چہوڑتا ہے

دانش و حکمت کا جلال

اس زمانے کی دماغی اور ادراکی حالت دریافت کرنا کچہہ مشکل نہین ہے یعنی وہ بات بتانا جس سے اس زمانے کا پہلے زمانے سے فرق ثابت ہوتا ہے بہت آسان ہے وہ غلبہ سائنس یا علم حکمت ہے۔ خوب غور کر کے دیکہا گیا ہے کہ وہ علم حکمت ہی ہے جسکے سبب سے زمانہ حال کو زمانہ ماضی پر فوقیت ہے۔ حکمت علم کو آنکھین پہاڑ پہاڑ کر ڈہونڈتی ہے۔ اور جو باتین خلاف عقل ہین اون کو نکال کر پہینکدیتی ہے۔ اون غلطیون کو جو پہلے سے ذہنون مین پڑی ہوئی ہین نکال کر وہ راستہ دکہاتی ہے کہ جن سے اشیا اپنی ہیئت اصلی مین نظر آئین وہ کہاوتون کو دیکہتی ہے اور فوراً پوچہتی ہے اور دریافت کرتی ہے کہ صحیح کیا ہے۔ وہ علم کو حقائق اشیا سے مستنبط کرتی ہے۔ وہ خیالات اور شوق کو روکتی ہے۔ فطرت اور انسان کے خیال کو جانچتی ہے اور اگر کچہہ پچہلا حال دریافت کرنا ہوتا ہی تو تاریخ کی شہادت طلب کرتی ہے۔ وہ اپنے مشاہدات مین محتاط ہے مغالطون اور فریب سے اپنی حفاظت خود کرتی ہے یہانتک کہ وہ حواس کا بہی امتحان کرتی ہے اور توہمات اور بد احتیاطی سے خبردار رہتی ہے۔ اوسکو ہر ایک دعوی کیواسطے دلیل کی ضرورت ہے بغیر اوسکے وہ کسی بات کو تسلیم نہین کرتی۔ کسی بات کی تصدیق کے واسطے شہادت بہم پہونچانے کے لیئے انتظار کرتی ہے اور جبتبک کافی شہادت بہم نہ پہونچے قطعی

فیصلہ نہین کرتی۔ وہ تصدیقات مظنونات اور مشتبہات مین فرق کرتی ہے اور جو چیزین معلوم نہین ہین یا جو معلوم ہونے کے قابل نہین ہین اون کو جانتی ہے۔ اسی حکمت کے تحت مین علم مابعد الطبیعتہ بھی داخل ہے۔ زمانہ وسطیٰ مین معقولات کو الٰہیات کا شعبہ سمجھتے تھے۔ معقولیون کا کام یہ ہوا کرتا تھا کہ جو عقائد پچھلے لوگون نے تسلیم کر لیئے ہین اون کی حمایت کرین۔ معترضین کے اعتراضون کو دفع کرین۔ غیر معلوم اور امور مشتبہ کو نصاف بیان کرین۔ اور پورا نے عقائد کے واسطے نئے دلائل اور حجت پیدا کرین۔ اور اس سبب سے علم معقولات اپنی اصلی حالت پر نرہا تھا اوس کی اپنی حالت معدوم ہو گئی تھی۔ زمانہ حال مین صرف معقولی دلائل جو ادہر اودہر سے مستعار لیئے گئے ہین وہ یکلخت بالاے طاق رکھدیئے جاتے ہین۔ اور جبتک اونکی تصدیق اونکی اصلی ہیئت مین نہین ہوتی تب تک اونکی کوئی بات نہین مانی جاتی

تاریخ بھی علم حکمت کے تحت مین داخل ہے

تاریخی معاملات مین بھی علم حکمت کو بڑا دخل ہے۔ پچھلے زمانے کے لوگون کے کام یا چال چلن جو جو کچھہ بیان کیئے جاتے ہین اون سب کیواسطے علم حکمت شہادت طلب کرتا ہے چنانچہ بہت سی پچھلی مشہور باتین پایہ اعتبار سے صرف اس لیئے ساقط کر دی گئی ہین کہ ابتک اونکا ثبوت نہین پہونچا تھا۔ الغرض حکمت تاریخ کی ہر ایک بات پر نکتہ چینی کرتی رہتی ہے جان لٹن نے اپنی انگلستان کی تاریخ مین ایک مانور سٹر اجن کا آنا انگلستان کے ساحل پہ بیان کیا ہے۔ اس کہانی کو پہلے لوگ سچ مانتے تھے۔ لیکن اب کوئی یقین نہین کرتا کہ

ڈراجن جانور کبھی یہاں آیا تھا۔ یہانتک کہ کوئی ایسا جانور مردم نما دنیا مین کبھی ہوا بھی ہے
اور علما کو خود اسی مین شک ہے کہ ڈراجن کی لڑائی کبھی ہوئی بھی تھی یا نہین کہ جس سے
لوگون کو بھاگنے کا اتفاق پڑا ہو یا صرف وہ ایک زٹل ہے الیڈ جسمین لڑائی کے
محاصرے کا بیان ہے ایک شخص کے ذہن کا نتیجہ ہونیکی بجاے کتاب ہومر و علی العموم
بہت سے دوسرے شعرائی نظم کا مجموعہ خیال کیا جاتا ہے۔ تفتیش مضامین ادبیہ اور
واقعات تاریخی مین علم حکمت جو کام کرتا ہے اسکی یہ ایک ادنی سی مثال ہے۔ بہت سے
دلچسپ فسانے مزخرافات سمجھے جاتے ہین۔ بہت سے بہادر اور نامور جنکی کتھا ئین بیان
کیجاتی تھین اب وہ افسانجات اور اوہام باطلہ کے دائرے مین سمجھے جانے لگے ہین
ولیم کی کہانی صرف توہم سمجھی جاتی ہے قصہ پدکا ہونٹاس۔ جان اسمتہ سب توپ کے
منہہ اوڑا دیئے گئے۔

علم طبعی یا مشاہدات فطرت

فطرت اشیاے جسمانی پر غور کرتے وقت سائنس یا علم حکمت کا کام اثر بنانا پڑتا ہے
لارڈ بیکن اور اور علما کی تحریکات سے ان ایام مین ایسی استقرائی تحقیقات اور تجربات ہوئے
ہین کہ جس سے وہ تمام مشتبہ اور دل کے مانے ہوئے طریق متروک ہوگئے جو پہلے تمام
مین پھیلے ہوئے تھے۔ قیاسات اور مفروضات جبتک کہ وہ بناے حکم پر مبنی ہون اور
اونکی مضبوطی کے لیئے دلائل مثبتہ موجود نہون اوسوقت تک وہ ہرگز تسلیم نہین کیئے جاتے
پہلے زمانہ مین یہ طریق تھا کہ کوئی چھوٹی سی بھی بات دیکھہ لیتا تھا تو وہ اوسی بنا پر اپنا قیاس تمام

جنس پہیلایا کرتا تہا اور جس طرح سے لوگ چاہتے تہے کہ دنیا ایسی ہوجائے یا یون ہونا مناسب ہے اوسی طرح سے اپنے خیالات جوڑ کر اور اشیا کے اصول اوسی خیال کے مطابق فرض کرکے لوگون مین اپنی تعلیم پہیلانے لگتے تہے - یہ طریق اب بالکل مسدود ہوگیا ہے اور کوئی بات خلاف واقع تسلیم نہین کیجاتی -

کہتے ہین حکیم گلیلیو نے ایک مرتبہ پڈوا کے مقام پر ایک پروفیسر کو اپنی دوربین کے ذریعے سے مشتری کے چاندون کو دکہایا تو اوس پر اوس نے کہا کہ چونکہ یہ چاند بغیر مدد دوربین انسان کی آنکہون کو نہین دکہائی دیتے اس لیئے یہ کسی کام کے نہین ہین اور چونکہ وہ کسی کام کے نہین ہین تو وہ پیدا بہی نہوئے ہون گے -

عالمانہ تحقیقاتین فطرت اشیا کے دریافت کرنے مین ایسی عام ہوگئی ہین کہ جس سے علم ایک نے نہایت حد تک پہیل گیا ہے اور یہ ہمارے روزمرہ کے کامون مین داخل ہے انسان کی آسایش مین اور محنت کا بوجہہ کم کرنے مین جو جو ترقیان ہوئی ہین ہمکو اس جگہہ اون سے کچہہ بحث منظور نہین ہے بلکہ دلون مین علم کے اشاعت و جوش کے پیدا ہونے سے جو ذہنی جودت انسان کو حاصل ہوئی ہے اور علوم کے کام مین لانے سے جو آئینہ ذہن مین صیقل اور جلا ہوئی ہے اوسکا بیان کرنا ہم کو اس جگہہ مقصود ہے - یہ اوسی علم کی خاصیت کا اثر ہے کہ جس سے یہ ادراکی نتائج حاصل ہوئے ہین اور ذہنی اور دماغی تربیت اور تعلیم مین اوس سے یہ رونق ہوئی ہے کہ جسکے بیان کرنیکی طرف اس جگہہ ہماری خاص توجہہ ہے یہ ایک انقلاب عظیم ہے جسکی طرف یہان ایما کرنا ضرور ہے اور یہ ایک لمحہ مین

نہین ہوا ہے بلکہ بہت پہلے زمانے مین یونانیون مین شروع ہوا تھا - چنانچہ ارسطاطالیس جسکا نام صدیون تک اسواسطے مشہور رہا کہ اُس نے تحقیقات کا طریق وہ اختیار کیا جو کہ علمی نہین ہے - ایک بڑا پیشرو گذرا ہے کہ جس نے امتحانات قواعد فطرت مین بحث علمی او حکمتی طریق کو بتایا ہے - غور و خوض کے بعد اوس نے نہ صرف مشاہدات فطرت مین بلکہ معاملات ملکی مین بھی بہت سی معلومات کو جمع کیا تھا لیکن یہ زمانہ نہایت ابتدائی تھا - اب ہمارا زمانہ اس کام کا ہے کہ طریق استقرا اور جستجو کو ترقی دیکر اوس سے نتائج حاصل کرین -

اعتراض اور نکتہ چینیان

جیسا ہم نے پہلے بیان کیا ہے جدید علم کا خاصہ ہے کہ بات بات پہ اعتراض پیدا ہون - حال کا زمانہ نکتہ چینیون کے سبب سے مشہور ہے - پہلے تو جب ریفارمیشن یعنی اصلاح کا زمانہ تھا اوسوقت مین مذہبی معاملات مین اعتراضات بڑے زور و شور سے پہیلے ہوئے تھے - اور اب کہانیان اور فسانے جو لوگون کے ذہنون مین جم گئے ہین اونکی بخوبی چہان بین کیجاتی ہے - عقائد کسی مضمون اور مسائل کی نسبت کیون نہون وہ امتحان کیئے جاتے ہین - اس زمانے کے طلبہ اوس کو **سیپرز اینڈ مائنرز** یعنی سرنگ لگانیوالے اور کان کہودنیوالونکی فوج سمجھنا چاہیے - علم ادب اور فنون مین اعتراض اور نکتہ چینی کرنا تو ایک جدا ہی کام اور علحدہ ہی پیشہ مقرر ہو گیا ہے کہ جسکے بیشمار پیشہ ور دکہائی دیتے ہین -

ایک سوال یہان یہ اور پیدا ہوتا ہے کہ حکومت علم اور جذبات ذہن کا اعتراضات مین ایسا بیحد منہمک ہوجانا کیون نہین ایسا اثر پیدا کرتا کہ بس ہلے یجادی قوت ٹھنڈی پڑجائے اور توہم اور تخیل کے پر وبال کو کاٹ دے اور اونکا جوش علم و ادب اور فنون کی تحقیقات ہی تک فرو ہوجائے تو ہم اوسکے جواب مین یہ کہتے ہین کہ یہ ایسا صیغہ نہین ہے کہ جسمین برابر ترقی ہوتی رہے اور نہ کوئی اوسنکے ایسے قوانین ہین کہ جیسے حقیقی علم مین بنائے گئے ہین۔ ہومر اور سوفوکلس کے سے اب شعرا پیدا نہین ہوتے۔ آجکل اسکے ناٹک بنانیوالے شیکسپیر کا مقابلہ نہین کر سکتے۔ بھلا بتاؤ تو فیدیاس اور میکل انجلو کے سے سنگ تراش کہان ہین۔ کونسا صباغ اور رنگ ساز ایسا ہے جو بیٹین رفیل اور لیونارڈو دا ونسی کا آجکل مقابلہ کر سکے۔ کونسے مطرب اور گویئے ہین جو زمانہ سابق کے موسیقی دانون کے مقابلے مین کھڑے ہوسکتے ہون۔ یون کہدینا تو آسان بات ہے اور مغالطہ دہی فطرت کا ایک قاعدہ ہے برخلاف اوسکے یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ جدید علوم سے جو فطرتی آثار معلوم ہوئے ہین اون سے عالم کی بیقیاس وسعت ثابت ہوتی ہے اور اون کا قدیمی دوران دیکھا گیا ہے یہ ایسے ہین جو صرف خیالی مذاق پر مبنی ہین اور اون سے خیالات کو لذت حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ بھی یقین کرنا ممکن نہین کہ رفتار حکمت اور طرز علم ذہنی حرکات کی بیخ کنی کریگا۔ اور یہ بھی قابل ذکر بات ہے کہ تجربات جسمانی اور روحانی اور جبر منافع دنیاوی مین نظم اور نثر کے بیانات کیواسطے بیشمار مادے ہم پہونچ سکتے ہین۔ اور جن کے کام مین لانیکے واسطے محرر کو کچھ کمی نہین ہے۔ آجکل جو فسانہ (ناول) بنائے جاتے

ہین وہ اس امر کا صریحی ثبوت ہین کہ سخت علمی تحقیقاتین توہمات کو کبھی کسی حالت مین ٹھنڈا نہین کر سکتین۔

زمانہ قدیم اور زمانہ حال کی اخلاقی حالت

انسانونکی اوس اخلاقی ترقی کے جانچنے کیواسطے جو وہ کر رہے ہین۔ یا جہان تک وہ کر چکے ہین یہ ضرور ہے کہ حالات زمانہ موجودہ کا سابق کی تہذیب یافتہ لوگون سے مقابلہ کیا جائے ترقی نہ کبھی جست کرتی ہے اور نہ کبھی قلانچین مارتی ہے۔ زوال بھی آہستہ آہستہ ہوتا ہے اور ترقی بھی رفتہ رفتہ ہوتی ہے۔ اسکے امتحان کیواسطے بنی آدم کے مختلف زمانون پر نظر ڈالنا لازم ہے۔ اگر کوئی شخص قدیم یونانی اور رومیون کے حالات پڑھے تو اوسکو اون ترقیون مین کبھی کوئی شبہہ نہین ہو سکتا کہ جو زمانہ حال کے اخلاق مین ہوئی ہین۔ جب آپ پچھلے زمانے کے حالات پر غور کرینگے تو دیکھینگے۔ کہ عبادت مین کیسے کیسے رواج جاری تھے۔ جس زمانے مین کہ ظالمانہ دستورات مثل بشری قربانیان چڑہانے کے کم بھی ہو گئے تھے اوسوقت بھی کیسے کیسے ناروا اعتقاد و بدخیالات کہانیون مین پائے جاتے تھے اور اون سے نوجوانون کے دلون مین کیسے بڑے بڑے بیج بوئے جاتے تھے۔ مشتری اور دوسرے معبود سیارات کی نسبت کیسے ندموم دستورات عمل مین آتے تھے اور بدوضعی اور بدچلنی پھیلانے مین وہ کیسے محرک ہوا کرتے تھے کہ جنکو دیکھکر لوگونکو اور دوسرے بدترین افعال کرنیکا بہانہ اور موقع مل جاتا تھا۔ اونہین برائیون مین سے ایک برائی عورتون کے ساتھہ بدسلوکی بھی تھی۔ آدم اگرچہ شروع زمانے مین بی بی اور

ماکی عزت کیسقدر رہوا بھی کرتی تھی - مگر خود بلی ہوین اور اون کے بچون کی زندگی تک شوہر کے اختیار مین ہوتی تھی - یونان کی سب سے اچھی حالت مین عورت مرد کی خدمتگار اور شہوت رانی کا ذریعہ سمجھی جاتی تھی - آخر ایام سلطنت روم مین عزت اور صفائی خاندانی جاتی رہی تھی - رومیون مین دولت کی کثرت نے اعلیٰ درجے کے لوگون کو بیقیاس اور بے لگام عیش پرستی کی جانب مائل کر دیا تھا - ہر شخص پیٹ کا کتا تھا - عیش کی انتہا نہ تھی اور بہت سے جرائم خلاف وضع فطرت انسانی پیدا ہوگئے تھے جن کے نام لینے سے بھی شرم آتی ہے اور وہ ایسے عام ہوگئے تھے کہ اون کے برا کہنے والے بھی اوسوقت اگر تھے تو بہت ہی کم تھے - بچہ کشی اور قتل دختران اون مین ایک ایسی پرانی رسم ہے کہ جسکو قانون اور دانشمندون دونون نے جائز رکہا تھا - امیر - عالم - ہنرمند - اُستاد اور عالم لوگ اپنے متوسلین کو غلام کر لیا کرتے تھے کہ جس سے نہ صرف ظلم بلکہ بدوضعی اور بدچلنی بھی عام طور پر پہیل گئی تھی مالک کی مرضی کی کوئی حد اور روک ہی نہ تھی وہ جو چاہتا تھا وہی کرسکتا تھا - مارنا پیٹنا - لنگڑا لولا کرنا یہان تک کہ قتل کر دینا بھی اوسکو جائز تھا - اعلیٰ اور ادنی درجے کے لوگونکی تفریح طبع کیواسطے خونی تماشے ہوا کرتے تھے جس سے وہ نہایت محظوظ ہوتے تھے - رومی سلطنت کے بڑے بڑے شہرون مین ایسے بہت سے تماشے ہوا کرتے تھے جن مین انسان بیدریغ قتل کیے جاتے تھے - اور یہ تماشے ہر ایک درجے کے لوگون مین جاری تھے اور روز بروز ان ریون مین ایسی ترقی تھی کہ گویا وہ مدرسہ بدخلقی ہوگیا تھا قصہ مختصر یہ کہ شہوت پرستی اور بیرحمی مین قدیم زمانے کے

لوگ آج کل کی تہذیب یافتہ قوموں سے نہایت ہی بدتر تھے ۔

قدیم زمانے کے عیسائی مذہب کا مقابلہ حال کے عیسائی مذہب سے

اگر ہم پچھلے زمانے کے عیسائیون کی حالت اور آج کل کے عیسائیو کی حالت پر توجہ کرین تو اخلاقی کیفیت مین بہت بڑا فرق پائین گے۔ اور دیکھین گے کہ اخلاق بہت بہتر ہو گیا ہے۔ خیالات باطلہ او عقائد غیر حقہ جن سے بڑے بڑے نقصانات ناگفتہ بہ ہوا کرتے تھے سب جاتے رہے۔ مثلاً جادوگرنیون کے سحر پر لوگ یقین کہتے تھے جن سے ہزارون لاکھون معصوم جانین ضائع ہوا کرتی تھین۔ اس عقیدے کا مضرت آمیز اثر جن دلون مین سمایا ہوا تھا اور ریا ہو اوسپر عمل کرتے تھے اون سے اون لوگونکا حال کہین بڑھکر رونے کے قابل ہے کہ جو اسکا شکار بنتے تھے۔ مذہبی پابندی پر سزا دینا بھی گویا ایک صورت قانون کی وقعت کو صدمہ پہونچانیکی ہے لیکن بڑی خوشی کی بات ہے کہ یہ صورت اب چندان نہین رہی ہے یہ بدی صرف ایک ہی فرقہ مین جاری نہ تھی بلکہ قدیم زمانے کے تمام لوگ اس گناہ مین شریک تھے وہ تمام شہید کہ جو قید خانون یا شکنجون مین گھٹ گھٹ کے مرے ہین یا وہ کہ جو کٹہرون مین اور میدانون پر مارے گئے ہین اگر ایک جگہہ اکھٹے کیئے جائین تو سب عورت مرد ملکر اون کی تعداد بیشمار ہوگی۔ خود رائی اور ایک رائے پر چند کرنیکی سزا جو پہلے جائز اور لازم خیال کیجاتی تھی۔ اب وہی

ظلم وستم مانی جاتی ہے اور کسی طرح قابل برداشت نہین ہے اب بجاے اوس سختی اور تاریک خیالات کے راے زنی کی نسبت ترحم آمیز انصاف اور عنایت آمیز لحاظ کیا جاتا ہے - ہمسایہ کی محبت اچھی سمجھی جاتی ہے - قوانین کی سزائین اس غرض سے ہین کہ اون سے ملک مین امن امان قائم ہو سخت جرائم کی تعداد بہت گھٹ گئی ہے - سزا وہ دیجاتی ہے کہ جسکی قانون اجازت دیتا ہے - شکنجے مین کسنا یا ڈرانے زمانے کے طریق ہین - قیدیون کو شکنجے مین کھینچنا یا ایسے مکانات مین بند کرنا کہ جو صحت کیواسطے مضر ہون یا اون کو مکروہ غذائین کھلانا یا بھوکھا مارنا اس قسم کی تمام باتین ناجائز سمجھی جاتی ہین - اور نہ کسی شخص کو اوسکے عقیدے سے پھرانے کیواسطے شکنجے مین کھینچنا پسند کیا جاتا ہے - اور نہ زبردستی کسی کی راے بدلی جاتی ہے - یہ تبدلات صرف اس واسطے ہی نہین ہین کہ اس طرح سے انسان سچ کی طرف رجوع نہین ہو سکتا بلکہ اونکا انقلاب اس لیے ہے کہ اونکا استعمال ہی ناجائز ہے - آدمی کا دل آدمی کی تکلیف دیکھنے کو گوارا نہین کرتا - گو وہ کیسا ہی ادنی درجے کا آدمی ہو انسان کو بھلا نہین معلوم ہوتا ملکی لڑائیون کی کمی اور نرمی بھی اس بات کی ایک نشانی ہے کہ لوگون مین خیرخواہی انام اور رفاہ عام کی خواہش نسبت پہلے کے اب زیادہ ہو گئی ہے زمانہ سلف کے جنگ وجدل مین قیدیونکا قتل عام ہوا کرتا تھا گرفتارونکی تحقیقات جرم نہین کیجاتی تھی اور اون کو ویسے ہی قتل کر دیا جاتا تھا - اور اگر جان بچتی بھی تھی تو اوسکی عوض دوامی غلامی کی مصیبت اون کے سر پڑتی تھی - عیسائیون کے زمانے مین بھی ابتک بڑی خوفناک لڑائیان ہوا کی ہین - شہرہاے مفتوحہ

وحشی سپاہیون کے حوالے کر دیئے جاتے تھے۔ قتل اور لوٹ اور زناکاری کی کچھہ روک ٹوک نہین کیجاتی تھی۔ جو لوگ کہ نہین لڑتے تھے اونکے بھی جان و مال محفوظ نہین رہتے تھے۔ کسی لشکر کا دشمن کے ملک مین گذر جانا ہی اوسکی خرابی کی علامت ہوا کرتی تھی۔ اس طرح کے واقعات تیس سالہ جنگ جرمن مین ابھی گذر چکے ہین جن کے بیان سے بدن لرزتا ہے۔ ہنگامہ جنگ و جدال تو سنگدل معلوم ہے کہ کیسی خوفناک چیز ہے اس لیئے اوسکی سختی کم کرنیکے واسطے اور نیز اون لوگونکی حفاظت کے لیے جو لڑائی مین شریک نہون بہت سے مفید کام کیئے گئے ہین۔ قیدیون کے ساتھہ سختی کرنا نفرت سے دیکھا جاتا ہے فوجی افسر مریض اور زخمی لوگونکی خبرداری کرنیکو جو اون کے ہاتھہ آجاتے ہین اپنا فرض خیال کرتے ہین جنگ آوری کے گھٹانیکے۔ لیئے ہمیشہ نئی تجویزین نکالی جاتی ہین صحیح اور کامل قوانین اور ضوابط قومون کے مرتب کیئے گئے ہین۔ جنگ آزمائی کے روکنے کیواسطے پنچایتین مقرر ہوتی ہین فریقین جن مین لڑائیان ہونیکو ہوتی ہین دوستانہ بیچ بچاو سے راضی ہو جاتے ہین اور ہمسایہ قومین اون کے جھگڑے طے کر دیتی ہین۔

افزایش خیرات و صدقات

خیرات کی افزایش کا ایک ایسا بڑا مسئلہ ہے کہ جسکے بیان کی ہمارے ان اوراق مین گنجایش نہین۔ پہلے زمانے مین اس لفظ کو لوگ جانتے بھی نہ تھے۔ یہ سچ ہے کہ ہمیشہ کم و بیش ترحم ضعیفون اور مفلوکون کے حق مین ہوتا رہا ہے اور اون کے بچانیکی کوشش ہوا کی ہے۔ یونانی اور رومیون مین بہت سی باضابطہ صورتین خیرات کی جاری

تھین سلطنت غریب اور بیمارون کو بالکل نہین بھول گئے تھے۔ چین مین ایک زمانے سے شفاخانے بوڑھے اور لاوارثی بچون کے لیئے بنے ہوئے ہین۔ لیکن[1] یہ عیسائی مذہب کا ہی باعث ہے کہ اوس نے لوگون کے دلون مین خیرات کرنیکی بڑی رغبت دلائی اور اس لفظ کے معانی مین ایک نیا زور پھونک دیا پہلے عیسائی لوگ ایسی فیاضی کرتے تھے کہ سبکو کفار دیکھکر تعجب کرتے تھے۔ زمانہ وسطی مین خیرات بہت بڑھکر تھی البتہ اوسکا طریق مناسب اور منصفانہ نہ تھا۔ آج کل کا زمانہ خیرات کے بارے مین خواہ خانگی ہو یا سرکاری طور پر بڑا ممتاز ہے۔ ہر سب کے بیکس اور لاچارونکی امداد کیجاتی ہے دار الشفا جاری ہین جسمین بالکل اندھے گونگے بہرے رہتے ہین وہان اونکا علاج معالجہ ہوتا ہے یہ ایک ایسی نشانی ہے جس سے لوگونکی عام ہون یا خاص خانگی اشخاص ہون یا سرکاری ان سب کے لیئے سخاوت اور فیاضی برابر ظاہر ہوتی ہے اگر اخلاقی ترقی ایسی ایمانداری اور رحم عام لوگون کے خیالات مین بھی پیدا کر دے تو اوسپر کوئی تعجب نہین ہوسکتا۔ اس قسم کی ترقی مین اوس ترحمانہ برتاؤ کا بھی ذکر کرنا ضرور ہے کہ جو جانورون کے ساتھہ کیا جاتا ہے اونکی آسایش و آرام کے لیئے ایسے قوانین بنائے گئے ہین کہ جن کی روسے اون پر کوئی کسی طرح کا ظلم یا زبردستی نہین کرسکتا۔ چنانچہ ہانکنے والے اگر گھوڑون پر حد سے زیادہ بوجھہ لادین تو راستون مین روک لیے جاتے ہین اور زبردستی بوجھہ کم

---

(۱) بیان مذکورہ بالا مین جو حال کی اخلاقی خوبیان بیان کیگئی ہین وہ عیسوی مذہب کی خوبی ظاہر کی گئی ہے حالانکہ مذہب عیسوی کی خوبی کا نتیجہ وہ نہین ہوسکتین ہان یہ ممکن ہے کہ اون کو حال کے زمانے کی انتظامی لیاقتون کا نتیجہ کہین۔ من المترجم۔

کرایا جاتا ہے تماشون مین کتون پر کسی طرح بلاضروری ایذا دینا ممنوع ہے۔ اگر کوئی خلاف
منشا قانون کرتا بھی ہے تو اوسکو جرمانے کی سزا دیجاتی ہے۔

تدبیرات امن وامان کی قیمت

ملک کے عام حالات پر غور کرنے سے مدابیر حفظ امن کی خوبی معلوم ہوتی ہے۔ پہلے
لڑائی کا بڑا دستور تھا۔ عزت و امتیاز حاصل کرنیکا وہ ایک بڑا ذریعہ سمجھی جاتی تھی اب روزانہ زندگی
کی ضرورتین خود عزت کے اوس رتبے کو پہونچ گئی ہین کہ اور دوسرے اعزاز و احترام بھی کی
بدولت حاصل ہوتے ہین فوجی خوبیان اور کمال دوسرے خطابون سے کوسے سبقت نہین
لیجا سکتین لوگ اونکی اب بہت ستایش نہین کرتے جسمانی دلاوری اور سپاہیانہ جرات
کی اب پہلی سی قدر نہین رہی۔ یہ اخلاقی تبدل کا نتیجہ ہے کہ جس سے خونریزی اور
انتقام سے نفرت ہوگئی ہے۔ ڈوئل یعنی ایک کے ساتھ ایک کے کھڑے ہو کر لڑنے
اور مرجانیکا رواج جو نہ صرف قدیم زمانے مین بلکہ ابتک بھی عیسائی ممالک مین جاری تھا
معدوم ہوتا جاتا ہے سلطنت متحدہ کی فوجون اور نیز بعض اور ممالک مین اوس کی ممانعت
ہوگئی ہے۔ ڈیوک آف ولنگٹن اور لارڈ ونچلسیا نے پولیٹکل نااتفاقی کی وجہ سے بیشک ڈوئل
کیا تھا مگر اب اگر مسٹر گلیڈاسٹون اور اوسکے معاصرین ایسا کرنا چاہین تو نہین کر سکتے غالباً
ایسا اب کبھی نہوگا کہ جس شخص نے ڈوئل مین اپنے مخالف کو قتل کیا ہو وہ سلطنت متحدہ
کا پریزیڈنٹ مقرر ہوسکے برخلاف اس عمل کے اخلاقی خیالات صدی گذشتہ سے بڑی
مضبوطی سے دلون مین جگہہ پکڑتے جاتے ہین۔

بہبودی کافتہ الناس کی خواہش

تمام خلقت کی ترقی کے واسطے جو دلون مین جوش وخروش پیدا ہوا ہے وہ خالص اخلاقی جوش کی بڑی زبردست علامت ہے۔ اس تبدیلی کی مثال اون تجاویز سے معلوم ہوتی ہے جو تمام مہذب ممالک مین تعلیم عامہ کافتہ الناس کے لیئے ہو رہی ہین سب لوگون نے تسلیم کر لیا ہے کہ تمام دنیا کے لوگون کو تعلیم دیجائے اور ابتدائی تعلیم تو ضروری اور لابدی ہے مدارس مین طلبہ کی حاضری ایک حد تک لازم کر دی گئی ہے۔ اسمقام مین کچھہ تو حکومت کی حفاظت اور بہبودی ہے جو جہالت کے پھیلنے سے برباد ہو جایا کرتی ہے اور کچھہ انسانیت کا مقتضا ہے۔ لڑکون پر اسمین ترحم ہے یہ طریق ظالمانہ اور مذہب عیسوی کے خلاف سمجھا جاتا ہے کہ بچون کو دماغی تاریکی مین چھوڑ دیا جائے روز بروز ملکی ضرورتین اور انسانون کے دلی جوش اسپر مجبور کرتے ہین کہ کسی خاص فرقہ کو نظر عنایت سے نہ دیکھا جائے بلکہ عنایت عام ہونا چاہیئے۔

زمانہ حال کی تہذیب آمیز محنت ومزدوری

آجکل کی تہذیب مصنوعات ہے اور پچھلے زمانے کی تہذیب سے آج کل کی تہذیب مین بڑا فرق ہے فلاحت تو اب بھی سب چیزون کی بنیاد ہے اور یقیناً ہمیشہ زراعت کا پیشہ اسی درجے پر رہیگا۔ لیکن دستکاری وصنعت نے زمانہ حال مین لوگون کی حالت مین بڑا فرق کر دیا ہے جب سے کہ یورپ کے شہرون مین آزادی ہوئی ہے صنعت کی مزدوری تجارت کے ساتھہ روز بروز بڑھتی جاتی ہے اس سے محنت کو وہ عزت حاصل ہوئی ہے

جواس سے پہلے کبھی نہین ہوئی تھی - قدیم زمانے مین غلامی نے محنت کو ذلیل کر رکھا تھا کیونکہ اوس زمانے مین غلام ہی محنت مزدوری کیا کرتے تھے چنانچہ سسرو بھی اسکی وجہ یہی بیان کرتا ہے - ہان البتہ وہ اوس عمدہ صناعی کو اس سے مستثنیٰ کرتا ہے جسکی غرض صرف روپیہ پیدا کرنے سے نہین تھی - وہ کہتا ہے کہ ہاتھہ کا کام جو سنگ تراش اور نقاش کرتے تھے ذلیل نہ سمجھا جاتا تھا - تدریس تعلیم اور تجارت جسکے بڑے کارخانے ہوتے تھے سسرو اون کو برا نہین کہتا معمولی تجارت ایک کلنک کا ٹیکہ سمجھی جاتی تھی آج کل کی صناعی کے کام مین چونکہ بہت کچھہ ہنر مندی درکار ہوتی ہے اس وجہہ سے محنتی لوگون کی ایک درجہ تک تعظیم ہوگئی ہے اور چونکہ ایسے محنتی گروہ سے اکثر عمدہ عمدہ کاریگر اور ہنرمند پیدا ہو جاتے ہین اس سے اور بھی انکی وقعت ہے اور یہی اسکی ابتدائی تحریکین ہین

پولیٹکل ایکانمی اور ملکی کفایت شعاری

ہمارے اس صنوعاتی زمانے نے علم اصول عامہ کفایت شعاری کی بنیاد ڈالی ہے جس سے نئے تمدنی جوش پیدا ہوئے ہین اوس نے قومون مین صلح کا بیج بویا ہے - اوس نے سکھایا ہے کہ دانشمند خود غرض اپنے ہمسایہ کو غریب محتاج نہونے دیگا - اوس نے بتایا ہے کہ ایک قوم کی سر سبزی عام خلق اللہ کے واسطے مفید ہے - زراعت کو اوس نے ذلیل سمجھا ہے اور جو بیشمار لوگ صنعت اور تجارت کو چھوڑ کر اسمین لگ جائین اسکا باعث برا کہا ہے علم اصول کفایت شعاری سے ایک نیا خیال تمدنی ترقی کا پیدا ہوا ہے جسکے

بڑے بڑے وجوہات اور اسباب یہ ہین - دولت ذہنی اور تمدنی ترقی کیواسطے ضروری اور لابدی آلہ ہے - جو لوگ کہ صرف سوکھی روٹی پر قناعت کر سکتے ہین وہ صرف ضروری کر اپنا پیٹ بھر سکتے ہین جب اونکا پیٹ بھرے گا اوسوقت اونکی قناعت رخصت ہوگی - اور حرص پیدا ہوگی نئی خواہشین دلون مین جوش مارینگی اور زیادہ محنت کی ترغیب و تحریص دلون مین پہنچیگی - دولت اس طرح ہاتھ آئے گی - پہلے تو زبان کا مزہ اور دل کا شوق بدل جائیگا - پھر ہنر کی اشتہا اور علم کی پیاس معلوم ہوگی - اور اس طرح سے قوائے مخفیہ [illegible] تعلیم کی [illegible] کہ جو دولت و فراغت اور انواع و اقسام کی محنت سے حاصل ہوتی ہے اور [illegible] مین مہذب کی برکات اپنا جلوہ دکھائینگی - جسوقت ایسی حالت انسان کو حاصل ہوتی ہے تو اوسوقت راست رسائی کے سبب سے آزادی اور اخلاق کی نہایت [illegible] حاصل ہوجاتی ہے اس زمانے مین غلامی کی لغویت کے سبب سے اوسکا خاتمہ ہوگیا ہے [illegible] نہین ہوتی ہے کیونکہ اس حماقت مین خرچ ہی ہوتا ہے محنت مزدوری کی ضرورتین [illegible] ہین اور قانون کی اطاعت سنجیدگی اور استقلال کو پیدا کرتی ہین [illegible] [illegible] سے بچاتا ہے اور اوس سے بہت اچھی تمدنی حالت ہوجاتی ہے

کہتے ہین کہ ہمدردی زوال پر ہے

مراقبے سے انسانی ترقی کے نئے خیال کا خاکہ اوتارا ہے بہت کچھ فوائد اصول سودمندی (یوٹیلیٹیریزم) پر بھی غور کیا ہے اور سوچا ہے کہ کس طرح سے تعصب کی خرابیون کی اصلاح ہوتی ہے اور جو قوائے حسی و عقلی ترک دنیا کے سبب سے بیکار

ہو گئے ہین وہ کیونکر بیہ کار آ سکتے ہین اور سادگی کے ساتھ زندگانی بسر کرنیکے اصول کیا
کیا ہین تو ان تمام امورات سکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اون کا میلان عام جو افعال
اور خیالات خلائق سے بخوبی ظاہر ہے ہمدردی خلائق کیواسطے مفید نہین اس فیصلہ پر
ہمکو بیرک صاحب کا مشہور مرثیہ یاد آتا ہے جسمین وہ کہتے ہین کہ جوانمردی کا زمانہ جاتا رہا
جو سوفسطائیان عالم اور کفایت شعار ہنرمند ہین کہ جو اوٹھہ کھڑے ہوتے ہین اور یورپ
کا جاہ وجلال ہمیشہ کو رخصت ہوگیا ہے۔ اگر کفایت شعارون کی نسبت جو کچھ اونکا خیال ہے اوس سے
اونکا یہ مطلب ہے کہ جو کچھ اونکی تحریکات اور خیالات ضرورت سے زیادہ ہین اون کو فرو
کیا جانے تو ہم اونکی راے سے متفق ہو جاتے ہین لیکن اوس سے پہلے ہمکو یہ ضرور
دیکھنا چاہیے کہ جو کچھ اونھون نے کہا ہے وہ اعتراضات فی الواقع ہین یا صرف
بہتان ہے اور جو خیالات اصول سودمندی اس محنتی زمانے کے ہین اور عاقلانہ منفعت
جنپر وہ مشتمل ہین ترقی اخلاق بنی آدم کیواسطے امداد نہ کرینگے اور کیسی امداد کہ جس سے
جن نقصانات کا اندیشہ ہے وہ ہرگز نہون۔

حاتمانہ ہمت دنیا سے نابود نہین ہوئی

یہ تو یقینی خرابی کی بات ہے کہ اگر حاتمانہ دلیری اور ہمت دنیا سے جاتی رہے۔ چونکہ
شریفانہ اور بے غرضانہ ہمدردی کے چشمے کو خشک کرنیکا میلان رکھتی ہے وہ آخر کار ضرور
اپنی شدت ظاہر کریگی۔ اگر آج کل کے محنتی اور زری کے کاروبار اصول حاتمیت کو
مغلوب کردین اور جوانمردی دنیا سے جاتی رہے تو جو فوائد کہ حصول دولت اور افزایش دانش

سے حاصل ہوئے ہین گویا اونکی قیمت ہم نے حد سے زیادہ دی ہے - ہیرواک نسانے
اور جوانمردانہ واقعات تاریخ کے صفحات کی زیب و زینت ہین تاریخی بیانات مین اون سے
بڑھکر اور کوئی بات ایسی بہت کم ہے کہ جسمین اون سے زیادہ دلچسپی ہو - صرف نکوئی اور
نفع رسانی کی غرض سے جو جرائتین کی گئی ہین اونکا سننا اور پڑھنا جوانونکے خیالات مین
ایک اشتعال پیدا کرتا ہے - انسان کے وحشیانہ قتل و خون اور بدمستی کے جنون مین
اگر سپاہیانہ جاہ و جلال تصور کیا جائے تو ایک غلطی کی بات ہے - جہان خوف جاتا رہتا ہے
وہان لڑائی کی ترغیب ہوا کرتی ہے اور اوس سے جسم و جان دونون کو نقصان پہنچتا ہے اور
یہی گویا سب سے بڑے سپاہیانہ اوصاف کے حصول کا موجب ہوتا ہے اگر سپاہیانہ ہمت جاتی رہے
تو یہ سوال ہو سکتا ہے کہ وہ جوش جسمین جانبازی اور جوانمردی کی بو آتی ہے بالکل زائل
ہوجائیگا - یا یہ کہ دلیری استقلال جان نثاری کے اظہار کا کوئی اور موقع بھی رہے گا
اوسکے جواب مین ہم کہتے ہین کہ امن کا زمانہ جنگ و جدال سے کہین زیادہ ایسے موقعے
دیتا رہتا ہے کہ مخلوق اللہ کی راحت رسانی مین دلیری استقلال اور جان نثاری کے جوش
کو ظاہر کر سکتے ہین - گریس ڈارلنگ کی ایک کہانی مشہور ہے کہ جب اوس نے لانگ
اسٹون کے منارہ سے دیکھا کہ طوفان مین پھنس کر ایک جہاز غارت ہو گیا ہے اور بعض
لوگ اوسکے پھٹے ہوئے تختون پر سمندر مین ابھی موجود ہین مگر طوفان زور و شور پر ہے اور اونکو
ڈبونا چاہتا ہے تو باوجودیکہ اوس کے دوستون نے اوسکو بہت منع کیا مگر اوس نے اپنی
کشتی سمندر مین ڈالدی - اس بات کو سنکر وہ ہی تعجب ہوتا ہے کہ جب یہ اہن اور

یونانی بہادرونکے مقام لڑائی کی معرکہ آرائیان سننے سے دل پر اثر پڑتا ہے۔ جب دائی یا کوئی طبیب اوس بیمار کا علاج معالجہ کرے جسپر کسی مرض وبائی او متعدی نے اثر کیا ہے تو اوسکا کام کیا کچھہ اوس سپاہی سے کم ہے جو لڑائی مین اپنی جان ہاتھون پر لیکر گیا ہے۔ مصلحین جو اپنی راست بازی کے شوق کے سبب تیر ملامت اور بد زبانی کا نشانہ بنتے ہین کیا اون سے جوانمردی اور ناموری مین کم ہین جو لڑائی مین جاکر فولادی ہتھیارون سے شہید ہوتے ہین کیا کسی وزیر کا سر رابرٹ بیل کی طرح ایمانداری اور راستبازی کے سبب سے اپنے فریق سے جدا ہو جانا اور طعنہ و تشنیع کے تیر و نکا بدف بننا ہمدردی کی آگ کو اوس سے کم مشتعل کرتا ہے جو ولنگٹن نے واٹرلو مین لگائی تھی جو شخص تاریخ ایجادات مفیدہ کو پڑھے تو اوسکو بہت سے ایسے حالات معلوم ہون گے کہ جسمین مدتون تک لوگون نے استقلال اور صبر کے ساتھ محنتین کی ہین اور بڑی بڑی سخت مصیبتین اور کیسی تکالیف اوٹھائی ہین۔ اگر تم تذکرۃ المشاہیر جو آجکل کتابون مین بہت چھپے ہین اور جسمین اون اگلے لوگون کے حالات درج ہین کہ جنہون نے نوع مین کبھی کام نہین کیا ہے اور جنکی سوانح عمری دیکھنے سے حیرت ہوتی ہے دیکھو تو اوس سے تمکو معلوم ہو جائیگا کہ جوانمردی اور طاقت زمانہ سابق ہی مین نہ تھی بلکہ اب بھی موجود ہے بہت سی باتین جو کتابون مین درج نہین ہوتین اور روزمرہ کی زندگی مین ہمکو نظر پڑتی ہین اون مین سے بعض ایسی ہوتی ہین کہ جن سے پہلے زمانے کے فسانے یاد آجاتے ہین۔ اس لیے کچھہ اندیشہ نہین ہوگا کہ اگر جنگ وجدال دنیا سے موقوف ہو گئے تو اظہار ہمدردی اور جوانمردی کا

موقع مفقود ہوجاویگا - اگر ایسا تسلیم کیا جائے کہ فطرت انسانی بجز فوجی دلاوری کے اور کسی کام مین جوش نہین دکہا سکتی تو گویا اوسکو اپنی اصلیت سے جسقدر کہ وہ فی الواقع ہے کم ماننا ہوگا اور یہ صریحاً باطل ہے -

حرص حب منفعت

تاہم ہمکو اوس حال سے آنکہین بند نہ کرنا چاہیے کہ حصول منفعت کی حرص ہمارا شوق اور ہمارا دستور ہوگیا ہے - تجارتی حسد و رشک ہتہیارونکی لڑائی سے کم نہین ہے - زبردست کے سامنے کمزور کی کچہہ حقیقت نہین - خودغرضی کی تحریک امورات دنیوی کے لیے سب سے بڑی مقنن سمجہی جاتی ہے - سرکاری دست اندازی ہر روز کم ہوتی جاتی ہے اور رفاہ عام کامون مین مضر خیال کی جاتی ہے - اقوام کے باہم اس خوف سے صلح رہتی ہے کہ مبادا جنگ سے مصنوعات کے فوائد مین کمی پڑجائے محبت سیم و زر ہمیشہ سے موجب ضرر اور اصل خرابی تصور کیجاتی ہے نہ صرف اصل خرابی بلکہ انجیل کی ایک آیت مین لکہا ہے کہ اوسکے سوا اور کوئی چیز اخلاقی خرابی کے لیے پیدا ہی نہین ہوئی ہے مگر سیم و زر کی محبت لوگون کے دلون مین آج کل ایسی رچی ہوئی ہے کہ پہلے زمانے کے لوگون کے دلون مین اوسکی عشر عشیر بہی نہین ہوگی - روپیہ سے صرف وہی بیشمار آسائشین نصیب نہین ہوتین جو آج کل کی شائستگی کے زمانے مین موجود ہین بلکہ وہ چیزین بہی ملتی ہین کہ جنکی پہلے ہستی ہی نہ تہی وہ فی زماننا تمدنی ترقی کا گویا ایک سدرگاہ بنگیا ہے حسن معاشرت کے خیالات کی ترقی کے آگے موروثی خاندانیت کا فخر کسی شمار

مین نہین سمجھا جاتا اور ملکو نمین ہی کہ جہان ابھی تک امارت کا سلسلہ چلا جاتا ہے اگر کوئی شخص بہت سی دولت جمع کر چکا ہو تو اوسکے واسطے تمدنی ترقی کا دروازہ بند نہین ہے وہ وہان عزت و آبرو مین اوس کے مساوی تصور کیا جاتا ہے کہ جسکو دوسرے خطابات سے عزت و تفاخر حاصل ہو چکا ہو بڑے بڑے حوصلہ مند جو صرف حصول زر کیواسطے ہمت کرتے ہین وہ وہ عزت پاتے ہین کہ جو پہلے کسی زمانے مین صرف اونہین سپہ سالارون کو ملا کرتی تھی کہ جو اپنے ہم چشموں اور ہم پیشیون سے بڑھکر ملکی فتوحات کے ذریعے سے اپنی ناموری پیدا کیا کرتے تھے مقننین اور حکام عدالت پر انکا رعب داب ہوتا ہے - لوگ انکی سلامی اوتارتے ہین ملکی عہدے انکو میسر ہوتے ہین اور اخبارات مین انکی تعریفین چھپتی ہین کہ جن سے اون کو شہرت عام اور لقاے دوام کی عزت حاصل ہوتی ہے

طمع کا آلہ دغابازی

حرص حصول منفعت سے دغابازی پیدا ہوتی ہے جب انسان پر حرص غالب ہوتی ہے تو ایسی حالت مین وہ اپنی غرض دو طرح پر پوری کیا کرتا ہے - ایک تو زور سے اور دوسرے دغابازی سے - یہ ایسے اوزار ہین جو قدرت نے جانورون کو بھی دیے ہین جو مضبوط اور دلاور ہین وہ روز روشن مین لڑتے ہین - شیر اپنا شکار کھلے میدان مین آکر پکڑتا ہے داؤن پیچ چالاکی فریب یہ کمزور جانورونکا طریق ہے - انہین مکاریون سے وہ اپنا پیچھا کرنیوالون سے بچ نکلتے ہیں اور اون کے حملون کو روک دیتے ہین کمین گاہون سے نکل کر چپکے چپکے اپنے شکار تک جاکر اون کو دبوچ بیٹھتے ہین اندھیری اور سنسان راتون

مین آدمیون اور درندون سے بہاگ جاتے ہین آدمی جو اپنے ہی نوع کا شکار کرنا چاہتے ہین
وہ بہی اسی قسم کا مکر و فریب کیا کرتے ہین۔ کوئی زمانہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ حسین حیلہ
و دغابازی مکاری اپنا اثر دکہاتی جاتی ہین چنانچہ جب کبھی ایسی چالاکی اور فطرت سے
کسی کو کوئی مال ہاتہہ لگ جاتا ہے کہ جس سے وہ جیلخانے جاتا جاتا بچ گیا ہو تو اوس کی
ناموری ہوتی ہے۔ جو بسوء تدبیری سے تجارت مین حاسدانہ دست اندازی کرتا ہے
اگر کم مایہ ہے تو خراب ہوجاتا ہے مگر جو مضبوط ہوتے ہین وہ بارہا بچ بھی رہتے ہین مضبوط
یعنی چالاک اور عیار جو اپنے مطلب سے ہی فقط مطلب رکھتے ہین وہ جیسا وقت دیکھتے
ہین ویسا ہی کر گذرتے ہین۔

تمدنی واویلا

تمدنی اضطرار کہ جو تمام اقوام مین نارضامندی کی علامتین پہیلا رہا ہے اوسکو کسی طرح
فروگذاشت نہ کرنا چاہیئے ان علامتومین سے بعض تو ایسی ہین کہ جن سے خونریز ہنگامون کے
برپا ہونیکا خوف ہے ایسے بہت کم لوگ ہونگے کہ جن کے صندوقون مین روپیہ جمع ہوتا ہوگا
عام ناراضی اور شکایت تو اس بات کی پہیل رہی ہے کہ مزدورون کو اون کے حق کے
بموجب مزدوری نہین ملتی اس لیئے مزدور تو باہم اتفاق کر کے اس ظلم کو رفع کرنا اور اپنی
مزدوری کا نرخ زیادہ کرنا چاہتے ہین اور کارخانے والے اپنی جدا سازشین کر کے مزدورونکی
سازشون کو شکست دینے کی کوشش کرتے ہین جسکی وجہہ سے تمدنی رشک و حسد اس
درجہ پہیل رہا ہے کہ کچہ تعجب نہین اگر یہی اور زیادہ بڑہکر ہنگامہ فساد کا باعث ہوجائے

الغرض یہ قباحتین ہین کہ جن سے حقوق مال و دولت بڑے خطرے مین ہین اور جماعتون مین باہم ضد و نفسانیت پڑی ہوئی ہے - افسوس ! جن دلون مین عام فیاضی ہونا چاہئیے تھی وہ خود ہی اپنے تحصیل منافع کی غرض سے بیچین ہو رہے ہین او حصول منفعت کے شوق مین سرشار ہین -

حال کی دریادلی او سخاوت

"تمنی وادیا" کی سرخی سے جو مضمون ہم نے اوپر بیان کیا ہے وہ گویا ہمارے پورے بیان کی تصویر کا صرف ایک رخ ہے - معزز ناظرین اوسکے دوسرے رخ کو دیکھنے کی غرض سے مفصلہ ذیل بیان کو غور سے ملاحظہ فرمائین - اگرچہ خاص خاص لوگون مین کثرت سے دولت جمع بھی ہوگئی ہے تو ویسی ہی اون کے دلون مین فیاضی او سیرچشمی بھی موجود ہے ایک تاجر مثل ہمیا دی کے تھوڑے سے سرمایہ سے تجارت شروع کرتا ہے اور بڑی دولت پاتا ہے وہ اوسکو صرف اپنی عیش پرستی ہی کے کامون مین صرف نہین کرتا اور خاندان کے واسطے خطاب اور دولت جمع نہین رکھتا بلکہ وہ کتب خانون مین چندہ دیتا ہے محتاج خانے بنواتا ہے اور تعلیم کیواسطے مدارس قائم کرتا ہے اوسکی دولت آب شیرین کے چشمے کیطرح ہے کہ جب پانی اوسمین جمع ہو جاتا ہے تو اپنے اپنے مناسب مقامات کو بہ جاتا ہے اور جہان ضرورت ہوتی ہے وہان کام دیتا ہے - یہ یون بڑی بڑی فیاضیون کی ایک ادنی مثال ہے جو اکثر لوگ کیا کرتے ہین اور یہ مثالین تھوڑی نہین ہین روز بروز اونکی تعداد بڑہتی جاتی ہے دولتمند لوگ جانتے ہین کہ دولت صرف کرنیکے واسطے کوئی اس سے بڑہ کر

عمدہ موقع نہین کہ اوسکو لوگون کے جسمانی دماغی اخلاقی طاقتون اور پختگی کیواسطے اوسکو کام
مین لایا جائے کارخانے والے جانتے ہین کہ اون کے فرائض اور فوائد باہم ایک دوسرے
کے ساتھہ ساتھہ ہین اگر وہ اپنے فرض کو پورا کرین گے تو اون کو فائدہ ہوگا اور اگر وہ فائدہ
چاہتے ہین تو اون کو اپنا فرض ادا کرنا چاہیئے ار سوائے اِسکے اونپر اور مزدورون پر روشن
ہے کہ دونون فریق کو ایمانداری سے رہنا چاہیئے - علاوہ برین تمدنی تغیرات مین اکثر
ایسا ہوتا ہے کہ مزدوری کرنیوالے اکثر کارخانے دار بھی بن جایا کرتے ہین -

بے ایمانی کی نگرانی کے پرانے قانون

مسٹر فراوڈ نے اپنی تاریخ انگلستان مین عہد حکومت ہنری ہشتم کی ایک تصویر اوتاری
ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اوس زمانے مین پارلیمنٹ کی طرف سے حریص اور لالچی
تاجرون پر ملامت ہوا کرتی تھی اگر وہ اپنے منفعت پر بہ نسبت ملک کے لوگون کے زیادہ
لحاظ کرتے تھے تو اون پر الزام لگایا جاتا تھا ہر شہر مین عہدہ دار یہ دیکھنے کیواسطے مقرر
تھے کہ عام لوگ جو سودا بازار سے خریدتے ہین وہ درحقیقت وہی چیز ہوتی ہے جو وہ لینا
چاہتے ہین یا کچھہ دھوکا ہوتا ہے کپڑا جو فروخت ہوتا ہے اوسکی بناوٹ اوسکا وزن ٹھیک
ہے یا نہین چمڑا عمدہ ہے اور اوسکو اچھی دباغت دی گئی ہے یا نہین - شراب خالص
ہے پیمانونکا وزن درست ہے آٹے مین کچھہ آمیزش تو نہین غرض کہ ہر ایک عام شخص
اور ایماندار شخص کے باہمی معاملات پر سرکار غور کرتی تھی اجارہ دار جو شراب کو گرانی کے
وقت فروخت کرنیکے واسطے رکھہ چھوڑتے تھے مجرم سمجھے جاتے تھے مورخ نے گورنمنٹ

کی اس قسم کی دست اندازی کو ناجائز اور ناقابل برداشت خیال کر کے یہ آرزو ظاہر کی ہے کہ وہ وقت کب آئیگا کہ جب قوم کے لوگ فوج کی صفین بنکر ان ناانصافیون کے رفع کرنیکے واسطے کھڑے ہون گے۔ ہان البتہ بعض باتین اون قوانین مین اس اعتبار سے بہت اچھی بھی معلوم ہوتی ہین کہ اوسوقت جو جو خرابیان تہین اونکے انسداد کے لیئے وہ آئین جاری کیئے گیئے تھے۔ مگر جب ہم انگلستان کے اوس زمانے کو اس نظر سے دیکھتے ہین کہ اوس نے تجارت کے بارے مین کیسے ظالمانہ قانون بنائے تھے اور کیسی کیسی خود غرضانہ حفاظتین کیجاتی تہین اور کیسا جبر کیا جاتا تہا تو ہمکو بھی آجکل کے آئین کے مقابلے مین اوسوقت کے آئین کو بہت برا ماننا پڑتا ہے۔

لارڈ میکالی اور تمدنی ترقی

زمانہ سابق کے حسن اخلاق کی ستایش بحیثیت عام صرف ایک خیالی بات ہے معصومیت کے زمانے کے خواب ہمیشہ نظر آیا کرتے ہین اور یہ کہنا کہ پچھلا زمانہ ایسا تہا بڑا دلچسپ تصور ہے اور اوسکو ایک تو ہمی دنیا تسلیم کر کے اس بات کو بھول گئے ہین کہ وہ زمانہ بہت ہی زشت و زبون اور حال کے زمانے سے نہایت ہی خراب تہا جو دور سے اوسکی بھلائی بہت بڑی نظر آتی ہے۔ آخر سترہوین صدی کی حالت انگریزی اور تاریخ کے ایک مورخ میکالی نے بغیر روغنی تصویر مین بیان کی ہے وہ کہتا ہے کہ دیہاتی پادریون کے پاس کتابین بہت تھوڑی ہوتی تہین امیرون کے گھر اچھی طرح آراستہ نہوتے تھے انگریزی عورتون کی تعلیم بڑی خراب تھی یہان تک کہ اعلی درجے مین

یہی سبب تھا کہ عـلم ادب نہایت مکروہ اور ذلت کی حالت مین تھا جبتک بہت سے
آدمی ہوتے تھے تب تک وہ کہین کا سفر نہ کر سکتے تھے - اگر کرتے تو لوٹے جاتے تھے
اکثر باتون مین انگلستان اپنی پہلی حالت سے گر گیا تھا - مگر وہی مورخ کہتا ہے
کہ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ انگلستان والونکا مزاج جب پختہ ہو جاتا ہے تو نرم اور
حلیم بھی ہو جاتا ہے - اور اس سبب سے زمانہ دراز کے بعد ہم صرف عقلمند ہی نہین ہوئے ہین
بلکہ ہم امن اور حلیم بھی ہو گئے ہین - ایک آدمی اس سبب سے قتل کیا گیا کہ اوس نے جوابدہی
سے انکار کیا ایک عورت اس لیئے جلا دی گئی کہ اوسنے سکہ بنایا تھا مگر ان باتون پر کسی نے
اتنا بھی نہ کہا کہ جیسے گھوڑے کے کھرونچا لگ جانے پر یا بیل کے زیادہ بوجھ لادنے
پر لوگ رحم کھاتے ہین - جیلخانہ دنیا مین دوزخ سے کم نہ تھی جن کو تعلیم جرائم کے مدارس
کہنا چاہیئے جہان بجاے شفا کے امراض جسمانی کا گھر تھا - لیکن باوجود ان سب خرابیون کے
لوگون کو اصلاح کی کچھہ پروا نہ تھی - صحراے عرب مین مسافرون کو جس طرح دھوکا ہوتا
ہے اسی طرح اونکو دھوکا ہوتا ہے جو پہلے زمانے کو اچھا کہا کرتے ہین - عرب مین قافلہ
جہان پڑا ہوتا ہے وہان کی زمین خشک اور صاف با امن دکھائی دیتی ہے مگر آگے
اونکو شیرین پانی کی سراب نظر آتی ہین - اسی طرح سے جو قومین وحشیانہ اور مفلسی کی حالت
سے دولتمندی اور تہذیب کے اعلی درجے کو پہونچ گئی ہین اونکا ایسا حال ہے اور
ایسی کچھہ عادت پڑ گئی ہے کہ اوس زمانے کو معصومی اور خوشحالی کا زمانہ کہتے ہین جبکہ
امرا کے گھرون تک مین بھی وہ آسایشین نہ تھین جن کے نہونے کی ایک قلی کو بھی

برداشت نہین۔ اور لوگ بھوک سے ہمارے شہر کی گلیون مین اس سے بھی زیادہ مرجایا
کرتے تھے جتنے کہ اب ساحل گنی پر جاکر جان بحق ہوتے ہین۔

میلان جسمانیت رخصت روحانیت

آج کل کی تہذیب کو اکثر جسمانی تہذیب کہتے ہین یہ لقب نامناسب تو نہین ہے
کیونکہ لوگ خواص اشیاء کے دریافت اور اون کو عمل مین لانیکی طرف نہایت ہی ذوق و شوق
سے راغب ہین۔ وہ اونکے زور کو دریافت کرتے ہین اور آدمی کے کام مین لانیکی
حکمتین نکالتے ہین۔ زمین اور اوسکے زورون کو قابو مین لاے اور اس طرح سے تمام
اشیا کے مالک ہوتے ہین آج کل لوگونکا وقت اور روپیہ بہت کچھ صرف کیا جاتا ہے اور
یہ ایسی بات کی کوشش ہے کہ جس سے انسان کی بزرگی فطرت کے مقابلے مین ثابت
ہوتی ہے اوسکو ایسا ذہن ملا ہے کہ جس سے وہ سب پر حاوی ہوتا ہے۔ اوسکی ایسی
سمجھ ہے کہ ایجادین کرتا ہے۔ اوسکی منشا سے دلی ہے کہ وہ اون زورون پر حکمرانی
کرے کہ جو صرف طاقت کے لحاظ سے اوسکی طاقت سے کہین بڑھکر ہین اس سے بڑھکر
اور کون سی بات انسان کی عظمت کو ثابت کرسکتی ہے اس وقفیت سے اور کونسی بڑی
چیز تھی جو اوس کو دیے جانے کے لائق ہوتی تاہم یہ بھی خیال گذرتا ہے کہ اس کے
برخلاف میلان شاید اس کے دل پر چند روزہ حکومت کرے کیونکہ جب وہ مادیات
اور قانون فطرت کا ہمیشہ مطالعہ کرنے لگے گا تو وہ یہ سمجھے گا کہ وہ بھی اونہین مین سے ایک
ٹکڑا ہے۔ اور جب آثار دنیوی جیسے سب چیزون پر زور کرتے ہین ویسے ہی اوسپر

زور کرین گے تو وہ اپنے آپ کو ان قواعد کا غلام جانیگا پس جسمانیت یہی خیال ہے جو ایسے درس و تدریس سے پیدا ہوا کرتا ہے - یہ بھی کہتے ہین کہ انسان فطرت کو قابو مین لانے سے فخر کرتے ہین اور سمجھتے ہین کہ اون کو بڑی فتح حاصل ہوئی - مگر درحقیقت وہ اوس کے غلام بن جاتے ہین اور دنیاوی ضروریات اور زندگی کے مکروہات مین مبتلا ہو جاتے ہین مگر ان سب باتون کا جواب یہ ہے کہ اس قسم کے خیال جلد یا دیر مین پلٹا کھاتے ہین - اور مخالفت اوٹھہ کھڑی ہوتی ہے - اور فطرت انسانی کے جو بڑے بڑے اصول ہین وہ اپنا جلوہ دکھانے لگتے ہین اور فلسفہ روحانی اس خیال کو اپنی حد سے باہر نہین جانے دیتا سوا اسکے جسمانی ترقی مین ذہنی تعلیم کی بہت سی باتین ہین مثلاً تقسیم محنت ایک ایسا ذریعہ ہے کہ انسان اپنی لیاقت اور دانشمندی کے مناسب جو پیشہ مناسب ہو اوسکو اختیار کر سکتا ہے غرض کہ کچھ بھی ہماری تہذیب کی برائی مین کہا جائے جو بڑی بات ہے اوس سے انکار نہین ہو سکتا کہ ہر شخص نے اپنی مناسب جگہہ حاصل کی ہے لوگ ازدحام اور مخارق مین خلط ملط ہو کر اپنی فردیت کو ضائع نہین کر بیٹھے ہین - ہر شخص جدا جدا اپنا پورا حق رکھتا ہے -

ہم نے کہا ہے کہ یورپ ترقی مین سب کا پیشرو ہے - تو صرف وہان ہی قومون کا مجمع ہے جنکا عام دین و ایمان ہے - عام درستی چال چلن اور عام تربیت ہے - مخلوق کا یہ ایک ایسا مجمع ہے کہ سب کے سب ملکر آگے کو ترقی کرتے ہین - تاریخی فلسفہ کا ایک بڑا عالم لکھتا ہے کہ اس امر کا یقین عقل کے مطابق ہے کہ قومین ایک سلسلے مین مربوط

ہوجائین گی اور باہم ملکر اپنے اپنے نوع کی سرفرازی اور اوسکے لوگون کی بہبود کیواسطے شریک ہونگی یورپ کی قومون مین تو اب اخوت قائم ہوگئی ہے۔ کیا کبھی یہ حالت موقوف ہوجائیگی یا جیسے فطرتی اور روحانی حالتین برابر ہوتی رہتی ہین ویسے ہی یہ بھی باقاعدہ جاری رہیگی۔ مین نہین جانتا کہ انسانیت خود ہی اپنا وہ کام کہ جسکے واسطے وہ بنائی گئی ہے اور جس کی ساخت سے اوسکا مقصد ظاہر ہے کیون چھوڑ دیگی یہ امید عقل کے برخلاف نہین ہے کہ ایک روز تمام دنیا کے آدمی ایک ہی قوم ملکر ہوجائین گے البتہ ہم یہ نہین جانتے کہ اور برخلاف باتین آیندہ کیا کیا پیدا ہونگی اور نہ یہ امید ہے کہ برابر لگاتار ہی ترقی جاری رہیگی اور اوسمین کچھہ خلل نہ پیدا ہوگا حالت ضرور کبھی پلٹا کھائیگی اور اوسمین طرح طرح کی خرابیان واقع ہونگی۔ مگر آخرکار ایک عرصہ دراز کے بعد جیسے کہ منزل مقصود کے پہونچنے کیواسطے ہوا کرتا ہے انسانیت کی تکمیل خلاف عقل معلوم نہین ہوتی۔ فقط

راقم

حسن

تذکرۃ المشاہیر

(سلسلہ کے لیئے نمبر ۱ جلد ۶ ملاحظہ ہو)

بقیہ ذکر شارلیمین یا چارلس اول

اور ۸۰۰ء مین وہ تمام ان ملکتون کا مالک ہوگیا کہ جسکی شمالی حد بحیرہ بالطک اور نہر انگلستان ہے جنوب مین بحیرہ روم ابرو اور رایڈریاٹک ہے مغرب مین بحیرہ اطلانٹک اور مشرق مین میتیس او آڈر ہے ۸۰۰ء کے بڑے دن کو پوپ لیو سوم نے اوسکو شاہنشاہ مغرب قرار دیا شارلیمین صرف ایک بڑا جنگ آور ہی نہ تھا بلکہ ایک بڑا مقنن اور تہذیب پہیلانیوالا بھی تھا اوس نے اون اقوام کو جن کو اوس نے فتح کیا تھا ایک طرز پر اور متفق کرنیکی کوشش کی اور علم اور ہنر کو پہیلایا۔ فوجی اور مذہبی لوگون کی مجالس قائم کین جن کو سلطنت کے مختلف حصص کیواسطے قواعد اور قانون بنانے مین بڑی آزادی دی گئی تھی جو قوانین کے مسودے اس جگہہ طیار ہوتے تہے وہ منظوری کے لیئے بڑی قومی مجلس چامپ ڈی مارس مین بہیجے جاتے تہے یہ مجلس ہر سال موسم بہار مین منعقد ہوا کرتی تھی ان مقبول عام قوانین کے سوا شارلیمین نے بہت سے فرامین جاری کیئے ہین جن سے اوسکی دانشمندی اور دانائی کا کمال ظاہر ہوتا ہے۔ اوس نے یہی نہین کیا کہ لوگ اوس سے ڈرین بلکہ وہ اوسکے وقت کے لوگ اسکی بزرگانہ تعظیم کرتے تہے۔ صدیون تک اوسکے کامونکا اثر باقی رہا جس سے بہت سی قومین آپس مین بھائی بند

ہوگئین تہین اور اون کے قومی خواص مبدل ہوگئے تہے۔ غرضکہ زمانہ وسطی کے تمام دوسرے سلاطین سے اس نے زیادہ تہذیب اور شایستگی دنیا مین پہیلائی اور آخر کو ۲۸ جنوری ۱۸۱۴ء کو مرگیا

الفریڈ اعظم (۸۴۹ء سے ۹۰۱ء تک)

یہ شخص مقام برک شایر ملک انگلستان مین ۸۴۹ء مین پیدا ہوا تہا جب اوسکی عمر پانچ سال کی تہی تو اوسوقت پوپ لیو چہارم نے اوسکو مغربی سیکسن کے بادشاہ کے صوبہ پر مخصوص کیا لیکن اوسکو وہان کا تخت ۸۷۱ء مین ملا جبکہ اوسکا بہائی اتہلریڈ مرگیا۔ ڈین لوگون نے پہلے ہی سے اوس جزیرہ پہ حملہ آوری شروع کردی تہی اور اپنی فوجین لائے تہے کہ الفریڈ خشکی مین اونکا مقابلہ نہین کرسکتا تہا اس سبب سے اوس نے ۸۷۷ء مین ایک جہازی بیڑا طیار کیا جس سے اوس نے اون کے ۱۲۰ جہاز اور سب اونکا مال ومتاع تباہ کردیا۔ دوسرے سال پہر ڈین لوگون نے براہ خشکی فوج کشی کی لیکن منی کے مہینے مین بہیس بدلکر اور ایک بربط ہاتہ مین لیکے یہ بادشاہ خود اون کی فوج مین چلا گیا اور اونکی حالت سب دیکہہ آیا اوسکے بعد جب مقابلہ ہوا تو اون کو بالکل تباہ وبرباد کردیا اور جو باقی بچ رہے اونکو زبردستی عیسائی بنالیا اور نارمولک اور سفولک اور کیمبرج کے اضلاع مین آباد کردیا۔ اس طرح سے وہ تمام انگلستان کا مالک ہوگیا۔ اوس نے ساحل انگلستان کی خوب حفاظت کی تاکہ کوئی شخص آیندہ اوسپر حملہ نکرسکے۔ قوانین نہایت عمدہ بنائے جس سے مال اور انسانون کے حقوق

قائم ہو گئے اور تہذیب کی ترقی مین نہایت ہی کوشش کی - وہ بڑا عالم بھی تہا اور کہتے ہین کہ اوسی نے اکسفورڈ یونیورسٹی کی بنیاد ڈالی ہے - اوس نے ملک کو اضلاع اور پرگنات اور محلات مین تقسیم کیا اور جو جرائم وہان ہوتے تہے اونہین کو اوسکا ذمہ دار ٹھہرایا - الغرض اپنے زمانے کے تمام بادشاہون سے اوس نے زیادہ کوشش کی اور وحشیون کو تہذیب اور شایستگی اور علم و ہنر سکہائے اور سنہ ۹۰۱ع مین مرگیا -

کینیوٹ اعظم (سنہ ۹۵۵ع سے سنہ ۱۰۳۵ع تک)

یہ ڈنمارک مین سنہ ۹۵۵ع مین پیدا ہوا تہا - اوسکا باپ ڈنمارک کا بادشاہ تہا اور برائے نام انگلستان مین بھی اوسی کی حکومت مانی جاتی تھی اور جب اوسکا باپ مرگیا تو سپاہ ڈنمارک نے اوسکو اپنے ملک مین انگلستان کا بادشاہ قرار دیا کینیوٹ اور اڈمنڈ آیرونسائڈ انگریزی سردار سے کئی مرتبہ باہم لڑائی ہوئی لیکن آخر کو دونون نے باہم ملک تقسیم کر لیا مگر جب اڈمنڈ مرگیا تو وہی کل ملک کا مالک ہو گیا اس غرض سے کہ انگریز لوگ راضی ہو جائین اوس نے اتھلریڈ کی بیوہ ایما سے شادی کر لی - یہہ اتھلرید اوسوقت انگلستان کا بادشاہ تہا جبکہ کینیوٹ کے باپ نے اوسپہ حملہ کیا تہا پہلے تو اوس نے اڈمنڈ کے خاندان کی خبر لی اور بعد کو ملک مین اچھی طرح امن و امان قائم کر دیا اور لوگون کیواسطے ہمیشہ کو نیکی کر گیا - اوس نے اپنی سب فوج ڈنمارک کو بہیجدی صرف اپنے خانگی ملازم رکھہ لیے اور اپنی طرز وہ اختیار کی جس سے وہ انگلستان

کا ہی معلوم ہونے لگا۔ اوکل باتین پر دیسیون کی سی چہوڑ دین۔ عمدہ سے عمدہ انگریزی قوانین جاری کیئے اور اون کے اجرا مین نہایت دانائی سے کام لیا۔ اور انگلستان مین ہمیشہ کے لیئے سکونت اختیار کر لی اور اسی جگہہ مرگیا اگرچہ وہ اپنے بہائی ہیرلڈ کے مرنے پر ڈنمارک کا بھی بادشاہ ہوگیا تہا اور ناروی کی بادشاہت بھی سنہ ۱۰۳۱ء مین اوس کو مل گئی تھی اوس نے انگریزون کو سب سے بڑے سرکاری عہدے دیئے اور ہر طرح چاہتا تہا کہ لوگ سرسبز اور خوش و خرم رہین چنانچہ اس ارادے مین وہ اپنے کامل طور پر کامیاب ہوا اوس نے قوم کے مذہب کی طرف بھی دہیان رکہا اور خود زیارت کے لیئے روم کو گیا۔ ایسے ہی رفتہ رفتہ وہ ممالک اسکاٹلینڈ اور ویلز کا بھی بادشاہ ہوگیا۔ اپنے آخر زمانے مین وہ یورپ کے سب سے زبردست بادشاہون مین شمار کیا جاتا تہا۔ اوسی نے سب سے پہلے پہل قومی سکہ رائج کیا اور تحریری مجموعہ قوانین ڈنمارک کو مشتہر کیا اور اوس سلطنت مین اوس نے پادریون کو ایک جدا رئیس خیال کیا اور ایک شاہی گارڈ اچہے اچہے خاندان کے لوگون سے لیکر بنایا۔ یہی لوگ ڈنمارک کے امرا کے مورث ہین اور بادشاہ کے ساتھ سب سے اعلی عدالتون مین شامل ہوتے تہے اور اون کے مقدمات کی تحقیقات اونہین کے امرا کیا کرتے تہے اوس نے اپنی سلطنت کے تمام حصّون کے باشندون کی بہتری مین کوشش کی جسپر کہ وہ نہایت دانشمندی سے حکومت کرتا تہا مقام شافٹس بیری ملک انگلستان مین سنہ ۱۰۳۵ء مین مرگیا۔

ولیم اول (۱۰۲۵ء سے ۱۰۸۷ء تک)

یہ انگلستان کا بادشاہ جسکا لقب فتحمند ہے مقام فالائیس ملک نارمنڈی مین ۱۰۲۵ء مین پیدا ہوا تھا - باپ کے انتقال کے بعد ۱۰۳۵ء مین وہ ڈیوک نارمنڈی کا مقرر ہوا اور ۱۰۶۶ء مین انگلستان پر ساٹھہ ہزار فوج سے اس بنا پر حملہ کیا کہ اڈورڈ کانفیسر اوسکو اپنے مرتے وقت جنوری گذشتہ مین انگلستان کا ملک وراثت مین دیگیا ہے ایک سیکسن قوم کا امیر - ہیرلڈ نام انگریزون کی مرضی سے تخت نشین ہوگیا تھا - غرضکہ ۱۴ اکتوبر ۱۰۶۶ء کو بمقام ہیسٹنگز ایک خوفناک لڑائی ہوئی جسمین ہیرلڈ مارا گیا اور اوسکا لشکر درہم وبرہم ہوگیا - ولیم نے اپنی فتح کے بعد جلدی سے لندن مین پہونچکر ۲۵ دسمبر کو تاج سر پر رکھا - پہلے تو اوس نے چاہا کہ ملک کے لوگون کو راضی کرے لیکن جب لوگون نے اوسکے برخلاف سازشین کین تو اوس نے نہایت سختی کی اور بڑے بڑے ظالمانہ کام کیئے ملک برباد ہوگیا اور وسیع قطعات زمین کے بنجر ہوگئے - بہت سے لوگونکی جاگیرات ضبط کر لین اور اپنے امراءین تقسیم کردین اوس نے ایک یہ بڑا کام کیا کہ تمام ریاستہاے انگلستان کی پیمایش کی اور اونکی مقدار اور میعاد اور قیمت اور مالکون کے نام وغیرہ دفتر مین درج کرائے - اس دفتر کو ڈومز ڈی بک کہتے ہین - اس بادشاہ سے نسل شاہان نارمن شروع ہوگئی اور مختلف نسلین اور بولیان ملکر ایک ہوگئین جو آجکل اینگلو سیکسن کہلاتی ہین -

ڈینٹی آلیگری (سنہ ۱۲۶۵ع سے سنہ ۱۳۲۱ع تک)

یہ شخص روم کی سلطنت کے زوال کے بعد ملک اطالیہ مین سب سے بڑا شاعر گذرا ہے ۱۴ مئی سنہ ۱۲۶۵ع کو مقام فلورینس مین رومیون کے سب سے بڑے خاندان فرنگی مینی مین پیدا ہوا تہا۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اپنے زمانے کے تمام علوم جانتا تہا وہ گہیبلائن کے مقابلے مین گویلفس کے ساتہہ مقام کامپلڈنو مین موجود تہا اور کیپرولا کے لینے مین اوس نے مدد کی تھی سنہ ۱۳۰۰ع مین شہر کی عیسائی خانقاہونکا حاکم مقرر ہوا اور ایک سفارت پر روم کو بہیجا گیا لیکن قبل اس سے کہ وہ اپنا کام پورا کرے چارلس آف ویلالس نے جسنے فلورنیس پر حملہ کیا تہا اوس کو جلا وطن کر دیا۔ وہ اونیس برس تک باہر جلاوطن رہا اور آخر کو سنہ ۱۳۲۱ع مین وہ بمقام راوینا رہگراے عالم بقا ہوا ویلانی ایک اوسکا ہمعصر لکہتا ہے کہ وہ تمام علوم جانتا تہا اور نہایت عمدہ شاعر تہا فلسفہ مین کامل اور فصاحت و بلاغت مین بےنظیر تہا رسکن کہتا ہے کہ تمام دنیا کی جان ہے اوسکے خیالات اور اخلاق اور ذہنی طاقتین ایک دوسرے کے ہموزن اور ہر ایک اول درجے کے ہین اوسکی بہت سی کتابین ہین اون مین سے کمیڈ یا جسکو ڈیوائینی کمیڈیا کہتے ہین سب سے بڑی ہے اوسمین قدیم زمانے اور حال کے زمانے کے خیالات کا طرز ملا ہوا ہے اور دونون کا اوس سے بخوبی اظہار ہوتا ہے۔ اوسمین آدمی کی وہ حالت لکھی گئی ہے جو اوسکی زمین پر ہے اور جو دنیاوی حالات کے لحاظ سے

آیندہ اوسکی روح کی ہونیوالی ہے قدیم زمانے مین وہ کتاب جیسی بے نظیر تھی وہی
حالت اوسکی اسوقت بھی ہے اوسکی ایک ایسی عالمانہ پرواز ہے کہ جسکی مثال نہین
اور اس سے اور بھی تعجب ہوتا ہے کہ وہ ایک ایسے شخص نے بنائی ہے جو نہایت ہی
خراب زمانے مین اور نہایت ہی پلید اور خبیث مقام پر رہتا تھا جسکے چارون طرف
شہوت پرستی اور بدخلقی کے سوا اور کچھہ نہ ہوتا تھا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصنف
کی روح اپنے رفقا اور نیز تمام قرب وجوار کے لوگون سے بے نہایت بلند تھی اور
وہان سے وہ دنیا کی طرف دیکھتا تھا اور اوسکی تصویر کھینچتا تھا تاکہ دنیا اوسکو دیکھے
کہ وہ اب کیسی ہے اور آیندہ کیسے ہوگی۔

میڈیسی (۱۳۸۹-۱۴۶۴ء)

میڈیسی مخاطب بہ کلان بمقام فلورنیس ۱۳۸۹ء مین پیدا ہوا۔ اپنے زمانے کا
نہایت بڑا سوداگر تھا جسکا کاروبار تجارت خوب ہی چلتا تھا اور نہایت ہی دانشمندی
سے اپنے کامون کو انصرام کرتا تھا وہ ایک جمہوری طرز کے شہر مین رہتا تھا جہان
ہر ایک آزاد ہوتا ہے تاہم وہ اسپر جیسے چاہتا تھا حکومت کرتا تھا اور لطف یہ کہ ظاہرا
کچھہ کسی طرح پہ شہریون کے حقوق مین دست اندازی نہین کرتا تھا اور نہ اوسکو سرکاری
طور پر کوئی سرکاری عہدہ تھا اور نہ کسی طرح سے اوسکو اعزازی طاقت تھی مگر پھر بھی
مالک بنا بیٹھا تھا غرضکہ وہ آدمیون کی طبیعتون کو خوب پہچانتا تھا اور ہر ایک کو اپنی جانب
مائل کر لیتا تھا اوسکے پاس دو وصف ایسے تھے کہ جنسے وہ سب کام کر لیتا تھا ایک تو وہ

بڑا مزاجدان تہا دوسرے صاحب دولت تہا یہ قاعدے کی بات ہے کہ جب دولت کو
مناسب طور پر کام مین لایا جاتا ہے تو نہایت قوت اوس سے حاصل ہو سکتی ہے وہ اپنی
دولت مناسب کامون مین صرف کرتا تہا اور اوس سے سبکو دبا رکہا تہا جب اوسکے
مخالفون نے دیکہا کہ اون کا انتظام لوگ نہین پسند کرتے اور اوس کے مقابلے مین
یہ لوگون پر اپنا احسان نہین جتا سکتے تو اوسکو جلا وطن کر دیا مگر جب وہ چلا گیا تو جو کام کہ
اوسکی دولت سے نکلتے تہے اور جو مفاد کہ اوسکے سبب سے ہوتے تہے وہ یاد ہوئے
اور اونکو پہر بلایا چنانچہ وہ فلورنس مین پہر آگیا جب وہ لوٹ کر آیا تو اوس روز سے
قریب قریب وہ حاکم ہو گیا جس کو بلا حجت تمام فلورنس کے لوگون نے تسلیم کر لیا۔ مگر
وہ فلورنس پر بڑی دانشمندی سے حکمرانی کرتا تہا ایسے آدمی حکومت کیواسطے منتخب کرتا کہ
اوسکے اختیار مین ہوتے تہے اور وہ خود ایک شہری کے مانند رہتا تہا ہر ایک امر مین
آزاد تہا جو چاہتا سو کہتا اور جو چاہتا سو کرتا اور بڑی فیاضی سے مدد دیتا تہا۔ علم و ہنر کا
بڑا مربی تہا کتب خانون اور گرجون مین روپیہ دیتا۔ بڑی عالیشان عمارتین بنواتا تہا۔
نہ صرف اپنے شہر مین بلکہ اور شہرون مین بھی یہان تک کہ یروشلم مین ایک مسافرخانہ
زائرین کے لیے بنایا۔ بڑے بڑے بادشاہون اور امیرون کو روپیہ قرض دیتا تہا او
ان سب باتون کے سبب سے اوس نے اپنی طاقت اپنی دولت و اقبال اور نیز
فلورنس کو دنیا مین مشہور کر دیا اور اپنے خاندان کی بنیاد ڈال دیا جسنے فلورنس پر صدیون
تک حکمرانی کی اور ہمیشہ کیواسطے اپنے آثار دنیا مین چہوڑ دیئے وہ ۱۴۶۴ء مین مر گیا اور

اور درحقیقت وہ کام کر گیا کہ جسکے آثار ابتک موجود ہین۔

جون آف ارک (سنہ ۱۴۱۲ - ۱۴۳۱ء تک)

یہ عورت بخطاب میڈن آف ارلنز کے مشہور تھی اور جیکیس ڈارک ساکن موضع ڈومریمی واقع ضلع لورین کے ایک کسان کی بیٹی تھی ۱۴۱۲ء مین پیدا ہوئی اور عیسائی نام جونیٹا ڈارک رکھا گیا۔ بچپن ہی سے اوسکے جسم مین بڑی طاقت اور بدن مین خوب چستی تھی خانہ داری کے معاملات مین ہوشیار اور نہایت مہربان تھی۔ مزاج مین لالچ بالکل نہ تھا۔ مگر نہایت محتاط اور شرم آلود کم بولتی اپنے خیالات مین مصروف رہتی تھی اوسکو اپنے پاس کے لوگون سے بھی کچھہ تعلق نہ تھا بلکہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ ایک مذہبی شخص ہے کچھہ کچھہ یہی اوسکی حیات کا سبب ہے جو اوسکے دل مین جمگیا کہ وہ وہ کنواری عورت ہے جسکو لوگ کہتے ہین کہ ڈومریمی کے جنگل سے نکلے گی اور فرانس کو بچاویگی اوسی زمانے مین چارلس ولیعہد ایک سخت مصیبت مین پھنس گیا اور اوس نے یہ بہتر تدبیر سوچی اور جون آف ارک کو خیال بندھوا دیا کہ اوسکو سنیٹون یا ولیون کے پاس سے پیغام آیا کرتے ہین اور جو جو ضروری باتین تھین وہ سب اوسکو سکھا دین اس طرح پر کہ کسی کو اس بات کی خبر نہوئے چنانچہ اوس نے جا کر یہی لوگون مین مشہور کر دیا اور ضعیف الاعتقاد لوگون نے اوسکو فوراً تسلیم کر لیا یہان تک کہ لوگون نے چارلس کو آکر خبر دی کہ ایک عورت ایسے کہتی ہے چنانچہ لوگون کے کہنے سننے سے یہ بھی بھیس بدل کر اوسکے پاس گیا اور اوس نے اوسکو لوگون کے درمیان سے پہچان

لیا اور اوسکو تسلیم کرنا پڑا کہ وہ خدا کی طرف سے سب باتین کہتی ہے - پھر اوسکو ایک زرہ پہنائی گئی اور پانچ ہزار آدمی کی فوج دی گئی اور وہ آرلنز کو گئی - یہ امر تو تاریخ کے متعلق ہے کہ اوسکو وہان کس طرح فتح ہوئی اور چارلس کو تاج کیسے مل گیا یہان اوسکو ہم نہین لکھہ سکتے - اوسمین فوجی لیاقت تو نہ تھی لیکن آدمیون اور چیزون کو خوب تمیز کرتی تھی اور نہایت جفاکش تھی جو کچھہ اوس کے دل مین آتا اوسکے کرنے مین بڑی جری تھی - ان سب باتون سے صاف ظاہر ہے کہ فتح کا ہونا صرف اس وجہہ سے تھا کہ فوجی لوگون کو اوسکے ولی ہونیکا یقین تھا اور انگریزون کے سپاہی اسی خیال سے ڈرتے تھے سپاہیون کی جوانمردی اور دلیری اسمین کچھہ نہ تھی اور نہ اوسمین جنرل ہونے کی لیاقت تھی اوسکے بعد وہ اور اسکا خاندان زمرہ امرا مین داخل کیا گیا اور ۲۹ دسمبر ۱۴۲۹ء لو ڈوبس کا خطاب دیا گیا اور اوسکے بعد فرانس مین وہ جین ڈی آرک کے نام سے مشہور ہوئی اوسکے بعد کیمپین کے مقام پر ڈیوک آف برگنڈی نے ۲۴ مئی ۱۴۳۰ء کو اوسکو قید کر لیا اور نومبر مین انگریزون کے ہاتھہ بیچڈالا جہان پر کہ ایک مذہبی مجلس مین اوسکی تحقیقات کی گئی اور جھوٹی ہونے پر ۳۰ مئی ۱۴۳۱ء کو مقام روڈن مین جلا دی گئی - اوسکی شرافت اور نیک وضعی مین کچھہ کلام نہین اور فرانس اور نیز بادشاہ کیواسطے اوس کے کام نہایت مفید ہوئے

معاونان ترقی حال

کالمبس (۱۴۳۶ء سے ۱۵۰۶ء تک)

یہ شخص ایک اطالیہ کا نہایت مشہور سیّاح اور محقق شہر جنیوا مین ۱۴۳۶ء مین پیدا ہوا مدرسہ چہوڑکر چودہ برس کی عمر مین اوس نے جہازرانی کا پیشہ اختیار کیا۔ اور لسبن کے مقام پر اپنے خسر بلیسٹرلو کے جو پرتگال کا ایک مشہور جہاز ران تہا نقشجات بحری و برّی دیکہہ کر اسکے دل مین ہندوستان کو مغرب کی جانب سے براہ جہاز جانیکا خیال پیدا ہوا اور اوسکے بعد برسون تک دریائی سفر کرتا رہا اور سمندر کے اندر نہایت دور و دراز فاصلے تک گیا تاکہ جو مقامات معلوم ہین اون کا اوسکو علم خوب ہو جاوے اور اس طرح اپنے اصلی منصوبہ کے لیئے طیار ہو گیا ۱۴۸۳ء مین اوس نے جان ثانی بادشاہ پرتگال سے ایک بحری تحقیقات کیئے جانیکے واسطے امداد چاہی لیکن اوسکی امید برآئی نہوئی سوائے اسکے جنیوا اور وینیس سے بہی اوس کو جواب ملا۔ آخرکار وہ اندلس کو گیا جہان اوسپر عنایت کی گئی اور سات سال کے انتظار کے بعد ملکہ آئی سا بیلا۔ نے اوسکو کامل مدد دی وہ ۳ اگست کو پالس سے روانہ ہو کر ۱۲ اکتوبر کو جزائر بہاماس سے سان سالویڈر جزیرہ مین جا اوترا۔ اسی سفر مین اوس نے کیوبا اور ہیتی کو بہی دریافت کیا اس کے بعد اوس نے تین سفر کیئے اور جزائر کیریبے جمائیکا ٹرینیڈاڈ اور ریو کو اور جنوبی امریکا وغیرہ بہت سے مقامات معلوم کیئے۔ جب آئی سا بیلا

مرگئی تو معلوم ہوتا ہے کہ کالمبس کے بڑے بڑے کامونکی جو اوس نے ہسپانیہ بلکہ تمام دنیا کے لیئے کیئے تہے کچہ قدر نرہی اور وہ ایسے بڑے افلاس کی حالت مین مقام موالیڈالا مین پہنس گیا کہ ۲۰ مئی ۱۵۰۶ء کو مرہی گیا۔ مگر اوسکے مرنیکے بعد فرڈیننڈ کو اوسکے خدمات کا کچہ خیال آیا جو اوس نے قوم کیواسطے کین تہین جس سے اوسکا جنازہ بادشاہی جلوس کے ساتہہ اوٹہایا گیا اور ایک یادگار بہی اوسکے نام کا قائم ہوا کالمبس کی بڑائی صرف اون تحقیقاتون سے ہی فقط نہ سمجہنا چاہیئے جو اوس نے کین ہین بلکہ اوسکے علم اور ہمت اور کامیابی کے یقین نے لوگون کو اوسی کے رنگ مین رنگ دیا اور یہی اوسکا سب سے بڑا احسان ہے۔

امریگو وسپیسی ۱۴۵۱ء سے ۱۵۱۲ء تک

یہ شخص مقام فلورینس مین ۹ مارچ ۱۴۵۱ء مین پیدا ہوا اور علم ہیئت اور جغرافیہ مین بڑا نامور ہوا ہے۔ ابتدا مین تو وہ ۱۴۹۰ء تک صرف ایک سوداگر تہا اور ۱۴۹۶ء مین ایک بڑی شراکتی دوکان کا مقام سیول ملک ہسپانیہ مین کارپرداز تہا۔ کالمبس کی کامیابی کو دیکہہ کر اس نے بہی تحقیقات کرنیکی طرف اپنی ہمت کو رجوع کیا اور ۱۴۹۷ء مین اسکا پہلا بحری سفر ہوا۔ اگرچہ اس سفر مین امیر البحر اوجڈا تہا مگر کامیابی وسپیسی کے ہی نام منسوب کیجاتی ہے بلکہ اوسکے اور سفرون کا بہی یہی حال ہے کہ امیر البحر اور رہے ہین اور اگرچہ بظاہر جہازون کی کمان یعنی حکومت اسکے اختیار مین نہ تہی تاہم درحقیقت کل اختیار اسی کا ہوتا تہا اور اوسی کے علم ہیئت اور علم جہازرانی کا طفیل ہے

کہ اون سفرون سے علمی اور قومی فوائد ہوئے ہین اوسکے دونون پہلے سفر بلازمت ملک ہسپانیہ مین ہوئے ہین لیکن تیسرا اور چوتھا سفر پرتگال کے بادشاہ کی طرف سے کیا گیا۔ ان دو سفرون کے بعد پہر وہ ہسپانیہ کو واپس چلا آیا اور یہان افسر اول صیغہ رہبری بحر کا مقرر ہوا اور سنہ ۱۵۰۸ء مین ایک اور آخری سفر کیا اوسکی تمام تحقیقاتین جنوبی امریکا اور اوسکے قرب وجوار کے جزائر شمالی کی نسبت ہوتی ہین۔ اوس نے اپنی تحقیقاتونکے نقشجات مشتہر کیئے جسکے سبب سے تمام اوس بر عظم کو لوگ اسی کے نام سے امریکا پکارنے لگے۔ کہتے ہین کہ حالت افلاس مین بمقام سیول یا امریکو سنہ ۱۵۱۲ء مین مرگیا

فرڈیننڈ پنجم (سنہ ۱۴۵۲-۱۵۱۶ء)

یہ شخص مقام سماس علاقہ آراگن مین بتاریخ ۱۰ مارچ سنہ ۱۴۵۲ء کو پیدا ہوا سنہ ۱۴۶۸ء مین اسکے باپ نے اسکو سسلی کا بادشاہ کردیا اور ریاست اراگن مین اپنا شریک مقرر کیا دوسرے سال اوس نے کاسل کی شاہزادی ملکہ آئی سابیلا وارث تخت سے شادی کرلی اس شاہزادی پر اوسکے رشتہ دارون نے اور بعض لوگون سے شادی کرنے کیواسطے بڑا زور ڈالا تہا جس سے اوسکو مشکل سے نجات ملی تہی۔ ان دونون زن وشوہر نے ملک سلطنت اسپین کی بنیاد ڈالی جس سے تمام دنیا کو بہت سے فوائد ہوئے ان دونونکی متفقہ بادشاہت سے بہت سے ایسے عمدہ نتائج نکلے کہ اگر تنہا حکومت کرتے تو وہ کبھی نہین ہوسکتی تھی کیونکہ اگرچہ فرڈیننڈ بڑا لائق شخص تہا لیکن آئی سابیلا نے اون کوتاہیون کو پورا کردیا جو کچہ انسان مین گو کیسا ہی کامل ہو باقی رہتی ہین

دربار کاسل کی حالت اگرچہ نہایت شرمناک تھی مگر آئی سابیلا نے اوسکو نکوئی اور پارسائی
کا سانچہ بنادیا ۱۴۷۹ء مین فرڈننڈ کو اراگن بھی وراثت مین باپ سے مل گیا - وہ
ملکی معاملات مین نہایت تجربہ کار شخص تھا - اوس نے قزاقی فرو کرنیکے واسطے بھائی
والا کیا - بشپ مقرر کیے انصاف کا انتظام کیا انکوئزیشن یعنی مذہبی جرائم کی
تحقیقات کا کام اپنے آپ کیا جس سے گو بظاہر متبدعین کو سزا دیجاتی ہے مگر درحقیقت
امیرون اور پادریون پر بھی اثر پڑتا تھا اور اون کے چال چلن اچھے ہوگئے تھے ان
سبب باتون کا نتیجہ یہ ہوا کہ اوسکو اوس وقت کامل سطوت اور طاقت مل گئی جسوقت
کہ جنگی کارروائیون کیواسطے جاگیرات دیجایا کرتی تھین اور کسی خاص شخص کو اختیار
اپنے ہاتھ مین رکھنا بالکل غیر ممکن تھا اوس نے مسلمانون کو ہسپانیہ سے نکال دیا
اور غرناطہ پر قبضہ کیا اطالیہ کے جنوبی حصے پر فرنچ لوگون کو دبایا اور نیپلس کو اپنی سلطنت
مین شامل کرکے بیخوف وخطر شاہ فرڈیننڈ سیوم کے نام سے وہان حکومت کرنے لگا -
تمام اپنی فوجی کارروائیون مین کامیاب ہوکر آئی سابیلا کی امداد سے ہسپانیہ کو یورپ
کے معاملات مین بڑی عزت دیدی یہ آئی سابیلا ہی کا صرف سبب تھا کہ اسپین کی
عملداری امریکا مین ہوئی کیونکہ کالمبس کو اوسی نے جہازی بیڑے کے طیار کرنے مین
مدد دی تھی ۱۵۱۳ء مین ناوار کو فرڈیننڈ نے فتح کیا اور ۱۵۱۵ء مین اوس کو اپنی سلطنت
مین بالکل ملا لیا - جب آئی سابیلا ۱۵۰۴ء مین مرگئی تو فرڈیننڈ کی اصلی جبلی کمینی عادتین
بعض بعض نمایان ہوگئین اوس نے اپنے بڑے بڑے وفادارون اور کارگذارون سے

بیجا غفلت کی مثلاً نا وار و پمینیز۔ کالمبس کو وہ بالکل بہول گیا اور اون کے کامون کی کچہہ قدر دانی نہ کی لیکن باوجود ان کوتاہیون کے بھی اوسکے زمانے مین اوسکے مانند بادشاہ بہت ہی کم تہے مقام میڈریا گلیجو مین ۲۳ جنوری ۱۵۱۶ء مرگیا۔

ار اسمیس (سنہ ۱۴۶۷-۱۵۳۶ء)

ار اسمیس ۲۸ اکتوبر ۱۴۶۷ء کو بمقام راتروڈیم پیدا ہوا۔ اس نے خانقاہ اسیٹن کیمبرائی پیرس کیمبرج اکسفورڈ اور وینس مین تعلیم پائی تھی۔ جب یہ ۱۵۱۴ء مین کیمبرج مین زبان یونانی اور علم تصوف (تہیالوجی)[1] کا پروفیسر یعنی اول درجہ کا اُستاد مقرر ہوا تو اوس وقت صرف روچلین ہی اسکا مقابل تہا جس سے یونانی زبان کے تلفظ پر اس سے بحث ہوا کرتی تھی۔ اوسی کا علم تصوف مدارس یورپ مین اونسویں صدی تک رائج رہا۔

چونکہ وہ زمانہ ریفارمیشن[2] یعنی اصلاح کیوقت مین تہا اوس نے اوسکو اس سبب سے پسند کیا کہ اوس سے خیالات اور گفتگو مین آزادی ہوتی تھی لیکن وہ اصلاح کی مبالغہ آمیز باتون پر ہنستا تہا اور سچے مذہب کے اصولون کو مانتا تہا لیکن خود نفسانیت سے جو

(۱) تہیالوجی علم تصوف اوس علم کو کہتے ہین کہ جس مین خدا اور اوس کی ذات سے بحث ہوتی ہے۔

(۲) ریفارمیشن کا یورپ مین وہ زمانہ ہے کہ جسوقت یورپ مین مذہبی بحثین ہوتی تہین اور جسکا نتیجہ بڑی بڑی لڑائیون اور خون ریزیون کے بعد پروٹسٹنٹ فرقہ وغیرہ کا نکلنا اور بڑی بڑی اصلاحون کا ہونا ہے اس کی بنا لوتہر نے ۱۵۱۷ء مین ڈالی تھی۔

اوس وقت پھیلی ہوئی تھی بہت ہی نفرت کرتا تہا چونکہ یہ ایک کنسرویٹو[1] طبیعت کا آدمی تہا اور انقلابات کو کم پسند کرتا تہا اور نیز بہ لحاظ علم ایک بڑا منطقی تہا اس وجہ سے کیتھولک کی حکومت اور پروٹسٹنٹ لوگون کے مابین ۱۵۲۱ء مین مقام باسل مین فیصلہ کرانے کے لیئے ثالث مقرر ہوا مگر اوسکے اعتدال کو دونون فریق نے تسلیم نہ کیا اور پروٹسٹنٹ لوگون نے ۱۵۲۹ء مین بغاوت کر کے شہر پر قبضہ کر لیا۔ اوس وقت یہ فریبرگ کو چلا گیا اور دونون فریق کو برا کہتا رہا۔ ۱۲ جولائی ۱۵۳۶ء کو باسل مین مر گیا جس سے سب لوگون کو بڑا رنج ہوا اور ایک یادگار اوسکے نام کی قائم کی گئی۔ اوس نے اپنا تمام مال و متاع محتاجون کیواسطے وقف کر دیا تہا تمام علوم مین اوسکو اچھی دستگاہ تھی۔ اصل کتاب مقدس کی تعلیم کو اوس نے پھر جاری کیا اور کتب سماوی کو یونانی زبان مین اوسی نے سب سے پہلے چھپوا کر مشتہر کیا۔ اوسکے سوا اوس کی بڑی بڑی کتابین یہ ہین کالوکوٹیا جو بظاہر زبان لیٹن اور اخلاق کی تعلیم کیواسطے لکھی گئی ہے مگر در اصل مذہب پر حملہ ہے (مذہبی لوگون نے اسکو ناپسند کیا اس لیئے جو بعد مین کتابین اراسمیس نے چھپوائین اوسمین یہ کتاب شامل نہین ہے) موریا انکومیم یعنی ثناے حماقت جسمین عام پیشوون کی ہجو ہے اڈیگیورم مجموعہ امثال دی لبرو آربٹریو آزادانہ راے کا اسمین بیان ہے اوس نے رسولون کے خطوط اور سوانح عمریان اور بہت اچھے اچھے تعلیم کے لائق ترجمے بھی جمع کیئے ہین گو ہم اس مختصر مین بیان نہین کر سکتے ان سب باتون کے بیان سے

(۱) کنسرویٹو معاملات ملکی مین وہ شخص ہے جو پالی کاسون مین تغیر اور تبدل کو جلد روا نہ رکھے۔

معلوم ہوتا ہے کہ دنیا مین اوسکا بڑا اثر ہوا ہے۔

میچیاڈلی (سنہ ۱۴۶۹-۱۵۲۷)

یہ شخص ۳ مئی ۱۴۶۹ع کو بمقام فلورنیس پیدا ہوا اور ملک اطالیہ مین زمانہ وسطی کے مدبران سلطنت سے سربرآوردہ ہوا ہے جبکہ یہ جوان ہوا تو اوسوقت سے لیکے جبتک کہ میڈیسی فلورنیس مین پھر طلب کیا گیا یہ برابر سازشون مین لگا رہا اور ایک دوسرے مین فساد ڈالتا رہا جسکے سبب سے اسی کے زمانے مین اسکا نام جعلساز کا مرادف ہوگیا تھا۔ انہین باتون کے سبب سے وہ فلورنیس سے نکالدیا گیا مگر پھر بھی اوس کو زبردستی حکم ہوا کہ اسی ملک مین رہے ۱۵۱۳ع مین ایک سازش مین ماخوذ ہوا اور قید کیا گیا جب تحقیقات کی گئی تو مجرم نہ ثابت ہوا اور مارچ کے مہینے مین چھوڑ دیا گیا۔ اسکے بعد وہ اپنے گانون کو چلا گیا اور وہ باتین لکھنا شروع کین جس سے اوسکا نام ہمیشہ رہیگا۔ اون کتابون کے نام یہ ہین پرنیسی دسکورسی آرٹی دیلا گرا یعنی نقلیات اور اسوریا فابورنٹا میچیادی کے حالات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسکا چال چلن اچھا نہ تھا اور نہ کوئی ملکی کارروائیون مین اوسکو وقعت تھی لیکن چونکہ اوسکے مخالف علما او جہلا پادری وغیرہ بہت سے لوگ تھے اور اونھون نے جسقدر اوسکو بدنام کیا ہے یہ ہرگز صحیح نہین ہے آجکل کے عالم اور بڑے بڑے نکتہ چین خیال کرتے ہین کہ وہ ایک آزاد منش اور صاف گو اور اپنے زمانے مین بڑا عالی ذہن تھا پرنیسی جسکے سبب سے اوسکی بڑی بدنامی ہوئی اوس نے اس لیے نہ لکھی تھی کہ اوسکی شہرت ہو بلکہ اس واسطے لکھی تھی کہ پرنس لورینزو ڈی مڈیسی کو شاہی

طاقت کس طرح ملی اور ظاہر اوسکا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ملک اطالیہ کی بدنظمی کو بجز ریاستون کے اتفاق کے اور کوئی چیز درست نہین کر سکتی ہالم کے کہنے کے بموجب اس کتاب کے بنانے مین اوسکا جرم صرف یہی تہا کہ ریاکاری اور دورنگی کو اوس نے ظاہر کر دیا دسکورسی مین اوس نے صرف اسباب ترقی اور تنزل حکومتون سے بحث کی ہے جسکو اوس نے لیوی کی تاریخ کی شرح کی صورت مین لکہا ہے اوسکی اشعار زبان اطالیہ مین نہایت عمدہ چیز ہیں اور اوسکی تاریخ فلورنیس صفائی بیان سادگی زبان عبارت کی خوبی مین بے نظیر ہے ہالم کہتا ہے کہ یہی کتاب اوسکا نام ہمیشہ قائم رکہنے کے لیے بس ہے میکالی کہتا ہے کہ یہی شخص جسکے نام کو اوس زمانے کے لوگون نے ذلیل کر دیا ایسا ہے کہ جسکی عقل نے پالسی کی تاریک جگہون کو روشن کر دیا اور غریبون اور مظلومونکو اسی کی شفقت رہائی کا آخری وسیلہ ہوتی تھی وہ مقام فلورنیس مین بماہ جون ۱۵۲۷ء مر گیا۔

فرڈیننڈ میجیلن سنہ ۱۴۷۰-۱۵۲۱ء

یہ پرتگال کا ہیئت دان اور جہاز ران قریب ۱۴۷۰ء کے ضلع وبلاریل ملک پرتگال مین پیدا ہوا تہا اور دنیا کے گرد پہرنیوالون مین سب سے پہلا شخص مانا جاتا ہے اگرچہ وہ اپنی موت کے سبب سے اپنا بحری سفر پورا نہ کر سکا لیکن اوسکی دانشمندی اور ہمت سے پورا یقین تہا اور اوسکی کامیابیون کے سبب سے کچہہ شک نرہا تہا کہ اگر اوسکی زندگی وفا کرتی تو وہ ہسپانیہ کو براہ راس امید واپس آتا اور فی الواقع ایک اوسکا جہاز جو زیر حکم سباسٹیئن ڈیل کینو کے تہا وہ اوسی طرف سے آیا ۱۵۱۸ء مین وہ

مشرقی لڑائیون مین مصروف تہا چنانچہ ملاکا کو ۱۵۱۱ء مین فتح کر لیا۔ بادشاہ پرتگال کے حقارت آمیز سلوک سے نفرت کہا کر اوس نے اوسکی نوکری چہوڑ دی اور ملک اسپین کو نوکری کیواسطے چلا گیا چارلس پنجم نے اوسکو فوراً اپنے یہان نوکر رکہہ لیا اور پانچ جہاز اور ۲۵ آدمیونکا افسر کر دیا۔ ۱۰ اگست ۱۵۱۹ء کو وہ وہان سے روانہ ہوا اور پہر اس سفر سے واپس نہ آیا اس سفر مین اوسکو بڑے بڑے مصائب پیش آئے ہین جو ایک ذی ہمت جہاز ران کو پیش آنا چاہیئین یہانتک کہ اوس نے علم کی جستجو اور ملک کی خیرخواہی مین اپنی جان کہو دی اس سفر کے پورا کرنے مین اوس نے بڑی جفاکشی اور استقلال اختیار کیا اور اپنے علم کو کام مین لایا اور درحقیقت قریب قریب اوس نے اپنا اصلی مقصد پورا کر ہی لیا یعنی ہندوستان جانیکا مغربی راستہ دریافت کیا کیونکہ وہ آبنائے میجیلین سے نکل کر اوس بڑے سمندر مین جسکو وہ بحر الکاہل کہتا تہا اور جو اب تک اوسی نام سے مشہور ہے چلا گیا۔ وہ ۲۸ نومبر ۱۵۲۰ء کو بحر الکاہل مین داخل ہوا اور جب وہ ۲۷ اپریل ۱۵۲۱ء کو جنگ جزائر فلیپائن مین مرا ہے تو اوس نے جزائر لیڈرون اور فلیپائن کو دریافت کر کے اونکے جغرافیہ کے مقامات کو لکہہ دیا تہا اور جزیرہ بورنیو سے تہوڑی ہی دوری پر تہا جب وہ ساحل جنوبی امریکا پر تہا تو اوس کے تین کپتانون نے اوس سے بغاوت کی تھی اور ایک جہاز تو چہوڑ کر اوسکو الگ چلا گیا تہا مگر وہ چونکہ اپنے ارادے مین سخت قائم مزاج تہا اپنے کام پر جما رہا اور آگے کو چلا ہی گیا کہ جس سے اوسکو ہمیشہ کا فخر ملا، اور دنیا اوسکی شکرگذار ہو گئی

البرٹ ڈورر (سنہ ۱۴۷۱ - ۱۵۲۸ع)

یہ بڑا نامور جرمنی مصور اور نقاش ۲۱ مئی ۱۴۷۱ء کو نورمبرگ مین پیدا ہوا اور ۶ اپریل ۱۵۲۸ء کو مرگیا اس نے اپنے تیئن اپنے مرغوب پیشہ مین ہر طرح کامل کر کے اور ملک اطالیہ کے طریق کو چھوڑ کر اپنا جدا طرز اختیار کیا تھا - اوسکا پہلا وڈ کٹ یعنی لکڑی کا کندہ جسپر مکاشفات رسول یوحنا کی تصویر تھی ۱۴۹۸ء مین مشتہر ہوا - اوسکے بعد دوسری تصاویر ذیل اوس نے بنائین - شہادت دس ہزار رسول معراج باکرہ سپتش تثلیث مسیح کا صلیب پر سے اوتارنا اور اور بہت سے وڈ کٹ اور مسی چادرون کے کندے بنائے ۱۵۲۶ء مین اوسنے اپنے سب سے بڑے کام دکھائے - وہ تصویرین قد آدم کی بنائین جسمین یوحنا - پطرس - مرقس اور پولوس رسول کی تصویرین تھین - اوس کے کندون پر آجتک کوئی فوقیت نہین لے گیا اور ثبت کرنیکا ہنر ہنر کے طور پر اوسی سے شروع ہوا - وہ پہلا شخص ہے جس نے منظر کھینچنے کے قواعد سکھائے اور یہ ظاہر کیا کہ اس ہنر والے کو علم تشریح جو ایک طب کا جز ہے جاننا چاہئے اوس نے علم ہندسہ اور قلعہبندی پر اچھے اچھے رسائل لکھے اور نقاشی او معماری کی ترقی کی بدولت سب سے بڑا مصور گنا جاتا ہے وہ اوس کی ذہانت کی تعریف کرتا ہے اور اوس کی تعظیم کی یاد دلاتا ہے -

نکولاس کوپرنکس (سنہ ۱۴۷۳ تا ۱۵۴۳ع)

یہ شخص ۱۴۷۳ع کی ۱۹ فروری کو مقام تہارن ملک پروشیا مین پیدا ہوا تہا۔
تہوڑی سی ضروری تعلیم کے بعد چار سال تک ریاضی اور مصوری کراکو یونیورسٹی
مین سیکہتا رہا یہان سے ۱۴۹۶ع مین بولوگنا کو علم ہیئت کے لکچر سننے کو چلا گیا اور
اوسکے پیچہے بہی چند روز ریاضی اور علم ہیئت پڑہا اور پڑہتا رہا جہان پر کہ اوس کے
سوا اوس نے ۱۴۹۹ع مین ڈاکٹر دویہ کا درجہ حاصل کیا ۱۵۰۰ع مین بمقام روم
ملک اطالیہ اوس نے ریاضی پر لکچر دیے اور بڑا امتحان حاصل کیا ۱۵۰۲ع مین فراون
برگ علاقہ پروشیا مین آکر سکونت اختیار کی اس کے چچا سوکس واٹزلروڈ بشپ
ارمنی لینڈ نے اس کو وہان کا کینن یعنی مذہبی حاکم مقرر کر دیا تہا۔ وہ اپنے عہدے
کی خدمتون کے علاوہ غریبون کا علاج معالجہ بہی کیا کرتا تہا مگر اسی کے ساتہ
بڑے شوق سے علم ہیئت کا بہی عمل چلا جاتا تہا۔ جو سوراخ کہ اس نے تارون کی
رفتار معلوم کرنیکے واسطے اپنے مکان کی دیوارون مین بمقام النسٹین ۸۸ کیئے تہے
کہتے ہین کہ وہ ابتک برقرار ہین وہ ان سوراخون سے خط نصف النہار پر تارون کی
روانگی کا حساب لگاتا تہا جسوقت کہ وہ مجلس گراڈنو مین ڈپٹی تہا تو اون سکون کی
درستی کیواسطے ایک تجویز کی تہی جو خراب ہوگئے تہے۔

کوپرنکس سیارات کی حرکات کا بڑے جوش کے ساتہ مطالعہ اور معائنہ کرتا

رہا تھا اور چاہتا تھا کہ کوئی ایک ایسا نظام معلوم ہو جائے کہ جو ہر جگہ برابر چل سکتا ہو اور جسکی رو سے حساب مین کہین غلطی نہ آئے اگرچہ اوسوقت اس بارے مین لوگونکی اسقدر مختلف رائین تھین کہ جسقدر اوسوقت تک سیارے معلوم ہو چکے تھے اوسکی باریک بینی اور عقل کی تیزی نے اوسکا مطلب پورا کیا اور ایک نظام اوس کو ایسا مل گیا کہ ہر حالت مین صحیح نظر آیا اور اوسکو تشفی ہو گئی اور تیس سال کی متواتر محنت کے بعد اوس نے اپنی بڑی کتاب انقلابات اجرام سماوی کے بیان پر پوری کر لی اوسوقت جو بطلیموسی نظام کو لوگ مانتے تھے اوسنے قطعاً نامنظور کیا اور ظاہر کیا کہ زمین[1] اور دوسرے سیارات آفتاب کے گرد گردش کرتے ہین اور چاند زمین کے آس پاس گھومتا ہے اور زمین اپنے محور پر چکر کرتی ہے الغرض اوس نے ایسا نظام نکالا کہ جو اوسوقت سے برابر ثابت ہوتا چلا جاتا ہے اور حسابات مین کہین غلطی نہین پڑتی اور وہی صحیح ہے اگرچہ سنہ ۱۵۳۰ء مین اوس نے اپنی کتاب تمام کر لی تھی مگر وہ دشمنون اور حاسدون سے ڈرا کیونکہ اوسکا نظام اون کے مانے ہوئے نظام کو بالکل درہم برہم کرتا تھا مگر اوس کے شاگرد ریٹیکس کی کوشش سے نورمبرگ مین وہ مشتہر ہو گئی اور پوری نقل اوسکی کتاب کی طیار ہو کر ۲۴ مئی سنہ ۱۵۴۳ء کو کوپرنکس کے ہاتھ اوس روز پہونچی کہ جس روز وہ مر گیا۔ باقی آیندہ

راقم حسن

(۱) قیاس نظام شمسی کو فیثاغورث نے ۵۰۰ برس پیشتر مسیح سے بیان کیا تھا جسکا اس کتاب مین کہین ذکر اور حوالہ نہین دیا گیا۔ یقیناً ایک بڑی بھاری غلطی ہے۔ مترجم

اشتہار چھپائی مطبع مفید عام آگرہ

خدا کے فضل و کرم سے اس مطبع مین ہر قسم اور زبان کی کتابین اردو - ہندی - فارسی - عربی نہایت خوشخط صحیح و عمدہ ارزان نرخ پر عمدہ سیاہی مصالحہ سے لیتھو مین طبع ہوتی ہین - عدالتون و محکمہ بندوبست اور جنگی وغیرہ کے جملہ کاغذات بھی چھپتے ہین یہ نامی مطبع پچیس برس سے اپنے فرائض منصبی کو نہایت ایمانداری اور خوش معاملگی سے ادا کر رہا ہے اور اسکی شہرت اور نیکنامی روز افزون ہے اور اس مطبع مین نسبت اور مطابع کے کتابین بہت خوشخط صاف و عمدہ چھاپی جاتی ہین کیفیت نرخ وغیرہ کی خط و کتابت سے معلوم ہوسکتی ہے نمونہ کے لیے ہمارے مطبع کی چھپی ہوئی کتابین کافی و وافی ہین -

المشتہر

محمد قادر علیخان ولد احمد خان صوفی مرحوم مالک و مہتمم مطبع مفید عام آگرہ

مہتمم مرقع عالم کی مقبول تصنیفات

"**عبرت**" یعنی جان ادھر ہو ریاکاری اچھوتا ناول جو ۱۹۰۰ء مین مرقع عالم کی ساتھ شائع ہوا اور جسمین شادی نکرنے کے نقصانات بہت عمدہ پیرایہ مین دکھایے گیے ہین ضرور دیکھیے عاشقانہ رنگ مین ایسا علمی مذاق اور کہین آپ ندیکھینگے ضرور دیکھیے - حصہ اول عہ حصہ دوم عہ

"**جعفر و عباسہ**" دنیا کی بیوفائی - زمانہ کے انقلابات - حسرت - رنج - غم - بس

دل بگڑ کر رہجائیگا - بالکل طبیعت کے بیچین کر دینے والے سامان - یا ناول کے پیرایہ مین قوم کو ایک نیک صلاح جسمین عورتونکی بے پردگی کے نقصانات نہایت کامیابی کے ساتھہ دکھائے گئے ہین قیمت ۴ "مسیحاے عالم" حفظ صحت کی مستند کتاب جسمین اُن چیزون سے محققانہ بحث کی گئی ہے جنپر زندگی کا بالکل مدار ہے قیمت ۸ علاوہ محصول درخوست خریداری نقد یا باجازت ویلیو پی ایبل بنام حکیم محمد علی خانصاحب ڈیٹر "مرقع عالم" ہردوئی بھیجنا چاہیے - فقط

اشتہار

فیروزالدین کی بےنظیر مشہور عالم آزمودہ نہایت مفید دریچی دوائیان

خوب خیری یعنی "فیروز برداین پلڑ ٹانک" انسان کی صحت مسلمہ و شرطیہ دوائی جسکو ہندوستان بھر نے مفید مانا ہے اس دوائی نے میڈیکل فسران - حکما اور عام پبلک سے بڑی تصدیق حاصل کی ہے کہ جسمانی کمزوری - ضعف اعضای رئیسہ ضعف معدہ ضعف دماغ - لقوہ - آدھرنگ وغیرہ کو دور کرنے اور بدن مضبوط اور طاقتور بنانیکے لیے اور خصوصیت کے ساتھہ بلا مبالغہ بےنظیر اثر کے ساتھہ جوانی کی غلط کاریون اور بے احتیاطیون کے نقص دور کرنیمین بےنظیر ہین - بکس ۵ ہم گولی ۱ر **جوہر عشبہ** یعنی تریاق برای فسادات خون درد کہنہ - خارش پھوڑا پھنسی وغیرہ شیشی کلان ۲ر خرد ۱ر **فیروز بام** اکسیر برائے دمہ - کھانسی تر و خشک نزلہ و زکام آواز کا بیٹھہ جانا شیشی خرد ۱۲ر کلان ۱ر **تپ تلی** کا علاج اکسیر ہے - گولیان ۱۲ر عرق ۱ر ہزارون مایوس مریض خداوند تعالی کے فضل سے صحت یاب ہوے ہین تھوڑے

عرصہ کے مریض کیلیے یہ گولیان کافی ہین ہر ایک مریض کے لیے دونون چاہئین۔ **چوتھیا تپ** جا دو بہ اثر عرق مشہور ہے ایک شیشی سے چھہ مریض صحت پاتے ہین فی شیشی ۱۲ **حب بواسیر** بادی ہو یا خونی اکسیر ہے فی بکس عہ **فیروز شربت** اسکے استعمال سے عادات افیون و چانڈو وغیرہ بغیر تکلیف چھوٹ جاتی ہے نہ ہمین زہر ہے نہ نشہ ہے۔ صرف بوٹی سے طیار کیا ہے فی شیشی عہ **بادی گارڈ** دوائی ہیضہ و بدہضمی فی شیشی عہ **دیکھو تازہ شہادت**۔ جناب ڈاکٹر حسین شاہ صاحب راے بہادر سول سرجن میڈیکل افسر ضلع جھنگ ۱۸۹۲ء ۷ اکتوبر۔ آپکا جوہر عشبہ چند مریضون مین آزمایا گیا عمدہ مصفی خون نکلا ہے **جناب** ڈاکٹر مہتہ دونی چند صاحب اسٹنٹ سرجن انچارج شفاخانہ صدر سیالکوٹ ۱۴ اکتوبر ۱۸۹۲ء آپکی حبوب خیری تجربہ کیگئین از بس مفید ہین **گورنمنٹ** عالیہ انگلشیہ کا یورپین فوجی اعلی سے اعلی عہدہ دار جناب میجر بلیک صاحب بہادر ۱۱ نومبر ۱۸۹۲ء مقام ڈلہوزی (ترجمہ خط انگریزی) براہ مہربانی بوتل کلان فیروز بام و پلوبی اپل بھیجدیجیے درحقیقت تمہارا فیروز بام دمہ کھانسی کیلیے نہایت مفید ہے جناب مفتی دوست محمد خان صاحب از مقام چوہرکانہ تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ ۱۱ نومبر ۹۲ کو تحریر فرماتے ہین جناب کی خوش معاملگی اور راستبازی کی مین جہانتک تعریف کرون صحیح اور درست ہے آپکی راستبازی سے ہزارہا بندگان خدا فیضیاب ہوتے ہین جنمین سے ایک ادنی یہ شکرگزار بھی ہے مین نے آپکی حبوب خیری وغیرہ کا ضرورتاً مختلف وقتونمین استعمال کیا۔ سب ایسی سریع التاثیر اور بینظیر ثابت ہوئین کہ بیان نہین کرسکتا مین نے اپنی تمام عمر مین ایسی کوئی دوا نافع نہین پائی مجھے کلی فائدہ ہوگیا۔

المشتہر (فیروزالدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار امرتسر (پنجاب)

ہندوستان مین پیدا شدہ مرضون کا علاج

(مندرجہ ذیل ادویہ راقم سے امتحاناً منگاکر دیکھو)

شربت مقوی اعصاب۔ سریع الاثر قابل اعتماد صلبی طاقت کیلیے جو کثرت فواحشات و مسکرات و کثرت محنت سے ضعف دماغ معدہ و جگر و درد کمر قبض تاریکی چشم وغیرہ عوارض جو لطف دنیا سے محروم کرنیوالے ہون دور کرکے مثانہ و مادہ انسانی کو درست کرتا ہے قیمت فی شیشی للعہ **روغن خارجا** لگانیسے اون عوارض کو جو سوء اعمال و خلاف قدرت عامل ہونیسے اپنے ہاتھون قوا خراب کر چکے ہون فی تولہ للعہ **ہیر آئل** دلربا خوشبو کے علاوہ بالون کو سفید ہونیسے روکتا ہے نزلہ زکام ریزش عطسہ جنکو ادنی ادنی باتون سے ہوجاتا ہے آواز بھاری ہوجانا کھانسی وغیرہ کو دور کرتا ہے ضعف دماغ و بصر کو پیدا نہین ہونے دیتا فی شیشی عہ

سرمہ ممیرا مقوی بصر حافظ بینائی دہند جالا پانی جانا خارش سرخی غیرہ دور کرتا ہی دو ماشہ کیلیے ۸ **سنون عجیب الاثر** ہلتے دانت کو مضبوط کرتا ہی درد بدبوئیل گوشت خورہ مسوڑونکی خرابیان دفع کرتا ہی ۸ تولہ کیلیے عہ **حب دائمی قبض** در دشکم قراقر نفخ ریاح درد کمی اشتہا زردی چشم دل کا دہڑکنا ہاتھ پانوٗنکا جلنا عرق النسا سر چکرانا منھہ سے پانی جانا غیرہ دور ہوتا ہی چالیس حب کیلیے عہ **حب ذیابطیس** تشنگی بار بار آنا پیشاب کا زیادہ آنا کمزوری و ضعف کو دور کرکے قوت کو پیدا کرتا ہی جگر کو درست بناتا ہی ایک تولہ کیلیے عہ **حب بواسیر** غیرہ کو دور کرتا ہے دو ہفتہ کیلیے عہ **روغن اعجاز** اسکا اعجاز دیکھنا ہی تو امراض سرطان بدہ خنازیر تالو کا سوراخ بہگندر مین جب زخمون مین کیڑا پڑے اور پیپ نکلنے سے ناک مین دم ہو تو آزماؤ لگاتے ہی درد دور بدبو کافور پرسون کا زخم دنون مین بہتا ہی دو تولہ کیلیے عہ **حب قائم مقام افیون** افیون کھانیوالا زندہ در گور دنیا کی لطف سی محروم دیکھا جاتا ہی اسلیے اگر چھوڑنا چاہو بلا تکلف چھوڑ سکتے ہو ضمیمہ **خضاب** زینت شباب چند منٹ مین سیاہ رنگ سیاہ ڈھنگ آتا پیری مفقود علامات جوانی مشہود قیمت شیشی ۸ ر

المشتہر حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکما ایڈیٹر رسالہ حافظ صحت لاہور

کانپور کا قدرتی جوہر (چمڑہ کی دباغت و سامان کی طیاری)

جیسا کہ تمام ہندوستان مین صرف کانپور ہی کو یہ فوق حاصل ہی کہ مثل ولایت کی چمڑہ کی دباغت و اسباب کی طیاری مین اپنا آپ نظیر ہے ایسا ہی اس دوکان کو بھی سامان کی طیاری کی خصوصیت حاصل ہی یعنی جنکی اول درجہ کی قیمت چارج کیجاتی ہی بالکل اعلیٰ درجہ کی چمڑہ پر زرونکی ساتھہ نہایت پایداری سے سلائی وغیرہ کیجاتی ہی اور تمام وکمال ولایتی اوزارون سی اور نہایت ہوشیار کاریگرون سی کام لیا جاتا ہی اسکا بھی پورا لحاظ رہتا ہی کہ جس جس مقام کا چمڑا جانور کی جسم کا ناقص ہوتا ہی ہرگز نہین کہا جاتا بلکہ بلا خیال کسی نقصانکے نکال دیا جاتا ہی اور سلائی بھی کسی بریزے پر سوت کی نہین ہوتی بلکہ تہٹیکی بس جن صاحبونکو دستی طیاری کسی سامان چرمی کی مد نظر ہو مفصل فہرست اردو یا انگریزی کارخانہ ہذا کی طلب فرما کر طلب فرما دین اور ایک ہی آرڈر مین کارخانہ کی معاملت کہ حسن و قبح معلوم فرما دین علاوہ اسباب چرمی کی ہر قسم کا اسباب مثلاً جیسی گھڑیان و کلاک و ٹائم پیس جو تہ ساختہ کانپور لوٹے گلابی و موزہ گیٹر و بریلہ توسدان و ظروف برتن مرادآبادی کپڑا ولایتی و دیسی ہر قسم کا و برتن مسی عطر وغیرہ جس قسم کی ضرورت ہو دوسرے سوداگر و کمیشن ایجنٹ کانپور و بمبئی کی فہرست ملا کر فہرست سے جس چیز کو میری کمیشن ایجنٹی مین منگانا منظور ہو اوس چیز کے نمبر فہرست مذکور سے ارقام فرما کر طلب فرما دین انشاء اللہ وہی چیز قیمت مندرجہ فہرست سے فی روپیہ کی تخفیف سے ارسال ہوگی

المشتہر کرم الٰہی سوداگر مچھلی بازار کانپور

اطلاع بخدمت خریداران رسالہ حسن

رسالہ حسن جو ماہوار زیر نگرانی و سرپرستی عالیجناب نواب عماد نواز جنگ بہادر
حیدرآباد دکن سے نکلتا ہے چند مہینے سے عالی درجہ قدردانوں کی فرمایش سے
مطبع مفید عام آگرہ سے چھپتا ہے کہ فن میں مسلم اور نہایت پسندیدہ شائع
ہوتا ہے تاکہ اولو العزم ناظرین کو خوبی مضامین کے ساتھ لوازم طبع کا بھی ذریعہ
لطف حاصل ہو جو حیدرآباد کے مطابع سے باوجود کوشش کے نہیں ہوا اسی
لئے مجبوراً حیدرآباد کا خاص مطبع بیکار کر دینا پڑا اور اخراجات کی توقیر ہوئی [illegible]
کہ ہمارے اولو العزم ناظرین بلحاظ کثرت [illegible] اخراجات [illegible] اپنا [illegible] ادا فرما
ممنون کریں گے اور اس علمی پرچے کی درستی و قلمی مدد فرما کر اپنی قوم کو ترقی
علوم و فنون کے اشاعت کی جو ضرورت ہے اس سے فائدہ اٹھانے کا موقع
دینگے مطبع مفید عام آگرہ کو رسالہ کے دیگر تعلقات سے کچھ [illegible] نہیں ہے اسلئے
جملہ خط و کتابت و ترسیل زر حسب دستور سابق حیدرآباد میں نواب [illegible]
کے نام نامی سے ہونی چاہئے چندہ سالانہ سال تمام [illegible] محصول ڈاک [illegible]

اجرت اشتہار فی مرتبہ فی صفحہ ایک روپیہ

المشتہر محمد یوسف منیجر رسالہ حسن حیدرآباد دکن

حسن

جلد ہفتم (۷) نمبر چہارم (۴)

بابت ماہ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

سلطنتِ قیصری

از عالی جناب نواب عماد نواز جنگ بہادر

مطبع حسن میں چھپکر شائع ہوا

اطلاع بخدمت خریداران رسالہ حسن

رسالہ حسن جو ماہوار زیر نگرانی و سرپرستی عالیجناب نواب عماد نواز جنگ بہادر
حیدرآباد دکن سے نکلتا ہے چند مہینے سے عالی درجہ قدردانوں کی فرمایش سے
مطبع مفید عام آگرہ سے جو چھاپنے کے فن میں مسلم اور نہایت پسندیدہ ہے شائع
ہوتا ہے تاکہ اولوالعزم ناظرین کو خوبی مضامین کے ساتھ لوازم طبع کا بھی پورا
لطف حاصل ہو جو حیدرآباد کے مطابع سے باوجود کوشش کے ممکن نہیں ہوا اسی
ہمکو اپنا حیدرآباد کا خاص مطبع بیکار کر دینا پڑا اور اخراجات کی توقیر ہوئی ہمکو یقین
کہ ہمارے اولوالعزم ناظرین بلحاظ کثرت وجہ اخراجات قدر افزائی فرما کر ہمارا
ممنون کرینگے اور اس علمی پرچے کی درسے وقت مدد فرما کر اپنی قوم کو مختلف
علوم و فنون کے اشاعت کی جو ضرورت ہے اس سے فائدہ اوٹھانے کا موقع
دینگے مطبع مفید عام آگرہ کو رسالہ کے دیگر تعلقات سے کوئی بحث نہیں ہے اسلئے
جملہ خط و کتابت و ترسیل زر حسب دستور سابق حیدرآباد میں نواب صاحب ممدوح
کے نام نامی سے ہونی چاہیے چندہ سالانہ سال تمام محصول آٹھ آنے

اجرت اشتہار فی مرتبہ فی صفحہ ایک روپیہ

المشتہر محمد یوسف منیجر رسالہ حسن حیدرآباد دکن

حسن

جلد ہفتم (۷)

نمبر چہارم (۴)

بابت ماہ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

سلطنتِ قیصری

از عالی جناب نواب عماد نواز جنگ بہادر

مطبع حسن میں چھپکر شایع ہوا

سلطنت قیصریہ

اس سلطنت کا کچھہ حال بہ ہندوستان ہم اس سے قبل لکھہ چکے ہین۔ اب سلطنت یورپ کا حال قلمبند کرتے ہین۔ اگرچہ ہمارا یہ مضمون نہایت مختصر ہے اور حتی الامکان صرف ہندسون مین بتلایا گیا ہے تاہم اردو کے پڑہنے والون کے واسطے مفید ہے۔ جو احباب گورنمنٹ قیصریہ کی نسبت رائے زنی کرتے ہین اون کو اس عظیم الشّان گورنمنٹ کی قوت مالی و ملکی و انتظامی سے بھی پوری پوری وقفیت نہایت ضرور ہے۔

انگریزی سلطنت واقع یورپ

سلطنت برطانیہ کے دو حصے ہین۔

اولاً سلطنت متحدہ برطانیہ عظمی (گریٹ برٹن) و آئرلینڈ۔

ثانیاً ہندوستان و آبادیان ریاستہا ے محفوظہ و توابعات۔

پس ہم اسوقت سلطنت اوّل الذکر کا بیان کرتے ہین۔

ملکہ و قیصر فرمان روا

اسوقت وکٹوریہ ملکہ معظمہ برطانیہ عظمے و آئرلینڈ اور قیصر ہند حکمران ہین جو ۲۴ مئی سنہ ۱۸۱۹ عیسوی کو پیدا ہوئی ہین - اونکے باپ کا نام اڈورڈ ڈیوک آف کینٹ تھا اور یہہ بادشاہ جارج ثالث کے چوتھے بیٹے تھے - ملکہ معظمہ کی والدہ کا نام شاہزادی وکٹوریہ آف سکس سالفیلڈ کوبرگ تھا - اور یہہ شاہزادہ امیچ آف لننگن کی بیوہ تھین - جب بادشاہ ولیم چہارم ملکہ معظمہ کے چچا نے ۲۰ جون سنہ ۱۸۳۷ عیسوی کو وفات پائی تو ملکہ تخت نشین ہوئین - اور رسم تخت نشینی ۲۸ جون سنہ ۱۸۳۸ع کو بہ مقام ویسٹ منسٹر ابی ادا کی گئی - ۱۰ فروری سنہ ۱۸۴۰ع کو شاہزادہ البرٹ آف سکس کوبرگ گوتھا سے اون کی شادی ہوئی - اور ۱۴ دسمبر سنہ ۱۸۶۱ع کو وہ بیوہ ہوگئین -

اولاد ملکہ معظمہ

(۱) پرنسس وکٹوریہ (جو امپریس فریڈرک ہین) ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۴۰ع کو پیدا ہوئین - اور ۲۵ جون سنہ ۱۸۵۸ع کو پرنس فریڈرک ولیم (فریڈرک اوّل خاندان جرمنی) سے جو ولیم اوّل شاہنشاہ جرمنی اور بادشاہ پروشیا کا بڑا بیٹا تھا اون کی شادی ہوئی - اور ۱۵ جون سنہ ۱۸۸۸ع کو بیوہ ہوگئین -

(۲) البرٹ اڈورڈ پرنس آف ویلز ۹ نومبر سنہ ۱۸۴۱ع کو پیدا ہوئے - ۱۰ نومبر سنہ ۱۸۶۳ع کو پرنسس الگزینڈرا دختر شاہ کرسچین نہم ڈنمارک سے ان کی شادی

ہوئی۔ اولاد (۱) جارج ڈیوک آف یارک۔ ۳ر جون ۱۸۶۵ء کو پیدا
ہوئے (۲) لوئس ۲۰ر فروری ۱۸۶۷ء کو پیدا ہوئین اور ۲۷ر جولائی ۱۸۸۹ء
کو ڈیوک آف فائف سے شادی ہوئی۔ اِن کی ایک بیٹی الگزینڈرا وکٹوریہ ۱۷ر مئی ۱۸۹۱ء
کو پیدا ہوئی ہے (۳) وکٹوریہ ۶ر جولائی ۱۸۶۸ء کو پیدا ہوئین۔ (۴)
ماد ۲۶ر نومبر ۱۸۶۹ء کو پیدا ہوئے۔

(۳) پرنس الفرڈ ڈیوک آف اڈنبرا۔ ۶ر اگست ۱۸۴۴ء کو پیدا ہوئے اور
۲۳ر جنوری ۱۸۷۴ء کو گرانڈ ڈچیس میری آف رشیا سے جو شاہنشاہ الگزینڈر ثانی کے
اکلوتی بیٹی ہین اِن کی شادی ہوئی۔ اولاد (۱) الفرڈ ۱۵ر اکتوبر ۱۸۷۴ء
کو پیدا ہوئے (۲) میری۔ ۲۹ر اکتوبر ۱۸۷۵ء کو پیدا ہوئین۔ اور ۱۰ر جنوری
۱۸۹۳ء کو پرنس فرڈیننڈ آف ہوہنزولرن سگمارنگن ولیعہد رومانیا سے اِن کی
شادی ہوئی (۳) وکٹوریہ۔ ۲۵ر نومبر ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوئین (۴) الگزینڈرا
یکم ستمبر ۱۸۷۸ء کو پیدا ہوئے (۵) بیٹرس ۲۰ر اپریل ۱۸۸۴ء کو پیدا ہوئے

(۴) پرنسس ہلینا۔ ۲۵ر مئی ۱۸۴۶ء کو پیدا ہوئین۔ اور ۵ر جولائی ۱۸۶۶ء
کو پرنس کرسچین آف شلسوگ ہولسٹین سے ان کی شادی ہوئی اولاد۔
(۱) کرسچین ۱۴ر اپریل ۱۸۶۷ء کو پیدا ہوئے (۲) البرٹ جان ۲۶ر فروری
۱۸۶۹ء کو پیدا ہوئے (۳) وکٹوریہ ۳ر مئی ۱۸۷۰ء کو پیدا ہوئین (۴)
لوئس ۱۲ر اگست ۱۸۷۲ء کو پیدا ہوئین۔ اور ۶ر جولائی ۱۸۹۱ء کو پرنس اربرٹ

آف انہلٹ سے ان کی شادی ہوئی۔

(۵) پرنسس لوئس۔ ۱۸ مارچ سنہ ۱۸۴۸ء کو پیدا ہوئین۔ اور ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۷۱ء کو جان مارکوئس آف لورن فرزند اکبر ڈیوک آف آرگائل سے ان کی شادی ہوئی۔

(۶) پرنس آرتھر ڈیوک آف کناٹ یکم مئی سنہ ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوئے۔ اور پرنسس لوئی ژ آف پرشیا سے جو ۲۵ جولائی سنہ ۱۸۶۰ء کو پیدا ہوئی ہین اِن کی شادی ہوئی۔ اولاد (۱) مارگرٹ وکٹوریہ ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۸۲ء کو پیدا ہوئین (۲) آرتھر۔ ۱۳ جنوری سنہ ۱۸۸۳ء کو پیدا ہوئے (۳) وکٹوریہ۔ ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۸۶ء کو پیدا ہوئین

(۷) پرنسس بٹرس ۱۴ اپریل سنہ ۱۸۵۷ء کو پیدا ہوئین اور ۲۳ جولائی سنہ ۱۸۸۵ء کو پرنس ہنری فرزند ثالث پرنس الگزینڈر آف بٹینبرگ عم لڈوک چہارم گرانڈ ڈیوک آف ہیس سے اِن کی شادی ہوئی۔ اولاد (۱) الگزینڈر البرٹ ۲۳ نومبر سنہ ۱۸۸۶ء کو پیدا ہوئے (۲) وکٹوریہ یوجین ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۸۷ء کو پیدا ہوئین (۳) لیوپولڈ آرتھر لوئس۔ ۲۱ مئی سنہ ۱۸۸۹ء کو پیدا ہوئے (۴) مارس وکٹر ڈونلڈ ۳ اکتوبر سنہ ۱۸۹۱ء کو پیدا ہوئے۔

اعزّا د ملکہ معظمہ

(۱) پرنس آرنسٹ اگسٹ ڈیوک کمبرلینڈ ۲۱ ستمبر سنہ ۱۸۴۵ء کو پیدا ہوئے یہ ڈیوک آرنسٹ اگسٹ کمبرلینڈ کے پوتے ہین جو بادشاہ جارج ثالث کے پانچوین بیٹے تھے ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۷۸ء کو تھرا شاہزادی ڈنمارک سے جو ۲۹ ستمبر سنہ ۱۸۵۳ء کو

پیدا ہوئی ہین ان کی شادی ہوئی۔ ۶ بچے ہین

(۲) پرنس جارج ڈیوک آف کیمبرج - ۲۶ مارچ ۱۸۱۹ء کو پیدا ہوے یہہ ڈیوک اڈولف کیمبرج کے پوتے ہین جو بادشاہ جارج ثالث کے چھوٹے بیٹے تھے - یہہ برٹش فوج کے فیلڈ مارشل کمانڈنگ ان چیف ہین -

(۳) پرنسس اگسٹ شاہزادہ موصوف کی بہن - ۱۹ جولائی ۱۸۲۲ء کو پیدا ہوئین اور ۲۸ جون ۱۸۴۳ء کو گرانڈ ڈیوک فریڈرک ولیم والی میکلنبرگ اسٹرلیٹز سے انکی شادی ہوئی -

(۴) پرنسس میری شاہزادی موصوفہ کی بہن ۲۷ نومبر ۱۸۳۳ء کو پیدا ہوئین اور ۱۲ جون ۱۸۶۶ء کو فرانسز دان ٹک فرزند پرنس الگزینڈر والی ورٹمبرگ سے جو ۲۷ اگست ۱۸۳۷ء کو پیدا ہوئے ان کی شادی ہوئی - ان کے چار بچے ہین - (۱) وکٹوریہ میری جو ۲۶ مئی ۱۸۶۷ء کو پیدا ہوئین - (۲) البرٹ جو ۱۳ اگست ۱۸۶۹ء کو پیدا ہوئے (۳) فرانز جوزف جو ۹ جنوری ۱۸۷۰ء کو پیدا ہوئے (۴) الگزینڈر جو ۱۴ اپریل ۱۸۷۴ء کو پیدا ہوئے -

ملکہ کو سلطنت اپنے حق سے ملی ہے کیونکہ وہ بلحاظ وراثت اور نیز انتخاب کی رو سے تخت نشین ہوئی ہین - اور یہہ حق اون کا قانون ۱۲ و ۱۳ ولیم ثالث باب ۲ کے مطابق ہے - جس کی رو سے پرنس سوفیہ آف ہنوور اور اوسکی اوس اولاد کے لئے جو پروٹسٹنٹ مذہب کی ہو وارث تخت تسلیم کیا گیا ہے

ملکہ کی آمدنی پارلیمنٹ کی منظوری پر موقوف ہی - اور پہلے بادشاہون کی
بہ نسبت بہت کم ہے - جارج اوّل کے زمانے مین اس آمدنی کی مقدار بعض اوقات
مین ۱۰۰۰۰۰۰ پونڈ تھی - لیکن سنہ ۱۸۲۰ء مین یہ آمدنی ۹۰۰۰۰۰ پونڈ مقرر ہوگئی
تھی - اور جو آمدنی موروثی مقبوضہ بابت صرف شاہی سے اس کی بہ نسبت کچھہ زیادہ
ہوتی تو وہ خزانے مین روانہ کردیجاتی تھی - ولیم چہارم کے زمانے مین بہت سے
خرچ کم کردئے گئے - اور ۵۱۰۰۰۰ پونڈ ماہوار شاہی خرچ کے لئے مقرر کئے گئے
قانون ۱ و ۲ وکٹوریہ باب ۲ کی رو سے یہہ مقرر ہوگیا ہے
کہ عہد ملکہ معظمہ مین شاہی اخراجات کے محاصل سرکاری محاصل کا ایک جز رہین -
مگر جو روپیہ صرف خاص کے واسطے ہے وہ ملکہ کو دیدیا جایا کرے - درحقیقت اس
قانون کی رو سے ملکہ معظمہ نے اپنی سالانہ تنخواہ ۳۸۵۰۰۰ پونڈ مقرر کرلی ہے
جس مین سے ۶۰۰۰۰ جیب خاص کا خرچ ہے اور ۲۳۱۲۶۰ پونڈ ملازمان خانگی
کی تنخواہ ہے - اور ۴۴۲۴۰ پونڈ اون کے وظیفے اور پنشن کے واسطے ہے
اور ۱۳۲۰۰ پونڈ خیرات وصدقات کے لئے رکھے ہین - اس کے بعد ۳۶۳۰۰ پونڈ
اور بچتے ہین جو کسی خاص کام کے نام سے نہین ہین اور اسوجہہ سے درباری اخراجات
مین آجاتے ہین - ملکہ معظمہ نے لنکیسٹر کے ڈچی (نوابی) بھی اپنے لئے رکھی
ہے جسکی سنہ ۱۸۹۱ء مین ۸۴۴۰۰ پونڈ آمدنی ہوئی تھی - اور جو روپیہ اس مین
سے ملکہ کو اوس سال دیا گیا اوسکی مقدار ۵۰۰۰۰ پونڈ تھی -

یہ شاہی خاندان کی تنخواہین بہی سرکاری محاصل سے ہی دیجاتی ہین۔

ڈیوک آف اڈنبرا کو ۲۵۰۰۰ پونڈ سالانہ۔ ڈیوک آف کناٹ کو ۲۵۰۰۰ پونڈ۔ امپریس وکٹوریہ جرمنی کو ۸۰۰۰ پونڈ۔ پرنس کرسچین شلسوگ ہولسٹن کو ۶۰۰۰ پونڈ۔ پرنسس لوئس مارشنس آف لورن کو ۶۰۰۰ پونڈ۔ پرنسس ہنری (بیٹرس) آف بیٹنبرگ کو ۶۰۰۰ پونڈ۔ گرانڈ ڈچس آف مکلنبرگ اسٹرلٹز کو ۳۰۰۰ پونڈ۔ پرنسس ٹیک کو جو پہلے پرنسس میری آف کیمبرج تہین ۵۰۰۰ پونڈ۔ جارج ڈیوک آف کیمبرج کو ۱۲۰۰۰ پونڈ پرنسس ہلینا آف والڈک ڈچس آف البنی کو ۶۰۰۰ پونڈ۔

بموجب قانون ۲۶ وکٹوریہ باب اوّل کے ولیعہد کو ۴۰۰۰۰ پونڈ سالانہ ملتے ہین۔ اور علاوہ اسکے ۱۸۸۹ء کے قانون کے بموجب اپنے بچون کی پرورش کے واسطے اونہین ۳۶۰۰۰ پونڈ سالانہ اور ملتے ہین۔ اور شاہزادہ ویلز کو اسکے سوا ڈچی آف کارنوال بہی دیدی گئی ہے جس سے ۱۸۹۱ء مین ۱۰۰۶۸۰ پونڈ آمدنی ہوئی۔ اور شاہزادہ موصوف کو اوس سے ۶۲۳۸۴۸ پونڈ دے گئے۔ پرنسس آف ویلز کو بہی قانون ۲۶ وکٹوریہ باب اوّل کی رو سے ۱۰۰۰۰ پونڈ سالانہ ملتے ہین اور جو بیوگی کی حالت مین ۳۰۰۰۰ پونڈ ہوجائینگے۔

جب سے انگلستان اور اسکاٹلینڈ کے تخت ملکر ایک ہوگئے ہین۔ اوس وقت سے جو بادشاہ برطانیہ عظمیٰ کے تخت پر بیٹھے اون کی مع تاریخ تخت نشینی اس طرح ہے۔

خاندان اسٹوارٹ

جیمس اول .... سنہ ۱۶۰۳ء

چارلس اول .... سنہ ۱۶۲۵ء

سلطنت جمہوری

پارلیمینٹ کی کارپردازی .. سنہ ۱۶۴۹ء

پروٹکٹریٹ (یعنے وہ زمانہ جس میں سلطنت کا حکمران ایک کارپرداز محافظ تھا) سنہ ۱۶۵۳ء

خاندان اسٹوارٹ

چارلس ثانی ...... سنہ ۱۶۶۰ء

جیمس ثانی .... سنہ ۱۶۸۵ء

خاندان اسٹوارٹ اورنج

ولیم و میری .... سنہ ۱۶۸۹ء

ولیم ثالث .... سنہ ۱۶۹۴ء

خاندان اسٹوارٹ

این .... سنہ ۱۷۰۲ء

خاندان ہنوور

جارج اول ...... سنہ ۱۷۱۴ء

جارج ثانی ...... سنہ ۱۷۲۷ء

جارج ثالث .... سنہ ۱۷۶۰ء

جارج چہارم ...... سنہ ۱۸۲۰ء

ولیم چہارم ...... سنہ ۱۸۳۰ء

وکٹوریہ .... سنہ ۱۸۳۷ء

سلطنت متحدہ برطانیہ عظمی و آئرلینڈ

حکومت اور اوسکا طرز

۱ اختیارات شاہی و صدر محکمجات

سلطنت برطانیہ کے قانون بنانے کا سب سے بڑا اختیار پارلیمنٹ کو ہے - پریوی کونسل کے مشورے پر جب کبھی بادشاہ کو پارلیمنٹ کا طلب کرنا منظور ہوتا ہے تو اوسکے اجتماع سے کم ازکم (۳۵) روز پیشتر دفتر چینسلر (دیوان عظم) سے ایک شاہی فرمان جاری ہوا کرتا ہے - اور ایسے ہی جب ہوس آف کامنز (دیوان عام) مین جب کوئی ممبری خالی ہوتی ہے تو پارلیمنٹ کے اجلاس کے زمانے مین ہوس کی تحریک سے اور ایام تعطیل مین اسپیکر (میر مجلس) کے اشارے سے فرمان اجرا پاتا ہے - کچھہ عرصے سے ایسا دستور ہو گیا ہے کہ پارلیمنٹ کا سالانہ اجلاس وسط فروری سے آخر اگست تک ہوا کرتا ہے - یہہ ضرور ہے کہ اوسکا اجلاس بہت لمبا ہو کیونکہ جو مسودات پیش شدہ اگر اجلاس موجودہ مین منظور نہ ہون تو وہ سب غارت جایا کرتے ہین - جو شاہی اشتہار اس غرض سے مشتہر ہوتا ہے کہ پارلیمنٹ اپنا کام شروع کرے اوسکے لئے ضرور ہے کہ جلسے کے وقت سے ۱۴ دن پیشتر جاری ہو - پارلیمنٹ کی برخاستگی گویا اوسکی موت ہے - بادشاہ کی مرضی سے وہ موقوف کیا جاتا ہے - لیکن جیسا کہ آجکل دستور ہو گیا ہے وہ یہہ ہے کہ تعطیل کے ایام مین اشتہار کے ذریعے سے یا اوس کی مدت کے ختم ہونے پر موقوف ہوا کرتا ہے قانوناً اوسکی مدت ۷ سال ہے - پہلے جب کبھی بادشاہ مرا کرتا تھا تو پارلیمنٹ موجودہ موقوف ہو جاتا تھا - مگر ولیم ثالث کے عہد سے یہہ قاعدہ قرار پایا تھا کہ نئے بادشاہ

تحت نشینی سے اوسکی موتوفی چھ مہینے تک ملتوی رہتی تہی۔ اب ۱۸۶۷ء کے ریفارم اکٹ کے بموجب جب کبھی آئندہ کوئی بادشاہ مرے گا تو پارلیمنٹ اوس سے موتوف نہ ہوگا۔

پارلیمنٹ کی موجودہ صورت جو دو ہوس آف لیجسلیچر (مقننین کے دیوانون) ہوس آف لارڈز (دیوان خاص) اور ہوس آف کامنز (دیوان عام) مین منقسم ہے چودھوین صدی کے وسط سے چلے آتے ہین۔

اپر ہوس (دیوان اعلے) مین پییرز (امرا) لوگ بھرتی ہوا کرتے ہین۔ اور اون کے بھرتی ہونے کے حقوق اس طرح حاصل ہوتے ہین۔

(۱) بسبب حق وراثت۔

(۲) بحکم بادشاہ وقت۔

(۳) بوجہہ عہدہ جیسے انگریزی بشپ۔

(۴) بوجہہ انتخاب مدت العمر۔ جیسے آئرلینڈ کے پییر۔

(۵) بوجہہ انتخاب تا میعاد پارلیمنٹ۔ جیسے اسکاٹ لینڈ کے پییر۔

۱۸۳۰ء مین اوسکے ممبرون کی تعداد ۴۰۱ تھی۔ ۱۸۴۰ء مین ۴۵۷ ۱۸۵۰ء مین ۴۴۸ ۱۸۶۰ء مین ۴۵۸ ۱۸۸۰ء مین ۵۰۳ ۱۸۹۲ء مین ۵۶۲۔ ان موروثی پییرون مین سے دو ثلث تو ایسے ہین جو اسی صدی مین پییر ہوئے ہین۔ اگر خاندان شاہی اور مذہبی پییرون سے قطع نظر کرلین تو

ہوس آف لارڈز کے ۴ پیر ایسے ہین جو تیرہوین صدی کے اخیر سے ہین۔ اور ۷ چودہوین صدی کے۔ اور ۷ پندرہوین صدی کے ہین۔ علاوہ برین ۷ پیریس سلطنت متحدہ مین اور ۳ اسکاٹ لینڈ مین ہین۔ اور ۲۰ اسکاٹ لنیڈ اور ۴۴ ائرلینڈ کے ایسے پیر ہین جو پارلیمنٹ کے پیر نہین ہین واضعان قانون کے لوڈر ہوس (دیوان ادنے) مین جب سے کہ قانون ۴۹ ہنری ثالث کا جاری ہوا ہے شائر کے نائٹ (ضلع کے عمائد) سٹیزن (شہری) برجس (قصبات کے معزز) داخل ہوا کرتے ہین۔ اور سب ملکے راے دیا کرتے ہین۔ اڈورڈ اول کے عہد مین ۳۷ شائر (ضلع) اور ۱۶۶ برو (قصبہ) کی جانب سے دو دو وکیل ہوس آف کامنز مین آیا کرتے تھے لیکن جب ہنری ہشتم تخت نشین ہوا تو ان ممبرون کی انتخاب کرنے والی جماعتون کی تعداد صرف ۱۴۷ تھی۔ اڈورڈ چہارم کے زمانے سے چارلس ثانی کے عہد تک جو ترقی ہوئی وہ بالکل برو کے ممبرون مین ہوئی۔ چارلس اول کے چوتھی پارلیمنٹ مین انگلستان اور ویلز کے اون مقامات کی تعداد جہان سے ممبر منتخب ہوتے تھے ممبران کاونٹی (اضلاع) کے سوا ۲۱۰ تھی۔ اور اسٹوارٹون کے زمانہ حکومت مین ہوس آف کامنز کے ممبرون کا شمار ۵۰۰ کے قریب تک ہو گیا تھا اسکے بعد ممبرون کی تعداد مین اسکاٹ لینڈ کے شمول تک جو ملکہ این کے زمانہ مین واقع ہوا کوئی بڑا فرق نہ ہوا۔ مگر اسکاٹ لینڈ کے ملنے پر ۴۵ وکیل اور

زائد کئے گئے۔ اور نیز سنہ ۱۸۱۶ء مین آئرلنڈ کی طرف سے ۱۰۰ ممبر بڑہائے
گئے۔ اسطرح پر قانون سنہ ۱۸۳۲ء تک جس کی روسے ممبرون کا جدید انتظام
ہوا ہے ممبرون کی اوسط تعداد ۶۵۰ کے قریب قریب رہے۔ مگر اس قانون
نے (۶۷۰) قرار دیے گئے۔

سنہ ۱۸۳۲ء کے قانون ریفارم سے انگلش کاونٹیون (اضلاع) کی اون
جماعتون کی تعداد جو ممبرون کو منتخب کرتے ہین ۵۲ سے ۸۲ تک بڑہادی گئی
اور ۵۶ بروسے جس مین ۲۰۰۰ سے آبادی کم تہے استحقاق انتخاب بالکل
لے لیا گیا تہا۔ اور ۳۱ بروسے جس مین ۴۰۰۰ سے آبادی کم تہی بجائے
۲ کے ایک ممبر بھیجنا مقرر کیا گیا تہا۔ برخلاف اسکے ۲۲ نئے بروکو دو دو
ممبر بھیجنے کا اور ۲۴ کو ایک ایک ممبر بھیجنے کا استحقاق عطا ہوا۔ اسکاٹ لینڈ مین
قصبات کے ممبرون کی تعداد ۱۵ سے ۲۳ یعنے کل ۵۳ اور آئرلینڈ کے
۱۰۰ سے ۱۰۵ تک ہوگی۔

اسکے بعد ہوس آف کامنز مین جو جماعتہا ئے انتخاب کنندگان مین
بڑی تبدیلی ہوئی وہ تبدیلی قانون سنہ ۱۸۶۷ء کی روسے ہوئی تہی اس قانون
کے بموجب انگلینڈ اور ویلز کو ۴۹۳ ممبر اور اسکاٹ لینڈ کو ۶۰ ممبرون کے
بھیجنے کا حق دیا گیا۔ مگر آئرلینڈ والون کے حقوق مین کچہہ تبدیلی نہین ہوئی
اور انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے برون کو خاندانی رائے دینے کا استحقاق بہی

مرحمت ہوا۔ مگر جو تبدیلی کہ پارلیمینٹ مین اس سے پیچھے ہوئی وہ قانون ۱۸۸۴ء بابت وکالت رعایا اور قانون ۱۸۸۵ء بابت انتظام تقرر وکلا سے ہوگئی ہے پہلے قانون کی رو سے مالکان مکان وکرایہ داران کاونٹی (اضلاع) کو بھی حق راے زنی حاصل ہوگیا ہے۔ جو قانون ۱۸۶۷ء کے بموجب صرف مالکان مکان وکرایہ داران برو کو تھا۔ اور دوسرے قانون کے حکم سے سلطنت متحدہ کے کاونٹی اور برو (اضلاع اور قصبات) کی جماعت انتخاب کنندگان مین ایک نئی صورت پیدا ہوگئی ہے جس سے کاونٹی اور برو مین مالکان مکان اور کرایہ داران کو حق راے زنی یکسان ملگیا ہے۔

قانون ۱۸۸۴ء "وکالت رعایا" کی رو سے ایک سروس فرنچائز (حق راے زنی بوجہ ملازمت) بھی قایم کیا گیا ہے۔ اور قاعدۂ انتخاب مین تینون ملکتون کو مساوات حاصل ہوگئی ہے۔

قانون انتظام ۱۸۸۵ء کے بڑے نتایج بلحاظ تعداد ممبران پارلیمینٹ کے جو کاونٹی برو اور یونیورسٹیون سے منتخب ہوے حسب تفصیل ذیل ہین۔

	تعداد ممبران از انگلینڈ			تعداد ممبران از اسکاٹلینڈ			تعداد ممبران از آئرلینڈ			کل تعداد ممبران از سلطنت متحدہ		
	کاونٹی (ضلع)	برو (قصبہ)	یونیورسٹی	کاونٹی	برو	یونیورسٹی	کاونٹی	برو	یونیورسٹی	کاونٹی	برو	یونیورسٹی
موجودہ حال	۲۵۳	۲۳۷	۲	۳۹	۳۱	۲	۸۵	۱۶	۲	۳۷۷	۲۸۴	۹
سابق	۲۸۷	۲۹۷	۵	۳۲	۲۶	۲	۶۴	۳۷	۲	۳۸۳	۳۶۰	۹

اسلیئے اون ممبرون کی کل تعداد اب ۶۷۰ ہے جو قبل قانون انتظام کے ۶۵۲ تھی - اسکاٹ لینڈ کیطرف سے ۱۲ اور انگلینڈ کی جانب سے چھ عہدہ دار زائد ہین -

قانون مذکور کے بعد منتخب کنندون کی تعداد جو درج رجسٹر ہوئی وہ پہلی تعداد کے مقابلے مین حسب تفصیل ذیل ہے -

		کاونٹیان	برو	یونیورسٹیان	کل تعداد رجسٹر کنندگان
بابتہ ۱۸۶۲ء	انگلینڈ وویلز	۲۷۴۷۱۶۵	۲۰۴۷۰۰۹	۱۶۰۶۶	۴۸۱۰۲۳۷
	اسکاٹ لینڈ	۳۳۶۲۹۵	۲۵۳۱۸۰	۱۶۹۲۸	۶۰۶۴۰۳
	آئرلینڈ	۶۴۲۸۶۵	۹۷۵۹۹	۴۳۵۲	۷۴۴۸۱۶
	کل سلطنت متحدہ	۳۷۲۶۳۲۵	۲۳۹۷۷۸۵	۳۷۳۴۶	۱۶۱۴۵۶
سنہ ۱۸۸۳ء	انگلستان وویلز	۹۶۶۷۱۹	۱۶۵۱۷۳۲	بروئے تخمین	۲۶۱۸۴۵۱
	اسکاٹ لینڈ	۹۹۷۵۲	۲۱۰۷۸۹		۳۱۰۲۴۱
	آئرلینڈ	۱۶۵۹۹۷	۵۸۰۲۱		۲۲۴۰۱۸
	کل سلطنت متحدہ	۱۲۳۲۳۶۸	۱۹۲۰۷۴۲		۳۱۵۲۹۱۰

اس طرح چیر ریفارم بل (قانون اصلاح) سے تیس لاکھ منتخب کنندے زیادہ ہوگئے

اور اب کل آبادی کے چھٹے حصے کی برابر منتخب کنندون کی تعداد ہے۔

ناخواندہ ووٹ (رائے) دینے والونکی تعداد اور کل ووٹ دینے والونکی تعداد حسب ذیل ہے

	انگلینڈ	اسکاٹ لینڈ	آئرلینڈ	کل سلطنت متحدہ
ناخواندہ	۸۰۴۳۰	۷۷۰۸	۹۸۴۰۳	۱۸۶۵۴۱
کل ووٹ دہندون کی تعداد	۳۷۰۵۱۰۳	۴۴۷۵۸۸	۴۵۰۹۰۶	۴۶۰۳۵۹۷

چونکہ یہہ ضرور ہے کہ ممبران پارلیمنٹ کے انتخاب کا ووٹ از قرعہ مخفی طور پر ہو اسلیے اس مقصد کے لئے ایک قانون ہر سال منظور ہوا کرتا ہے۔

پارلیمنٹ کا ممبر ہونے کے لئے صرف ایک چیز یعنی ۲۱ برس کی عمر کی ضرورت ہے۔ اور اسکے سوا اور کسی امر کی شرط نہین ہے لیکن چرچ آف انگلنڈ۔ وچرچ آف اسکاٹ لینڈ۔ ورومن کیتھولک فرقون کے پادری پارلیمنٹ کے ممبر نہین ہوسکتے۔ اور نہ کوئی سرکاری ٹھیکہ دار اور نہ شیرف اور نہ عہدہ داران کارروائی انتخاب اپنے اپنے اضلاع کیلئے ووٹ دیسکتے ہین اور نہ ممبر مقرر ہوسکتے ہین۔ کوئی انگلنڈ کا پیر یا اسکاٹ لینڈ کا پیر ہوس آف کامنز مین بھرتی نہین ہوتا۔ لیکن آئرلینڈ کے نن ریپریزنٹے ٹیو پیرون کو ممبر ہونیکا استحقاق حاصل ہے۔

سلطنت متحدہ کی پارلیمنٹون کی مدت کارروائے جو عہد سے موجودہ مین اپنے اپنے وقت پر رہی ہے وہ حسب ذیل ہے۔

نام بادشاہ وقت	پارلیمنٹ	کب سے شروع ہوا	کب برخاست ہوا	تعداد مدت کارروائی
جارج ثالث	اوّل	۲۷ ستمبر سنہ ۱۷۹۶ء	۲۹ جنوری سنہ ۱۸۰۲ء	۵ سال ۴ مہینہ ۳ یوم
〃	۲	۳۱ اگست سنہ ۱۸۰۲ء	۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۰۶ء	۴ سال ۱ مہینہ ۲۵ یوم
〃	۳	۱۵ دسمبر سنہ ۱۸۰۶ء	۲۹ اپریل سنہ ۱۸۰۷ء	۰ 〃 ۴ 〃 ۱۵ 〃
〃	۴	۲۲ جون سنہ ۱۸۰۷ء	۲۴ ستمبر سنہ ۱۸۱۲ء	۵ 〃 ۳ 〃 ۲ 〃
〃	۵	۲۴ نومبر سنہ ۱۸۱۲ء	۱۰ جون سنہ ۱۸۱۸ء	۵ 〃 ۶ 〃 ۱۶ 〃
〃	۶	۴ اگست سنہ ۱۸۱۸ء	۲۹ فروری سنہ ۱۸۲۰ء	۱ 〃 ۶ 〃 ۲۵ 〃
جارج چہارم	۷	۲۳ اپریل سنہ ۱۸۲۰ء	۲ جون سنہ ۱۸۲۶ء	۶ 〃 ۱ 〃 ۹ 〃
〃	۸	۱۴ نومبر سنہ ۱۸۲۶ء	۲۴ جولائی سنہ ۱۸۳۰ء	۳ 〃 ۸ 〃 ۱۰ 〃
ولیم چہارم	۹	۲۶ اکتوبر سنہ ۱۸۳۰ء	۲۲ اپریل سنہ ۱۸۳۱ء	۰ 〃 ۵ 〃 ۲۸ 〃
〃	۱۰	۱۴ جون سنہ ۱۸۳۱ء	۳ دسمبر سنہ ۱۸۳۲ء	۱ 〃 ۵ 〃 ۲۰ 〃
〃	۱۱	۲۹ جنوری سنہ ۱۸۳۳ء	۳۰ دسمبر سنہ ۱۸۳۴ء	۱ 〃 ۱۱ 〃 ۱ 〃
〃	۱۲	۱۹ فروری سنہ ۱۸۳۵ء	۱۸ جولائی سنہ ۱۸۳۷ء	۲ 〃 ۵ 〃 ۰
وکٹوریہ	۱۳	۱۴ نومبر سنہ ۱۸۳۷ء	۲۳ جون سنہ ۱۸۴۱ء	۳ 〃 ۷ 〃 ۹ 〃
〃	۱۴	۱۱ اگست سنہ ۱۸۴۱ء	۲۳ جولائی سنہ ۱۸۴۷ء	۵ 〃 ۱۱ 〃 ۱۲ 〃
〃	۱۵	۲۱ ستمبر سنہ ۱۸۴۷ء	یکم جولائی سنہ ۱۸۵۲ء	۴ 〃 ۸ 〃 ۱۱ 〃
〃	۱۶	۴ نومبر سنہ ۱۸۵۲ء	۲۰ مارچ سنہ ۱۸۵۷ء	۴ 〃 ۴ 〃 ۱۱ 〃

مین ساوتہ لنکے شائر کیطرف سے اور سنہ ۱۸۶۸ء مین گرین وچ کی طرف سے ۔
فرسٹ لارڈ آف ٹرئیژری (وزیر اعظم خزانہ) دسمبر سنہ ۱۸۶۸ء ۔ اور اسی کے ساتہ
چینسلر آف دی اکسچکر اگست سنہ ۱۸۷۳ء ۔ اِن دونون عہدون سے جنوری سنہ ۱۸۷۴ء
مین استعفا دیدیا ۔ مئی سنہ ۱۸۸۰ء مین پہر فرسٹ لارڈ آف دی ٹرئیژری اور چینسلر
آف دی اکسچکر ۔ اور چینسلری سے دسمبر سنہ ۱۸۸۲ء مین ۔ اور فرسٹ لارڈ کے
عہدے سے جون سنہ ۱۸۸۵ء مین استعفا دیا ۔ پہر فروری سنہ ۱۸۸۶ء مین فرسٹ لارڈ آف
ٹرئیژری و لارڈ پریوی سیل (وزیر مہر خاص) ہوئے ۔ اور اگست سنہ ۱۸۸۶ء مین
استعفا دیا ۔ پہر ۱۵ر اگست سنہ ۱۸۹۲ء مین وزیر اعظم ہوئے ۔ اور دم تحریر اور آئندہ
یعنے مارچ سنہ ۱۸۹۴ء کو عہدۂ وزارت اعظم سے مستعفی ہوئے اور بعوض ان کے
لارڈ روزبری وزیر اعظم ہوئے ۔

۲ لارڈ ہائی چینسلر (صدر اعظم عدالت)

رائٹ آنریبل لارڈ ہرشل جو پہلے سر فارر ہرشل کہلاتے تھے ۔ سنہ ۱۸۳۷ء مین پیدا
ہوئے ۔ بان و لندن یونیورسٹیون مین تعلیم پائے ۔ سنہ ۱۸۶۰ء مین بیرسٹری کا
امتحان لنکولن کے مدرسے کا دیا اور سنہ ۱۸۷۲ء مین کوئن کونسل اور بنچر ہوئے ۔
سنہ ۱۸۷۴ء مین پارلیمنٹ کے ممبر ڈرہم کی طرف سے ہوئے ۔ مئی سنہ ۱۸۸۰ء سے
جون سنہ ۱۸۸۵ء تک سالسٹر جنرل ۔ فروری سے اگست سنہ ۱۸۸۶ء تک لارڈ چینسلر
(صدر عدالت) اب عہدۂ حال پر ۱۸ر اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے ممتاز ہین ۔

۳ لارڈ پریزیڈنٹ آف دی کونسل (صدر اعظم مجلس) و سکریٹری آف اسٹیٹ (وزیر) ہند

رائٹ آنریبل ارل آف کمبرلی نائٹ آف دی گارٹر سنہ ۱۸۲۶ء مین پیدا ہوئے۔ اور اپنے دادا کی جگہہ بیرن ووڈ ہوس۔ کے ہوئے۔ کرائسٹ چرچ اکسفورڈ مین تعلیم پائے سنہ ۱۸۵۲-۵۶ء اور سنہ ۱۸۵۹-۶۱ء مین انڈر سکریٹری (نایب وزیر) دول خارجیہ رہے سنہ ۱۸۶۶ء مین ارل آف کیمبرلی کا خطاب ملا۔ سنہ ۱۸۶۹-۷۴ء اور سنہ ۱۸۸۰-۸۲ء مین سکریٹری نوآبادیہا۔ سنہ ۱۸۸۲-۸۵ء مین اور فروری سے اگست سنہ ۱۸۸۶ء تک سکریٹری اسٹیٹ ہند سنہ ۱۸۸۰ء مین چند عرصے کے لئے لنکاشر کے ڈچی (نوابی) کے چینسلر (صدر عدالت) رہے ہے۔ اب عہدہ حال پر ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے مقرر ہین۔

(۴) چیف لمرآف دی اکسچکر (دیوان اعظم خزانہ)

رائٹ آنریبل سر ڈبلیو دی ہارکورٹ فرزند ریورنڈ ڈبلیو دی ہارکورٹ کے سنہ ۱۸۲۷ء مین پیدا ہوئے۔ ٹرنیٹی کالج کیمبرج مین تعلیم پائے۔ سنہ ۱۸۵۴ء مین مدرسہ انرٹیمپل سے بیرسٹری کا امتحان دیا۔ اور سنہ ۱۸۶۶ء مین کوئین کونسل ہوئے۔ سنہ ۱۸۶۸ء مین (شہر) اکسفورڈ کی طرف سے پارلیمنٹ کے ممبر ہوئے۔ سنہ ۱۸۷۳ء مین سالسٹر جنرل۔ سنہ ۱۸۸۰ء مین ڈربی کی طرف سے پارلیمنٹ کے ممبر۔ سنہ ۱۸۸۰ء سے سنہ ۱۸۸۵ء تک ہوم سکریٹری فروری سے اگست سنہ ۱۸۸۶ء تک چینسلر آف دی اکسچکر پر سنہ ۱۸۶۹-۸۷ء مین پروفیسر قانون قومی کیمبرج۔ ملازمت حال ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء

نام بادشاہ وقت	پارلیمنٹ	کب سے شروع ہو	کب برخاست ہوا	تعداد و مدت کارروائی
وکٹوریہ	۱۷	۳۰ اپریل سنہ ۱۸۵۷	۲۳ اپریل سنہ ۱۸۵۹ء	۱ سال ۱۱ مہینہ ۳ یوم
″	۱۸	۳۱ مئی سنہ ۱۸۵۹	۶ جولائی سنہ ۱۸۶۵	۶ ″ ۱ ″ ۶ ″
″	۱۹	۶ فروری سنہ ۱۸۶۶	۳۱ جولائی سنہ ۱۸۶۸	۲ ″ ۵ ″ ۲۵ ″
″	۲۰	۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۶۸	۲۶ جنوری سنہ ۱۸۷۴	۵ ″ ۱ ″ ۱۶ ″
″	۲۱	۵ مارچ سنہ ۱۸۷۴	۲۴ مارچ سنہ ۱۸۸۰ء	۶ ″ ۰ ″ ۱۷ ″
″	۲۲	۲۹ اپریل سنہ ۱۸۸۰	۱۸ نومبر سنہ ۱۸۸۵	۵ ″ ۶ ″ ۲۰ ″
″	۲۳	۱۲ جنوری سنہ ۱۸۸۶	۲۶ جون سنہ ۱۸۸۶	۰ ″ ۵ ″ ۱۴ ″
″	۲۴	۵ اگست سنہ ۱۸۸۶	۲۸ جون سنہ ۱۸۹۲	۵ ″ ۱۰ ″ ۲۳ ″
″	۲۵	۴ اگست سنہ ۱۸۹۲		

اگرچہ برطانیہ عظمیٰ و آئرلنڈ کی حکومت برائے نام بادشاہ کے سپرد ہوتی ہے لیکن کارروائی کے لحاظ سے درحقیقت وزرا کے ایک جلسہ کے اختیار مین ہے جسے کیبنٹ کہتے ہین۔ اس جلسے مین وزرا کی تقرری اس امر پر منحصر ہے کہ ہوس آف کامنز مین اون کی طرف دار بہت سے ہون۔

ممبران کیبنٹ مین سے جو شخص فرسٹ لارڈ آف ٹریزری (وزیر اول خزانہ)

کے عہدہ پر مقرر ہوتا ہے۔ بلکہ قاعدہ ایسا ہو گیا ہے کہ وہ ہی ان سب وزیروں مین بڑا مانا جاتا ہے۔ اور اوسی وزیر اعظم کی رائے کے بموجب دوسرے وزرا کا تقرر ہوتا ہے۔ اور شاہی اختیارات کے کامون کا بہت بڑا حصہ اسی شخص کے ہاتھون سے انجام پاتا ہے۔

کیبینٹ موجودہ کے ممبر حسب تفصیل ذیل ہین۔

۱۔ پرایم منسٹر (وزیر اعظم) لارڈ آف دی ٹرزیری (وزیر اول خزانہ) لارڈ پریوی سیل (وزیر مہر خاص)

رائٹ آنریبل ڈبلیو ای گلیڈسٹون فرزند سر جان گلیڈسٹون بیرونٹ آف فاسک۔ سنہ ۱۸۰۹ء مین پیدا ہوئے۔ ایٹن اور کرائسٹ چرچ اکسفورڈ مین تعلیم پائی۔ سنہ ۱۸۳۲ء مین نیو یارک کی طرف سے پارلیمنٹ کے ممبر ہوئے دسمبر سنہ ۱۸۳۴ء مین وزیر خزانہ۔ جنوری سے اپریل سنہ ۱۸۳۵ء تک انڈر سکریٹری نوآبادیان رہے۔ ستمبر سنہ ۱۸۴۱ء سے مئی سنہ ۱۸۴۳ء تک نایب میر مجلس بورڈ آف ٹریڈ (مجلس تجارت) و ماسٹر آف منٹ (ناظم ضرب سکہ) مئی سنہ ۱۸۴۳ء سے فروری سنہ ۱۸۴۵ء تک میر مجلس تجارت۔ دسمبر سنہ ۱۸۴۵ء سے جولائی سنہ ۱۸۴۶ء تک سکریٹری آف اسٹیٹ (وزیر) نوآبادیہا۔ سنہ ۱۸۴۷ء مین ممبر پارلیمنٹ از جانب یونیورسٹی اکسفورڈ۔ جنوری سنہ ۱۸۵۳ء سے فروری سنہ ۱۸۵۵ء تک اور جون سنہ ۱۸۵۹ء سے جون سنہ ۱۸۶۶ء تک چانسلر آف دی اکسچکر (دیوان اعظم خزانہ) ممبر پارلیمنٹ سنہ ۱۸۶۵

سے ہے۔

۵ سکرٹیری آف اسٹیٹ (وزیر) دول خارجیہ

رائٹ آنریبل ارل آف روزبری نائٹ آف دی گارٹر سنہ ۱۸۴۷ء مین پیدا ہوسے اور اسپنے دادا کی جگہہ سنہ ۱۸۶۸ء مین چوتھے ارل ہوسئے۔ سنہ ۱۸۸۱-۸۳ء مین انڈر سکرٹیرے آف اسٹیٹ ہوم آفس (وزیر اندرونی) سنہ ۱۸۸۵ء مین لارڈ پریوی سیل اور فرست کمشنر آف ورکس (ناظم اول تعمیرات) سنہ ۱۸۸۶ء مین سکرٹیری آف اسٹیٹ دول خارجیہ۔ ملازمت موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے۔

۶ سکرٹیری آف اسٹیٹ (وزیر) ہوم ڈپارٹمنٹ (اندرونی)

رائٹ آنریبل ہربرٹ ایچہ اسکتہ ستمبر سنہ ۱۸۵۲ء مین پیدا ہوسئے۔ مدرسۂ شہر لندن اور بالیل کالج اکسفورڈ مین تعلیم پاسئے۔ سنہ ۱۸۷۶ء مین (مدرسہ لنکولن سے) بیرسٹری کا امتحان دیا۔ سنہ ۱۸۸۶ء مین السیٹ فائف کی طرف سے ممبر پارلیمنٹ ہوسئے سنہ ۱۸۹۰ء مین وکیل شاہی۔ عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے۔

۷ سکرٹیری آف اسٹیٹ لو آدیہا

رائٹ آنرایبل مارکوئس آف رپین نائٹ آف دی گارٹر سنہ ۱۸۲۷ء مین پیدا ہوسئے اور سنہ ۱۸۵۹ء مین اسپنے باپ کی بجاسے ارل آف رپین اور اسپنے چچا کی بجاسئے ارل ڈی گرےی ہوسئے۔ سنہ ۱۸۷۱ء مین مارکوئس آف رپین کا خطاب ملا۔ سنہ ۱۸۵۲ء مین ہل کیطرف سے اور سنہ ۱۸۵۳ء مین ہڈرس فیلڈ کیطرف سے اور سنہ ۱۸۵۷ء مین ولسیٹ رائڈنگ

بارک شائر کی طرف سے ممبر پارلیمنٹ ہوئے۔ سنہ ۱۸۵۹ء مین انڈر سکرٹری آف اسٹیٹ (نایب وزیر) جنگ۔ فروری سنہ ۱۸۶۱ء مین انڈین بورڈ کا اور جولائی مین دفتر جنگ کا کام کرتے رہے۔ سنہ ۱۸۶۳-۶۶ء مین وزیر صیغۂ جنگ۔ فروری سنہ ۱۸۶۶ء سے جون تک انڈین بورڈ مین مقرر رہے۔ سنہ ۱۸۶۸-۷۳ء مین لارڈ پریزیڈنٹ آف دی کونسل۔ سنہ ۱۸۸۰-۸۴ء مین گورنر جنرل ہند۔ فروری سے اگست سنہ ۱۸۸۶ء تک وزیر اوّل صیغۂ بحریہ۔ ملازمت موجودہ ۱۰ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے۔

۸ سکرٹری آف اسٹیٹ جنگ

رائٹ آنریبل ایچ کیمپل بینرمین فرزند سر جی کیمپل باشندہ اسٹراکاتھو سنہ ۱۸۳۶ء مین پیدا ہوئے۔ یونیورسٹی گلاسگو و ٹرنٹی کالج کیمبرج مین تعلیم پائی۔ سنہ ۱۸۷۲ء مین بینرمین کا لقب اختیار کیا۔ سنہ ۱۸۶۸ء سے اسٹرلنگ برگون کی طرف سے پارلیمنٹ کے ممبر ہوئے۔ سنہ ۱۸۷۱-۷۴ء اور سنہ ۱۸۸۰-۸۲ء مین دفتر جنگ کے فنانشیل سکرٹری۔ سنہ ۱۸۸۲-۸۴ء مین وزیر بحریہ۔ سنہ ۱۸۸۴-۸۵ء مین چیف سکرٹری لارڈ لفٹنٹ آئرلینڈ۔ فروری سے اگست سنہ ۱۸۸۶ء تک وزیر صیغۂ جنگ۔ ملازمت موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے۔

۹ فرسٹ لارڈ آف اڈمیرلٹی (وزیر صیغۂ بحر)

رائٹ آنریبل ارل اسپنسر نائٹ آف دی گارٹر سنہ ۱۸۳۵ء مین پیدا ہوئے اور سنہ ۱۸۵۷ء مین اپنے باپ کا لقب حاصل کیا۔ سنہ ۱۸۵۷ء مین جنوبی نارتھمٹن شائر کی طرف سے

پارلیمنٹ کے ممبر ہوئے - ہارو اور ٹرینیٹی کالج کیمبرج مین تعلیم پائی - دسمبر ۱۸۶۸ء سے فروری ۱۸۷۴ء تک اور اپریل ۱۸۸۲ء سے جون ۱۸۸۵ء تک آئرلینڈ کے لارڈ لفٹنٹ رہے - ۱۸۸۲-۸۳ء مین اور فروری سے اگست ۱۸۸۶ء تک لارڈ پریذیڈنٹ آف کونسل رہے - ملازمت موجودہ ۱۸ اگست ۱۸۹۲ء سے

۱۰ چیف سکریٹری لارڈ لفٹنٹ (مدار المہام صوبہ دار) آئرلینڈ

رائٹ آنریبل جان مورلی ۱۸۳۹ء مین پیدا ہوئے - چیلٹنہم کالج اور لنکولن کالج اکسفورڈ مین تعلیم پائی - ۱۸۷۳ء مین مدرسہ لنکولن سے بیرسٹر ہوئے - ۱۸۸۳ء مین نیوکاسل آن ٹائن کی طرف سے پارلیمنٹ کے ممبر ہوئے - فروری سے اگست ۱۸۸۶ء تک چیف سکریٹری لارڈ لفٹنٹ آئرلنڈ رہے اور عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست ۱۸۹۲ء سے ہے -

۱۱ پریزیڈنٹ آف دی بورڈ آف ٹریڈ (میر مجلس تجارت)

رائٹ آنریبل اے جی منڈلا ۱۸۲۵ء مین پیدا ہوئے - ۱۸۶۸ء سے ۱۸۸۵ء تک شیفیلڈ کیطرف سے پارلیمنٹ کے ممبر رہے - ۱۸۸۰ء سے جون ۱۸۸۵ء تک نائب میر مجلس تعلیم - فروری سے اگست ۱۸۸۶ء تک میر مجلس تجارت - عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست ۱۸۹۲ء سے ہے

۱۲ لنکاسٹر کی ڈچی (نوابی) کے چینسلر (صدر عدالت)

رائٹ آنریبل جیمس برائس ۱۸۳۸ء مین پیدا ہوئے - گلاسگو یونیورسٹی اور ٹرنیٹی کالج اکسفورڈ مین تعلیم پائے - ۱۸۶۷ء مین (مدرسہ لنکولن سے) بیرسٹر ہوئے - ۱۸۷۰ء مین رگیس پروفیسر قانون سول اکسفورڈ - ۱۸۸۰ء سے ٹاور ہیملٹس کیطرف سے اور ۱۸۸۵ء

مین ساوتھہ ابرڈین کیطرف سے پارلیمنٹ کے ممبر ہوئے۔ سنہ ۱۸۸۶ء مین انڈر سکرٹرے آف اسٹیٹ معاملات خارجیہ مقرر ہوئے۔ عہدۂ موجودہ سنہ ۱۸۹۲ء سے ہے۔

۱۳ پریزیڈنٹ آف لوکل گورنمنٹ بورڈ (میر مجلس مجالس لوکل صوبجات)

رائٹ آنریبل ہیری اچہہ فاولر سنہ ۱۸۳۰ء مین پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۸۸۰ء مین وولورہمٹن کیطرفسے ممبر پارلیمنٹ۔ سنہ ۱۸۸۴-۸۵ء مین انڈر سکرٹری آف اسٹیٹ ہوم ڈپارٹمنٹ (نایب وزیر صیغۂ اندرونی) فروری سے اگست سنہ ۱۸۸۶ء تک فنانشل سکرٹیری خزانہ۔ عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے ہے

۱۴ سکرٹیری اسکاٹ لینڈ

رائٹ آنریبل سر جارج اوٹو ٹریولین بیرونٹ سنہ ۱۸۳۸ء مین پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۸۸۶ء مین اپنے باپ کی بجائے بیرونٹ کا خطاب پایا۔ ہارو اور ٹرنیٹی کالج کیمبرج مین تعلیم پائے۔ سنہ ۱۸۶۵-۶۸ء مین ٹنی موتھہ کیطرفسے اور سنہ ۶۸-۱۸۸۶ء مین بورڈور برگس کیطرفسے اور سنہ ۱۸۸۷ء مین گلاسگو برجٹن کیطرفسے پارلیمنٹ کی ممبر رہے۔ سنہ ۱۸۶۹-۷۰ء مین وزیر بحر اور سنہ ۱۸۸۰-۸۲ء مین سکرٹیری پارلیمنٹ امورات بحری رہے۔ سنہ ۸۴-۱۸۸۵ء مین لنکاسٹر کے ڈچی کے چینسلر۔ فروری سے مارچ سنہ ۱۸۸۶ء تک سکرٹیری اسکاٹ لینڈ۔ عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے ہے۔

۱۵ پوسٹ ماسٹر جنرل (ناظم ڈاکخانجات)

رائٹ آنریبل آرنلڈ مورلی فرزند مسٹر سیموئیل مورلی سنہ ۱۸۴۹ء مین پیدا ہوئے۔ ٹرنٹی کالج کیمبرج مین تعلیم پائی۔ سنہ ۱۸۷۳ء مین انر ٹیمپل سے بیرسٹر ہوئے۔ سنہ ۱۸۸۰ء مین ناٹنگہام کیطرفسے اور سنہ ۱۸۸۵ء

مین ایسٹ ناٹنگھم کیطرف سے پارلیمینٹ کے ممبر ہوئے۔ سنہ ۱۸۸۶ء مین پولیٹیکل سکرٹیری خزانہ۔ عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے ہے۔

۱۶ فرسٹ کمشنر تعمیرات

رائٹ آنرایبل جی جی شا لفیور فرزند سرجی جی شا لفیور کے سی بی سنہ ۱۸۳۲ء مین پیدا ہوئے اور ٹرنٹی کالج کیمبرج مین تعلیم پائی۔ سنہ ۱۸۵۶ء مین (انرٹیمپل سے) بیرسٹر ہوئے۔ سنہ ۱۸۶۳ء مین ہنٹیس سنہ ۱۸۶۳ء مین ریڈنگ کیطرف سے ممبر پارلیمنٹ۔ سنہ ۱۸۶۶ء مین وزیر بحری۔ دسمبر سنہ ۱۸۶۸ء سے جنوری سنہ ۱۸۷۱ء تک پارلیمنٹ سکرٹیری مجلس تجارت۔ جنوری سے مارچ سنہ ۱۸۷۱ء تک انڈر سکرٹیری ہوم ڈیپارٹمنٹ۔ مارچ سنہ ۱۸۷۱ء سے ۹ فروری سنہ ۱۸۷۴ء تک اور نیز اپریل سے دسمبر سنہ ۱۸۸۰ء تک سکرٹیری امورات بحری۔ سنہ ۱۸۸۰-۸۴ء مین فرسٹ کمشنر تعمیرات۔ سنہ ۱۸۸۴-۸۵ء مین پوسٹ ماسٹر جنرل۔ سنہ ۱۸۸۶ء مین براڈفورڈ کیطرف سے ممبر پارلیمنٹ۔ عہدۂ موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے ہے۔

۱۷ وائس پریزیڈنٹ (نایب میر مجلس) کونسل تعلیم

رائٹ آنرایبل اے ایچ ڈائک آکلینڈ فرزند سرٹامس آکلینڈ سنہ ۱۸۴۷ء مین پیدا ہوئے۔ رگبے اور کرائسٹ چرچ اکسفورڈ مین تعلیم پائے۔ سنہ ۱۸۸۵ء عیسوی تک اکسفورڈ مین مدرس رہے۔ سنہ ۱۸۸۵ عیسوی مین ولیسٹ رائڈنگ یارک شائر کے حصہ روودر ہم کی طرف سے ممبر ہوئے۔ ملازمت موجودہ ۱۸ اگست سنہ ۱۸۹۲ء سے ہے۔

فہرست وزرائے اعظم سلطنت برطانیہ جب سے کہ سلطنت خاندان ہنوور میں منتقل ہوئی ہے

وزیر اعظم	تاریخ تقرر	وزیر اعظم	تاریخ تقرر	وزیر اعظم	تاریخ تقرر
رابرٹ والپول	۱۰ اکتوبر سنہ ۱۷۱۴ء	لارڈ گرینول	۸ جنوری سنہ ۱۸۰۶ء	وائکونٹ پالمرسٹن	۸ فروری سنہ ۱۸۵۵ء
جیمس سٹین ہوپ	۱۰ اپریل سنہ ۱۷۱۷ء	ڈیوک آف پورٹلینڈ	۱۳ مارچ سنہ ۱۸۰۷ء	ارل آف ڈربی	۲۶ فروری سنہ ۱۸۵۸ء
ارل آف سندرلینڈ	۱۶ مارچ سنہ ۱۷۱۸ء	اسپنسر پرسیول	۲۳ جون سنہ ۱۸۱۰ء	وائکونٹ پالمرسٹن	۱۸ جون سنہ ۱۸۵۹ء
سر رابرٹ والپول	۲۰ اپریل سنہ ۱۷۲۱ء	ارل آف لیورپول	۸ جون سنہ ۱۸۱۲ء	ارل رسل	۶ نومبر سنہ ۱۸۶۵ء
ارل آف ولمنگٹن	۱۱ فروری سنہ ۱۷۴۲ء	جارج کیننگ	۱۱ اپریل سنہ ۱۸۲۷ء	ارل آف ڈربی	۶ جولائی سنہ ۱۸۶۶ء
ہنری پیلہم	۲۶ جولائی سنہ ۱۷۴۳ء	وائکونٹ گوڈرچ	۱۰ اگست سنہ ۱۸۲۷ء	بنجمن ڈسریلی	۲۷ فروری سنہ ۱۸۶۸ء
ڈیوک آف نیوکاسل	۲ اپریل سنہ ۱۷۵۴ء	ڈیوک آف ولنگٹن	۱۱ جنوری سنہ ۱۸۲۸ء	ولیم ایوارٹ گلیڈسٹون	۹ دسمبر سنہ ۱۸۶۸ء
ارل آف بوٹ	۲۹ مئی سنہ ۱۷۶۲ء	ارل آف گری	۲ نومبر سنہ ۱۸۳۰ء		
جارج گرینول	۱۶ اپریل سنہ ۱۷۶۳ء	وائکونٹ میلبورن	۱۴ جولائی سنہ ۱۸۳۴ء	بنجمن ڈسریلی (ارل آف بیکنسفیلڈ)	۲۱ فروری سنہ ۱۸۷۴ء
مارکوئس آف راکنگہم	۱۲ جولائی سنہ ۱۷۶۵ء	سر رابرٹ پیل	۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۳۴ء		
ڈیوک آف گرافٹن	۲ اگست سنہ ۱۷۶۶ء	وائکونٹ میلبورن	۱۸ اپریل سنہ ۱۸۳۵ء	ولیم ایوارٹ گلیڈسٹون	۲۸ اپریل سنہ ۱۸۸۰ء
لارڈ نارتھ	۲۸ جنوری سنہ ۱۷۷۰ء	سر رابرٹ پیل	یکم ستمبر سنہ ۱۸۴۱ء	مارکوئس آف سالسبری	۲۴ جون سنہ ۱۸۸۵ء
مارکوئس آف راکنگہم	۳ مارچ سنہ ۱۷۸۲ء	لارڈ جان رسل	۳ جولائی سنہ ۱۸۴۶ء	ولیم ایوارٹ گلیڈسٹون	۶ فروری سنہ ۱۸۸۶ء
ارل آف شیلبرن	۳ جولائی سنہ ۱۷۸۲ء	ارل آف ڈربی	۲۷ فروری سنہ ۱۸۵۲ء	مارکوئس آف سالسبری	۳ اگست سنہ ۱۸۸۶ء
ڈیوک آف پورٹلینڈ	۵ اپریل سنہ ۱۷۸۳ء	ارل آف ابرڈین	۲۸ دسمبر سنہ ۱۸۵۲ء	ولیم ایوارٹ گلیڈسٹون	۱۵ اگست سنہ ۱۸۹۲ء
ولیم پٹ	۲۷ دسمبر سنہ ۱۷۸۳ء				

۲ لوکل گورنمنٹ

انگلنڈ اور ویلز

اگرچہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ ۱۸۸۸ء کے اجراسے انتظام لوکل گورنمنٹ بہت کچھ سیدہا سادہا کر دیا گیا ہے تاہم اوسکا قاعدہ نہایت ہی پیچ در پیچ ہے۔ انگلنڈ کے ہر ایک کاونٹی (ضلع) مین ایک لارڈ لفٹننٹ ہوا کرتا ہے جو بادشاہ کا قایم مقام سمجہا جاتا ہے۔ مگر اوسکی خدمات برائے نام ہین۔ وہ لارڈ چینسلر سے لوگون کے تقرر کے لئے ملکی انتظام کے واسطے سفارش کیا کرتا ہے اوسکے سوا ایک کسٹس روٹلورم (محافظ دفتر) ایک شیرف (ضلع کا افسر) ایک کارونر (جو اتفاقی موت کی وجہہ دریافت کیا کرتا ہے) ایک کلرک آف دی پیس (منتظم) وغیرہ افسر بہی ہوا کرتے ہین۔ جب تک کہ ۱۸۸۸ء کا ایکٹ جاری نہین ہوا تہا تب تک کاونٹیون کا انتظام کچہہ جسٹسون اور کچہہ مجلسون کے ہاتہہ مین تہا جو بعض قوانین کے بموجب طرح طرح کے مقاصد کیواسطے معین ہوتی تہین۔ کاونٹی کی ابتدائے تقسیم پیرش سے شروع ہوتی ہے۔ انگلنڈ اور ویلز مین مذہبی پیرشس تقریباً ۱۳۰۰۰ اور سول پیرش ۱۵۰۰۰ اور ہائی وے پیرش ۱۴۷۷۵ کے قریب ہین۔ مذہبی پیرشون کا انتظام ایک وسیٹری (مجلس منتظمان مذہبی) کے ذریعہ سے ہوا کرتا ہے اون قانونی مقاصد کے واسطے جو غریبون کی نگہداشت کیلئے ہین۔ سول پیرشون کو ۶۴۹ یونینون (پرگنون) مین تقسیم کر دیا ہے۔ ہر ایک یونین کے لئے نگرانون کی ایک مجلس مقرر ہوتی ہے جسکے ممبرونکو وہان کے چندہ دینے والے ہر سال منتخب کیا کرتے ہین (دیکہو بیان محتاجی) مجلسہائے دیہاتی و مجلسہائے مدارس بہی (دیکہو بیان تعلیم) کچہہ نہ کچہہ کام کاونٹی کا ابہی تک انجام دیتے ہین

سوا اسکے لندن کے صدر دفتر کو دوسرے دفاتر سے ملانے کے واسطے ۴۶ میل لنبا ایک نیومیٹک ٹیوبنگ (ہوائی نل) بھی ہے۔

روپیہ اور اوسکا لین دین

نقشۂ ذیل سے اوس سکہ کی تعداد معلوم ہوگی جو سنین ذیل مین شاہی دار الضرب سے بنکر نکلا۔ اور نیز برٹش سونے چاندی کے سکہ کی تعداد معلوم ہوگی

جو ملک سے باہر گیا یا اندر آیا

سال	سکہ طلا جو جاری ہوا	سکہ نقرہ جو جاری ہوا	سکہ مس جو جاری ہوا	سکہ طلا — درآمد	سکہ طلا — برآمد	سکہ نقرہ — درآمد	سکہ نقرہ — برآمد
۱۸۷۸ء	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
۱۸۸۷ء	۲۲۶۵۱۰۰	۵۶۶۳۲۸	۳۹۲۰۵	۶۵۴۶۰۰۱	۳۵۴۴۸۸۲	۱۵۱۱۳۹	۱۸۴۴۹۴
۱۸۸۸ء	۱۹۰۸۷۰۰	۹۰۹۷۴۸	۵۷۶۸۰	۴۴۳۰۷۰۶	۲۳۷۴۵۲۸	۱۲۳۱۴۲	۲۹۹۷۳۴۰
۱۸۸۹ء	۲۰۳۳۰۰۰	۷۹۹۶۶۶	۴۱۳۴۵	۷۱۴۶۲۲۶	۱۰۲۱۵۱۲۳	۱۰۶۵۷۸	۳۷۸۲۸۸
۱۸۹۰ء	۷۵۰۰۷۰۰	۲۱۷۸۸۸۸	۶۶۹۵۰	۹۵۱۱۲۶۵	۱۰۳۸۹۶۹۹	۱۴۷۶۳۵	۵۲۸۵۸۱
۱۸۹۱ء	۷۹۸۰۱۵۶	۱۲۴۴۶۰۰	۹۰۳۸۵	۹۴۴۲۷۸۷	۱۳۵۶۱۲۹	۸۴۱۸۶	۵۰۶۹۹۶
۱۸۹۲ء	۶۰۲۳۷۳۸	۱۰۰۵۴۸	۹۹۳۳۵	۱۵۴۴۸۹۱۹	۱۱۶۷۴۴۵۴	۱۰۰۸۸۸	۳۶۹۴۰۸

سرکاری بینک تو سلطنت متحدہ مین کوئی نہین ہے - مگر انگلنڈ بینک اور اسکاٹ لینڈ بینک اور آئرلینڈ بینک کو سرکار سے (چارٹر) سند ملی ہوئی ہے - اور انگلنڈ بینک اور آئرلینڈ بینک سرکار کو روپیہ بھی قرض دیا کرتے ہین - دسمبر سنین ذیل مین انگلنڈ بینک کی حالت حسب ذیل تھی -

ع	سررشتہ (اشو یعنی) اجرا — نوٹ کا اجرا	سررشتہ (اشو یعنی) اجرا — سکیوریٹیز (تمسکات قرضہ)	سررشتہ (اشو یعنی) اجرا — غیر مسکوک چاندی سونا	سررشتہ بینک (یعنی [illegible] وغیرہ) — سرمایہ اور ریسٹ (زائد منافع وغیرہ جو حصہ داروں کو نہ ملی ہو)	سررشتہ بینک — قرض امانت اور ایسٹ بل	سررشتہ بینک — سکیوریٹیز (ترکی وغیرہ)	سررشتہ بینک — نوٹ جو ان زیر (؟) حیثیت مین رکھے ہوئے ہین	سررشتہ بینک — سکہ ان زیر (؟) و روپیہ جو حیثیت مین رکھے گئے
	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
	۲۹۱۵۲۰۰۰	۱۴۰۰۰۰۰۰	۱۴۱۵۲۰۰۰	۱۶۶۶۳۰۰۰	۱۳۳۶۱۰۰۰	۲۲۳۰۴۰۰۰	۹۹۲۰۰۰۰	۷۹۱۰۰۰
	۲۷۱۹۰۰۰۰	۱۴۰۰۰۰۰۰	۱۳۱۹۰۰۰۰	۱۷۷۰۶۰۰۰	۱۸۱۳۶۰۰۰	۲۷۴۱۸۰۰۰	۷۷۸۰۰۰۰	۱۵۴۰۰۰
	۳۰۰۳۶۰۰۰	۱۴۶۵۰۰۰۰	۱۳۳۸۶۰۰۰	۱۴۹۱۰۰۰	۲۲۰۷۸۰۰۰	۳۰۹۱۱۰۰۰	۸۹۹۳۰۰۰	۷۱۰۰۰۰

۱۸۸۷ء	۳۵۶۸۴۰۰۰	۱۰۰۰۰۰۰۰	۳۰۶۸۴۰۰۰	۱۶۹۴۶۰۰۰	۲۶۷۶۱۰۰۰	۳۴۰۵۶۰۰۰	۹۲۴۲۰۰۰	۷۰۹۰۰۰
۱۸۸۸ء	۳۴۵۱۰۰۰۰	۱۶۲۰۰۰۰۰	۱۸۳۱۰۰۰۰	۱۷۷۰۱۰۰۰	۲۹۴۹۲۰۰۰	۳۳۵۶۱۰۰۰	۱۰۹۴۲۰۰۰	۹۷۹۰۰۰
۱۸۸۹ء	۳۳۵۱۹۰۰۰	۱۶۲۰۰۰۰۰	۱۶۳۱۹۰۰۰	۱۷۸۸۱۰۰۰	۲۸۸۲۳۰۰۰	۳۶۹۱۳۰۰۰	۹۱۰۳۰۰۰	۴۸۰ [illegible] ۰۰
۱۸۹۰ء	۳۹۱۹۳۰۰۰	۱۴۳۵۰۰۰۰	۲۳۶۴۳۰۰۰	۱۷۷۹۶۰۰۰	۳۹۹۹۱۰۰۰	۳۲۹۸۵۰۰۰	۱۴۰۷۹۰۰۰	۷۲۳۰۰۰
۱۸۹۱ء	۳۸۰۶۹۰۰۰	۱۶۲۵۰۰۰۰	۲۱۶۴۹۰۰۰	۱۷۷۲۰۰۰	۳۶۲۱۶۰۰۰	۴۰۸۴۳۰۰۰	۱۲۴۴۷۰۰۰	۶۴۶۰۰۰
۱۸۹۲ء	۳۹۶۱۲۰۰۰	۱۶۴۵۰۰۰۰	۲۳۱۶۶۰۰۰	۱۷۶۶۹۰۰۰	۳۶۲۰۶۰۰۰	۳۶۵۱۴۰۰۰	۱۴۱۲۹۰۰۰	۱۲۳۲۰۰۰

نقشہ ذیل سے انگلنڈ اسکاٹ لینڈ آئرلینڈ کے جائنٹ اسٹاک بنکون کا حال جس مین نیشنل بنیک بھی داخل ہین اور جو اکتوبر سنین ذیل مین موجود تھے معلوم ہوگا۔

انگلنڈ وویلز	۱۸۸۸ء	۱۸۸۹ء	۱۸۹۰ء	۱۸۹۱ء	۱۸۹۲ء
زرامانت	۳۵۲۰۰۰۰۰۰	۳۸۰۰۰۰۰۰۰	۳۵۲۱۰۰۰۰۰	۴۰۸۴۷۷۰۰۰	۴۳۵۳۴۰۰۰۰
نقدی موجودہ اور واجب الوصول عندالطلب	۹۲۲۹۹۰۰۰	۱۰۰۵۸۲۰۰۰	۹۷۴۱۰۰۰	۱۰۷۴۲۱۰۰۰	۱۲۰۲۹۴۰۰۰
ریزرو نوٹ موجودہ انگلنڈ بنیک	۱۲۵۵۵۰۰۰	۱۴۴۴۹۰۰۰	۸۶۴۳۰۰۰	۱۴۰۷۹۰۰۰	۱۶۲۹۹۰۰۰
اسکاٹ لنڈ					
زرامانت	۸۲۴۰۳۰۰۰	۸۵۰۲۳۰۰۰	۸۸۲۶۴۰۰۰	۹۱۶۱۰۰۰	۹۲۵۲۰۰۰۰
نوٹ	۵۶۸۲۰۰۰	۵۸۴۵۰۰۰	۶۲۰۷۰۰۰	۶۴۶۷۰۰۰	۶۵۵۷۰۰۰
نقدی موجودہ اور واجب الوصول عندالطلب	۱۹۰۷۷۰۰۰	۱۹۸۴۶۰۰۰	۲۱۴۱۲۰۰۰	۲۱۴۲۷۰۰۰	۱۹۵۴۲۰۰۰
آئرلنڈ					
زرامانت	۳۵۱۸۳۰۰۰	۳۷۱۸۶۰۰۰	۳۷۸۴۳۰۰۰	۳۸۵۲۰۰۰۰	۴۰۳۱۶۰۰۰
نوٹ	۵۷۰۷۰۰۰	۶۱۹۹۰۰۰	۶۶۶۴۰۰۰	۶۶۴۲۰۰۰	۵۷۵۲۰۰۰
نقدی موجودہ اور واجب الوصول عندالطلب	۷۷۹۵۰۰۰	۸۸۱۶۰۰۰	۹۹۰۳۰۰۰	۹۰۸۷۰۰۰	۱۱۸۵۰۰۰

اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء مین انگلنڈ اور ویلز مین ۱۰۴ جائنٹ اسٹاک بنیک تھے جنکی شاخین

۳۴۲۲ تہین ۔ ۴ جزیرہ مین اور جزائر چینل مین تہے جنکی شاخین ۱۲ تہین ۔ ۱۰ اسکاٹلنڈ مین ۶۶ ۹ شاخون کے ساتہہ ۔ ۹ آئرلینڈ مین ۵۵ ۴ شاخین ۔ نوآبادیون کے جائنٹ اسٹاک بنیک کے دفاتر لندن مین ۲۹ تہے اور انکی ۱۷۵۰ شاخین تہین ۔ ۳۰ بنیک غیر ملکی مع ۱۰۲ شاخون کے ۔ انگلنڈ و ویلز مین ۴۰ پرائیوٹ بنیک بہی تہے جن کا زرامانت ۱۲۲ ۹ ۹ ۰۰ ۶ پونڈ اور نقدی موجودہ اور واجب الوصول عند الطلب ۳۰ ۲۰۰۷ ۲۱ پونڈ تہا اور سرمایہ شرکا ، اور زر ریحیت ۶ ۴ ۲ ۲۳ ۳ ۱ پونڈ تہا ۔

اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء مین جائنٹ اسٹاک بنیکون کی حالت حسب ذیل تہی ۔

	انگلش	اسکاچ	آئرش	نوآبادیون کا	غیر ملکی
	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
سرمایہ چندہ	۲۰۶۱۱۴۰۰۰	۲۸۸۸۵۰۰۰	۳۵۲۹۹۰۰۰	۳۷۴۴۲۰۰۰	۲۹۰۲۶۰۰۰
" ادا شدہ	۵۷۵۴۴۰۰۰	۹۰۵۲۰۰۰	۷۰۶۵۰۰۰	۲۲۶۹۱۰۰۰	۱۸۲۲۶۰۰۰
" کی قیمت بازار	۱۶۸۵۴۷۰۰۰	۲۴۵۷۰۰۰۰	۱۸۰۵۰۰۰۰	۳۸۲۰۴۰۰۰	۲۴۰۲۵۰۰۰
ریزرو فنڈ و دیوائڈنڈ (منفعت حصہ داران) وغیرہ	۳۰۸۴۱۰۰۰	۵۹۱۴۰۰۰	۳۴۱۴۰۰۰	۱۲۲۱۲۰۰۰۰	۷۱۹۲۰۰۰
نوٹ جو جاری ہین ۔	۲۷۸۶۷۰۰۰	۶۵۵۷۰۰۰	۵۷۵۲۰۰۰	۹۲۶۷۰۰۰	۲۶۳۹۰۰۰
زر امانت اور زر حسابات موجودہ	۴۳۵۳۴۵۰۰۰	۹۲۵۲۰۰۰۰	۴۰۳۱۶۰۰۰	۱۷۸۰۰۶۰۰۰	۵۸۳۰۳۰۰۰
کل تعداد قرضہ	۵۶۹۹۳۳۰۰	۱۱۹۲۸۴۰۰۰	۵۷۱۸۸۰۰۰	۲۵۲۳۱۲۰۰۰	۱۱۰۶۰۵۰۰۰
نقدی موجودہ و زر واجب الوصول عند الطلب	۱۲۰۲۶۴۰۰۰	۱۹۵۴۲۰۰۰	۸۱۸۶۰۰۰	۳۷۳۷۰۰۰۰	۱۶۸۴۰۰۰۰
انوسٹمنٹ یا زر تجارت (یعنی روپیہ جو کسی منفعتی کام مین لگا ہوا)	۱۲۱۵۳۹۰۰۰	۲۹۷۹۷۰۰۰	۱۷۱۵۲۰۰۰	۱۵۷۴۹۰۰۰	۷۳۶۸۰۰۰
ڈسکونٹ ایڈوانس وغیرہ	۳۰۷۰۹۹۰۰۰	۶۲۴۲۹۰۰۰	۳۰۸۱۶۰۰۰	۱۹۱۷۷۹۰۰۰	۸۴۱۳۷۰۰۰
کل سرمایہ ۔	۵۶۹۹۳۳۰۰۰	۱۲۶۲۸۴۰۰۰	۵۷۱۸۸۰۰۰	۲۵۲۳۱۲۰۰۰	۱۱۰۶۰۵۰۰۰

سنین ذیل میں ڈاک خانہ کے سیونگ بینکوں کی حالت حسب ذیل تھی

		انگلنڈ و ویلز	اسکاٹلنڈ	آئرلنڈ	سلطنت متحدہ
۱۸۸۷ع	وصول	۱۶۳۰۵۹۹۴	۴۱۴۱۱۰۴	۱۰۵۹۹۰۸	۱۰۷۸۰۰۰۱
	ادا	۱۳۵۲۴۰۷۴	۳۲۶۲۵۳	۸۲۹۹۵۱	۱۴۶۸۰۲۷۸
	سرمایہ	۴۹۸۹۸۴۰۸	۱۱۴۲۰۲۵	۲۹۳۳۰۳۲	۵۳۹۷۴۰۶۵
۱۸۸۸ع	وصول	۱۸۷۴۳۸۲۹	۴۵۰۰۵۷	۱۱۹۱۱۷۸	۲۰۳۹۶۰۶۴
	ادا	۱۴۵۷۲۰۳۳	۳۴۰۲۱۴	۸۹۰۴۸۸	۱۵۸۰۲۷۳۵
	سرمایہ	۵۴۰۷۰۲۰۴	۱۱۵۲۴۶۲	۳۰۳۳۷۲۲	۵۸۵۵۶۳۹۴
۱۸۸۹ع	وصول	۱۹۵۷۲۰۴۱	۵۰۰۶۰۷	۱۱۸۳۸۳۵	۲۱۳۵۷۴۹۳
	ادا	۱۵۴۹۴۸۵۲	۳۷۵۸۶۹	۹۴۳۵۴۶	۱۶۸۱۴۲۶۷
	سرمایہ	۵۸۱۴۷۳۹۳	۱۳۰۷۲۰۶	۳۴۷۵۰۲۱	۶۲۹۹۹۶۲۰
۱۸۹۰ع	وصول	۲۰۷۶۹۸۰۳	۵۵۱۳۰۷	۱۲۱۵۹۳۷	۲۲۵۴۴۰۴۷
	ادا	۱۶۴۹۵۲۰۲	۴۳۶۴۲۹	۹۷۷۲۲۹	۱۷۹۰۹۸۶۰
	سرمایہ	۶۲۴۲۱۹۹۴	۱۴۹۹۰۸۴	۳۷۱۳۷۲۹	۶۷۶۳۵۸۰۷
۱۸۹۱ع	وصول	۲۱۱۷۰۲۸۱	۵۶۰۹۶۴	۱۲۶۱۸۰۵	۲۲۹۹۳۰۵۰
	ادا	۱۷۵۷۴۰۴۷	۴۴۵۲۴۲	۱۰۰۰۵۶۶	۱۹۰۱۹۸۵۵
	سرمایہ	۶۶۰۱۸۲۲۹	۱۶۱۴۸۰۶	۳۹۷۴۹۶۹	۷۱۶۰۸۰۰۳

ذیل مین ٹرسٹیون کے سیونگ بینکون کی حالت درج کی جاتی ہے

سنہ		انگلنڈ	ویلز	اسکاٹ لنڈ	آئرلنڈ	سلطنت متحدہ
		پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ	پونڈ
۱۸۸۷ء	وصول	۶۸۷۱۸۰۷	۱۲۲۸۱۴	۲۴۷۲۵۹۰	۴۰۹۳۵۰	۹۸۷۶۵۶۱
	سود جمع شدہ	۹۴۹۱۴۲	۲۴۳۰۸	۲۲۴۵۷۶	۵۲۲۴۳	۱۲۵۰۲۶۸
	ادا	۷۷۵۶۲۵۵	۱۸۳۶۴۱	۲۳۳۰۰۳۳	۴۲۸۶۷۳	۱۰۷۰۸۶۰۲
	سرمایہ	۳۵۵۹۵۸۸۹	۹۱۵۱۷۱	۸۶۸۸۳۵۴	۲۰۶۲۸۰۸	۴۷۲۶۲۲۲۲
۱۸۸۸ء	وصول	۶۶۰۶۹۴۱	۱۱۶۹۳۲	۲۵۸۴۱۸۳	۴۰۸۲۵۰	۹۷۹۶۳۰۷
	سود جمع شدہ	۹۴۳۳۵۵	۳۳۷۱۳	۲۳۶۲۳۸	۵۲۴۳۲	۱۲۶۵۷۳۸
	ادا	۸۸۲۷۷۶۶	۱۶۶۵۵۴	۲۴۴۰۰۳۴	۴۷۶۴۲۵	۱۱۹۱۰۵۷۹
	سرمایہ	۳۴۳۹۸۶۱۹	۸۹۰۲۶۳	۹۰۶۸۷۴۱	۲۰۴۷۰۶۵	۴۶۴۰۴۶۸۸
۱۸۸۹	وصول	۶۳۵۹۵۰۷	۱۱۲۵۰۳	۲۶۷۸۳۴۰	۴۰۷۵۸۱	۹۵۵۷۹۳۱
	سود جمع شدہ	۳۲۳۴۷۰	۲۱۲۸۱	۲۲۱۷۰۵	۴۸۲۴۹	۱۱۱۴۷۰۵
	ادا	۸۲۷۵۳۲۳	۱۵۱۰۷۱	۲۵۹۶۰۴۱	۴۱۷۰۶۹	۱۱۹۳۹۵۰۴
	سرمایہ	۳۳۸۱۶۳۲۳	۸۷۲۹۳۱	۹۳۷۲۷۴۵	۲۰۶۵۸۶۲	۴۶۱۲۷۸۲۰

۱۸۹۰ء	وصول	۶۲۳۴۹۹۶	۱۳۴۰۵۵	۲۸۲۴۳۹۱	۳۸۰۹۶۵	۹۵۶۴۴۰۷
	سود جمع شدہ	۷۸۸۳۳۳	۲۰۹۷۶	۲۲۷۲۴۳	۴۸۱۷۴	۱۰۸۴۷۲۵
	ادا	۸۶۰۷۲۰۱	۱۶۵۵۰۲	۲۸۷۰۴۰۷	۴۸۳۲۹۰	۱۲۱۲۶۴۰۰
	سرمایہ	۳۱۲۳۲۴۵۱	۸۵۲۴۵۵	۹۰۰۳۹۷۱	۳۰۱۱۶۷۵	۴۳۶۵۰۰۵۲
۱۸۹۱ء	وصول	۷۹۱۶۴۹۵	۱۳۳۶۵۴	۲۸۳۲۴۳۷	۳۸۱۸۹۴	۹۲۵۳۴۷۰
	سود جمع شدہ	۷۶۰۶۰۵	۲۰۷۶۶	۲۳۲۹۵۹	۴۶۹۰۶	۲۰۶۱۲۳۶
	ادا	۷۶۹۴۷۲۰	۱۴۴۵۳۷	۲۷۹۸۹۲۰	۴۵۱۳۹۶	۱۱۰۸۹۶۹۳
	سرمایہ	۳۰۲۱۴۸۱۱	۸۵۱۳۰۴۸	۹۸۲۰۴۳۷	۱۹۸۸۹۷۹	۴۲۸۷۵۰۷۵

ادا مین وہ روپیہ بھی شامل ہے جس سے امانت دہندون کے واسطے گورنمنٹ اسٹاک خرید اگیا ہے۔ اور سرمایہ مین امانت دہندون کا گورنمنٹ اسٹاک داخل نہین ہے فقط

راقم

حسن

نمبر ۶ جلد ۱

حسن

بابت ماہ جون ۱۸۹۴ء

در مطبع مفید عام آگرہ طبع شد

۱۸۹۴ء

قاہرہ کی مسجد عمرو

گو اسلامی سلطنتین دنیا سے قریب قریب ہٹ چکی ہین۔ اور وہ پرانی تزک وشان صرف قصے کہانیون مین رہ گئی ہے مگر پہر بھی اوس زمانہ کی یادگارین اور عظیم الشان عمارتین اون لوگون کا نشان دے رہی ہین۔ گو وہ خود مٹنے کو ہین۔ مگر اون مٹے ہوؤن کا پتہ کچھہ اُن ہی سے لگ سکتا ہے۔ یہ چیزین دیکھہ دیکھکر یا اونکے حالات پڑہکر دل مین کسی قدر مسرت پیدا ہوتی ہے کہ ہم بھی کچھہ تھے۔ مگر مسرت کیسی۔ یون کہیے کہ پرانے زمانہ کا خیال آتے ہی اپنی اور اپنے بزرگون کی حالت کا مقابلہ کرکے کچھہ تہوڑی دیر کے لیے رو لیتے ہین۔

ہمنے مانا بھی کہ یہ دل سے بھلادین قصے	یہ سمجھہ لین کہ ہم ایسے ہی تھے اب ہین جیسے
یہ بھی منظور ہے ہمکو کہ ہمارے بچے	دیکھنے پائین نہ تاریخ عرب کے صفحے

کبھی بہولے بھی سلف کو نکرین یاد مگر
یادگارون کو زمانہ سے مٹادین کیونکر

اس وقت ہم مسلمانون کی ایک مشہور عمارت۔ خانۂ خدا یعنی "قاہرہ کی مسجد عمروؓ" کے تاریخی حالات لکہتے ہین۔ جو ہمین امید ہے کہ دلچسپی سے خالی نہونگے۔

ہجری کے بیسوین سال (۶۴۱ء) حضرت عمرؓ کی خلافت مین، عمرو ابن العاص نے مصر پر لشکرکشی کی۔ پہلی شاہی جمعیت جسنے اسلامی فوج کا مقابلہ کیا۔ اوس قلعہ کی

فوج تھی ۔ جسکے قرب مین ایک ایسی اسلامی عمارت بننے والی تھی جسمین اُس عہدہ الاشراکیہ"
کے نام کی گونج اب تک سنائی دے رہی ہے ۔ اس محاصرہ کے حالات مختلف روایتون
نے اس قدر پیچیدہ کر دیے ہین ۔ کہ ہم اس کا کچھ فیصلہ نہین کر سکتے ۔ مگر اس مین کچھ شک
نہین کہ خواہ یہ محاصرہ ایک مہینے تک رہا ہو یا سات مہینے تک ۔ آخر کار محصورین نے
اپنے آپ کو اوس مسلمان سپہ سالار کے حوالے کر دیا ۔

اب اوسنے اپنے لشکر کا رُخ **اسکندریہ** کی طرف پھیرا ۔ کہتے ہین کہ جب شمال کی طرف مارچ
کرنے کے لیے خیمے وغیرہ اوکھاڑے جا رہے تھے ۔ تو معلوم ہوا کہ عمرو کے خیمہ مین ایک
قمری نے گھونسلا بنا لیا ہے مہمان نوازی کے خیال سے جو اون لوگون کی گھٹی مین شامل
تھا ۔ حکم دیا ۔ کہ اس خیمے کو ہاتھ تک نہ لگائین اور یونہی کھڑا رہنے دین ۔ اور چنانچہ جب وہ
اسکندریہ سے واپس آیا ۔ تو اوس خیمے کو وہین پایا ۔ اور اوس جگھہ ایک شہر آباد کیا ۔ جسکا نام
(" الفطاط ") (خیمہ) رکھا ۔

اوس وقت اگر قلعہ کی چوٹی پر کھڑے ہو کر آس پاس کا سین دیکھا جاتا ۔ تو آجکل کے سین سے
بالکل مختلف نظر آتا ۔ دریاے نیل کا رُخ اون دنون کسی قدر مشرق کی طرف تھا ۔ اور بہہ رہا
قلعہ کے مغرب کی طرف کو بہتا تھا ۔ یہان تک کہ اوسکے مغربی دروازے سے ہم کشتی مین
بیٹھ سکتے تھے ۔ مگر آجکل سے قلعے اور دریا مین پورے ایک چوتھائی میل کا فاصلہ ہے ۔ اس سے
معلوم ہوتا ہے ۔ کہ وہ نیا گانون جو آج کل ہم خشک زمین پر آباد دیکھتے ہین کسی دن پانی
مین تھا ۔ قلعہ سے آگے بڑھکر عیسائیون کی چند عبادتگاہین نظر آتی تھین ۔ چند تو نئی قاہرہ

کی حدود کی شمال و مغرب کو اور کچھہ جنوب کی طرف واقع تہین - اوس وسیع میدان مین جو
قلعہ کے جنوب اور مشرق کی طرف واقع ہے - آجکل چند ٹوٹی پہوٹی قبرین نظر آتی ہین مگر
اوس وقت یہ ایک لق و دق میدان تھا جسمین کہین کہین مزروعہ زمین کے ٹکڑے دکھائی
دیتے تھے - اور علاوہ ان چند مکانون کے جنکا اوپر ذکر ہوا ہے - کوئی عمارت کا نشان
نظر نہین آتا تھا -

قلعہ کے ذرا شمال کی طرف گہاس کا ایک قطعہ تھا جس مین انگور کی بلین اور چند درخت
لگے ہوے تھے یہان عمرو کی فوج کے ایک بہادر سپاہی کیسبہ ابن کلثوم نے
محاصرہ کے وقت اپنا خیمہ لگایا - اور جب وہ لوگ فتح اسکندریہ کے بعد واپس آئے
تو اوسنے اپنی وہی پرانی جگہہ پسند کی - مگر عمرو کا مکان اوس سے کسی قدر مشرق کی طرف
واقع تھا - اسی اثنا مین مسلمانون کے معزز خلیفہ حضرت عمرؓ نے تمام نئے فتح کیے
ہوے ملکون کے حاکمون کے نام یہ احکام جاری کیے کہ وہ اپنے اپنے صوبون مین
مسجدین بنوائین - چنانچہ عمرو کے نام بھی یہ حکم صادر ہوا - کہ وہ دریاے نیل کے ساحل
پر ایک مسجد تعمیر کراے - عموماً لوگون کی یہ راے تہی کہ اس عمارت کے لیے کیسبہ کے
مکان اور باغ سے عمدہ اور کوئی جگہہ نہین ہوسکتی - اس لیے عمرو نے اوس سے یہہ
درخواست کی - اور ساتھہ ہی یہ بہی کہا - کہ اس کے بدلے مین جو جگہہ وہ پسند کرے
مین دینے کو تیار ہون - مگر کیسبہ نے اپنی خوشی سے وہ زمین مسلمانون کی عبادتگاہ
کے لیے دیدی - اس دریا دلی کی تعریف مین جو نظم اوس وقت لکہی گئی تہی - ابتک موجود

اسلیے اُس عالیشان مسجد کی بنیاد اوسی جگھہ پر ۲ ہجری ۶۴۲ء مین رکھی گئی۔ خوش قسمتی سے ہمارے پاس ایک ایسے شخص کی شہادت موجود ہے۔ جسنے اوس مسجد کو اپنی آنکھون سے دیکھا ہے۔ جسکا رقبہ وہ لکھتا ہے ۵۰ درع العمل × ۳۰ درع العمل ہے جسکے چارون طرف ایک سڑک تھی۔ اور چھہ دروازے تھے جنمین سے دو عمرو کے مکان کے مقابل تھے (یعنی شرق کو) دو شمال کو اور دو مغرب کو۔ اور اس طرح جنوب کی طرف کی جگھہ بند تھی۔ جو قبلہ کا رخ تھا جسکی طرف نماز پڑھتے وقت تمام دنیا کے مسلمانون کے منہ پھرتے ہین۔ مسجد کی چھت بہت نیچی تھی اور فرش پتھر وغیرہ کا بنا ہوا نہین تھا بلکہ صرف چھوٹے چھوٹے کنکر پڑے تھے۔ کہتے ہین کہ قبلہ رکھتے وقت پیغمبر خدا کے کوئی اسی ۸۰ صحابی موجود تھے۔ جو مسلمانون کی نظرون مین اوسکی وقعت اور تقدس کو اور بڑھا دیتا ہے۔ مگر اس مسجد مین ایک نہایت ہی تعجب انگیز بات یہ تھی۔ کہ اس مین اور مسجدون کی طرح جو ہم آجکل دیکھتے ہین محراب بالکل نہ تھی۔ میرا اس سے مطلب یہ ہے۔ کہ وہان کوئی اندر سے خالی محراب جو عموماً ہم دیکھتے ہین نہین تھی۔ مگر بجاے اسکے یہان کچھہ نہ کچھہ ضرور تھا جس سے مکہ کا رخ معلوم ہوتا تھا۔ مگر ہان عمرو نے ایک منبر ضرور رکھا تھا۔ جسکی نسبت حضرت عمرؓ نے اوٹھا دینے کا حکم دیا۔ اور کہا گیا تمھارے لیے کھڑا ہونا کافی نہین ہے جبکہ ہر مسلمان تمھارے قدمون کے نیچے بیٹھتے ہین"۔

یہ تھی عمرو کی اصل مسجد۔ ایک سادہ مکان (۲۸۰۹×۴۷۰۳۴ امیٹرز) کا جسکے نیچے جھکی ہوئی چھت کئی ستونون کے سہارے کھڑی تھی۔ جو شاید کسی قریب کے گانون سے

یا میمفس سے جو دریاے نیل سے چند میل کے فاصلہ پر واقع ہے منگائی گئی تھی۔ اسکی دیوارین غالباً پکی مگر زیادہ تر قیاس یہ ہے کہ کچی اینٹون کی چنی ہوئی تہین۔ جنکا ٹہر راپن یہ تبار ہاتہا کہ ان پر پلاسٹر نہین کیا گیا۔ فرش کنکر کا تہا۔ روشنی کا وہی انتظام تہا جو آجکل ہے۔ یعنی چہت مین ایک بڑا سا مربع سوراخ ہے۔ یہ بالکل ایک سادہ مسجد تہی۔ نہ اس مین مینارے تہے۔ نہ اسمین کسی قسم کی بیرونی یا اندرونی آرایش کا سامان تہا صرف ایک منبر تہا۔ جو تہوڑے دنون بعد وہ بہی پہنکوا دیا گیا۔ لیکن باوجود اسکے یہی مسجد تھی جسکا نام بعد مین تاج الجوامیع رکہا گیا اس مین کچہہ شک نہین کہ گو یہ ایک معمولی سادہ مسجد تہی۔ گو اس سے کسی قسم کی شان و شوکت ظاہر نہین ہوتی تھی۔ مگر عبادت اور نماز کا جوش و خروش جو اوس وقت تہا۔ آج باوجودیکہ وہ ایک بڑی پرشان و شوکت اور عظیم الشان مسجد ہے۔ گو اس وقت وہ تاج المساجد اور عمارت کی خوبی کے لحاظ سے لاثانی ہے۔ اوسے وہ بات ہرگز نصیب نہین جس مقصد کے لیے یہ بنائی گئی تہی۔ یا جس خیال سے اُسکے بانی نے اوس کا بنیادی پتہر رکہا تہا۔ وہ دن اسلام کے آغاز کے دن تہے۔ اور اوس وقت کے مسلمان اپنے سیدہے سادہے فرائض کو اسی خوبی اور جوش سے ادا کرتے تہے۔ جو ہماری قسمت مین نہین۔ مفتوحہ ممالک کی دولت نے انہین ابہی تک عیش و عشرت کی طرف مائل نہین کیا تہا۔ اور ابہی تک وہ اون مضر اور بیہودہ خیالات سے بچے ہوے تہے جو آج ہماری تباہی کا باعث ہوے۔ اون دنون اُنکے مذہبی۔ ملکی سب معاملات کے لیے یہ ایک مسجد کافی تھی۔ وہان کا گورنر

(حاکم) اوس کا واعظ اور نماز جمعہ کا امام ہوتا تھا۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ عمرو کا ایک وعظ جو اونھون نے اس مسجد مین جمعہ کے روز کہا تھا ہمارے ہاتھ لگ گیا ہے جسکا ترجمہ ہم یہان لکھتے ہین اس کے پڑہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک فرمانروا کے وعظ مین اخلاقی نصایح اور انتظامی احکام کس خوبی سے ملے جلے ہین۔ بحیرابن ذاکر اسے اسطرح بیان کرتا ہے۔ مین اور میرا باپ عیسائیون کی عید الغطاس کے چند روز بعد جمعہ کی نماز پڑہنے گیے۔ ابہی ہم نماز پڑہ ہی رہے تہے۔ کہ چند شخص ہاتھ مین کوڑے لیے آدمیون کو ڈھکیلتے ہوے ہمارے پاس آپہونچے۔ مین نے پوچھا۔ "ابّا یہ کون ہین"۔ میرے والد نے جواب دیا "بیٹا۔ محافظ ہین"۔ اتنے مین موذن نے ازان دی اور عمرو ابن العاص منبر پر کہڑے ہوے۔ مین نے دیکھا کہ وہ ایک چھوٹے قد کے مگر گٹھے ہوے آدمی تہے سر بڑا تھا اور آنکہین سیاہ۔ بشرہ سے نہایت سنجیدہ معلوم ہوتے تہے۔ لباس قیمتی تہا سر پر عمامہ اور جسم پر قبا تھی۔ اول تو چند الفاظ مین خدا کی حمد وثنا کی اور پہر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت کی بعد لوگون کو احکام سنائے۔ مین نے سنا کہ وہ زکوۃ کے دینے رشتہ دارون کو دیکہنے۔ اعتدال سے رہنے۔ حد اعتدال سے تجاوز نکرنے اور دوسرے فضول کامون اور عیش وعشرت روکنے کی ہدایت کرتے تہے۔ اور کہا "اے انجمن قوم! چار غلطیون سے بچو کیونکہ وہ آرام کے بعد مصیبت پیدا کرینگی۔ دولت کے بعد افلاس اور کمال کے بعد زوال۔ خبردار اپنے بیہودہ اور عیش وعشرت کے اسباب مت بڑہاؤ اپنے مال کو ضایع مت کرو۔ اور کسی معاملہ مین اس قدر باتین نکرو جنہین تم پورا نہین کر سکتے

یہ سچ ہے کہ انسان کو کسی قدر فرصت کی ضرورت ہے۔ اپنے جسمانی آرام کے لیے۔
اپنے منافع اور فوائد کی نسبت سوچنے کے لیے اور اپنی نیچرل خواہشات کے پورا
کرنے کے واسطے۔ لیکن جو شخص ایسا کرنا چاہے۔ اوسے چاہیئے کہ اعتدال سے کام
لے اور تھوڑے ہی سے پر قناعت کرے۔ اور فرصت کے وقت اوسے کچھہ نہ کچھہ حاصل
کرنا چاہیئے۔ تاکہ وہ اپنی زندگی غفلت مین نہ گذار دے۔ اور نیک کامون سے
بے پرواہ ہو جاے اور خدا کے احکام سے بالکل غافل رہے۔ اے انجمن قوم!
اس مین کچھہ شک نہین کہ ستارہ جوزا طلوع ہوا ہے اور سیارہ سہیل غروب ہو گیا۔ ہے
مطلع صاف ہے۔ دنیا سے تمام آفت اوٹھہ گئی ہے۔ شبنم کم ہو گئی ہے۔ چراگاہ مین سبز
گھاس لہلہا رہی ہے۔ بھیڑون نے بچے دیدیے ہین۔ اب گڈریے کو اپنے ریوڑ
کی خوب حفاظت کرنی چاہیئے۔ تم اپنے کھیتون مین جاؤ۔ خدا کی رحمت تمہارے
ساتھہ ہے۔ اون تمام نعمتون سے حظ اوٹھاؤ۔ یعنی دودھ۔ بھیڑین اور شکار۔ اپنے گھوڑونکو
کھیتون مین چھوڑ دو اور موٹا ہونے دو۔ اور اونکی خوب حفاظت کرو۔ اور اون سے
اچھی طرح سلوک کرو۔ کیونکہ وہ تمہین دشمن سے بچاتے ہین اور تمام مال غنیمت کا انحصار
اون ہی پر ہے۔ اور کاٹپس سے (اہل مصر) جو تمہارے پڑوسی ہین نہایت مہربانی سے
برتاو کرو۔ اور غیر عورتون کی طرف سے ہوشیار رہو۔ اونکے بدن ایسے سیاہ ہین جیسے
نیزے۔ کیونکہ اسمین کچھہ شک نہین کہ وہ غارتگر ایمان ہین اور تمام قوتون کی زایل کر دینے
والین۔ مجھہ سے امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا کہ اونہون نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

کو یہ کہتے سنا۔ کہ بیشک میرے بعد خدا مصر کا ملک تمہین دیگا۔ اس لیے وہان کے
باشندون سے مہربانی سے سلوک کرو۔ کیونکہ وہ تمہارے اقربا اور تمہاری رعیت ہین"۔
اسلیے مین تمہین کہتا ہون۔ کہ تم اپنے ہاتھ اوٹھالو۔ اپنے جوش ضبط کرو۔ اور اپنی آنکھون
پر پردہ ڈال لو۔ مین یہ نہین سننا چاہتا کہ تم مین سے کوئی موٹا ہوجاے مگر اوسکا گھوڑا دبلا ہو
خیال رکھو کہ مین تمام گھوڑون اور آدمیون کو دیکھونگا۔ اور جس کسی کا گھوڑا بغیر کسی معقول وجہ
کے دبلا ہوگا۔ اوسی مقدار سے مین اوسکی تنخواہ کاٹ لونگا۔ اور یاد رکھو کہ تم قیامت تک
دشمن کی سرحد پر آباد ہو۔ اس لیے بہت سے دشمنون نے تمہین گھیر رکھا ہے۔ اور تمہاری
زمینون تمہاری دولت اور ترقی۔ تمہارے وسیع مقبوضات۔ اور تمہاری لازوال نعمتون
پر اونکا دانت ہے اور ہر وقت وہ اسی تاک مین لگے ہوے ہین۔ امیر المومنین حضرت عمرؓ
نے مجھ سے ذکر کیا۔ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے۔ کہ "جب خدا تعالی تمہین مصر پر قابض
کریگا۔ تو تم ایک بہت بڑی فوج بنانا کیونکہ وہ فوج تمام دنیا کی فوجون سے اعلی ہے"
تب حضرت ابو بکرؓ نے کہا۔ کہ "اے پیغمبر خدا۔ یہ کیون؟" تو آپ نے جواب دیا کہ "اسلیے
کہ وہ اور اونکی بیویان قیامت تک دشمن کی سرحد پر مخیم ہین" اس لیے اے انجمن قوم!
تم اون چیزون کے لیے جو خدا نے تمہین عنایت کی ہین۔ اون کا شکریہ ادا کرو۔ اور سبز
میدانون مین مزے اوڑاو اور جب شاخین سوکھ جائینگی۔ پانی گرم ہوجائیگا۔ مکھیان
بڑھ جائینگی۔ دودھ کھٹا ہوجائیگا۔ سبزی معدوم ہوجائیگی۔ اور پھول پودون پر سے مرجھا
کے گر پڑینگے۔ تب تم اوٹھو۔ اور خدا کی عنایت سے اپنے شہر کو واپس جاو۔ اور یاد رکھو کہ

جب تم گھر واپس جانے لگو۔ تو تم اپنی حیثیت کے موافق کوئی نہ کوئی تحفہ اپنے گھر ضرور لیجاؤ۔ جو کچھہ مجھے کہنا تھا مین نے لکھہ دیا۔ اور اب مین تمہین خدا کے حوالے کرتا ہون"

"تاریخی حالات"

اب ہم اس مسجد کے کچھہ تاریخی حالات لکھنا چاہتے ہین۔ کہ باوجود اس قدر انقلابات اور تباہیون کے یہ کیونکر قایم رہی۔ اور اس مین کیا کیا تبدیلیان واقع ہوئین۔ زمانہ نے اور اُس زمانہ کے لوگون نے اسکے ساتھہ کیسا سلوک کیا۔ اسکی رونق کیونکر بڑہی۔ اور کیونکر گھٹی۔ اول ہم اس مسجد کی ترقی کے زمانہ (اس سے میرا مطلب عمارت کی ترقی ہے) کے حالات لکھتے ہین۔

اسے بنے کوئی بتیس ۳۲ برس ہوے تہے۔ کہ مسلمہ نے ۵۳ ہجری (۶۷۳ء) مین اسے بڑہانا چاہا۔ کیونکہ لوگون کو عموماً یہ شکایت تھی کہ مسجد بہت چھوٹی ہے۔ اس لیے خلیفہ معاویہ کے حکم سے اس حاکم نے مسجد کو مشرق کی جانب کسی قدر بڑہا دیا۔ اور شمال کی طرف کچھہ خالی جگھہ شامل کردی یہ نہین معلوم ہوتا کہ کس قدر بڑہائی گئی۔ مگر چونکہ عمرو کے مکان تک بڑہائی گئی تھی۔ اس لیے یہ خیال ہوتا ہے کہ کچھہ زیادہ حصہ ایزاد نہین کیا گیا۔ مسلمہ نے علاوہ اس کے دیوارون پر پلاسٹر کروایا۔ اور آرائش کا بھی کچھہ سامان مہیا کیا۔ اور خلیفہ کے حکم بموجب مسجد کے چارون کونون مین اذان کے لیے چار خاص جگہین بنوادین۔ غالباً وہ چھوٹی چھوٹی مینار ہونگی۔ جن کے متعلق ایک ایک زینہ بھی تھا۔

چھبیس ۲۶ سال تک پھر اس مین کوئی تبدیلی واقع نہین ہوئی - اسکے بعد ۷۹ سنہ ہجری (۹۸-۹۹ء) مین عبدالعزیز ابن مروان (برادر خلیفۂ وقت) نے اس مسجد کو بالکل از سر نو بنوایا - اور مغرب کی طرف سے بہت کچھہ وسعت دی - اور مسلمہ نے جو خالی زمین کا حصہ شمال کی طرف زیادہ کردیا - وہ بھی اسنے چاردیواری مین شامل کرلیا - دس برس بعد عبداللہ ابن عبدالملک نے اسکی چھت کو جو بہت نیچی تھی اونچا کروادیا -

عبدالعزیز کی کاٹ چھانٹ کے چودہ برس بعد قرہ ابن شارق نے اسے پھر بنایا اور بڑہایا - اور یہ کام غالباً نو مہینے تک جاری رہا یعنی ۹۲ سنہ ہجری (۱۰ سنہ اکتوبر) سے شروع ہوکر ۹۳ سنہ ہجری کے نوین مہینے مین ختم ہوا - چنانچہ اس زمانہ مین جمعہ کی نماز چوک (قیصریہ) مین ہوتی تھی - قرہ نے جنوب کی جانب عمرو کا مکان بھی شامل کردیا - جسکے بدلے مین اونکے ورثا کو کچھہ روپیہ دیدیا گیا - اور کہتے ہین کہ قرہ ہی تھا جس نے پہلے پہل اس مسجد مین قبلہ دکھانے کے لیے محراب بنائی - اب اس مسجد مین گیارہ دروازے تھے - چار مشرق کی طرف - چار مغرب کی طرف اور تین جنوب کو - اس وقت مسجد شمال و مشرق کی طرف بہت کچھہ وسیع ہوگئی - قرہ نے ایک منبر بھی بنوایا جو ۳۶۵-۳۶۸ سنہ ہجری ۹۷۵-۹۹۶ سنہ تک موجود تھا -

قریب قریب اسی زمانہ مین (۹۷ سنہ ہجری ۱۵-۱۶ ۷ سنہ ۶ء) مسجد کے اندر ایک کمرہ بیت المال کے لیے تعمیر کرایا گیا - مگر اب یہ ٹھیک ٹھیک معلوم کرنا کہ یہ کہان تھا - اور اسکی شکل کیسی تھی کسی قدر مشکل ہے - اس جگہہ اسکے فیصلہ کے لیے بحث کرنی مناسب نہین معلوم ہوتی

۱۳۳ سنہ ہجری (۷۵۰-۵۱ء) مین جبکہ بنو امیہ کی خلافت کا خاتمہ ہو گیا تھا صالح ابن علی گورنر مصر نے شمال کی طرف چار قطارین ستونون کی اور زیادہ کردین اور ایک پانچوان دروازہ مشرق کی طرف اور تعمیر کروایا جسکا نام باب الکحل تھا۔

۱۷۵ سنہ ہجری (۷۹۱-۹۲ء) مین موسی بن علی نے شمال کی طرف ایک صحن (رحبہ) اور زیادہ کردیا۔ اس رحبہ کو ہم ایک خیال سے مسجد کا حصہ نہین کہہ سکتے۔ گو اس مین کچھ شک نہین۔ کہ یہ خالی جگہہ موسی نے مسجد کے ساتھہ کردی تھی جسے کوئی اور استعمال نہین کر سکتا تھا۔

اور اخیر مین عبداللہ ابن طاہر (۲۱۲ سنہ ہجری و ۸۲۷ء مین) نے حکم دیا کہ موجودہ مسجد کو دُگنا کردیا جاے۔ اور چنانچہ مغرب کی طرف اوسی قدر اور اوسی شکل کی اور زمین زیادہ کی گئی۔ ایک مورخ کہتا ہے کہ "عبداللہ ابن طاہر نے مسجد مین ایک بڑی محراب بنوائی اور مغرب کی طرف کی کل زمین زیادۃ الخازن تک زیادہ کی" اوس وقت مسجد کا طول و عرض (۱۹۰×۱۵۰) کیوبٹ یا ساعد تھا جب ہم پانسو سال بعد مین بھی اس مسجد کو دیکھتے ہین تو اسکا رقبہ وہی پاتے ہین جو ابن طاہر کے وقت مین تھا۔

مسجد کا کل رقبہ ۲۰۰۰ ۲۸ مربع درع البنی یا ۲۸۰۰۰ درع العمل تھا۔

تاریخ نے اسکی حالت ہمین یہان تک بتادی ہے۔ اب ہم دیکھنا چاہتے ہین۔ کہ اس کے بعد کیا واقع ہوا۔ اس کے بعد مسجد کی آرائش کا زمانہ آیا۔ جو ۵۶۸ سنہ ۱۲ ہجری۔ (۱۱۷۲ء) تک رہا۔ اور اس زمانہ مین اس مین کچھہ تبدیلیان ہوتی رہین۔ گو مسجد کو زیادہ

وسعت نہین دی گئی - اور نہ کوئی حصہ اوس مین زیادہ کیا گیا مگر آرایش وغیرہ تکلفات نے اوسکی حالت بہت کچھہ درست کردی -

اس سے پہلے ۱۳۳ سنہ ہجری (۷۵۰ء) مین خاندان بنو امیّہ کے زوال کے بعد الفطاط کے جنوب و مشرق مین ایک فوجی چھاونی پڑگئی تھی اور ۱۶۹ سنہ ہجری (۷۸۵ء) مین ایک جامع مسجد بنوائی گئی - اور پھر ۲۸۵ سنہ ہجری (۸۷۲ء) مین **احمد ابن طولون** گورنر مصر نے جو قریباً خود مختار ہوگیا تھا اور مصر کے ایک خاندان کا بانی ہوا - ایک گانون مشرق و جنوب کی طرف آباد کیا - اور ۲۶۳ سنہ ہجری (۸۷۶ء) مین ایک مسجد بنوائی - جو ابتک موجود ہے اسی زمانہ جسکا ہم ذکر کر رہے ہین - پھر **قاہرہ** خاص کی بنیاد پڑی ۳۵۸ سنہ ہجری ۹۶۹ء - جسمین دو بڑی عالیشان مسجدین **الازہر** اور **الانور** (موخر الذکر کا دوسرا نام **مسجد الحاکم** بھی ہے) تعمیر ہوئین - مگر مسجد عمرو مین جو کچھہ بعد مین زیادہ کیا گیا وہ زیادہ قابل لحاظ نہین - کیونکہ اس سے مسجد کی عمارت وغیرہ مین کسی قسم کی ترقی نہین ہوئی - بلکہ جو کچھہ زیادہ کیا بھی گیا وہ مسجد کے بیرونی احاطہ کے متعلق تھا -

المقریزی لکھتا ہے کہ **قاضی الحارث** نے ۲۳۷ سنہ ہجری (۸۵۱ء) مین کچھہ ایزاد کیا - جو اوسی کے نام سے مشہور ہے - اور یہ **زیادۃ الخازن** کے شمال مین واقع ہے - جسے **ابوبکر خازن** نے ۳۵۷ سنہ ہجری (۹۶۸ء) مین تعمیر کروایا - اور ۲۵۸ سنہ ہجری (۸۷۲ء) مین رحابہ **ابی ایوب** اور زیادہ کیا گیا (اسی ابوایوب نے صحن مین نمازیون کے سایہ کے لیے ایک شامیانہ کھڑا کیا - جسے **فاطمیہ** خلیفہ الحاکم نے ۴۰۶ سنہ ۱۰۱۵ء مین

او کھڑوادیا) یہ تمام حالات ہمنے شمالی اور مغربی حصہ کی بابت لکھے ہین۔ مگر افسوس ہے کہ ہمین مشرقی حصہ کے حالات معلوم نہین ہوسکتے۔ اس مین کچھہ شک نہین کہ اس طرف بھی کچھہ نہ کچھہ زیادہ ضرور کیا گیا تھا۔ جسکا اب کوئی نشان باقی نہین۔ جو غالباً سنہ ۶۰۰ ہجری (سنہ ۱۲۰۲ء) مین گرگیا۔ یہ ہے ایزاد شدہ حصہ کی تاریخ۔ اب ہم دوسرے زمانہ کے حالات لکھنے کی طرف متوجہ ہوتے ہین۔ اُس مین سب سے پہلا واقعہ قابل غور یہ ہے کہ سنہ ۲۷۳ھ (سنہ ۸۸۶ء) مین مسجد مین آگ لگ گئی۔ جس سے تمام **ابن طاہر** کا زیادہ کیا ہوا حصہ جلگیا۔ جسے بعد مین **احمد ابن طولون** کے جانشین اور بیٹے نے ۶۴۰۰۰ دینار کے خرچ سے بنوایا۔

الاخشید کے زمانہ مین یعنی سنہ ۳۲۴ ہجری (سنہ ۹۳۶ء) مین ستونون پر نقش و نگار کیے گئے۔ اور سرون پر سونے یا چاندی کا پانی پھروایا گیا۔ اور جہان کہین جوڑ تھے۔ اونپر خوش رنگ پتھر یا شیشے لگائے گیے سنہ ۳۳۶ ہجری (سنہ ۹۴۷-۴۸ء) مین قاضی ابوحفص نے چھت پر ایک کمرہ موذنون کے لیے بنوایا۔ سنہ ۳۷۸ ہجری (سنہ ۹۸۸-۸۹ء) مین بیت المال کے گنبد کے نیچے ایک فوارہ بنایا گیا۔ سنہ ۳۸۵ ہجری (سنہ ۹۹۵ء) مین مسجد پر پلاسٹر ہوا۔ اور سفیدی کرادی گئی۔ کہتے ہین کہ اس وقت بہت سے پتھرون وغیرہ کے نقش و نگار مٹادیے گیے تھے جو غالباً **ابن طولون** یا **اخشید** یہ خاندان کے وقت تھے۔ کیونکہ ان خاندانون مین ایسے فنون کا بہت کچھہ چرچا تھا۔

فاطمیہ خلیفہ **الحاکم** نے سنہ ۴۰۳ ہجری (سنہ ۱۰۱۲-۱۳ء) مین کوئی ۲۴۰۰ جلدین قرآن شریف

اور نو سیپارون کی مسجد مین بہیجین جنمین سے بعضے سونے کے حروف سے لکہے تہے اور جنہین ہر ایک مسجد مین استعمال کر سکتا تہا۔ اور علاوہ اسکے اوسنے خصوصاً اسی مطلب کے لیے ایک بڑا شمعدان بہیجا جسپر ایک لاکھ درہم لگے تہے۔ یہ اس قدر بڑا تہا کہ اسکے اندر لیجانے کے لیے مسجد کا ایک دروازہ بڑا کرنا پڑا۔ تین سال بعد اسی خلیفہ نے صحن کا شامیانہ اوکہڑوا دیا۔

فاطمیہ خلیفون کے زمانہ مین اس مسجد مین چند اور بہی تبدیلیان ہوئین۔ چنانچہ خلیفہ المستنصر نے محراب کے سامنے چاندی کی ایک زنجیر لٹکائی سنہ ۴۳۸ ہجری (۱۰۴۶-۴۷ء) اسی زمانہ مین محراب کے ستونون پر چاندی کے حلقے سے لگائے گیے جنہین صلاح الدین نے بعد مین اوتروا دیا۔

اس زمانہ سے لیکر الفطاط کے جلنے تک اس مین کچہہ کچہہ تبدیلیان ہوتی رہین اور کسیقدر کچہہ اور بہی ایزاد ہوا۔ مگر یہ قابل ذکر نہین معلوم ہوتین سنہ ۵۶۴ ہجری (۱۱۶۸ و ۶۹ء) مین اموری۔ یروشلم کے بادشاہ نے مصر پر فوج کشی کی اور الفطاط کے جنوب مین خیمے لگائے۔ اس لیے فاطمی خلیفہ العاضد کے حکم سے اوسکے وزیر شاہور نے اس شہر مین آگ لگا دی۔ تاکہ غنیم اس پر اپنا قبضہ نکرے۔ اس آتش زنی نے مسجد کو بہی نقصان پہونچایا۔ مگر یہ فرض کر لینا کہ اسکی تمام اصلی عمارت کو نقصان پہونچا۔ ایک غلطی ہے۔ دیوارین گو قابل مرمت تہین مگر پہر بہی کہڑی رہین بیشک چہت اور تمام لکڑی کا کام بالکل غارت ہو گیا جس سے مرمت کی از حد ضرورت واقع ہوئی۔ چار سال بعد

(۵۶۸ ہجری ۱۱۷۲-۷۳ء) مین مسلمانون کے نامور بہادر صلاح الدین نے مصر پر اپنا تسلط جمایا۔ اوسنے اوس پرانی مسجد کو پھر تعمیر کروایا۔ قبلہ اور محراب از سرنو بنوائے۔ اور فرش سنگ مرمر کا بنوایا۔ اور اپنا نام اوسپر کہدوایا۔ اس کے علاوہ اوسنے کئی اور تبدیلیان کین جنکا ذکر کرنا یہان مناسب نہین معلوم ہوتا۔ مسجد کا اچھا زمانہ ختم ہوتا ہے۔ اور ایک نیا زمانہ شروع ہوتا ہے۔ جسکا ذکر ہم آگے کرتے ہین۔

مسجد کی طرف سے بے پرواہی اور اوس کی بربادی

آخر اس عالیشان مسجد کا وہ زمانہ آپہونچا۔ جبکہ اس کا کوئی سرپرست نہ رہا۔ اور اس بے توجہی اور بے پرواہی کا یہ نتیجہ ہوا۔ کہ اسکی تباہی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ ایوبیہ خاندان کے زمانہ مین (۵۶۸-۶۴۸ ہجری) (۱۱۷۲-۱۲۵۰ء) اس کا یہی حال رہا۔ اور اون لوگون نے کچھہ توجہ نہین کی۔ ہم یہان ایک قابل سیاح کی تحریر سے کچھہ اقتباس کرکے لکھتے ہین۔ جسنے الصالح نظم الدین کے زمانہ مین جسے صلاح الدین کے خاندان کا اخیر بادشاہ سمجھنا چاہیئے (۶۳۷-۶۴۷ ہجری ۱۲۴۰-۱۲۴۹ء) اس مسجد کو خود دیکھا۔ اور اس کا بڑا دلچسپ حال لکھا ہے۔ اس سیاح کا نام سعید المغربی جو اسکندریہ مین ۶۳۹ ہجری (۱۲۴۱ء) مین پہونچا۔ اور مصر مین قریب دس برس کے رہا۔ اس مسجد کے حالات وہ اسطرح لکھتا ہے۔

پس مین شہر مین داخل ہوا۔ اور اون تنگ گلیون مین سے مجھے گذرنا پڑا۔ جہان لوگ کثرت سے اسباب اور بوجھہ اوٹھائے اور مشکین اونٹون پر لادے جا رہے تھے۔ جس سے چلنے مین مجھے سخت تکلیف ہوئی۔ آخر کار مین مسجد مین پہونچا۔ مین نے دیکھا کہ تنگ گلیون نے

اس مسجد کو گھیر رکھا ہے۔ اور اس بات مین یہ مسجد اشبیلیہ اور مراکش کی مسجدون سے جنکا مین نے پہلے ذکر کیا ہے مختلف ہے۔ پھر مین اسکے اندر داخل ہوا۔ یہ ایک بہت بڑی اور قدیم مسجد ہے جسمین آرایش اور سجاوٹ وغیرہ کا کوئی سامان نہ تھا۔ سادہ چٹائیان دیوارون پر لگی ہوئین اور فرش پر بچھی ہوئی تھین اور مین نے دیکھا کہ بہت سے لوگ مرد عورت صرف رستہ کم کرنے کے لیے یا جلدی پہونچنے کی خاطر ایک دروازے سے دوسرے دروازے ہوکر مسجد مین سے گذرتے تھے جس سے اوس کا تمام فرش خراب ہوگیا تھا۔ اور بہت سے خوانچے والے (بیچنے والے) اس مین میوے اور بسکٹ وغیرہ بیچ رہے تھے اور مسجد کے مختلف حصون کے لوگ اون سے لیکر کھا رہے تھے اور اوس مقدس جگہ کی عزت و وقار کا کچھ خیال نہین کرتے تھے۔ اور بہت سے بچے اپنا کاسہ گدائی لیکر اون لوگون کے سامنے کھڑے تھے جو کچھ کھا رہے تھے۔ اور اس طرح اپنی گذر اوقات کی فکر کر رکھی تھی۔ اور اون سے ہی جو باقی بچ رہا وہ اونھون نے مسجد کے کونون مین پھینک دیا۔ چھت اور گوشون مین سیکڑون مکڑیون کے جالے لگے ہوے تھے۔ بچے صحن مین کھیل کود رہے تھے۔ اور دیوارون پر کوئلہ۔ تارکول اور سرخ رنگ سے نہایت بیہودہ اور بے معنی غلط مین خدا جانے بیفکرون نے کیا کیا لکھ ڈالا تھا۔ باوجود ان تمام خرابیون کے مسجد سے شان و شوکت کے آثار نمودار تھے۔ اور خیالات پر ایک قسم کا اثر پڑتا تھا۔ اور یہ بات اشبیلیہ کی مسجد مین ہرگز نصیب نہین ہوسکتی۔ باوجودیکہ وہان چمن اور آرایش کے تمام سامان موجود ہین۔ مین نے معلوم کیا۔ کہ بغیر کسی ایسی چیز کے دیکھنے سے جو یہان موجود تھی میرے

دل پر اس کا اثر نہایت صاف اور طمانیت بخش پیدا ہوا۔ تب غور کرنے سے مجھے معلوم ہوا کہ اس مین ایک خاص راز ہے اور وہ یہ ہے کہ اس مسجد کی تعمیر کے وقت پیغمبر صاحب صلعم کے اصحاب کرام یہان کھڑے تھے۔ اور مجھے یہ دیکھکر خوشی ہوئی کہ طلباء اپنے معلمون کے گرد حلقہ باندہے بیٹھے ہین۔ جو قرآن۔ دینیات اور صرف و نحو وغیرہ کی تعلیم کے لیے مقرر ہین۔ اور جب مین نے اونکی گذر اوقات کی نسبت دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اسکا انحصار شرعی زکوۃ پر ہے۔ اور مجھے یہ بھی معلوم ہوا۔ کہ اس کا جمع کرنا نہایت دشوار کام ہے۔ جب تک کہ کوئی دباؤ نہ ہو یا سخت تکلیف نہ اوٹھائی جائے۔ اسکے بعد مین مسجد سے چلا آیا اور دریاے نیل کے ساحل پر جا پہونچا۔"

اوپر کا بیان مسجد کی بُری حالت اور لوگون کی کم توجہی پورے طور سے ظاہر کر رہا ہے جبکہ خاندان صلاح الدین کا زوال قریب آپہونچا تھا۔ ہم دیکھتے ہین کہ پہلے مملوک بادشاہ عز الدین ایبک نے (۶۴۸-۶۵۵ ہجری ۱۲۵۰-۱۲۵۷ء) مین مسجد پر پلاسٹر کروایا اور اسکی مرمت کی۔ ستونون کو درست کروایا۔ اور تمام فرش سنگ مرمر کا بنوا دیا (مگر اس مین صحن شامل نہین) باوجود اس مرمت کے بیبرس کے زمانہ مین (۶۵۸-۶۷۶ ہجری ۱۲۶۰-۱۲۷۷ء) شمال کی جانب کی دیوار کسی قدر جھک گئی تھی اور گرنے والی تھی۔ قاضی نے پہلے اس کا بذات خود ملاحظہ کیا۔ اور پھر معمارون سے مشورہ کیا۔ فوارہ گروا دیا۔ تاکہ مسجد کی بنیاد کو اس سے نقصان نہ پہونچے۔ اوسنے نیز شمالی دیوار کے پیچھے پشتہ بندھوا دیا۔ تاکہ گرنے سے بچی رہے اور ساتھ ہی کئی کمرے چھت کے اوپر کے گروا دیے تاکہ اس سے بہت بوجھ نہ پڑے۔

اس کے تمام اخراجات مسجد کی متعلقہ آمدنی سے ادا کیے گیے۔ مگر باوجود اسکے یہ معلوم ہوا کہ مسجد اب تک محفوظ حالت مین نہین۔ اس لیے سلطان سے یہ درخواست کی کہ خزانۂ عامرہ مین سے اسکی تعمیر کا روپیہ عنایت کیا جاے۔ چنانچہ شمالی دیوار پورے طور سے بنوادی گئی۔ مسجد پر پلاسٹر کیا گیا۔ ستون پوشش ہوے۔ غرضکہ پوری پوری مرمت ہوگئی۔

اکیس برس بعد (۶۸۷ہجری ۱۲۸۸ء) سلطان **کلعون** کے زمانہ مین **عزالدین الفرم** کی زیر نگرانی اسکی کسی قدر مرمت ہوئی۔ اور مسجد کی حالت اور کم توجہی کا اندازہ اس بیان سے ہوسکتا ہے کہ "اُسکے کئی حصون مین کوڑے کے ڈھیر نکلے"

دوسرا بڑا تاریخی واقعہ جس سے مسجد کو سخت نقصان پہونچا ۷۰۲ ہجری ۱۳۰۲ء کا زلزلہ تھا۔ اب مسجد کی درستی وغیرہ کا تمام اہتمام **سلطان محمد ابن کلعون** نے **امیر سالار** کو سونپ دیا جسنے **الفطاط** کے مشرقی حصہ کی تمام مسجدین منہدم کرادین۔ اور اونکے ستون نکلوا لیے۔ تاکہ ان سے اس مسجد کے صحن کا فرش بنوایا جاے۔ اور اوس نے اسی پر کفایت نہین کی۔ بلکہ خاص اسی مسجد کے بڑے بڑے ٹکڑے جس سے باقی مسجد کا فرش بنا ہوا تھا۔ اوکھڑوا لیے اور ان سب کو جمع کرکے مسجد کے دروازے کے سامنے ایک بڑا ڈھیر لگوادیا۔ مگر نہایت افسوس ہے کہ اوس **صحن** کا فرش کبھی نہ بنا!!

یہ تھی میر سالار صاحب کی تعمیر مسجد اور یہ تھا اونکا انتظام۔ جسنے مسجد کی رہی سہی حالت کو اور بھی ردّی کردیا۔ یہ حالت دیکھکر ناظرین کچھہ متعجب نہونگے۔ جب وہ یہ سنینگے کہ تھوڑے عرصہ کے بعد مشرقی جانب کے ۲ ستون بھی گر پڑے۔ اور دوسری بات جو ہم اونہین

بتانے والے ہین وہ یہ ہے کہ مسجد کی حالت بالکل خراب ہوگئی۔ اسکی محرابین جھکنے لگین اور قریب تھا کہ رکوع سے سجدہ مین جاپڑین۔ اور لطف یہ تھا کہ اوس وقت سلطان برقوق (۸۰۱ھ ہجری ۱۳۹۹ء) کی وفات کے بعد سلطنت کے امرا اور وزرا اپنے اپنے دھندون مین لگے تھے اور مزے اوڑا رہے تھے۔ آخر خدا کے ایک بندے کے دل مین اسلامی حمیت نے جوش مارا۔ وہ اوٹھا اور اوسنے تمام اہتمام اپنے سر لیا۔ یہ شخص برہان الدین ایک بڑا سوداگر تھا۔ اسنے مسجد کو از سر نو تعمیر کرانیکا ارادہ کیا۔ اور اوسکے اخراجات اپنے اور بھائیون کے ذمے لیے۔ قبلہ کے جانب کی ساری مسجد کو اوکھڑوا دیا اور پھر سے بنایا۔ یعنی بڑی محراب سے لیکر صحن تک۔ دیوارون مین جو جگہین کمزور ہوگئی تھین یا قابل مرمت تھین اونکی مرمت کرائی۔ اور تمام مسجد پر پلاسٹر کروایا۔ اس طرح یہ مسجد پھر نئی کی نئی ہوگئی۔ ایک ایسی حالت کے بعد جبکہ یہ بالکل گرنے والی تھی۔ آخر خدا تعالیٰ جل شانہ نے ایک ایسے شخص کو کھڑا کر دیا جسنے اسے سنبھال لیا۔ باوجودیکہ یہ شخص نہایت بخیل اور کنجوس تھا۔"

یہ کام ۸۰۴ھ ہجری (۱۴۰۱ء) مین ختم ہوا۔ المقریزی نے ۸۲۳ھ ہجری (۱۴۲۰ء) کے حالات لکھکر مسجد کا بیان ختم کردیا۔ ہے۔ اس لیے ہم اوس وقت کی چند باتین یہان لکھتے ہین۔ جنسے وہ خوب واقف تھا۔ ان دونون مسجدمین نہایت مشہور و معروف قرآن شریف کی دو جلدین موجود تھین۔ ایک تو انمین سے عصمہ بنت عبدالعزیز حاکم مصر کے نام سے مشہور تھا المقریزی نے اسکی ابتدائی تاریخ کا پتہ لگایا ہے۔ جبکہ یہ قرآن

عبد العزیز کے حکم سے ۶۷ سنہ ہجری ۹۶-۹۵ ۶ء مین لکھا گیا تھا۔ دوسری جلد مصحف عثمان کے نام سے مشہور تھی۔ مگر اکثر لوگ اس واقعہ کو غیر صحیح سمجھتے تھے۔ **المقرزی** نے مسجد کے اون خاص حصون کے حالات بڑی تفصیل سے لکھے ہین جہان نمازین وغیرہ پڑہی جاتی تہین۔ اونمین ایک چہت بہی تھی۔ جسکے گرد نمازی سات دفعہ طواف کرتے تھے اور بعض بعض مقامون پر کچہہ دعائین بھی پڑہتے تھے۔ اوسنے نیز اون نو مختلف ستونون کا ذکر بہی کیا ہے۔ جہان دینیات پر لکچر دیے جاتے تھے۔ اوسنے ایک روایت لکھی ہے کہ ۷۵۹ سنہ ہجری (۱۳۵۸ء) کی وبا سے پہلے یہان کوئی چالیس لکچر دیے گئے اور ہم پہلے لکھ چکے ہین یہ مقام **ابن سعید** سیاح کے لیے نہایت دلچسپ تھے۔

اب ہم **المقرزی** کو چہوڑتے ہین جو اس مسجد کی تاریخ مین ہمارا بڑا رہبر تھا۔ کیونکہ اسکے بعد اوس نے مسجد کی نسبت کچہہ نہین لکھا اور یہی وجہ ہے کہ بعد کی تاریخ پر کسی قدر اندھیرا چہایا ہوا ہے۔ کہتے ہین کہ **سلطان قیبطی** نے (جسکا زمانہ حکومت ۸۷۲-۹۰۱ سنہ ہجری ۱۴۶۸-۱۴۹۶ء تک رہا) اسکی کچہہ مرمت وغیرہ کرائی۔ اس کا ذکر **علی پاشا مبارک** مصر کے وزیر پبلک انسٹرکشن (وزیر تعلیم) نے لکھا ہے۔ اس کے بعد کچہہ تہوڑا سا پتہ **پوکاک** کے نقشہ مسجد سے معلوم ہوتا ہے جو اونکی کتاب "حالات مشرق" مین درج ہے یہ کتاب ۱۷۴۳ء (۱۱۵۶ سنہ ہجری) مین چھپی۔ یعنی **سلطان قیبطی** کی تعمیر سے ۱۵۰ برس بعد۔ اس نقشہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد مین بہت کچہہ تبدیلی ہوگئی تہی۔ مگر جب ہم اس نقشہ کو غور اور تحقیق سے دیکھتے ہین تو اس مین کئی غلطیان پائی جاتی

ہین۔ اور اس لیے ہم اس پر پورا پورا اعتبار نہین کر سکتے۔

سب سے اخیر مین مسجد پہر از سر نو تعمیر کی گئی۔ یہ کام مرادبی نے سرانجام دیا ۱۲۱۲ہجری ۱۷۹۸ء۔ اس مین کچہہ شک نہین کہ گو یہ مسجد کیسی ہی کیون نہ تھی۔ مگر آجکل کی مسجد مرادبی ہی کی مسجد ہے۔ اس نئی تعمیر کے حالات ہم شیخ الغربی سے لینگے۔ جو نپولین کے دیوان کے ایک ممبر بہی تہے جنہون نے فرنچ کے حملون اور اوسکے بعد کے زمانہ کے حالات لکہے ہین۔ وہ لکہتے ہین کہ مسجد ایک زمانہ دراز سے ویران اور خراب حالت مین پڑی تہی الفسطاط کے جل جانے کے وقت سے خاک اور مٹی کے تودون مین کہڑی تہی صرف چند مکان دریاے نیل کے کنارے پر کسی قدر فاصلہ پر رہ گیے تہے۔ اور وہ بہی زیادہ تر شمال کی طرف واقع تہے۔ اور وہ چند آدمی ان مکانون کے رہنے والے بہی پاس کی چہوٹی چہوٹی مسجدون مین نماز وغیرہ پڑہ لیا کرتے تہے اور بڑی مسجد کی طرف جو کسی وقت ایک عالیشان مسجد تہی رخ بہی نہین کرتے تہے۔ وہ پہر آگے لکہتے ہین۔ مین نے یقیناً وہ وقت دیکہا ہے جبکہ رمضان کے آخری جمعہ کو لوگ یہان جمع ہوتے تہے۔ اور القاہرہ اور مصر اور بلاق کے لوگ تفریح کے لیے یہان آتے تہے۔ اور اونکے ساتھہ شاہزادے اور بڑے بڑے امیر بھی ہوتے تہے اور گویئے۔ قلندر۔ مداری۔ اور حسین عورتین (غواصی) وغیرہ سب صحن مین جمع ہوتے تہے۔

یہ تمام شان و شوکت کوئی تیس برس سے بالکل جاتی رہی (یعنی قریب ۱۷۶۷ء سے) مسجد اور اوس کے آس پاس کی عمارت کی تباہ حالت کی وجہ سے چہت اور ستون بالکل گر پڑے

ہین"۔ تب **مراد** کو چند علماء نے ترغیب دی اور کچھہ اسلامی حمیت نے تقاضا کیا۔ اور آخر اوسنے اس مسجد پر زر کثیر خرچ کیا۔ جو اوسنے بڑے وسائل سے کمایا تھا مگر ایک نیک کام مین لگایا"۔ پھر اوسنے اوسکی دیوارین چنوائین۔ عمارت کو مضبوط کیا۔ ستونون کو باقاعدہ ترتیب دی۔ اور آرایش کا تمام سامان مہیا کیا۔ دو مینارے بنوائے۔ چھت مین لکڑی بہت عمدہ اور مضبوط قسم کی لگوائی اور تمام مسجد پر سفیدی کروائی۔ اور جب ختم ہوگئی۔ تو دیکھنے سے معلوم ہوتا تھا کہ نہایت عمدہ بنوائی گئی ہے۔ پھر اوسنے نہایت عمدہ چٹائیان (فرش) بچھوائین اور چھت مین لیمپ لٹکائے۔ تب ۱۲۱۲ ہجری مین رمضان کے آخری جمعہ کو ایک مجمع کثیر وہان جمع ہوا"۔ (۱۸ مارچ ۱۷۹۸ء کو ٹھیک ایک ہزار برس بعد جبکہ ابن طاہر نے کچھہ حصہ مسجد مین زیادہ کیا تھا) چار مہینے بعد **مرادبی**۔ ایمبابہ پر نپولین کے لشکر سے لڑ رہا تھا۔ جسے جنگ اہرام مصری" کہتے ہین۔ جن پر مشہور چالیس صدیان گذر گئی ہین"۔ وہ معزز بوڑھا لکھتا ہے کہ جب دوسرے سال فرنچ کا لشکر حملہ آور ہوا۔ تو مسجد کو بہی اور عمارتون اور چیزون کی طرح سخت نقصان پہونچا۔ یہان تک کہ اوسکی لکڑیون تک کا پتہ نہین لگا۔ اور وہ ایک ویران اور غیر آباد پڑی رہ گئی"۔ گو یہ کسی قدر مبالغہ ہے مگر اس مین کچھہ شک نہین کہ مسجد کو بہت کچھہ نقصان پہونچا۔

آجکل جنوب کی طرف کے ستون کسی قدر اچھی حالت مین ہین۔ شمالی طرف کے ستونون کے لیے کچھہ انتظام کر دیا گیا ہے۔ کچھہ سال ہوے رمضان کے اخیر جمعہ مین قاہرہ کے لوگ پھر جمع ہوے اور آس پاس کے تمام لوگون نے ملکر نماز ادا کی۔ مگر اس نماز جمعہ کے

بعد مسجد کی عجیب حالت ہوگئی ہے جب ہم مسجد مین بڑے دروازے سے داخل ہوے
ہمنے دیکھا کہ دائین ہاتھ کے ستونون کا نام ونشان تک نہین۔ سواے دوستونون کے
اور انکے بیچ مین جو جگھہ خالی تہی۔ وہ بھی بند کردی گئی۔ اسکی نسبت ایک روایت مشہور تھی
کہ ایک نیک شخص ان دوستونون مین سے بآسانی گذر جاتا تھا۔ خواہ کیسا ہی موٹا تازہ
کیون نہ ہو۔ مگر ایک بدکار خواہ کیسا ہی دبلا پتلا کیون نہ ہو ہرگز نہین گذر سکتا تھا۔ اسی لیے
رمضان کے آخری جمعہ کی نماز کے بعد اس جگھہ بڑا ہجوم ہوتا اور سخت ریل پیل ہوتی
تھی۔ اور یہان اپنی نیکی اور بدی کا امتحان کیا جاتا تہا! اور اس کا نتیجہ یہ تہا کہ حد درجہ
کی خرابی اور بے ترتیبی واقع ہوتی تہی۔ اچھا ہوا بند کردیا۔ یہان ایک اور ستون ہے
جسکی نسبت عجیب روایت مشہور ہے یہ منبر کے سامنے بائین طرف ٹھیک بیچ کی
محراب کے دائین جانب بنا ہوا ہے۔ اسکے نیچے کے حصہ کی طرف علاوہ اور ناموں
کے جناب رسالت مآب حضرت محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک بھی کوئی سات
بار لکھا ہے۔ نہ معلوم کس مسلمان نے سچے جوش سے یہ نام لکھے ہین۔ لوگون کا یہ
عقیدہ ہے کہ اس ستون پر پیغمبر صاحب کا نام پہلے ہی سے لکھا تہا۔ یا تو یہ ایک معجزہ ہی
یا قدرتاً یہ نام لکھا گیا ہے۔ مگر اصل یہ ہے کہ کسی نے بڑے احتیاط سے کھودا ہے اور
چھونے سے کھردرا نہین معلوم ہوتا۔ گویا آہستہ آہستہ کھودنے سے اوس پر ایک نشان سا
پڑگیا ہے۔ لیکن دوسرے لحاظ سے نام اچھا نہین کھدا اور خط بھی برا ہے۔ یہ ایک روایت
نہین۔ ایسی بیسیون روایتین مشہور ہوجاتی ہین۔ چنانچہ اسی ستون کی نسبت ایک اور

روایت مشہور ہے کہ عمروؓ نے خلیفہ عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ ایک ستون مکہ سے بھیجدیجیے تاکہ وہ اس نئی مسجد مین رکھا جاسے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے ستون کو حکم دیا کہ مصر جاؤ۔ مگر وہ اپنی جگھہ سے بالکل نہ ہلا۔ اونھون نے تین بار یہی حکم دیا۔ اور تیسری بار زور سے ایک کوڑا بھی لگایا۔ پر اوسنے ذرا پرواہ نکی۔ تب اونھون نے خدا کی قسم دی اور الفطاط جانیکا حکم دیا۔ اس دفعہ اوسنے اونکا حکم مانا۔ اور وہ لوگ اس پتھر مین چند نسین سی دکھاتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ کوڑے کے نشان ہین۔ مگر بیچارے ستون کی بڑی کمبختی ہے۔ کیونکہ رمضان کے آخری جمعہ کی نماز کے بعد تمام لوگ اسے لکڑیون کوڑون اور جوتیون سے پیٹتے ہین اور اسی طرح یہ غریب اپنی نافرمانی کی سزا بھگتا ہی ایک اور موقع پر اس مسجد مین لوگ کثرت سے جمع ہوے جسمین مسلمان ہی شامل نہین تہے بلکہ ہر قوم کے لوگ موجود تہے۔ یہ موقع استسقا کا تہا یعنی پانی کے لیے دعا مانگی گئی تہی۔ کیونکہ اوس دفعہ نیل مین طغیانی نہین آئی تہی پلیسکل کوسٹ کی کتاب عرب کی عمارات وغیرہ پر (جو پیرس مین ۱۸۳۹ء مین چھپی) اوسکی جلد اول صفحہ ۱۳۲ مین اسکا حال یون لکھا ہے۔

جبکہ دریاے نیل مین طغیانی نہین آتی تو قحط کا بہت اندیشہ ہوتا ہے یہ ایک رسم ہوگئی ہی کہ ارکین سلطنت۔ علما شیوخ۔ ربی۔ مصری۔ یونانی اور کیتھولک پادریون کو مسجد عمرو مین جمع کرتے ہین۔ تب ہر ایک فرقہ مسجد کی حدود کے باہر بیٹھکر خدا سے مدد طلب کرتا ہے مگر سب لوگ ایک جگھہ جمع ہوکر بیٹھتے ہین۔ یہ رسم نہایت احتیاط اور خضوع کے ساتھ

ادا کی جاتی ہے ہر ایک مذہب کے لوگ ایک دوسرے کی عزت کرتے تھے اور آپس مین اونکا برتاؤ ایسا ہوتا ہے گویا وہ ایک خاندان کے ہین - یہ رسم کئی بار ادا ہو چکی ہے لیکن مختلف لوگون نے اوسکے حالات مختلف طور سے لکھے ہین -

مسجد مین نماز اب تک ہوتی ہے اور ہر جمعہ کو وعظ کہا جاتا ہے یہ بہت غنیمت ہے - مسجد کی آمدنی کچھہ کم چار سو روپیہ ہے -

ہمنے اس مسجد کے تاریخی حالات شروع سے لیکر ابتک پورے طور سے لکھدیے اور اس بات کی نہایت کوشش کی ہے کہ حتی الامکان صحیح واقعات لکھے جائین اون مبالغہ آمیز روایتون اور غلط بیانیون کو بالکل چھوڑ دیا ہے جن سے مسجد کی تاریخ پر اندھیرا چھایا ہوا ہے اس مین کچھہ شک نہین کہ آج کل کی مسجد وہ مسجد نہین کہ جسکی بنا عمرو نے ڈالی تھی - اسمین اس قدر تبدیلیان واقع ہوئی ہین کہ اگر اوس پہلی مسجد کا نقشہ کھینچکر سامنے رکھا جاوے تو کوئی یقین نہین کریگا کہ یہ وہی مسجد ہے لیکن پھر بھی ہم مصر کے متعلق ایک نئی کتاب مین پڑھتے ہین کہ المقریزی لکھتا ہے کہ "یہ ظاہر ہے کہ عمرو کی تعمیر کی ہوئی مسجد کا کسی قدر حصہ اب تک باقی ہے" جو کسی طرح صحیح نہین ہو سکتا کیونکہ عمرو کا سارا کام بنانے مسجد کے ۵۸ برس بعد بالکل غارت ہو گیا جسے اب قریباً بارہ سو برس ہو چکے ہین اسی کتاب مین یہ لکھا ہے کہ "اُس مین شک ہے کہ عرب نے مصر کی فتح کے وقت علم عمارت مین ایسی ترقی کی تھی کہ وہ ایک ایسی وسیع اور عالیشان مسجد بنا لیتے" اس کے بعد ایک عجیب فقرہ لکھا ہے کہ "اگرچہ یہ پچھلے زمانے مین اندرونی حصہ مین بہت کچھہ زیادہ کیا گیا" جسکے معنی اگر

کچھہ ہو سکتے ہین تو یہی ہین کہ اوسکا رقبہ شروع سے لیکراب تک اوتنا ہی رہا کچھہ زیادہ نہین ہوا اسکے بعد دوسرے حالات بیان کرنے مین بہت کچھہ مبالغہ کیا ہے اور مسجد کی ابتدائی شان وشوکت اور آرایش کی بہت تعریف لکھی ہے اس مین کچھہ شک نہین کہ مسجد کی شان وشوکت کا زمانہ المقرزی کے زمانے سے پہلے ہو چکا تھا کیونکہ اوس کے وقت مین مسجد نہایت ہی خراب اور برباد حالت مین تھی تو جو کچھہ اوسنے لکھا ہے وہ غالباً اور مصنفون سے لیا ہوگا مگر افسوس ہے کہ اوس تحیر آمیز اور عجیب وغریب حالات اکہتے وقت اوسنے کسی مصنف کا حوالہ نہین دیا یہ اوسکی عادت ہے اور اس پر اوسے فخر ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ عجیب اور دلکش باتین لکھکر پڑہنے والے کو حیرت مین ڈال دے۔

اس کا صریح نتیجہ یہ ہے کہ ایسے تمام واقعات بعد مین گڑھے گیے ہین المقرزی کے یہ تمام حالات پڑہنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسکے خیال مین مسجد کی تمام خوبی اور ساری شان وشوکت بڑے بڑے ستونون اور اون بیشمار قندیلون پر منحصر تھی جو اوسکی چھت مین لٹکی ہوئی تہین اور یہ ساری آرایش تھوڑیسی جگھہ مین تھی یہ مسجد قرطبہ کی بڑی مسجد کا شان وشوکت عمارت ۔آرایش کسی چیز مین مقابلہ نہین کرسکتی کیونکہ ایک نظر دیکھنے سے معلوم ہوجائیگا کہ یہ وسیع عمارت کس قدر خراب ہے المقرزی کے اس مقابلہ کو پڑہکر ہمین ابن سعید کا وہ ریمارک یاد آتا ہے جو اوسنے اس مسجد کو دیکھکر کیا تھا جسکا ہم اوپر ذکر کرچکے ہین۔ اوس مشہور سیاح کے الفاظ یہ تھے "ایک عالیشان مسجد۔ قدیم عمارت بغیر کسی آرایش وسجاوٹ کے" اور پھر اوسنے لوگون کی کم توجہی مسجد کی غلاظت اور

خراب حالت کا ذکر کیا ہے۔ لیکن توبھی اوسنے اوسمین ایک شان پائی اور اوس کے خیالات پر ایک بڑا عمدہ اثر ہوا" اور یہ بات مسجد سویل مین نہین پائی جاتی تھی باوجودیکہ وہ مسجد بڑی عظیم الشان تھی اور نہایت آراستہ تھی۔ وہ اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ "اوسمین کوئی ایسی بات ہے جو ان تمام آرائشون وغیرہ کے لیے کافی ہے" اور اس اثر کی وجہ اوسنے یہ بتائی ہے کہ اسکی تعمیر کے وقت پیغمبر صاحب کے اصحاب وہان موجود تھے بیشک اوس پُرانے سیاح کا یہ خیال نہایت ہی قابل تعریف ہے جس سے سچی اسلامی محبت کی بو آتی ہے۔ یہ ایک مسلمان کا خیال ہے مذہبی لحاظ سے۔ مگر تاریخی لحاظ سے بھی اسکا اثر کچھہ کم نہین ہے۔ ہم دیکھتے ہین کہ ابن سعید ایک نہایت قابل سیاح تھا۔ اوسنے اندلسیہ اور مغربی افریقہ کی جلیل الشان عمارتین دیکھی تہین۔ اور اسلیے اوسنے اور لوگون کی طرح دہوکا نہین کھایا۔ اور اوسکی عمارت کی تعریف نہین کی بلکہ یہ لکھا ہے کہ عمارت کے لحاظ سے اوسمین کوئی خوبی نہین۔ اور ساتھہ ہی اوسکی خراب حالت کا ذکر کیا ہے۔ مگر باوجود اسکے اوسکے دل پر ساری عمارتون سے بڑہکر اسی کا زیادہ اثر ہوا" اور کیون؟ مذہبی خیال سے۔ اور یہی ایک خیال ہے جو ایک دیندار کے دل کا مالک اور اوسکے خیالات کا فرمانروا ہوتا ہے۔ جن لوگون کا مسلمانون سے میل جول ہے وہ خوب جانتے ہین کہ ایک سادہ پاکباز مسلمان کے دل پر ان چیزون کے دیکھنے سے کس قدر اثر ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ بعض اوقات جوش مین آکر وہ بعضی باتین خلاف واقعہ بیان کر جاتے ہین چنانچہ عبدالرشید بکوی بیان کرتا ہے "کہ اس مسجد کی دیوارون، ستونون وغیرہ

پر کوفی خط مین تمام قرآن شریف لکھا ہے اور سورتون کے نام سونے کے پانی اور سبز رنگ سے لکھے ہین"۔ کیا ایک ایسے خلاف واقعہ بات کرنے پر بھی عبدالرشید ایک معتبر مصنف سمجھا جا سکتا ہے؟ یہ بات بالکل ایسی ہی غیر معتبر ہے۔ جو مسٹر کاربٹ نے موذن کی نسبت بیان کی ہے کہ جب وہ مسجد کے دیکھنے کے لیے گیے تو اونھون نے موذن سے کہا کہ **عمرو کی مسجد** اس موجودہ مسجد سے بہت چھوٹی تھی۔ موذن یہ سنکر نہایت خفا ہوا اور کہا کہ شروع سے لیکر اب تک اسیقدر وسیع ہے۔

ہم پہلے ذکر کر چکے ہین کہ پانی کے لیے دعا اسی جگہہ مانگی جاتی تھی۔ غالباً اس خیال سے کہ پیغمبر صاحب کے اصحاب کسی وقت یہان موجود تھے اور یہی وجہ ہے کہ اس مسجد کی کبھی کبھی مرمت ہوتی رہی۔ اور اس مین کچھہ شک نہین کہ اسی مبارک خیال نے اس کے قایم رکھنے مین بہت کچھہ مدد دی ہے۔ ورنہ وہ نشانات اور وہ ٹوٹی پھوٹی عمارت جو آجتک باقی ہے کبھی کی صفحۂ دنیا سے مٹ چکی ہوتی۔ اور اسپر بجاے اسکے کہ کوئی تاریخی حالات لکھتا ہے کوئی مرثیہ پڑہنے والا بھی نہ ملتا **صلاح الدین** نے جو اوس وقت تک **العاضد** کا براے نام وزیر تھا مسجد کے نہایت قریب دو بڑے مدرسے (مدرسیہ ناصریہ مدرسیہ کیمحیہ) بنوائے تھے وہ دونون اور سیکڑون اور ایسے مدرسے ایسے غارت ہوگیے ہین کہ آج اونکا پتہ لگانا بھی ایک امر محال ہے۔

اس "**قدیم مسجد**" کو کچھہ مذہبی خیال نے ہی مقدس اور قابل تعظیم نہین بنا دیا۔ بلکہ تاریخی لحاظ سے یہ اور بھی زیادہ قابل قدر ہے۔ دنیا مین ایسی بہت کم جگہہ ہونگی جنکے دیکھنے سے

ایسا عمدہ سچا اور پاک جوش پیدا ہوتا ہوگا اور جو لوگ مصر کی اسلامی تاریخ سے واقف ہین اونکے دل پر یہ اثر کوئی معمولی طور سے واقع نہین ہوگا۔ جو فوراً جوش کی طرح مٹ جاے۔ بلکہ اونکے دل مین وہ حسرت بھرے خیال پیدا ہونگے۔ جو مٹاے نہین مٹنے کے۔ جب ایک مسافر فرش سے لیکر منارے تک نگاہ دوڑاتا ہے۔ اور پھر اُسکی تباہ اور ویران حالت کو غور سے دیکھتا ہے۔ تو اوسکی نظر کے سامنے یقیناً پُرانی تاریخ پرانا جاہ وجلال آجاتا ہے جس سے فوراً اوسکے دل مین یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ دنیا کا جاہ ومال دنیا کی آرائش دنیا کی شان وشوکت سب فانی ہے کسی کو بقا نہین اور اوسکے منہ سے فوراً قرآن شریف کے یہ پاک الفاظ نکلجاتے ہین کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام

کہان ہین وہ احرام مصری کے بانی گیے پیشدادی کدہر اور کیانی	کدہر ہین وہ گردان زابلستانی مٹا کر رہی سب کو دنیاے فانی

لگاؤ کہین کھوج کلدانیون کا
بتاؤ نشان کوئی ساسانیون کا

وہی ایک ہے جس کو دایم بقا ہے سوا اوسکے انجام سب کا فنا ہے	جہان کی وراثت اوسی کو سزا ہے نہ کوئی رہیگا نہ کوئی رہا ہے

مسافر یہان ہین فقیر اور غنی سب
غلام اور آزاد ہین رفتنی سب

راقم۔ عبد الحق۔ طالب علم محمدن کالج علی گڈہ۔

عرض

کسی خود ساختہ عالی مرتبہ آدمی کی سوانح عمری اس غرض سے لکہی جاتی ہے کہ ہر زمانہ کے نوعمر نوجوان جو ترقی کی راہ پر چلنے کے لیے کمر باندہے کہڑے ہین اسکو اپنا گائیڈ بنالین۔ اور ترقی کی راہ دشوار گذار مین بے بہٹکے چلے جائین۔

ہمارے زمانہ کے نوجوان اول تو ایسی میٹہی نیند سوتے ہین کہ اونکو جگانا ہی دشوار ہے۔ اور اگر زمانہ کے جہٹکون سے جاگے بہی تو کمر باندہنے مین تامل کرتے ہین۔ کہ بہائی کہان جائین ہم ناواقف۔ راہ دشوار گذار۔ رہنما مفقود۔ ناحق ٹہو کرین کہاتے پہرینگے اس سے حاصل ہ اگر حسن میمندی۔ ابوالفضل۔ نلسن وغیرہ کو پیش کیجیے کہ ان کو رہنما بنالو اور جاؤ تو ہنسکر کہتے ہین کہ بہائی یہ دقیانوسی زمانہ کے آدمی ہین ہمسے اوران سے کیا نسبت ہ اور ہم کیا سمجہکر اتنے بڑے دور و دراز سفر مین انکے ساتہ ہواین ہ اگرچہ یہ اونکی خام خیالی ہے۔ مگر۔ چہ توان کرد رہروان اینند۔

ان جوانون کی تقریر کو سنکر راقم نے قرار دیا ہے کہ گذشتہ سو برس کے درمیان

جتنے نام آور گذرے ہیں اونکی سوانح عمری لکھی جاے۔ تاکہ تازہ جوانون سے غیر مانوس نہو اور کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ۔ اگلے زمانہ والون کی بات کچہہ اور تھی۔ اونکے قد نو گز کے ہوتے تھے اور سر مین ساڑھے سات سیر کچّا مغز ہوتا تھا بہلا ہم اونکی ریت کیا کر سکتے ہین۔

چنانچہ پہلا نمبر نواب بہادر عبد اللطیف خان سی۔ آئی۔ ای۔ کی سوانح عمری ہے خدا کرے نوجوان ناظرین اس سے منتفع ہون۔

راقم۔ اے اچ۔ عاصم۔ کلکتہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صوبہ بنگالہ کے پوربی حصہ مین چار پانچ بہت بڑے ضلاع واقع ہوے ہین۔ ان مین سے ایک فریدپور ہے۔ اس ضلع کے اوترا اور پورب جانب گنگا بہتی ہے۔ مگر گنگا کے اس حصہ کو پدما کہتے ہین۔ پچہم طرف چاندا اور مادہومتی ندیان روان ہین۔ دکہن سمت مین کچہہ دور تک کمار ندی لہرین لیتی ہے اور کچہہ دور تک دلدل ہے جسمین کوسون ہگلا (لُنگی) موج مار رہا ہے۔ یہان کی بستی کچہہ عجب ڈھب کی ہے۔ برسات مین چونکہ یہ جزیرہ تمام عالم آب ہوجاتا ہے اسلیے مکانات ندیون۔ نالون۔ جھیلون کے اونچے کنارون پر بناتے ہین۔ اکثر ندیون و نالون کے کنارے کوسون تک مکان ہی مکان نظر آتے اور گانون ہی گانون دکہائی دیتے ہین چہوٹے چہوٹے نالے جو ادہر سے اودہر کاٹتے ہوے گذر گیے ہین یا کوئی ٹکڑہ دلدل کا اگر واقع ہوگیا ہے دو گانون کی حد

فاصل بنگیا ہے۔ سیکڑون بنگلے سیکڑون جھونپڑیان۔ آم۔ چھالیا۔ اور بانس کے
خوبصورت جھاڑون کے اندر نظر آتی ہین ہر شخص کا مکان ایک چھوٹے سے باغ کے
اندر ہوتا ہے۔ جھیلون کے چوکنارے مکانات کے متعدد حلقہ ایسے معلوم ہوتے
ہین کہ گویا پھول کے حلقہ قطار سے رکھدیے ہون۔

یہ ضلع ۱۵۹۲ء مین جب شہنشاہ جلال الدین اکبر کا زمانہ تھا اوس سرکار کے شامل تھا
جسکا حاکم محمد عابد ہوا ہے۔ اسلام اس ملک مین اس سے بہت پہلے سے ہے سلاطین
مغلیہ کے زمانہ مین جو حاکم یہان آتا تھا اوس کو جاگیر و منصب و خطاب بھی لازمی طور پر دیا
جاتا تھا اسلیے ہر حاکم یہان کا حاکم بھی رہا اور جاگیردار بھی۔ اور خدمت کے زمانہ کے تمام
ہونے کے بعد اگر وہ خدمت موروثی نہ تھی تو دوسرا حاکم اسکی جگھہ آگیا۔ اور اوسکی اولاد
اور ورثہ محض جاگیردار رہ گیے مسلمانون مین ایک تو اس طبقہ کے لوگ یہان ہین اور
دوسرے وہ لوگ ہین جو انہین حکام کے ساتھہ چھوٹے چھوٹے منصبون اور کم درجون کی
خدمتون پر مقرر ہوکر آئے تھے۔ اور یہ بھی حاکم اعلیٰ کی جاگیر سے بہرہ یاب ہوتے تھے
اور اونکی اولاد بھی اول طبقہ کی طرح اکثر یہان بس گئی ہے۔ تیسری وہ جماعت کہ جو
فعلہ اور کسبہ کیطرح آئی۔

اس ضلع مین طبقہ ثانی کے لوگون مین قضات بھی پائے جاتے ہین۔ انہین قاضیونمین
سے ایک گھرانہ قاضیون کا راجہ پور مین رہا کرتا تھا۔ راجہ پور ضلع فرید پور کا ایک چھوٹا سا
گانون ہے۔ اس گھرانہ کا ایک ممبر شاہد جاہ و دولت کی چاہ مین حب وطن اور حب

اہل وطن کو خیرباد کہکر کلکتہ چلا آیا۔ کلکتہ شباب کے قریب پہونچ چکا تھا۔ دفاتر۔ عدالتین۔ کارخانے۔ جاری ہو چکے تھے۔ اور ایک عدالت سب عدالتون سے بڑی صدر دیوانی عدالت کہلاتی تھی۔ اسی کا نام اس زمانہ مین ہای کورٹ ہے علوم مغربیہ کے تحصیل کا کرانا میٹر ابھی تک۔ ال۔ اے۔ بی۔ اے۔ ام۔ اے کی ڈگری کے نشان سے پاک تھا۔ اسی لیے تمام دفاتر اور عدالتون مین زبان اُردو کا رواج پایا جاتا تھا صدر دیوانی عدالت مین سررشتہ دار کے آگے زبان اُردو کے لکھے ہوے احکام اور دستاویزات کے ڈھیر نظر آتے تھے۔ یورپین ججون کے سامنے سلخوان تمام مسلون کو اُردو زبان مین سناتا تھا۔ فریقین اُردو زبان مین اظہار شکایت کرتے تھے۔ اور وکلا اُردو زبان مین مباحثے کیا کرتے تھے۔

پردیسیون کو عہدے بآسانی کیونکر مل سکتے تھے۔ اور چونکہ عہدے گنتی کے تھوڑی ہوتے تھے اور پردیسی کثرت سے کسب جاہ و مال کی دھن مین دارالسلطنت کا دہاوا لگایا کرتے تھے اس لیے انکے لیے صرف ایک سلسلہ باقی تھا یعنی وکالت کا۔ انمین سے جسکو لیاقت علمی زیادہ ہوتی تھی وہ وکلا مین سربرآوردہ اور کامیاب ہوتا تھا۔ البتہ ذہانت اور ذکاوت کو بھی اس فن مین بڑا دخل ہے۔ مین فریدپور کے جس قاضی زادہ کا ذکر کیا چاہتا ہون وہ کلکتہ مین آکر وکالت مین مشغول ہوا۔ اسکا نام قاضی فقیر محمد تھا۔ اس شخص کا مبلغ علمی بھی معقول تھا اور ذہانت سے بھی بہرہ رکھتا تھا۔ اس لیے اپنے پیشہ مین متوسط طور پر کامیابی حاصل کر گیا۔

بنگالے کی عورتین عادتاً ترک وطن کو ناگوار سمجھتی ہین اسلیے اس شخص کو کلکتہ مین بھی ایک نکاح کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ کیونکہ اب بسبب تعلق کے اس کا قیام کلکتہ مین بیشتر ہوتا تھا۔ قاضی فقیر محمد نے کلکتہ کے ایک معمولی شخص کی لڑکی سے نکاح کر لیا۔ اور اس بیوی سے بھی خدا نے اوسے اولاد دی۔ قاضی کی جو اولاد کلکتہ مین ہوئی اوسکا سب سے بڑا ممبر عبد اللطیف تھا۔ مین اسی یکہ تاز میدان ترقی اور شہسوار معرکہ تدبیر کی سوانح عمری لکھ رہا ہون۔

یہ ہونہار بچہ صدر دیوانی عدالت کے ایک وکیل کے گھر ۱۸۲۸ء مین پیدا ہوا اور اپنے والدین کی حیثیت کے موافق ناز و نعم سے پرورش پاکر اوس حد عمر تک پہونچا کہ جس مین ہر والدین کو اپنی اولاد کی تعلیم کا خیال ہوتا ہے۔ یہ شہرت حاصل کرنے والا لڑکا بھی مدرسہ عالیہ کلکتہ مین تحصیل علم کے لیے داخل کیا گیا۔ مین پہلے بیان کر چکا ہون کہ ابھی تک مغربی تعلیم کے گرانا میٹر یر ڈگری کے داغ نہین لگائے گیے تھے۔ اس ذہین طالب العلم نے اوس وقت جہان تک تعلیم ہوتی تھی اوسکو بکمال حاصل کر لیا۔ اور فارغ ہو کر احاطۂ مدرسہ سے باہر نکلا۔ ہر جوان نو تعلیم یافتہ کو خدمت حاصل کرنے ترقی کرنے کا شوق جنون کیطرح ہوتا ہے۔ اسن بیچین طبیعت کے جوان کو معمولی شوق سے بھی زیادہ تھا اسنے کوشش کی اور ڈھاکہ مین انگریزی مدرس مقرر ہو گیا۔ ۱۸۴۶ء سے اس نوجوان نے خدمت اختیار کی۔ اور تین برس تک کچھ ڈھاکہ کالج مین اور کچھ مدرسہ کلکتہ مین ماسٹری کرتا رہا۔ بیچین طبیعتین بیکار نہین رہا کرتین۔ اور میدان ترقی مین سستی کرنے سے نہین چوکتین

اس تدبیر کے ہیو لائے حکام سے رسائی پیدا کی اور بہت جلد صورت ترقی نکال لی۔
ماہ مارچ ۱۸۴۹ء مین اس نوجوان کو سر ہربرٹ میڈک ڈپٹی گورنر بنگالہ نے مقام
چوبیس ۲۴ پرگنہ مین دو سو ۲۰۰ روپیہ مشاہرہ پر ڈپٹی مجسٹریٹ مقرر کیا اور ۱۸۵۲ء کی اپریل مین اوسکو
مجسٹریٹی کے کل اختیارات دیے گیے۔ اور اسی سال جولائی کے مہینے مین۔ بنگالہ بہار
اوڑیسہ کا جج بٹس اوف دی پلیس مقرر کیا گیا۔ ۱۸۵۳ء مین مارکوئس اوف ڈلہوزی نے
اس ہوشیار مجسٹریٹ کی ترقی کی اور یہ کلرواسب ڈویژن مین متعین ہوا۔ کلروا چوبیس پرگنہ
کا ایک نیا بنایا ہوا سب ڈویژن تھا۔ یہان سے یہ شخص جہان آباد کے سب ڈویژن مین
جو ضلع ہوگلی مین ہے منتقل ہوا۔ عہدہ ڈپٹی کلکٹری بھی ڈپٹی مجسٹریٹی کے ساتھ اضافہ کیا گیا
یہان پر عبداللطیف خان پانچ برس تک انتظام کرتا رہا اور جو جو جان فشانیان اور کوششین
اس تجربہ کار حاکم نے اس مقام کے ڈکیتون اور رہزنون کی بیخ کنی مین کی تھین اوسپر
سرکار انگلشیہ کی نظر غور کے ساتھ پڑتی تھی۔ چنانچہ جب صدر مقام مین ایک قابل اور
بیدار مغز مجسٹریٹ کی ضرورت ہوئی تو ۱۸۵۹ء مین یہی کار آزما علی پور مضافات کلکتہ
مین لایا گیا جسوقت یہ جہان آباد سے تبدیل ہوتا تھا۔ لارڈ الک برون وہان کا مجسٹریٹ
تھا اوسنے عبداللطیف خان کو ایک سرکاری چٹھی لکھی تھی جس سے اس شخص کی کارگذاری
کا اندازہ بخوبی ہوتا ہے۔ اوس چٹھی کے ایک حصہ کا ترجمہ یہ ہے۔

"چونکہ عبداللطیف خان کی خدمت کا زمانہ اس ضلع مین ختم ہوا چاہتا ہے اسلیے اوسکی
اون خدمتون کا جو اس شور انگیز پر فتنہ ضلع مین نہایت خوبی اور اطمینان کے ساتھ ہوتی

رہی ہین شکریہ ادا کیا جاتا ہے - جہان آباد اوسکے یہان سے چلے جانے کو حسرت کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے "

اس بخپتہ مغز اور ہر دلعزیز حاکم کی پختہ کاری کا ثبوت قوی ایک یہ بہی ہے کہ جہان آباد سب ڈویژن کے ہندو زمینداروں نے اسکے رخصتی کے وقت ایک اڈرس پیش کیا اور یہ اڈرس بذریعہ راما پرشاد راے کے (جو ایک مشہور وکیل تہا اور آخر مین سب سے پہلا ہندوستانی جج کلکتہ کے ہائی کورٹ کا ہوا تھا) اوس کے پاس بھیجا گیا - اوس سپاسنامہ کا ترجمہ یہ ہے -

بخدمت مولوی عبد اللطیف اسکوئر ڈپٹی مجسٹریٹ جہان آباد

بغیر اس کے کہ آپکے اس مقام سے جانے کی حسرت بیان کرلین - اور آپکے عہدۂ مجسٹریٹی پر رہنے کے زمانہ مین جو جو اطمینان ہملوگون کو رہا ہے اوسکا اظہار کرلین ہم لوگ آپکو خیرباد کہہ نہین سکتے جسطرح آپنے اس مقام مین انصاف کو ہمیشہ برتا ہے اوس سے یہان کے چھوٹے بڑے سب خوش اور رضامند ہین -

جنکو خدا نے آپکے افعال کے جانچنے کا مادہ دیا ہے وہ آپکی کاردانی اور عدل بے رعایت کی تعریف کرتے ہین - جن لوگون کو موقع ملا وہ آپکی خوش مزاجی اور احتیاج عامہ کے رفع کرنے کی خواہش سے منت پذیر ہوتے رہے ہین - اور جو لوگ آپکی کارروائی کے سمجھنے کے لیے آپ تک پہونچے وہ آپکو ہمیشہ اپنا مقرر کیا ہوا حکم تصور کرتے رہے نہ ایسا حاکم کہ جسکو بادشاہ وقت نے بزور شمشیر مقرر کیا ہو -

آپ نے اپنی خدمات مقررہ کے سواے اپنے اوقات عزیز کو ہمیشہ رفاہ خلایق کے لیے صرف کیا ہے آپ ہی اس مقام کے درونی روابط کے مستحکم کرنے اور اہالی جہان آباد کے نفع اور راحت کے اسباب بہم پہونچانے مین کوشان رہے ہین۔

اس سب ڈویژن کے اہالی اسی وجہ سے آپ کے اس قدر جلد اس مقام سے جانے کو حسرت کی نظر سے دیکھتے ہین۔

ہملوگ آپکو یقین دلاتے ہین کہ یہان کے باشندے۔ آپ جہان کہین رہین۔ ہمیشہ آپکی آیندہ مسرتون اور کامیابیون کے دل سے خواہان اور جویان رہین گے۔

دستخط

راما پرشاد راے۔ امیش چندر دت

کیتر موہن چاٹرجی۔ رام نراین مکھرجی

پران ناتھ راے چودھری۔ پنالال سیل

راے پریو ناتھ چودھری۔ شب نراین راے

وغیرہ

۱۸۶۸ء مین وہ پلیس کورٹ جو مقام علی پور حوالی شہر کلکتہ مین نیا قایم کیا گیا تھا اس دانشمند مجسٹریٹ کے سپرد کیا گیا۔ دس برس تک اس عہدہ پر رہکر کلکتہ کا قایمقام پریسیڈنسی مجسٹریٹ مقرر ہوا اور ۱۸۷۷ء مین جب پریسیڈنسی کا مستقل عہدہ دار آگیا تو عبد اللطیف خان مقام سیالدہ کے پلیس کورٹ مین تبدیل ہوا۔ تقریباً تیس برس

تک یہ ہوشیار عہدہ دار حکام بالادست کی آنکھون کے نیچے کام کرتا رہا۔ یہ بات غور طلب ہے۔ اور ہر حاکم کو اس کا تجربہ بھی ضرور رہوا ہوگا کہ حکام بالادست کی عدالت سے اوسکے فیصلہ کی تردید کبھی نہ کبھی ضرور ہوئی ہوگی۔ مگر اس بیدار مغز حاکم کے فیصلہ کی تردید کبھی اس پینتیس برس کے زمانہ مین نہ ہوئی حالانکہ ہر وقت حکام کی نگرانی اس پر رہی ہے ۱۸۶۲ء سے عبداللطیف خان درجہ اول کا سب ارڈینیٹ اکزیکیوٹو افسر ہوا۔ اور سات سو سے آٹھ سو تک مشاہرہ پاتا رہا۔ اور جب پنشن لیکر علحدہ ہوا ہے تو اسکا نام اُن حکام کی فہرست مین سب سے اول تھا۔

علاوہ خدمات ڈپٹی مجسٹریٹی کے جو عبداللطیف خان کا کارمنصبی تھا یہ شخص سیکڑون خدمات اعزازی پر مقرر کیا گیا۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکام بالادست کو اسکی اصابت راے اور بیدار مغزی پر کتنا اعتبار تھا۔ ۱۸۶۲ء مین جب لارڈ کیننگ کا زمانہ تھا اور پریسیڈنسیون مین لیجس لیٹو کونسل کی بنا نئی نئی پڑی تھی لفٹننٹ گورنر بنگال سر جے پی۔ گرانٹ نے اس دانش پرور مجسٹریٹ کو اپنی کونسل کا ممبر مقرر کیا۔ عبداللطیف خان پہلا ہی مسلمان ہے جو اس قسم کے عہدہ پر مامور ہوا۔ دو برس تک میعاد ممبری رہی۔ اس میعاد کے ختم ہونے کے بعد سر سیسل بیڈن نے جو اوس وقت لفٹننٹ گورنر تھے۔ ان لفظون مین شکریہ ادا کیا۔

"لفٹننٹ گورنر اون خدمتون کی قدر جو آپنے سلطنت کی نسبت اپنے ممبری کے زمانہ مین انجام دی ہین نہایت درجہ پر فرماتے ہین اور چاہتے ہن کہ آپکے بیش بہا مشورون

اور اون مددون کا جو اونکو آپ سے ملتی رہی ہین اظہار کرین"

سوائے اسکے یہ بہمہ بر آوردہ حاکم اور دو مرتبہ لفٹننٹ گورنر بنگال کی کونسل کا ممبر مقرر ہوا ایک مرتبہ ۱۸۷۰ء مین جب لارڈ میو کا عہد تھا اور دوسری مرتبہ ۱۸۷۲ء مین جب لارڈ نارتھ بروک کا زمانہ آیا اور سر جارج کامبل لفٹننٹ گورنر بنگالہ تھے - سر جارج کامبل نے اس عالی قدر کے تقرر کے وقت جو چٹھی لکھی تھی سننے کے لایق ہے ترجمہ چٹھی -

مای ڈیر مولوی - مین نہین سمجھتا کہ سوائے آپکے کوئی اور شخص لیجسلیٹو کونسل مین مسلمانون کی طرف سے توکیس کر سکتا ہے مین مسرور ہونگا اگر آپ کونسل کی ایک میعاد تک اور یہی خدمت اختیار کیجیئے گا - مین جانتا ہون کہ پہلی مرتبہ جب آپ ممبر ہوئے تھے تو دو ہی برس مامور تھے -

آپکا مخلص - جی کامبل

عبد اللطیف خان کے تین مرتبہ بنگال لیجسلیٹو کونسل مین ممبر ہو[illegible] سے دو فایدے عامہ خلایق کو بڑے حاصل ہوئے ایک تو یہ کہ کرایہ کی گاڑی اور پالکی والے چونکہ انکے لیے کوئی قانون نہ تھا اس واسطے لوگون کو بہت ستاتے تھے ۱۸۶۳ء مین انکے لیے عبد اللطیف خان نے ایک مسودہ قانون پیش کیا اور وہ پاس ہوگیا چنانچہ لوگ ابھی تک اوس سے منتفع ہوتے ہین - دوسری بات یہ ہوئی کہ ایکٹ گیارہ ۱۸۶۴ء کی رو سے عہدہ قضا اس صوبہ سے جاتا رہا تھا اور اس سے جہلاے اسلام کے درمیان بڑے بڑے جھگڑے نکاح و طلاق مین واقع ہوتے تھے اس لیے کہ کوئی دستاویز معتبر تو ہوتا ہی نہ تھا عبد اللطیف خان نے نکاح و طلاق اہل اسلام کی

رجسٹری کی نسبت ایک مسودہ قانون پیش کیا اور وہ پاس ہوگیا جس سے ایک
وطلاق کا پتہ بخوبی چلنے لگا اور دوسرے یہ کہ ایک گروہ اہل اسلام کو نکاح وطلاق کی رجسٹراری
کے صیغہ مین روٹی ملنے لگی ۔

سنہ ۱۸۶۰ء مین عبداللطیف خان بورڈ آف اکزامینرس کا ممبر مقرر ہوا اور سنہ ۱۸۶۱ء مین جب
پہلی مرتبہ انکم ٹیکس لگایا گیا تھا یہ اوسکا کمشنر مقرر ہوا تھا سنہ ۱۸۶۳ء مین جب میونیسپالٹی قایم
ہوئی تو یہ اوسکا ممبر مقرر ہوا اور جب سنہ ۱۸۷۶ء مین مینوسپل کمشنر مقرر ہونے لگے اور انکا تقرر
بذریعہ انتخاب کے ہونے لگا تو عبداللطیف خان گورنمنٹ کیطرف سے منتخب ہوکر کمشنر
مقرر ہوا شمالی حصہ حوالی شہر کلکتہ مین جب میونیسپالٹی مقرر ہوئی تھی اوس وقت
عبداللطیف خان اوسکا صدر انجمن مقرر کیا گیا تھا اور اس سے علیحدہ ہوتے وقت
کل ممبرون نے نوشتہ شکریہ ادا کیا میونیسپالٹی کے باب مین عبداللطیف خان نے
جو جو کوششین کی تہین اوسکی یادگار مین دو سڑکین ایک شہر مین اور ایک حوالی شہر مین
مولوی عبداللطیف خان کے نام سے موسوم کی گیئن ۔

مسئلہ تعلیم کا عموماً اور تعلیم اہل اسلام کا خصوصاً سب سے پہلا محرک عبداللطیف خان
ہوا ہے سنہ ۱۸۵۲ء ۱۸۵۳ء مین جب مسئلہ تعلیم مسلمانان چھڑا تو اس مدبر نے ایک اشتہار
اس مضمون کا دیا کہ کل ہندوستان مین جس مسلمان کا جی چاہے ایک تحریر اہل اسلام کی
انگریزی تعلیم کے بارے مین لکھہ کے سرکار مین بھیجدے سب تحریرونکو دیکھکر جو سب سے اچھی
ثابت ہوگی اوسکے لکھنے والے کو عبداللطیف خان کی طرف سے سو روپیہ انعام مین

دیے جائینگے چنانچہ تحریرین آئین اور ایک کمیٹی مین جنکے ممبر قاضی فضل الرحمٰن قاضی القضات اور قاضی عبدالباری قاضی شہر کلکتہ اور شاہزادہ بشیر الدین ایک بڑے زبردست فاضل شہزادگان میسور مین سے - اور شاہ الفت حسین ایک نامی منشی اور شاعر تھے پیش کیگئین اور مولوی سید عبدالفتاح عرف اشرف علی مدرس بمبئی کو انعام دیا گیا - اس سے یہ فائدہ ہوا کہ مسلمانون کی توجہ کچھ کچھ تعلیم انگریزی کی طرف منعطف ہونے لگی -

مولوی عبداللطیف خان نے محرک ہوکر کلکتہ کے مدرسہ مین انگلو پرشین ڈیپارٹمنٹ مقرر کرایا - سر ولیم گری کی لفٹنٹ گورنری کے زمانہ مین مدرسہ کلکتہ و ہوگلی کے بہرۂ عربی کی ترتیب و انتظام کا اولٹ پہیر مولوی عبداللطیف خان کی تحریک سے ہوا اور ہوگلی مین بورڈنگ ہوس مقرر کیا گیا -

مولوی عبداللطیف خان کی عرق ریزی کا نتیجہ ہے کہ ہوگلی کے حاجی محسن کے سرمایہ اوقاف مین پچاس ہزار کی مدد بغرض ترقی تعلیم گورنمنٹ نے دی جس سے تین جدید مدرسے قایم ہوے - ایک ڈہاکہ مین دوسرا چاٹ گام مین تیسرا راج شاہی مین - علاوہ اسکے مولوی عبداللطیف خان کی کوشش سے مسلمان طالب العلمون کو ایک یہ کتنا بڑا نفع ہوا کہ جس انگریزی مدرسہ مین یہ داخل ہونگے ان سے فیس مقررہ کا صرف ایک ثلث لیا جائیگا -

ان سرگرمیون کے صلے مین ابتدائے ۱۸۶۳ء مین مولوی عبداللطیف خان کلکتہ یونیورسٹی کا فلو مقرر ہوا چنانچہ لارڈ الگن - وایسرائے حال کے والد متوفی - کے پرائیوٹ سکرٹری

نے جو خط اس تقرر کے وقت خان مذکور کو لکھا تھا اوسکا ترجمہ یہ ہے۔

مائی ڈیر سر بہت سے وجوہات سے والیسراے اور گورنر جنرل مناسب سمجھتے ہین کہ کلکتہ یونی ورسٹی کے سینیٹ کی قوت تعدادی بڑہائی جائے۔ تحقیقات کی رو سے جو والیسراے نے کی ہے ثابت ہوا ہے کہ آپکا تقرر اس خدمت پر یونیورسٹی کے لیے بہت بکار آمد ہوگا اور یہ تقرر گویا خاص و عام کی طرف سے آپکی اون خدمتون کا بدلہ سمجھا جائیگا۔ جو آپنے ترقی علم و توسیع تعلیم کے بارے مین کی ہین۔ مجھے حضور والیسراے کا حکم ملا ہے کہ مین آپ سے دریافت کرون کہ آیا تقرر مذکور آپکی مرضی کے موافق ہے یا نہین۔

آپکا خادم۔ ٹی جے اول۔ تھرلو۔ پرائیوٹ سکرٹری والیسراے و گورنر جنرل

سنہ ۱۸۶۳ء مین مولوی عبداللطیف خان نے ایک مجلس علمیہ کی بنیاد ڈالی مسلمانان ملک تعلیم علوم مغربیہ کی طرف سے بالکل متنفر تھے۔ انکی تالیف و تشوق کی غرض سے یہ مجلس قایم ہوئی۔ اس مجلس کا نام اسلامی مجلس مذاکرہ علمیۂ کلکتہ رکھا۔ اور اسکو دو باتونکا ذریعہ بنایا۔ ایک تو مغربی علوم و فنون کے مسلمانون مین رواج دینے کا۔ اور دوسرا مسلمانون اور اعلیٰ طبقہ کے ہندو اور انگریز علما و حکام کے درمیان رابطہ پیدا کرنے کا۔ اس مجلس سے مسلمانون کے خیالات بہت کچھ بدلے مسلمانون کو ترقی کا شوق ہوا یہی مجلس گورنمنٹ کو مسلمانونکے امورات رفاہ و فلاح کے جھانے کا آلہ بنی لفٹنٹ گورنر بنگالہ اس مجلس کے حامی و مربی بنے اور ہر سال ایک کنور زیشن اس مجلس کا ایوان ٹون ہال مین ہوا کرتا ہے جس سے مختلف اقوام دنیا کو جو اس دارالسلطنت کلکتہ

موجود ہین مسلمانون سے ملنے اور دوستانہ مکالمہ اور مراودہ پیدا کرنے کا موقع حاصل ہوتا رہا ہے۔ اس مجلس کا تیسوان کنوورسیزیون آٹھوین مارچ ۱۸۹۴ء مین ہوا۔

سر ایشلی ایڈن لفٹنٹ گورنر بنگالہ نے جسوقت زمام خدمت ہاتھہ مین لی تھی تو اس مجلس کی نسبت جو تقریر کی تہی اوس سے اس مجلس کی عظمت جو حکام وقت کی نظرون مین ہے ظاہر ہوتی ہے۔ اوس تقریر کا خلاصہ ترجمہ یہ ہے۔

مین اسلامی مجلس مذاکرۂ علمیہ کلکتہ سے ایک مدت سے واقف ہون مین اسکی رفتار کو ۱۸۶۳ء سے جب سے اسکی بنا پڑی ہے بغور تاک رہا ہون۔ اور مین اس کے اون عمدہ کامون سے واقف ہون جو اسنے گورنمنٹ کو وقتاً فوقتاً لوازم تعلیم مسلمانان کی نسبت اطلاع دیکر انجام دیے ہین۔ اسنے گورنمنٹ کے طریقہ تعلیم کو مسلمانون کے خاص طریقۂ تعلیم کے ساتھہ مربوط کرنے مین مدد دی۔ اگرچہ اس مسئلہ مین ابھی بہت کچھہ باقی ہے مگر یہ مجلس جانتی ہے کہ میری خاص توجہ ابھی تک اس مسئلہ کیطرف منعطف ہے۔

مولوی عبد اللطیف کی دلی کوششین جو تعلیم کے بارے مین ہمیشہ رہی ہین اسکا ثبوت نیچے کی چند سطرون مین ناظرین بخوبی دیکھینگے۔ یہ اوس اڈرس کا ترجمہ ہے جس مین سر سیسل بیڈن لفٹنٹ گورنر بنگالہ نے اسلامی مجلس کے تیسرے سالانہ جلسہ مین سر جان لارنس گورنر جنرل کو مخاطب کیا تھا۔

حضور والا کی اجازت سے مین اس موقع کو عبد اللطیف خان کی اون عمدہ خدمتونکی اطلاع دینے کے لیے اختیار کرتا ہون جو اوسنے تعلیم کے بارے مین خصوصاً اون لوگون کی

تعلیم کے بارے مین جو شل اوسکے پیروی دین اسلام کرتے ہین۔ عمل مین لائی ہین۔
مولوی عبداللطیف کی کوشش اس بارے مین سلسلہ وار رہی ہے اور برسون سے
یہ اس کام کو بے تھکے ہوے انجام دے رہا ہے۔ گورنمنٹ نے اسکی خدمتون کو
مکرر سراہا ہے۔ مین اس وقت خصوصًا اوسکی اوس ذہانت کا ذکر کرتا ہون جسکی مدد سے
وہ اسلامی مجلس مذاکرۂ علمیہ کا بانی ہوا۔ اور اوس مستقل کوشش کو مذکور کرتا ہون جس سے
مجلس مذکور قایم ہوگئی اور اب اس نمو اور فائدہ رسانی کی حالت مین پہونچ گئی ہے یہ
مجلس فنون ادبیہ اور علوم متنوعہ کے مباحثے کے لیے فراہم ہوتی ہے۔ اور علوم
قدیمہ کی اشاعت مین بدل کوشان ہے اس مجلس کے اسوقت پانسو ممبر ہین اور اسی
مجلس کو دیکھکر حضور بھی واقف ہین۔ کہ بہت سی مجلسین ہندوستان مین قایم ہوئی
ہین۔ ایک بڑی جماعت جو اس وقت اس تالار مین صرف اس غرض سے مجتمع ہے
کہ علم الابدان کے تجربات نظری کو مشاہدہ کرے۔ اس بات کی بڑی دلیل ہے
کہ اس مجلس کی تحریک کس قدر موثر ہوئی ہے اور اب لوگ کس قدر اس سے
استفادہ کرتے ہین۔

اس اہم کام کا ٹیکا بالکل عبداللطیف کے سر رہا ہے۔ اور مین نہایت مسرور ہونگا
اگر حضور اوسکو مرحمت خاص کا مورد تصور فرمائینگے۔

اس اڈرس کے جواب مین سر جان لارنس بہادر نے مولوی عبداللطیف خان کو
جن لفظون سے مخاطب کیا تھا اونکا ترجمہ یہ ہے۔

مولوی عبد اللطیف - مین غایت درجہ کی مسرت سے لفٹنٹ گورنر کی خواہش کو پورا کرتا ہون - اور دل سے تمھاری اون کوششون کی داد دیتا ہون جنکا ذکر ابھی سر سیسل بیڈن نے کیا مین بہت توجہ اسکی طرف مبذول رکھتا ہون - مجھے اطمینان ہے کہ ایسے ٹہکانے کی کوششون سے بہت اچھے نتیجے نکل سکتے ہین -

آج کی مجلس بذاتہ اس بات کی دلیل ہے کہ تمھاری کوششین رائگان نہین گیئن کیونکہ ہم شمار کرتے ہین کہ علم ابدان مین جو توجہ اس وقت ظاہر ہو رہی ہے یہ کبھی نہ کبھی بہت مفید اور بکار آمد ہو گی -

میری ہمیشہ یہ خواہش رہی ہے اور رہیگی کہ مین ہر ملت و مذہب کے دیسی اور یورپین آدمیون کے درمیان دوستانہ مجمعون کو شہ دیتا رہون - کیونکہ مجھے یقین ہے کہ ایسے مجمعون سے فوائد کثیرہ عاید ہونگے -

اسلامی مجلس کی توسیع اور کامیابی کے بارے مین تم میری دلی تمنا تصور کرو - مجھے نہایت خوشی ہو گی جب مین بذریعہ لفٹنٹ گورنر کے تمھاری ان کوششون کی داد دہی کا اظہار بذریعہ کسی مناسب نشان کے کرونگا - "

جس مناسب نشان کا ذکر والیسرائے نے اپنی تقریر مین کیا ہے وہ اسطرح پر مولوی عبد اللطیف خان کو ملا -

پرایویٹ سکریٹری کا خط لفٹنٹ گورنر کی طرف سے جو عبد اللطیف خان کے نام آیا تھا اوسکا ترجمہ دیکھیئے -

نمبر ۱۸۹۳

مورخہ ۲۳ - اپریل ۱۸۶۷ء

ش ر - مجھے لفٹنٹ گورنر بہادر سے حکم ملا ہے کہ مین ایک تمغا اور ایک کتاب جو کئی جلدون مین کامل ہے آپکی خدمت مین پیش کرون - یہ آپکی اون خدمتون کا صلہ ہے جو اپنی تعلیم اہل ہند کے باب مین انجام دی ہین -

کتاب مذکور کے سر صفحہ پر وایسرا ے کے خط خاص کا لکھا ہوا نوشتہ ہے جس مین لکھا ہے کہ کس غرض سے حضور والا نے یہ انعام آپکو دیا ہے -

ایک صلہ اس سے بڑھکر قابل شکریہ آپکی محنتون کا حال مین یہ ملا ہے کہ اندنون مسلمانان بنگالہ نے حصول علوم مفیدہ کی پوری خواہش ظاہر کی ہے - اور رفتہ رفتہ علوم مغربیہ کی عظمت اور خواہش انکے دلون مین پیدا ہوتی جاتی ہے -

اسلامی مجلس مذاکرہ علمیہ کی بناڈالکر (جسمین اسوقت پانسو ممبر ہین اور جو اور مقامون کی مجلسون کے ساتھ نسبت ابویت رکھتی ہے) آپنے تصرف مسلمانان بنگالہ بلکہ کل ہندوستان کے مسلمانون کو کامیابی کے ساتھ ایسے ڈہرے پر لگا لیا کہ اب وہ اپنے قدیم طریقہ تعلیم کی تنگ حد سے باہر نظر ڈالنے لگے - اور اوس گنج فراہم آوردہ تخیلات وتاثیرات کو ڈہونڈہنے لگے جو زبان انگریزی کا خزینہ ہے اور بہت سے مواقع مین آپکی معقول اور چلتی ہوئی دراندازی نے اونکو گورنمنٹ کی منصفانہ پالسی اور ارادون کے صحیح اندازے پر آمادہ کیا اور اون کو اس قابل بنایا کہ وہ تصرف فنون

ادبیہ اور علوم متنوعہ پر راے دینے کے جو گے ہوے بلکہ وہ اون مسائل پر راے دینے کے لایق ہو گیے جو اونکی حالت معاشرت اور سیاست سے متعلق ہین اور جن باتون سے عامۂ ملک کی بہبودی وابستہ ہے ۔

اس عنوان سے آپنے مادی طور پر جماعۂ مسلمانان کے اور اونکے حکام و دیگر رعایای ہموطن کے درمیان رابطہ دوستانہ کو ترقی دی ہے جہان تک آپکی بیدار اور بیدریغ کوششون سے حالت بدلی ہوئی نظر آتی ہے ۔ آپکی امتیازی توقیر اور ذاتی نظیر نے کام کیا ہے ۔ لفٹنٹ گورنر بہادر آپکو آپکے اہالی وطن کے امتنان کا مورد ۔ اور گورنمنٹ کی کرم مرحمتون کا مستحق سمجھتے ہین ۔

آپکا خادم ۔ اس ۔ سی ۔ بیلی سکرٹری گورنمنٹ بنگالہ ۔

کتاب مذکور انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا تھی اور اوسپر بخط وایسراے جو عبارت لکھی تھی اوسکا ترجمہ یہ ہے ۔

مولوی عبداللطیف کو اون خدمتون کے صلے مین جو اون سے دلیسیون کی ترقی تعلیم مین عموماً اور خصوصاً اون لوگون کی ترقی تعلیم مین جو اوسکی طرح شامل مذہب اسلام ہین انجام دی ہین بطور تحفۂ اعزازی کے دیا گیا" دستخط ۔ جان ۔ لارنس ۔ ۲۵ مارچ ۱۸۶۷ء

جو تمغہ لفٹنٹ گورنر بنگال کی طرف سے ملا تھا وہ سونے کا تھا اور اوسپر جو عبارت نقش تھی اوسکا ترجمہ یہ ہے ۔

ایک طرف آنربیل سر سیسل بیڈن کے ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی ۔ لفٹنٹ گورنر بنگالہ

کی طرف سے مولوی عبداللطیف خان بہادر کو تحفہ ۱۸۶۷ء۔

دوسری طرف۔ اونکی اون خدمتون کے جلدو مین جو اونھون نے ترقی تعلیم مسلمانان بنگالہ مین انجام دی ہین۔

جنوری ۱۸۷۷ء مین جب دربار قیصری دہلی منعقد ہوا تھا مولوی عبداللطیف خان کو خطاب "خان بہادر" عطا ہوا۔ اور ایک امپیریل تمغہ ملا اسی سال کے اگست کے مہینے مین لفٹنٹ گورنر بنگالہ سر ایشلی ایڈن نے ایک دربار اس غرض سے منعقد کیا کہ بنگالہ کے اون خطاب یافتگان کو جو دربار قیصری کے موقع مین خطاب یافتہ ہوے تھے اسناد و خلعت دین۔ چنانچہ مولوی عبداللطیف خان بہادر کو بعد عطاے سند کے جن کلمون سے مخاطب کیا اوسکا خلاصہ ترجمہ یہ ہے۔

"مولوی۔ تم اپنی تمام عمر گورنمنٹ کے باوفا اور سرگرم ملازم رہے ہو تم نے اپنے ہم مذہبون کی ترقی مین بڑی کوشش کی ہے۔ یہ تمھاری کوشش کا نتیجہ ہے کہ وہ لوگ اب علوم مغربی کی طرف توجہ کر رہے ہین اور دوسرے مذہب و ملت کے نوجوانون کے ساتھ حصول خدمات عامہ کی کوشش مین برابری دکھا رہے ہین"۔

اسلامی مجلس مذاکرہ علمیہ سے جو مولوی عبداللطیف خان کی بنا کی ہوئی مجلس ہے بہت سے فواید حاصل ہوے مگر سب سے بڑھکر ایک فائدہ اسلام کو یہ ہوا کہ ۱۸۶۵ء مین ایک قانون اس غرض سے پاس ہونے والا تھا کہ اگر کوئی شخص کسی مذہب کا کرسچن ہو جاے تو وہ اپنی بیوی کو مجدداً نکاح مین لا سکتا ہے مسلمانون نے اسکے خلاف مین ایک

عرضی گذرانی اور اوس سے مستثنے رہے ۔

جب سرویا اور روم مین جنگ چھڑی تہی) تو عبداللطیف خان نے ایوان ٹون ہال مین ایک مجلس قرار دیکر مسلمانون کو اس حقیقت جنگ سے مطلع کیا ۔ اور زخمیون ۔ بیواؤن یتیمون کے لیے چندہ دینے کی ترغیب دی گو حقیقت جنگ کے بیان کرنے مین عبداللطیف خان نشانہ سے پیچہے پڑا مگر یہ مشاق پولیٹیشن جلد اپنے طرز بیان کو بدلکر اصلی مدعا پر یہان تک کامیاب ہوا کہ کل ہند مین اسکی کارروائی نصب العین بنائی گئی اور اعلیٰ حضرت سلطان اعظم خادم حرمین الشریفین خلد اللہ ملکہ نے اس شخص کی کارگذاری کی قدر کی اور اوسکو نشان مجیدی درجہ سوم سے مفتخر کیا ۔

سنہ ۱۸۸۷ء کے اواخر مین یہ غیر معمولی شخص خدمات ذمہ داری سے کنارہ کش ہوکر پنشن یاب ہوا ۔ مگر یہ بہی اسکی بیکاری اور خمول کا زمانہ نہ تھا ۔ جو شخص اٹھارہ برس کی عمر سے پچپن برس کے سن تک اتنے جھنجھٹ اپنے ذمہ لیے ہون کہ جنکا انجام دینا آٹھ آدمی کے لیے بھی ممکن نہ ہو وہ معقول آسودگی کی حالت مین بہی راحت کے لیے کمر نہ کہولے ۔

اس سے کیا ظاہر ہوتا ہے ؟ اولوالعظمی ۔ جوش طبیعت ۔ خواہش نام ۔ کاہلی سے نفرت ۔ خلاصہ یہ ہے کہ بعد پنشن لینے کے بہی یہ شغل کا بھوکھا تا دم مرگ ۔ ممبر آف دی بورڈ آف اکزامینرس ۔ ممبر آف دی سنٹرل اکزامینیشن کمیٹی ۔ کمشنر آف انکم ٹاکس ۔ مینیوسیپل کمشنر شہر و حوالی شہر ۔ ممبر آف دی بورڈ آف مینیجمنٹ آف دی ریفور میٹری اینڈ ڈسٹرکٹ اسکول کمیٹی

آنریری سکرٹری آف دی بنگال سوشیل سائنس ایسوسی ایشن۔ ممبر آف دی فیلولوجیکل کمیٹی اوف دی اشیاٹک سوسایٹی آف بنگال۔ ٹرسٹی آف دی انڈین ایسوسی ایشن فود کلٹو یشن آف سائنس۔ ممبر آف دی کمیٹی آف البرٹ ہال۔ ممبر آف دی کمیٹی آف ڈسٹرکٹ چارٹیبل سوسایٹی۔ سکرٹری آف دی محمدن لیٹریری سوسایٹی وغیرہ خدمات کو اعزازی طور پر انجام دیتا رہا۔ اتنی اعزازی خدمتین سوا بڑے بڑے روشناس خلایق اور بڑے لایق ہونے کے ملنا مشکل ہے اگر ملتی بھی ہین تو صرف مہذب دنیا کے باشندون مین سے معدودے چند کو بنگالے مین۔ بلکہ کل ہندوستان مین۔ بلکہ تمام اشیا مین طبقۂ اہل اسلام مین سے ایک مولوی عبد اللطیف خان ہی تھا جو اس مرتبۂ محسود تک پہونچا تھا۔ میرا گمان تو یہ ہے کہ ہندوٗن مین بھی بہ ہیئت مجموعی اس اقبالمند کا پایہ اونچا ہی تھا۔ جو چیز عام نظرون سے چھپی ہوتی ہے۔ تجربہ تبلا رہا ہے کہ خواہ نخواہ اوسکی عزت وعظمت ہوتی ہے۔ اسی لیے یورپ کے جاہ طلب تازہ جوان اگر ایک اعزازی خدمت پر بھی پہونچ جاتے ہین تو اوس خدمت کے نام کے حرفون کو اختصار کے ساتھ اپنے نام کے بعد لگا دیتے ہین تاکہ وہ اظہار اخفا کے ساتھ اونکی عزت کی زیادتی کا سبب ہو۔ جیسے جب کوئی فلو آف دی رائل زوٗلاجیکل سوسایٹی ہو جاتا ہے تو وہ اپنے نام کے پیچھے۔ اف۔ آر۔ زڈ۔ اس۔ لگا دیتا ہے۔ اس اصول کے موافق اگر مولوی عبد اللطیف کے نام کے ساتھ اونکی اعزازی خدمتون کے

عزت لگائے جائین تو اوس کا نام کہان تک باشان وشوکت ہوگا اس کا ناظرین خود اندازہ کرلین گے۔

پنشن یاب ہونے کے ایک برس کے بعد یعنی دسمبر ۱۸۸۵ء مین سیر لیپل گرفین رزیڈنٹ مالوہ نے اس تدبیر مجسم کو بلاکر عارضی طور پر مدار المہام ریاست بھوپال مقرر کیا۔ اس تقرر کی تاریخ میرے ایک عنایت فرمانے لکھی تھی جنکا ایک ادنےٰ خاندانی ہنر شاعری ہے۔ اور جنکا نام نامی حاجی میرزا احمد علی اور تخلص کوکب ہے۔ انکے جد مغفور میرزا احمد بیگ طپان دہلوی کی شہرت محتاج بیان نہین۔ اس تاریخ کو اسلیے درج کرتا ہون کہ ایک تو تاریخ تقرر ضبط ہو جائیگی۔ دوسرے مذاق ناظرین کو اس بیابان دور و دراز نثر کے طے کرتے وقت آب شیرین گو از نظم کی چاشنی حاصل ہو گی ؎

تشنۂ کاندر بیابان نصف روزے طے کند	میشناسد لذت آبے کہ می آرد بکف

وہ تاریخ یہ ہے

بدہ ساقیا جام عشرت پیاپے	بزن مطربا بر بربط و چنگ ہم ہم
ازین مژدہ در دل ہمہ شاد مانند	ملک بر فلک بر زمین جن و آدم
کہ نواب عبد اللطیف بہادر	فلاطون دوران و عقل مجسم
بہ نیروے اقبال ممتاز گشتہ	بدستوری شہ جہان شاہ عالم
بروز ہمایون بعہد مبارک	نشستہ بکرسی دستور اعظم
ہمانا گرفتہ بہ نیروے اقبال	ز اسکندر آئینہ و جام از جم

بعقل و فراست ز دانا ے یونان — بصورت مؤخر بمعنی مقدم

بذاتش چنان رونقی یافت بھوپال — ز باد بہاری چو بستان خرم

بہ تدبیر صائب ز را ے مناسب — ہمہ خلق را کرد آزاد از غم

وزیرے چنین شہریارے چنانست — رعایا نباشد چرا شاد و خرم

بہ بھوپال امروز از فیض عدلش — بہم دشمنانند یاران ہمدم

کجی را چنان برد از کج نہادان — کہ نگذاشت در زلف محبوب ہم خم

ز ترس سیاست ز خوف عدالت — بدورش ز آہو اسد میکند رم

اگر اسپ تازد بمیدان ہیجا — ز ہیبت گریزند سہراب و رستم

زر و گوہر افشاند چندان بمفلس — نہ زر ماند در کان نہ دُر ماند در یم

چہ باکست امروز خستہ دلان را — کہ لطفش نہد بر دل ریش مرہم

بگوشم رسیدہ چو این مژدہ کوکب — شب و روز در فکر تاریخ بودم

بریدہ ہمین فرق اعداے بے دین
بمن گفت ہاتف وزیر المعظم
۱۳۰۲ھ

اس خدمت پر مولوی عبد اللطیف خان صرف نو دس مہینے بحال رہے مگر علیحدگی کیوجہ اور زمان خدمت مین خدمتگذاری کی حالت جو کچھ تھی مفصل گزٹ کے اوس خط کے ترجمے سے ظاہر ہے جو اونھون نے عبد اللطیف خان کو علیحدگی کے وقت لکھا تھا۔

نمبر ۲۱۵۸

سنہ ۱۸۸۶ء

ازصرف سرلیپل گریفن۔ کے۔سی۔ایس۔آئی۔ایجنٹ گورنر جنرل فورسنٹرل انڈیا۔

بخدمت۔نواب عبداللطیف خان۔سی آئی۔ای وزیر بھوپال۔

رزیڈنسی اندور مورخہ ۵ جون سنہ ۱۸۸۶ء

سر مین آپکو اطلاع دیتا ہون کہ حضور وایسراے نے بدرخواست بیگمصاحبہ بھوپال کرنیل اچ۔سی۔ای۔وارڈ کمشنر سنٹرل پراونسز کو وزیر بھوپال مقرر کیا ہے اور وہ اس مہینے کے ختم ہونے تک کسی وقت اس خدمت کو ہاتھ مین لینگے۔

۲۔ فارن سکرٹری کے خط مورخہ ۲۸ مئی مین جو راے آپکی نسبت تھی اوسکو مین بجنسہ ذیل مین بایماے گورنمنٹ ہند نہایت مسرت کے ساتھ آپ پر ظاہر کرتا ہون۔

مین درخواست کرتا ہون کہ آپ نواب عبداللطیف کو اطلاع دیجیے کہ جو خدمتین اونسے ریاست بھوپال مین اوس کٹھن وقت اور دقتون کی حالت مین انجام دی ہین اوس کی گورنمنٹ آف انڈیا نہایت قدر کرتی ہے۔حضور وایسراے نے اوسکی جگھہ پر ایک یورپین وزیر کا مقرر کرنا منظور فرمایا ہے۔مگر اس سے نواب کی کارروائیون کی ناپسندیدگی ہرگز دکھائی نہین جاتی ہے بلکہ حضور محتشم الیہ اوسکی کارگذاریون کو نشان قابلیت اور راست بازی سے آراستہ دیکھتے ہین۔نواب عبداللطیف ریاست بھوپال کو نیکنامی کے ساتھ چھوڑیگا۔جو نیک نامی تصرف داغ سے پاک رہی ہے بلکہ گذشتہ چند مہینون کی کارروائی سے کہین زیادہ بڑھ گئی ہے"

۳- آپکی مقبولی خدمت کے اون اظہار کے علاوہ جو حضور والیسرائے اور گورنمنٹ آف انڈیا نے کیے ہین- مین اپنا ذاتی اندازہ آپکی خدمتون کی قیمت کا کیا چاہتا ہون-

۱۸۸۵ء کے دسمبر کا مہینہ تھا کہ میری درخواست کے موافق ایک دن کی اطلاع مین آپ کلکتہ سے روانہ ہوے اور بھوپال آکر ایک غایت درجہ کے مشکل عہدہ کا چند روزہ ذمہ لیا وہ عہدہ وزارت کا تھا- آپ اس عہدہ کو اوس وقت تک انجام دینگے جب تک ایک انگریز افسر جسکو بیگم صاحبہ بھوپال نے وزیر مقرر کیا ہے انگلنڈ سے واپس آجائیگا- آپکا تقرر شروط بیگم صاحبہ کی پوری منظوری سے ہوا تھا- اوسوقت سے آج تک آپنے بھوپال مین اپنی خدمات میری مرضی کے موافق انجام دیے جس سے بےنظیر قابلیت- حزم- دیانت پائی گئی- اگر آپ ہی اس خدمت پر برابر رہتے تو مین نہایت مطمئن ہوتا- میرا اعتقاد ہمیشہ یہی رہا ہے کہ بھوپال کی طرح ایک مسلمان ریاست مین مسلمان ہی وزیر ہونا مناسب ہے- اور حضور والیسرائے اور گورنمنٹ آف انڈیا کا بھی خیال قوی یہی ہے-

۴- ایک ایسے انگریز وزیر کا بھوپال مین مقرر ہونا جو بڑا نیکنام ہو اور غایت درجہ کا تجربہ امورات سیاستی مین رکھتا ہو- بہت سے وجوہات سے نہایت مفید ہوگا مگر آپکے حق مین یہ امر انصاف محض ہے- کہ گورنمنٹ کا ہر طرح آپکی اون خدمتون سے جو آپنے بھوپال مین کین راضی رہنا- اور آپکی جگہ انگریز وزیر کا صرف بیگم صاحبہ

کے اصرار سے مقرر رہونا قلمبند ہوکر دفتر سرکاری مین محفوظ ہے۔ جس پالسی کی رو سے گورنمنٹ ہمیشہ دیسی ریاستون کے درونی امورات مین دخل دینا سواے اشد ضرورت کے پسند نہین کرتی ایک تو وہی پالیسی اور دوسرے حضور بیگم صاحبہ کی خواہش پوری کرنے کی مجبوری باعث ہوئی کہ حضور والیسراے نے بیگم صاحبہ کو اس بات کی اجازت دی کہ وہ ایک مناسب انگریزی افسر کو عہدہ وزارت پر مقرر کرنے کے لیے چنین۔

۵۔ گورنمنٹ ہند نے آپکو یقین دلایا ہے کہ آپکی نیکنامی صرف بیداغ ہی سمجھی نہین جاتی ہے بلکہ گذشتہ چند مہینون مین جو حالت آپکی رہی اوس سے نہایت ترقی پذیر سمجھی جاتی ہے۔

۶۔ اس قول کے بعد مین اور زیادہ کیا لکھ سکتا ہون بجز اسکے کہ مین خلوص کے ساتھ آپکی آیندہ کامیابی کا خواہان ہون۔ اور یقین دلاتا ہون کہ آپنے میرے اور اون پولیٹکل افسرون کے دل مین جنسے آپ سنٹرل انڈیا مین ملے ہین ایک دوستی گرم پیدا کردی ہے۔

آپکا خادم۔ لیپل گریفن ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل انڈیا۔

مولوی عبد اللطیف خان بہادر ۱۸۸۰ع اپریل کے مہینے مین خطاب نوابی سے مفتخر ہوا۔ اور ۱۸۸۳ع کی جنوری مین کمپانین آف دی آرڈر آف دی برٹش امپائر کے خطاب سے مخاطب ہوا۔ اور ۱۸۸۷ع مین جسوقت علیا حضرت ملکہ معظمہ کی جبلی کا جشن ہوا ہے

نواب عبداللطیف خان بہادر کو نواب بہادر کا خطاب ملا۔"

اب مین اس بات کو ظاہر کرنا چاہتا ہون کہ مملکت وسیع الفضاے ہند مین مشرق سے مغرب تک اور شمال سے جنوب تک بے حساب اشخاص اڈونس ٹریٹیو عہدون پر طبقۂ اہل اسلام سے مقرر ہوے اور ہوتے جاتے ہین اور اون مین سے بہت ایسے بھی ہین جو زور مربی بھی رکھتے ہین۔ مگر صفحات تاریخ نواب بہادر عبداللطیف خان کی نظیر سے خالی ہین۔ یہ شخص ابتداے زمانۂ حکومت انگلشیہ مین بیک بینی و دو گوش کمرہمت باندہکر سرکاری خدمت مین مشغول ہوا اور آندہی کی طرح سرگرم رہکر ہوشیارانہ ہاتھ پانون بچاتا ہوا۔ ترقی کی لاٹھ کے سب سے اونچے کہنڈ پر پہونچکر۔ کوشش۔ ثابت قدمی۔ اور شکر کے نتیجہ کو باواز بلند اپنے معاصرین کو سنا گیا۔ بغیر کسی کی مدد کے یہ دلاور معمار اپنی حالت کی تعمیر مین مشغول ہوا اور ہر کوشش اسکی ٹہکانے لگی۔ قاعدہ دنیا ہی کہ ہر خود ساختہ آدمی کی ترقی سے معاصرین اور ہمچشم جلنے لگتے ہین اور شعلۂ حسد بھڑک اوٹھتا ہے۔ نواب بہادر عبداللطیف خان اس قاعدہ سے مستثنے نہ تھا بلکہ اوسپر اپنے اور بیگانے سب کے حملے ہوتے تھے کیونکہ اسکی ترقی فوق العادت تھی مگر ثابت قدمی نے اوسکا ساتھ دیا۔ اور یہ رہرو راہ رفعت عداوت کے سنگ راہ سے بچتا طعن کے جنگل کو طے کرتا۔ خلل اندازی کے خارزار کو پہونکتا۔ دہوکھے کی بہول بہلیان مین پہچان کا نشان بناتا ہوا ایسا دلیرانہ نکلگیا کہ سب نیچے کہڑے منہ تکتے رہے۔ اور وہ منارۂ ترقی کے درجہ ارفع پر پہونچ گیا۔ اسکے بدخواہ بھی بقول شخصے "گو بدخواہ از حق نباید گذشت"

بظاہر گو اوس سے دامن کشان رہے مگر بہ باطن اوسکی غیر معمولی فراست۔ اوسکی بنظیر ہمت۔ اوسکی خطا نکرنے والی تدبیر۔ اوسکی دانشمندانہ گھاتون کے قایل ہی رہے ناظرین نے اس سوانح عمری کے پڑہنے سے بخوبی دیکھ لیا ہوگا کہ مسئلہ تعلیم مین نواب بہادر کی سعی کہان تک مشکور ہوئی ہے اب اسکو ملاحظہ فرمائین کہ اس نشہ کوشش مین یہ سچا مسلمان کبھی ایسا ازخود رفتہ نہ ہوا کہ اصول دین اسلام سے اوسکو باہر نکلجانے کی ضرورت ہوئی ہو۔ کبھی یہ شخص بد دین مشہور نہین ہوا۔ کبھی اس پر کفر کا فتویٰ نہ ہوا اور ہمیشہ اپنے اغراض مین نیکنامی کے ساتھہ کامیاب رہا۔

اس شہسوار نے صرف ایک میدان تعلیم ہی کو جولانگاہ قرار نہین دیا تھا بلکہ ہر حاجتمند کی حاجت برآری مین یہ بہی خواہ قوم وملت بدل وجان مصروف ہو کر مدارج شکر الٰہی کو طے کرتا رہا۔ چھبیس ۲۶ برس سے زیادہ زمانہ تک یہ بے مثال آدمی تنہا اور محض تنہا مسلمانان بنگالہ کی طرف سے ہر ایک امورات اور کارروائی مین ریپریزنٹیٹو رہا اور ہر ایسی مجلس عام مین جو اس دارالسلطنت مین مسائل تعلیم و معاشرت و سیاست مین بحث کرنے کے لیے منعقد ہوتی رہی۔ یہی دلیر حامی قوم مسلمانون کی طرف سے مکھیا بنتا رہا۔ واقعی شرقی حدود ہند مین شاید نواب بہادر عبد اللطیف خان کے سوائے کوئی دوسرا شخص دیکھا نہین گیا ہے کہ جسنے رفاہ عام کے مسائل مین غالبانہ اس قدر مستعدی حصہ لیا ہو۔ تمام ہند مین عموماً اور بنگالہ مین خصوصاً جب کہین کسی مسئلہ اسلامیہ مین اولجھاؤ پڑا اور نوبت حکام کی دست اندازی کی پہونچی تو سب سے پہلے نواب بہادر عبد اللطیف خان ہی نظر آیا

جسنے اوس مسئلہ کے سیکڑون برس کی عظمت اور حالت کو آشوب تغیر اور تصرف جاہلانہ سے بچالیا۔ اس سچے مسلمان کے قدم حقوق اسلام کی حفاظت مین کبھی پیچھے نہین پڑے۔

نواب بہادر عبداللطیف خان۔ خداترس۔ نہایت خلیق۔ راستگو۔ راستباز رحم دل مستقل مزاج۔ ظرافت دوست۔ خوددار۔ وجیہ۔ غیور۔ بشدت طالب جاہ مگر احتیاط کے ساتھہ۔ بہت خوش عقیدہ۔ نہایت پابند وضع تھا۔ علاوہ ان باتون کے ایک مدبر کامل کے لیے جتنی باتین چاہئین سب اس مین موجود تھین اور اوس کو سب باتون پر اپنے مطلب مین صرف کرنیکا اختیار حاصل تھا۔ چونکہ کوئی ذات بجز ارواح مقدسہ کے نقص سے خالی نہین ہے اس لیے نواب بہادر مین بھی غیبت کے سُن لینے کی عادت کبھی کبھی پائی جاتی تھی۔ مگر اس سے عامۂ خلایق کو کبھی نقصان نہین پہونچا۔ بلکہ خود نواب بہادر کے عیش خانگی مین ایک تلخی ہمیشہ رہی۔

۱۸۹۳ع دسوین جولائی بدھ کے دن ڈہائی بجے یعنی ظہر کے وقت یہ بیمثال خیرخواہ قوم مسلمانون کی طرح خلعت حیات مستعار سے عاری ہوا۔ اور اپنے ساتھہ ذخیرہ خوف الٰہی لیگیا۔ اور اپنے احباب کو کیا مسلمان کیا نصرانی کیا یہود کیا ہندو داغ رنج و حسرت دیگیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

وہ نوجوان لڑکا جو ۱۸۴۹ع کے فروری مہینے مین صرف قاضی مولوی عبداللطیف کہلاتا تھا اور مدرسۂ عالیہ کلکتہ کا ماسٹر تھا۔ ۱۸۹۳ع کی دسوین جولائی مین اپنا

نام۔ اپنی کوشش۔ اپنی پامردی۔ اپنی تدبیر۔ اپنی نیک نیتی سے ان اضافتوں کے ساتھ چھوڑ مرا۔

نواب بہادر عبداللطیف خان

کمپانین آف دی آرڈر آف انڈین امپیر۔ ام۔ بی۔ ای۔ ام۔ سی۔ ای۔ سی۔ سی۔ آئی۔ ٹی۔ ام۔ سی۔ ام۔ بی۔ ام۔ آر۔ ڈی۔ اس۔ ایچ۔ اس۔ بی۔ اس۔ اس۔ اے۔ ام۔ اف۔ سی۔ اے۔ اس۔ بی۔ ٹی۔ آئی۔ اے۔ بی۔ اس۔ ام۔ سی۔ اے۔ ایچ۔ ام۔ سی۔ ڈی۔ سی۔ اس۔ اس۔ اس۔ ام۔ ال۔ اس۔ وغیرہ۔

راقم

اے۔ ایچ۔ عاصم

دل پکڑ کر رہجائیگا - بالکل طبیعت کے بیچین کر دینے والے سامان - یا ناول کے پیرایہ مین قوم کو ایک نیک صلاح اہین عورتونکی بے پردگی کے نقصانات نہایت کامیابی کے ساتھہ دکھائے گئے ہین قیمت ۹ ؎ ،، مسیحائے عالم ،، حفظ صحت کی مستند کتاب جسمین اُن جہہ چیزون سے محققانہ بحث کی گئی ہے جنپر زندگی کا بالکل مدار ہے قیمت ۸ ؎ علاوہ محصول درخواست خریداری نقد یا باجازت ویلوپی ایبل بنام حکیم محمد علی خانصاحب اڈیٹر مُرقع عالم ،، ہردوئی بھیجنا چاہیے - فقط

اشتہار

فیروزالدین کی بینظیر مشہور عالم آزمودہ نہایت مفید اور سچی دوائیان

حبوب خیری یعنی ،، فیروز سنز این پلزٹانک ،، انسان کی صحت مسلمہ و شرطیہ دوائی جسکو ہندوستان بہر نے مفید مانا ہے اس دوائی نے میڈیکل افسران - حکما اور عام پبلک سے بڑی تصدیق حاصل کی ہے کہ جسمانی کمزوری - ضعف اعضای رئیسہ ضعف معدہ ضعف دماغ - لقوہ - آدہرنگ وغیرہ کو دور کرنے اور بدن مضبوط اور طاقتور بنانیکے لیے اور خصوصیت کے ساتہہ بلامبالغہ بینظیر اثر کے ساتہہ جوانی کی غلط کاریون اور بے احتیاطیون کے نقص دور کرنیمین بینظیر ہین - بکس ۵ ہم گولی ۱ ؎ جوہر عشبہ یعنی تریاق برای فسادات خون درد کہنہ - خارش پہوڑا پہنسی وغیرہ شیشی کلان ۱ ؎ خرد ۸ ؍ فیروز بام اکسیر برائے درد سر کہانسی و نزلہ تر و خشک - نزلہ و زکام آواز کا بیٹھ جانا شیشی خرد ۱۲ ؍ کلان ۱ ؎ تپ تلی کا علاج اکسیر ہے - گولیان ۱۲ ؍ عرق ۱ ؎ ہزارون مایوس بفیض خداوند تعالیٰ کے فضل سے صحت یاب ہوئے ہین بہوڑے

عرصہ کے مریض کیلیے یہ گولیان کافی ہین پرانے مریض کے لیے دونون چاہئین۔ **توتہیا تپ** جا دو بہرا عرق مشہور ہے ایک شیشی سے چہہ مریض صحت پاتے ہین شیشی ۱۲؍ **حب بواسیر** بادی ہو یا خونی اکسیر ہے فی بکس ۸؍ **فیروز سرب** اسکے استعمال سے عادات افیون چانڈو وغیرہ بغیر تکلیف چہوٹ جاتی ہے نہ امین ہر ہے نہ نشہ ہے۔ صرف بوٹی سے طیار کیا ہے شیشی ۸؍ **بادی گارڈ** دوائی ہیضہ و بدہضمی شیشی ۸؍ **دیکہو تازہ شہادت**۔ جناب ڈاکٹر حسین شاہ صاحب راے بہادر سول سرجن میڈیکل افسر ضلع جہنگ ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۲ء۔ آپکا جوہر عشبہ چند مریضون مین آزمایا گیا عمدہ مصفی خون نکلا ہے **جناب** ڈاکٹر متہ دونی چند صاحب اسسٹنٹ سرجن انچارج شفاخانہ صدر سیالکوٹ ۴ اکتوبر ۱۸۹۲ء آپکی حبوب خیری تجربہ کیگئین از بس مفید ہین **گورنمنٹ** عالیہ انگلشیہ کا یورپین فوجی اعلی سے اعلی عہدہ دار جناب میجر بلیک صاحب بہادر ۱۱ نومبر ۱۸۹۲ء مقام ڈلہوزی (ترجمہ خط انگریزی) براہ مہربانی بوتل کلان فیروزامم ویلوپی ایل بہیجدیجیے درحقیقت تمہارا فیروزامم دمہ کہانسی کیلیے نہایت مفید ہے جناب منشی دوست محمد خان صاحب ازمقام جوہر کانہ تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ ۱ نومبر ۹۲ کو تحریر فرماتے ہین جناب کی خوش معاملگی اور راستبازی کی مین جہانتک تعریف کرون صحیح اور درست ہے آپکی راستبازی سے ہزارہا بندگان خدا فیضیاب ہوتے ہین جنمین سے ایک ادنی تیاگزار بہی ہے مین نے آپکی حبوب خیری وغیرہ کا ضرورتاً دو مختلف وقتون مین استعمال کیا۔ یہ سب ایسی بے التاثیر اور بینظیر ثابت ہوئین کہ بیان نہین کرسکتا مین نے اپنی تمام عمر مین ایسی کوئی دوا نافع نہین پائی مجہے کلی فائدہ ہو گیا۔

المشتہر
(فیروزالدین سوداگر ادویات انگریزی ہال بازار امرتسر (پنجاب)

ہندوستان مین پیداشدہ مرضون کا علاج

(مندرجہ ذیل ادویہ اقم سے امتحاناً منگا کر دیکہو)

شربت مقوی اعصاب۔ سریع الاثر قابل اعتماد صلبی طاقت کیلیے جو کثرت فواحشات و مسکرات و کثرت محنت سے ضعف دماغ معدہ و جگر درد سر و کمر قبض تاریکی چشم وغیرہ عوارض جو لطف دنیا سے محروم کرنیوالے ہون دور کرکے ثانہ یا مادہ انسانی کو درست کرتا ہے قیمت فی شیشی للعہ **روغن خارجا** لگانیسے اون عوارض کو جو سوء استعمال و خلاف قدرت عامل ہونیسے اپنے ہاتہون قوا خراب کر چکے ہون فی تولہ للعہ **ہیر آئل** دلربا خوشبو کے علاوہ بالون کو سفید ہونیسے روکتا ہے نزلہ زکام ریزش عطسہ جنکو ادنی ادنی باتون سے ہوجاتا ہے آواز بہاری ہوجانا کہانسی وغیرہ کو دور کرتا ہے ضعف دماغ و بصر کو پیدا نہین ہونے دیتا شیشی ۸؍

اطلاع بخدمت خریداران رسالہ حسن

رسالہ حسن جو ماہوار زیر نگرانی وسرپرستی عالیجناب نواب عماد نواز جنگ بہادر حیدر آباد دکن سے نکلتا ہے چند مہینے سے عالی درجہ قدردانون کی فرمایش سے مطبع مفید عام آگرہ سے جو چھاپنے کے فن مین مسلم اور نہایت پسندیدہ ہے شایع ہوتا ہے تاکہ اوسکے اولوالعزم ناظرین کو خوبی مضامین کے ساتھ لوازم طبع کا بھی پورا لطف حاصل ہو چو حیدر آباد کے مطابع سے باوجود کوشش ممکن نہین ہوا اس سے ہمکو اپنا حیدر آباد کا خاص مطبع بیکار کر دینا پڑا اور اخراجات کی توفیر ہوئی ہمکو امید ہے کہ ہمارے اولوالعزم ناظرین بلحاظ کثرت وجدت اخراجات دفتر اپنا اپنا زر بقایا ادا فرما کے ممنون کرینگے اور اس علمی پرچے کی درمے وقلمے مدد فرما کر اپنی قوم کو جسمین مختلف علوم وفنون کے اشاعت کی ہنوز بہت ضرورت ہے اس سے فایدہ اوٹھانیکا موقع دینگے مطبع مفید عام آگرہ کو رسالہ کے دیگر تعلقات سے کوئی بحث نہین ہے، اس لیے جملہ خط وکتابت وترسیل زر حسب دستور سابق حیدر آباد مین نوابصاحب موصوف کے نام نامی سے ہونی چاہیے چندہ سالانہ سال تمام عـــہ ۱۲ کم آمدنی والون سے لعہ ۹ اجرت اشتہار فی مرتبہ فی صفحہ ایک روپیہ۔

الراقم۔ فتح احمد منیجر رسالہ حسن حیدر آباد دکن۔

حسن

جلد (۷) نمبر (۷)

جولائی سنہ ۱۹۰۳ء

[illegible] از جناب نواب عماد نواز جنگ بہادر (۱)

مچھلی کا بیان از جناب نواب عماد نواز جنگ بہادر ([illegible])

مطبع حسن میں باہتمام محمد لطف علی خان چھپا

سلطنتِ رُوس

شاہنشاہ فرمان روا

الگزینڈر ثالث شاہنشاہ رُوس ۲۶ فروری (صحیح حساب کے بموجب ۱۰ مارچ) ۱۸۴۵ء کو پیدا ہوا ہے۔ اور شاہنشاہ الگزینڈر ثانی اور پرنسس میری دختر گرانڈ ڈیوک آف ہسی ڈارم اسٹیڈ کا فرزند اکبر ہے۔ اپنے باپ کے قتل پر یکم مارچ (جدید حساب کے بموجب ۱۳ مارچ) ۱۸۸۱ء کو تخت نشین ہوا ہے۔ رسم تاج آرائی ماسکو میں بتاریخ ۲۷ مئی ۱۸۸۳ء کو ادا ہوئی۔ اور ۹ نومبر ۱۸۶۶ء کو میریا ڈاگمر سے جو ۲۶ نومبر ۱۸۴۷ء کو پیدا ہوئی ہے اور بادشاہ کرسچین نہم والی ڈنمارک کی بیٹی ہے اسکی شادی ہوئی ہے۔

بادشاہ کی اولاد

۱ گرانڈ ڈیوک نکولاس ولیعہد ۶ مئی (۱۸ مئی) ۱۸۶۸ء کو پیدا ہوا ہے۔

۲ گرانڈ ڈیوک جارج ۲۷ اپریل (۹ مئی) ۱۸۷۱ء کو پیدا ہوا ہے۔

۳ گرانڈ ڈچس زینیا ۲۵ مارچ (۶ اپریل) ۱۸۷۵ء کو پیدا ہوئی۔

۴ گرانڈ ڈیوک مکائیل ۲۲ نومبر (۴ دسمبر) ۱۸۷۸ء کو پیدا ہوئی

۵ گرانڈ ڈچس آلگا یکم جون (۱۳ جون) ۱۸۸۲ء کو پیدا ہوئی۔

بادشاہ کے بھائی بہنین

۱ گرانڈ ڈیوک ولیڈیمر ۱۰ اپریل (۲۲ اپریل) ۱۸۴۷ء کو پیدا ہوا۔ اور ۱۶ اگست (۲۸ اگست) ۱۸۷۴ء کو پرنسس میری آف میکلنبرگ شوڈرن سے اسکی شادی ہوئی۔ تین بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ (۱) کیرل ۳۰ ستمبر (۱۲ اکتوبر) ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوا (۲) بورس ۱۲ نومبر (۲۴ نومبر) ۱۸۷۷ء کو پیدا ہوا۔ (۳) اندریاس ۲ مئی (۱۴ مئی) ۱۸۷۹ء کو پیدا ہوا۔ (۴) ہلین ۱۷ جنوری (۲۹ جنوری) کو پیدا ہوئی۔

۲ گرانڈ ڈیوک الکسی ہائی ایڈمیرل ۲ جنوری (۱۴ جنوری) ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوئی۔

۳ گرانڈ ڈچس میریا ۵ اکتوبر (۱۷ اکتوبر) ۱۸۵۳ء کو پیدا ہوئی۔ اور ۱۲ جنوری ۱۸۷۴ء ڈیوک آف اڈنبرا فرزند ملکہ معظمہ وکٹوریہ ملکہ انگلستان و قیصر ہندوستان سے اوس کی شادی ہوئی۔

۴ گرانڈ ڈیوک سرگیس ۲۹ اپریل (۱۱ مئی) ۱۸۵۷ء کو پیدا ہوا۔ اور ۳ جون (۱۵ جون) ۱۸۸۴ء کو پرنسس الیزبیتھ آف ہسی ڈارم سٹیڈ سے اوسکی شادی ہوئی۔

گرانڈ ڈیوک پال ۲۱ ستمبر (۳ اکتوبر) ۱۸۶۰ء کو پیدا ہوا۔ اور ۵ جون (۱۷ جون) ۱۸۸۹ء کو پرنسس الگزنیڈرا دختر شاہ یونان سے شادی ہوئی۔ مگر وہ ۲۴ ستمبر ۱۸۹۱ء کو مر گئی۔

اولاد (۱) میریا ۶ مر (۱۸) اپریل ۱۸۹۰ء کو (۲) اور ڈیمیٹر ۱ ستمبر ۱۸۹۱ء کو پیدا ہوا۔

بادشاہ کے اعمام

گرانڈ ڈیوک مکائیل برادر شاہنشاہ الگزینڈر ثانی جو ۱۳ اکتوبر (۲۵ اکتوبر) ۱۸۳۲ء کو پیدا ہوا جنرل فیلڈ مارشل و میر مجلس اسٹیٹ کونسل و صدر توپ خانہ ہے۔ اور اسکی شادی پرنسس سسلیا شاہزادی بیدن سے جو ۳۱ مارچ (۱۲ اپریل) ۱۸۹۲ء کو مر گئی ہے ہوئی تھی۔ اولاد (۱) نکولاس ۱۴ اپریل (۲۶ اپریل) ۱۸۵۹ء کو پیدا ہوا۔ (۲) اناسٹاشیا ۱۶ جولائی (۲۸ جولائی) ۱۸۶۰ء کو پیدا ہوئی اور فریڈرک فرانز پرنس مکلینبرگ شورن سے اسکی شادی ہوئی (۳) مکائیل ۴ اکتوبر (۱۶ اکتوبر) ۱۸۶۱ء کو پیدا ہوا۔ اور ۶ اپریل ۱۸۹۱ء کو سوفی کاونٹس میرنبرگ سے اسکی شادی ہوئی۔ اسکی شادی کے باعث سے صیغہ فوج سے وہ خارج کر دیا گیا اور اسکی جاگیرات پر ایک معتبر شخص کار پرداز مقرر کیا گیا ہے۔ (۴) جارج ۱۱ اگست (۲۳ اگست) ۱۸۶۳ء کو پیدا ہوا (۵) الگزینڈر یکم اپریل (۱۳ اپریل) ۱۸۶۶ء کو پیدا ہوا (۶) سرگیس ۲۵ ستمبر (۷ اکتوبر) ۱۸۶۹ء کو پیدا ہوا (۷) الکسی ۱۶ دسمبر (۲۸ دسمبر) ۱۸۷۵ء کو پیدا ہوا۔

شاہنشاہ کے بنی اعمام

گرانڈ ڈیوک کنسٹنٹائن متو نے برادر شاہنشاہ الگزینڈر ثانی متوفی کے اوسکی بی بی پرنسس الگزینڈر آف سکس الیٹنبرگ سے پانچ بچے ہیں (۱) نکولاس ۲ فروری (۱۴ فروری) ۱۸۵۰ء کو پیدا ہوا (۲) آلگا ۲۲ اگست (۳ ستمبر) ۱۸۵۱ء کو پیدا ہوئی اور ۲۷ اکتوبر ۱۸۶۷ء کو جارج اوّل

بادشاہ یونان سے اوسکی شادی ہوئی (۳) ویرا ۴ فروری (۱۶ر فروری) سنہ ۱۸۵۴ء کو پیدا ہوئی اور ۹ مئی سنہ ۱۸۷۴ء کو یوجین پرنس لیمبرگ سے اسکی شادی ہوئی جو ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۷۷ء کو رانڈ ہوگئی (۴) کنیٹنسٹائن ۱۰ر اگست (۲۲ر اگست) سنہ ۱۸۵۸ء کو پیدا ہوا اور ۱۵ اپریل (۲۷ر اپریل) سنہ ۱۸۸۴ء کو الیزبیتہ پرنس سکس آلٹنبرگ اور ڈچس سکسینی سے اسکی شادی ہوئی۔ اولاد اوسکی یہہ ہے۔ جان ۶ر جولائی سنہ ۱۸۸۶ء کو اور گبریئیل ۱۵ جولائی سنہ ۱۸۸۷ء کو اور تاٹیانا ۲۳ر جنوری سنہ ۱۸۹۰ء کو اور کنیٹنٹیائن یکم جنوری سنہ ۱۸۹۱ء کو پیدا ہوئی (۵) دلیٹری یکم جون (۱۳ جون) سنہ ۱۸۶۰ء کو پیدا ہوئی۔ (۶) الگ ۵ انومبر (۲۷ نومبر) سنہ ۱۸۹۲ء کو پیدا ہوا

گرانڈ ڈیوک نکولاس کی اولاد جو ۱۳ اپریل (۲۵ر اپریل) سنہ ۱۸۹۱ء کو مرگیا ہے اونکی بی بی الگزینڈرا پرنس اولڈنبرگ سے یہہ ہے (۱) نکولاس ۶ر نومبر (۱۸ نومبر) سنہ ۱۸۵۶ء کو پیدا ہوا (۲) پیٹر ۱۰ر جنوری (۲۲ جنوری) سنہ ۱۸۶۴ء کو پیدا ہوا اور ۲۶ر جولائی (۷ر اگست) سنہ ۱۸۸۹ء کو ملٹا پرنس مانٹنگرو سے اسکی شادی ہوئی جس سے اوسکے میرینا نام ایک بیٹی ہے جو ۲۸ر فروری (۱۲ر مارچ) سنہ ۱۸۹۲ء کو پیدا ہوئی ہے۔

شاہی خاندان موجودہ مادری جانب سے میکائیل رومنافت زار روس کی اولاد مین ہے جو سنہ ۱۶۱۳ء مین خاندان روک کی بربادی پر اوسکا بادشاہ ہوگیا تھا اور پدری جانب سے ڈیوک کرل فریڈرک ہولسٹین گاٹورپ والے کی اولاد مین ہے جو سنہ ۱۷۰۰ء مین پیدا ہوا اور خاندان امرا اولڈین برگ کے رشتہ دارون مین سے تھا۔ پیٹر اول

نے جو اصلاح ملک کے لئے بڑے بڑے منصوبے کئے تھے اون مین سے ایک یہہ بھی تھا کہ یورپ کی مغربی سلطنتون سے زیادہ ارتباط پیدا کرے اور اسی وجہہ سے اپنی بیٹی این ڈیوک کرل فریڈرک ہولسٹن گاٹرپ کو دیدی تھی۔ پیٹر اول کے بعد اوسکی بی بی کیتھرائن اول جو لیونیا کے ایک کسان کی بیٹی تھی ملکہ ہوئی تھی۔ اور اوسکے بعد پیٹر ثانی جو پیٹر اول کا پوتا تھا بادشاہ ہوا تھا جسپر کہ خاندان رومناف کا سلسلۂ ذکور سنہ ۱۷۳۰ء مین ختم ہوگیا۔ اسکے بعد جو تین عورتین این۔ ایوین چہارم۔ اور الیزبیتھ رومناف کے سلسلۂ اناث مین ملکہ ہوئین اون کی حالت متزلزل سی رہی جس سے انقلاب ہونا ضروری معلوم ہوتا تھا۔ اور آخر کار یہہ انقلابی عہد اوسوقت پورا ہوگیا جبکہ پیٹر ثالث خاندان ہولسٹین گاٹرپ کا تخت نشین ہوا۔ اس سے بعد کے جتنے بادشاہ ہوئے اونہون نے بلا استثناء خاندان جرمن مین شادیان کی ہین۔ پیٹر ثالث کی بی بی کیتھرائن ثانی نے جو اپنے شوہر کے بجائے ملکہ ہوئی تھی اور جو پرنس انہلٹ زربسٹ جنرل فوج پروشیا کی بیٹی تھی اپنے اکلوتے بیٹے پال کو تخت دیدیا تھا۔ اس پال کے دو بیٹے الگزنڈر اول اور نکولاس اور پوتا الگزینڈر ثانی روس کے شاہنشاہ ہوئے۔ ان تمام بادشاہون نے جرمن شاہزادیون سے خصوصاً خاندان شاہی ورٹمبرگ اور بیڈن اور پروشیا سے شادی کی ہے تاکہ اون خاندانون سے محبت زیادہ پیدا ہوجائے۔

شاہنشاہ کی ذاتی آمدنی کے واسطے کچھہ جاگیر الگ ہے جس مین آراضی مزروعہ اور جنگل دس لاکھہ میل مربع سے زیادہ ہے اسکے علاوہ صوبۂ سائبیریا مین سونے وغیرہ کی کانین بھی ہین جن سے بادشاہ کو بہت بڑی آمدنی ہے۔ مگر چونکہ جاگیرات

مصارف شاہی بادشاہ کے ذاتی جاگیرات سمجھی جاتی ہین اون کا تذکرہ بجٹ مین نہین ہوا کرتا ہے اور اسوجہہ سے اون کی آمدنی ٹھیک ٹھیک معلوم نہین ہوسکتی ہے ۔

مکائیل رومناف کے زمانے سے جو بادشاہان روس گذرے ہین اون کے نام حسب ذیل ہین ۔ زار روس پیٹر اول نے سب سے پہلے سنہ ۱۷۲۱ء مین لقب شاہنشاہی اپنے واسطے اختیار کیا ہے ۔

خاندان رومناف سلسلہ ذکور		خاندان رومناف سلسلہ اناث	
میکائیل	سنہ ۱۶۱۳ء	این	سنہ ۱۷۳۰ء
الکسی	سنہ ۱۶۴۵ء	ایوان چہارم	سنہ ۱۷۴۰ء
فیوڈور	سنہ ۱۶۷۶ء	الیزبیتہ	سنہ ۱۷۴۱ء
ایوان و پیٹر اول	سنہ ۱۶۸۲ء	**خاندان رومناف ہولسٹین**	
پیٹر اول	سنہ ۱۶۸۹ء	پیٹر ثالث	سنہ ۱۷۶۲ء
کیتراین اول	سنہ ۱۷۲۵ء	کیترائن ثانی	سنہ ۱۷۶۲ء
پیٹر ثانی	سنہ ۱۷۲۷ء	پال	سنہ ۱۷۹۶ء
		الگزنیڈر اول	سنہ ۱۸۰۱ء
		نکولاس اول	سنہ ۱۸۲۵ء
		الگزنیڈر ثانی	سنہ ۱۸۵۵ء
		الگزنیڈر ثالث	سنہ ۱۸۸۱ء

طرز حکومت

روس کی حکومت خودمختار اور موروثی بادشاہت ہے۔ بادشاہ کی مرضی ملک کا قانون ہے اور اوسی کی مرضی کے موافق ہر ایک کام ہوتا ہے اور اوسیکے موافق انصاف کیا جاتا ہے۔ ہان البتہ بعض بعض قواعد ایسے ہین کہ جنہین خاندان حکمران نے اپنے اوپر لازمی کر رکھا ہے۔ ایمنین سے سب سے بڑا قاعدہ جانشینی کے حقوق کی نسبت ہے۔ وہ یہہ ہے کہ شاہنشاہ پال کے فرمان سنہ ۱۷۹۷ء کے بموجب فرزند اکبر جو صحیح النسب ہو تخت و تاج کا مالک ہوتا ہے اور ذکور کو اناث پر ترجیح دیجاتی ہے۔ اس سے پیشتر ایک اور قاعدہ تھا جو پیٹر اوّل نے ۵ فروری سنہ ۱۷۲۲ء کو مقرر کیا تھا۔ وہ یہہ تھا کہ بادشاہ خاندان شاہی مین سے جسے چاہے وارث سلطنت مقرر کرسکتا تھا اور بڑے چھوٹے کا کچھ بھی لحاظ نہ تھا۔ دوسرا ضروری امر بادشاہ روس کے لئے یہہ ہے کہ وہ اور اوسکی بی بی اور بال بچے سب یونانی چرچ کے اچھی طرح پابند ہون۔ اور الگزینڈر اوّل نے یہہ قاعدہ مقرر کر دیا ہے کہ خاندان شاہی کی عورت مرد کو شادی کرتے وقت شاہنشاہ سے اجازت حاصل کرنا ضرور ہے۔ اور اگر ایسا نہ کیا جائے گا تو ایسی شادی کی اولاد وارث تاج و تخت قرار نہین دیجاسکتی۔ اوسکا یہہ بھی قدیم دستور چلا آتا ہے کہ ولیعہد ۱۶ برس کے تمام ہونے پر بالغ خیال کیا جاتا ہے۔ مگر خاندان شاہی کے دوسرے لوگ ۲۰ برس کے پورے ہونے سے قبل بالغ تسلیم نہین کئے جاتے۔

سلطنت کا انتظام چار بڑی بڑی جماعتون یا کونسلون کے زیر تفویض ہے۔ جن کی خدمات جدا جدا ہین۔ ان مین سے سب سے پہلے مجلس کونسل آف اسٹیٹ ہے

جسکی صورت موجودہ الگزینڈر اوّل کے عہد سے یعنے سنہ ۱۸۱۰ء سے چلی آتی ہے۔ اس مجلس مین
ایک میر مجلس اور بہت سے ممبر غیر معین التعداد ہوا کرتے ہین جنہین بادشاہ مقرر کیا کرتا ہے۔
سنہ ۱۸۹۱ء مین اس مجلس مین ۶۱ ممبر تھے انکے سوا چند وزرا اپنے عہدہ کے سبب سے اور چہہ شاہزادہ
بھی اوسمین شامل تھے۔ کونسل تین صیغون پر منقسم ہے۔ (۱) صیغہ وضع آئین و قوانین (۲) صیغۂ
انتظام (سول) مملکت و مذہب (۳) صیغۂ انتظام خزانہ (فنانس) ہر ایک صیغہ مین اپنا الگ
میر مجلس ہے اور اوسکا کام جداگانہ ہی قسم کا ہے۔ مگر ان تینون صیغون کی متفق مجلسین بھی ہوا
کرتی ہین۔ اس سلطنت کی کونسل کا بڑا کام یہہ ہے کہ اون قوانین کا نقشہ جانچے اور غور کرے
جنکو وزرا اونکے روبرو پیش کیا کرتے ہین۔ اور بجٹ پر اور نیز سال بھر کے تمام اخراجات پر بحث
کیا کرے۔ مگر کونسل کو یہہ اختیار نہین ہے کہ سلطنت کے کسی آئین و قانون مین کوئی تغیر و
تبدل تجویز کرے۔ در حقیقت یہہ لوگ قانون سازی کے لئے ایک مشیر کا کام کرتے ہین۔ اسمین
ایک صیغہ ایسا بھی مقرر ہے جسمین اون درخواستون پر بحث ہوا کرتی ہے جو شاہنشاہ کے
حضور مین سینیٹ کے خلاف پر دائر ہوا کرتے ہین۔

دوسری بڑی سرکاری مجلس رولنگ سینیٹ (جلسۂ نظام سلطنت) ہے
جسے پیٹر اوّل نے سنہ ۱۷۱۱ء مین قایم کیا تھا۔ اس مجلس کا کام کچھہ کچھہ تو ناظمانہ اور کچھہ کچھہ عاملانہ
ہے۔ جب تک کوئی قانون اس جلسے سے منظور ہو کر مشتہر نہ ہو وہ آئین و قانون مملکت نہین
سمجھا جاسکتا۔ اور یہی مجلس سلطنت کی ہائیکورٹ (عدالت العالیہ) کا کام بھی انجام دیتی ہے
یہہ سینیٹ نو صیغون یا شاخون مین منقسم ہے۔ جو سب کے سب سینٹ پیٹرس برگ مین بے اجلاس

کیا کرتے ہین اور جن مین سے دو عدالت ہاے مرافعہ ہین - ہر صیغہ کو ایک خاص قسم کے مقدمات کے انیر فیصلہ کرنے کا اختیار رہے - اگرچہ اس مجلس کے ممبر امرا و عمائد ہین - مگر میر مجلس ہر صیغے کا ایک بڑا مشہور قانون دان ہوا کرتا ہے - جسکے دستخطون سے سرکاری احکام کا نفاذ ہوتا ہے اور اگر اوسکے دستخط نہ ہون تو فیصلے کی تعمیل نہین ہو سکتی - جب جلسہ عام ہوتا ہے اور سب صیغون کی مجلس ہوتی ہے تو اوسوقت میر مجلس وزیر عدالت ہوا کرتا ہے - اس سینیٹ کو علاوہ نگرانی قوانین عدالت کے تمام مملکت کے انتظام کی عموماً جانچ پڑتال بھی سپرد ہے - یہانتک کہ بادشاہ کے احکام مین رد و قدح اور عرض و معروض تنسیخ نا کیا تک بھی کیا کرتا ہے - اس مین ایک صیغہ ایسا بھی ہے جو پولٹیکل جرایم کے تصفیہ بھی کیا کرتا ہے اور اوسکے سات ممبر ہین - اسکے سوا ایک اور صیغہ ہے جس مین صرف چھہ ممبر ہین - اس صیغہ مین سرکاری عہدہ دارون کے اون جرایم کا فیصلہ ہوتا ہے جو ضوابط سرکاری کے خلاف سرزد ہوتے ہین -

تیسری مجلس جو پیٹر اول نے ۱۷۲۱ء مین قایم کی تھی ہولی سینڈ (مجلس مقدس) ہے جسکو سلطنت کے معاملات مذہبی کی نگرانی سپرد ہے - اسکے ممبر سینٹ پیٹرزبرگ ماسکو کیف کے آرچ بشپ اور نیز جارجیا (ممالک کوہ قاف) و پولینڈ (کھولم و دارسا) کے آرچ بشپ ہین اور اور بشپ بھی باری باری سے شامل ہوا کرتے ہین - اس مجلس سے جو فیصلہ ہوا کرتا ہے وہ بادشاہ کی طرف سے سمجھا جاتا ہے - اور اوسکی منظوری کے بعد جاری ہوتا ہے - اس مجلس کا صدر نوگورود اور سینٹ پیٹرزبرگ کا آرچ بشپ ہوا کرتا ہے -

چوتھی مجلس وزرا کی کمیٹی ہے اور اس مین تمام وزیر شامل ہوا کرتے ہین

اور وہ حسب تفصیل ذیل ہین

(۱) وزیر امپیریل ہوس - (معاملات خاندان شاہی) جنرل کاونٹ وار نشڑآف ٹورکاف ایڈیکانگ شاہنشاہ - یہہ شخص کاونٹ الگزینڈر ایڈبرگ کے بعد ۹ مارچ ۱۸۸۱ء کو امپیریل ہوس کا وزیر مقرر ہوا ہے -

(۲) وزیر معاملات خارجیہ - حقیقتاً مشیر خاص - نکولاس کارلووچیہ ڈی جیرس - اسکا تقرر معاملات خارجیہ پر اپریل ۱۸۸۲ء مین ہوا ہے -

(۳) وزیر جنگ - جنرل وانواسکی - ایڈیکانگ شاہنشاہ - یہہ وزیر جنگ ۲۹ مارچ ۱۸۸۱ء کو مقرر ہوا ہے -

(۴) وزیر بحری - وائس ایڈمیرل چکیٹکاف ڈسمبر ۱۸۸۸ء مین مقرر ہوا ہے -

(۵) وزیر معاملات اندرونی - حقیقتاً مشیر خاص - ڈرنوودو - ۱۸ مئی ۱۸۹۰ء کو مقرر ہوا ہے -

(۶) وزیر تعلیمات عامہ - حقیقتاً مشیر خاص - ڈیلیانوف ۱۸۸۲ء مین مقرر ہوا ہے -

(۷) وزیر فنانس (خزانہ) حقیقتاً مشیر خاص - وٹ ۱۸۹۲ء مین مقرر ہوا ہے -

(۸) وزیر عدالت - ممبر مجلس شاورت خاص مناسین - ۹ نومبر ۱۸۹۴ء کو مقرر ہوا ہے -

(۹) وزیر جاگیرات شاہی - ۱۳ جنوری ۱۸۹۳ء سے یہہ عہدہ خالی ہے -

(۱۰) وزیر صیغۂ تعمیرات و ریلوی - مشیر خاص کریووشیین ۱۸۹۲ء مین مقرر ہوا -

(۱۱) صیغۂ جنرل کنٹرول (صدر نظارت) حقیقتاً مشیر خاص - فلیپاف - کنٹرولر جنرل

(مستوفی عام) کے عہدہ پر ۱۹۰۲ء مین مقرر ہوا ہے

(۱۲) پراکیوریٹر جنرل (صدر الوکلا) ہولی سینوڈ - پولی ڈونوسٹ سیف

ان وزرا کے سوا چار گرانڈ ڈیوک اور چھہ دیگر عہدہ دار جن مین اکثر پہلے وزیر ہوتے ہین اس کمیٹی مین شامل ہوا کرتے ہین اور اس کمیٹی کا میر مجلس ڈینچی ہے جو درحقیقت منسیر خاص ہے وزیر معاملات فنلینڈ جنرل لفٹننٹ وان ڈہین ہے ۔

ان مذکورہ افسران محکمہ جات مین سے اکثرون کے پاس مددگار بھی ہین جو بعض اوقات ان کے بجا ے مقرر ہو جایا کرتے ہین اور یہہ سب کے سب بادشاہ سے براہ راست واسلت رکھتے ہین ۔

شاہنشاہ کے دو پرائیوٹ کیبنیٹ (وزرا خانگی کی مجالس) بھی ہین - جن مین سے ایک کو تو خیراتی کامون سے تعلق ہے ۔ اور دوسرے کو تعلیم نسوان اور انتظام مدارس کا سپرد ہے جنہین ایمپرس میریا متوفی مادر شاہنشاہ نکولاس اول نے قایم کیا تھا علاوہ برین ایمپیریل ہیڈ کوارٹر (محکمہ صدر شاہی) اور ایک کیبنیٹ (مجلس وزرا) اور ہے جسکے متعلق اون عرائض کا لینا ہے جو شاہنشاہ کے حضور مین پیش کیجاتی ہین اور جن کو سابق مین ایک خاص کچہری درخواست مین لیا جاتا تہا جو کہ ۱۸۸۴ء سے توڑ دی گئی ہے ۱۹ مئی ۱۸۹۹ء کے ایک قانون کے بموجب ایک امپیریل کیبنیٹ (مجلس وزرا شاہی) نئی مقرر ہوئی ہے جسکی چار شاخین ہین ایڈمنسٹریٹو (انتظامت) اکانومیکل - زراعت و تجارت - قانون سازی - اس سے پہلے جو امپیریل ہوس ہولڈ (خاندان شاہی)

سکے وزرا اس کام کو کرتے تھے وہ محکمہ برخاست کر دیا گیا ہے۔

لوکل گورنمنٹ (حکومت صوبجات)

	۸۰۹۲۳۷۷۸	کاغذی
میزان	۱۰۶۲۷۷۰۳۸۹	کاغذی

اصل وسود قرضہ سرکاری وریلوی کی ادا کی حالت بجٹ سنہ ۱۸۹۳ء کے بموجب حسب ذیل ہے -

قرضہ سرکاری

	روبل طلائی	روبل کاغذی
الف قرضہ جو سونے چاندی کے سکون مین لیا گیا ہے		
بیرونی سود و اصل	۲۰۲۲۳۷۹۹	
اندرونی "	۸۲۶۴۳۴۵	
تمسکات ریلوی سرکاری سود واصل	۳۶۸۹۲۱۱	
اخراجات بنیک	۱۹۹۱۹	
نقصان بوجہ ارزانی قیمت روبل کاغذی . . . . -		۲۲۵۶۳۹۹۰
میزان الف		۵۴۷۹۸۲۶۴

ب - قرضہ جو کاغذی روبل مین لیا گیا ہے

	روبل طلائی	روبل کاغذی
بیرونی سود و اصل		۳۹۸۱۹۸۵
اندرونی "		۱۳۶۳۲۱۷۷۱
میزان ب		۱۴۰۳۰۳۷۴۶

قرضۂ ریلوی (جسے ریلوی ہی ادا کرے گی)

ممسکات ریلوی سود و اصل	۳۵۹۰۰۹۹۹
اخراجات بنک	۲۹۸۷۹
نقصان بوجہ کمی قیمت کاغذی روبل	۲۵۱۵۱۶۱۴
۴½ فیصدی قرضہ مجموعی	۶۹۳۸۷۵۰
میزان قرضۂ ریلوی	۶۸۰۲۱۲۴۲
ادائی قرضہ بابت ممسکات سابق جو سابق مین مالکون نے نہین وصول کیا تھا	۱۲۰۲۳۹۵
میزان کل	۲۶۴۳۲۵۶۴۷

۲- لوکل فنانس (حالت خزانہ صوبجات)

صوبون کی مجالس (زمسٹوو) کی آمدنی جو ۳ کرور ۲۵ لاکھ روبل ۱۸۸۱ء مین تھی ۱۸۸۷ء مین ۳۳۲۳۱۲۹۷۴ روبل تک پہونچ گئی تھی جس مین سے ۲۶۹۱۶۱۸۱ روبل محاصل اراضی سے وصول ہوئے (جسکا اصل مین تخمینہ ۲ کرور ۳۸ لاکھ تھا) اور ۲۵۶۵۰۹۸ روبل

دیگر ذرایع سے اور ۵۸۰،۶۰،۷۶۵ فقط تجارتی محصولات سے وصول ہوئے ۵۰۵۳۰۰۰۰۰ ایکڑ آراضی مین سے جس سے محصول وصول ہوتا ہے ۲۳۵۰۰۰۰۰ ایکڑ کسانون کی آراضی پر وصول کیے اوسط تعداد فی ایکڑ ۳۲،۶ کوپک ہے اور ۲۵۱۰۰۰۰۰ ایکڑ زمیندارون کی آراضی پر ۳۴،۳ کوپک فی ایکڑ لیا جاتا ہے - اسی سال مین زمسٹود کے کل اخراجات ۵،۷۷،۱۳،۱۴۴ روبل تک پہونچ گئی تھی یعنے ۱۲۶ روبل فی کس آبادی ذکور پر خرچ تھا اس مین سے ۱۱ فیصدی تو انتظام زمسٹود پر خرچ پڑا ۲۳ فیصدی فقط صحت اور شفا خانون کی بابت اور ۱۷ فیصدی تعلیم کے واسطے اور ۳۷ فیصدی دیگر ضروریات مین خرچ ہوا -

یورپین روس اور پولینڈ دونون کے قصبات کی آمدنی ۴۹۴۰۰۵۸۴ روبل اور خرچ ۱۱۱۷۵۱۹۴۹ روبل ۱۸۸۸ء مین تھے - صرف پانچ شہر ایسے ہین کہ جن کی آمدنی دس لاکھ روبل سے اوپر ہے - ان تمام شہرون کا قرضہ ۱۸۸۲ء مین ۲۱۷۷۴۸۲۶ روبل تھا مجالس دیہی کے اخراجات کے نقشہ جات روس خاص کے ۳۴ صوبون کے ۱۸۸۱ء مین مرتب کیے گئے تھے جس کی تعداد ۳ کرور ۲۵ لاکھ روبل تک پہونچ گئی ہے جو کہ فی کس آبادی ذکور پر ایک روبل ۱۶ کوپک پڑتا ہے -

ڈیفینس (حفاظت مملکت)

۱ - حد

روس کی سرحد خشکی اور تری دونون طرف بہت بڑی وسیع ہے - اور اوس کی طرح کی

حفاظت کی گئی ہے - مغرب کی جانب پولینڈ مین چار قلعون سے استحکام دیا گیا ہے جسکو مربع پولینڈ بھی کہا کرتے ہین وہ یہ ہین - نوو گورگیوسک دریای وسچولا کے دہنے کنارے پر - قلعہ وارسا ایوان گورود دریای وسچولا کے دونون کنارون پر برسیٹ لیٹوسکی دریای بگ پر - چونکہ دریاے وسچولا کی جانب اگر عقب سے مشرقی پروشیا مین ہوکر حملہ کیا جائے تو غیر محفوظ تھے اسلئے نئے قلعہ جات ان قلعون کے عقب مین بنتے جاتے ہین - مغربی پولینڈ بھی وسچولا کی جانب بالکل غیر محفوظ تھے اسلئے وہان بھی قریب کیلٹ سا کے اب دامن کوہ لسا گورا مین جنوب مغرب پولینڈ مین جدید قلعہ جات بن رہے ہین - اسکے سوا اور بھی بہت سے مقامات ہین - دریاے وسچولا اور بگ پر قلعے ہین مگر اکثر بے مرمت پڑے ہین - پولینڈ اور دریاے ورنا کے درمیان ولنا کا قلعہ ہے اور اور بھی قلعہ دریاے نیمان پر تعمیر ہو رہے ہین - دریاے ڈونا کے اوسکے دہانے کے قریب مقامات ریگا دڈونابرگ و وٹی لبک پر حفاظت کی گئی ہے - غربی سرحد پر پولینڈ کی جنوب مین بہت سے پرانے قلعے ہین جنکی حال مین مرمت ہوئی ہے - دریای نسٹر کی بائین جانب مین بمقام بندری اور اکرمال قلعہ بندی ہوگئی ہے - اس خط کے پیچھے لوبروٹسک اور کیف ہین - اور دریاے نیپر اور بگ کے آغاز مین کبزن اور اوچاکو مین قلعہ بنا ہے ہین اور بحیرۂ بانٹک کے ان مقامون پر قلعہ بنے ہوئے ہین - ریگا - ڈونا منڈ ریول - نروا - کرانسٹیٹ - ویبرگ - فریڈرک شام - جزیرہ ادچیٹین شام -

جزایر سوینبارک - ہنگڈ - ایو - و جزایر آلنڈ - ساحل بحر اسود کے اڈولیسہ کے توپ خانہ سے حفاظت کی گئی ہے اور نکولاف پر بہت سے مضبوط مقامات ہین - جزیرہ نما ے کرمیا کے شہر سیباسٹوپول مین بھی قلعہ بندی ہوئی ہے اور خاکیاسے پریکوپ پر بہت سے حفاظتی مقامات تیار کیے گئے ہین - اور مقامات کرچ سینے گالی کا فا ازف ڈگنڑوگ پر چھوٹے چھوٹے قلعہ اور گڈہ جا بجا بنے ہوئے ہین - اور ساحل کاکیشس پر جگہہ جگہہ گڈہئین دکہائی دیتی ہین - جن مین سے سب سے بڑی جگہہ دریا ے رین کے کنارے پوٹی مین ہے - اب باطوم مین بھی بڑا اسلحہ خانہ اور اچھا قلعہ ہے - کاکیشس مین خود بے شمار قلعہ ہر قسم کے بنے ہوئے موجود ہین - یکاٹرینڈور دریاے کوبن پر ہے اوگن کرمیس کایا اور یاکن اس دریا کی بائین جانب کے معادن دریا رن کے کنارے پر دربند بحیرہ کاسپین (حضر) پر گینب ولیشلگر داغستان مین تفلس اکلٹسک الگزینڈروپول اریوان اور مفتوحات جدید قرس وار داہن و باطوم مین سب جگہہ قلعہ بنے ہوئے ہین - ایشیای روس مین بھی قلعہ ہین - کراس نوودسک اور حکیشلر بحیرۂ خضر پر چیٹ قزل اربات اسکاباد وحرخس حدود فارس پر نکس پٹرو الگزینڈروسک حدود خیوا پر اور سرحد بخارا پر کٹی کرگن وسمرقند اور اطوبی وخوجند اور کاشغر کی طرف کراکول ونارن وسط ترکستان کے بیچون بیچ مین بھی بہت سے حصن حصین کزالنسک کراپکی وتاشقند بناے گئے ہین - یہہ اخیر کے سب مٹی کے ہین اور اونہین بادشاہون کے مقابلے کے واسطے کافی ہو سکتے ہین

جو اوسکی ایشیائی سرحد کے قریب رہتے ہین۔ ساحل بحر لیپٹنگ پر قلو نکولا دیک دہانہ دریاے آمور پر اور دلادووسٹک ہین۔ باقی آیندہ

راقم
حسن

مچھلی

ہندوستان کے لوگ مچھلی کی تجارت اور اوسکی ضرورت سے بہت کم واقف ہین دنیا کے بہت سے لوگون کی معاش صرف مچھلی کے شکار اور اوسکی تجارت پر منحصر ہے۔ امریکہ کے سمندر مین سیکڑون جہاز صرف وہیل مچھلی کے شکار کے واسطے ہر سال جاتے ہین۔ ساحل البحر رہنیوالے لاکھون آدمیون کی خورش صرف مچھلی ہی مچھلی ہے۔ دُنیا مین جس قدر گائے بکری مرغ وغیرہ کا گوشت کھایا جاتا ہے اسیکے قریب قریب مچھلی کی بھی خورش ہے انگریزی اور عربی زبان مین سیکڑون کتابین اور رسالے مچھلی کے بیان مین لکھے گئے ہین۔ خود ارسطو نے اپنے تصنیفات مین مچھلی کا بہت کچھ بیان قلمبند کیا ہے۔ غرضکہ دانشمند قومین اسطرح کی نفع بخش چیزون کی جانب زیادہ ترسیلان رکھتی ہین۔

سنہ ۱۸۶۶ء مین نواب منیرالملک مرحوم معین المہام مالگزاری کے ہمراہ جب مین مدراس کی انتظامی حالت دیکھنے کو گیا تھا اوسوقت ہم سب لوگ مسٹر ٹامس ریونیو بورڈ کے ممبر کی ملاقات کو بھی گئے۔ صاحب مذکور کے مکان مین ایک بڑا صندوق سا حوض بنا ہوا تھا جس مین انواع واقسام کی مچھلیان اُٹھی کی تہین

ان مچھلیون کے رکھنے سے غرض یہہ تھی کہ ان کے روزانہ حرکات وسکنات اور اونکی بچہ کشی کے طریقے کا چشم دید تجربہ حاصل کرین -

صاحب موصوف نے بیان کیا کہ اون کو تین سال پہلے گورنمنٹ سے سیلون کو مچھلیون کی کیفیت دریافت کرنے اور اوس کی رپورٹ گورنمنٹ مین پیش کرنے کے واسطے جانے کا حکم ملا تھا - چنانچہ صاحب موصوف نے وہان پہونچکر چشم دید حالات کی ایک رپورٹ گورنمنٹ مین پیش کی اور نیز اس اثنا مین انھون نے مچھلیون کے حالات کی پہلی جلد ختم کی تھی جسکی ایک کاپی صاحب موصوف نے مجھے بھی دی تھی - اس طول کلامی سے ہماری غرض یہہ ہے کہ جس طرح ہم دنیا کے بعض سودمند مگر مختصر حالات اپنی قوم کے روبرو وقتاً فوقتاً پیش کرتے ہین - اسیطرح اس آرٹیکل مین ہم مچھلی کے انڈے بچون کا ذکر کرینگے - ممکن ہے کہ اس اصول کو دریافت کرکے اہل علم اس فن کی کتابین ترجمہ کرین اور اپنی قوم کو فائدہ پہونچائین -

سالمن اور ٹھروٹ مچھلیان بغیر قربت اپنے نر کے انڈے دیتی ہین - اور جب انڈے اوسکے پیٹ مین تیار ہوجاتے ہین تو وہ پتھریلی مٹی مین گڈھا کرکے اوس مین اون انڈون کو رکھتی ہے -

جب مچھلی انڈے دیتی ہے تو اوسوقت سالمن کا نر جو قریب رہتا ہے اون انڈون پر دودھ کی مانند کچھہ رقیق چیز چھڑکتا ہے جس سے انڈون مین جان سی آجاتی ہے -

ممکن ہے کہ ایک نر اور ایک مادہ اس قسم کی مچھلی کا لیکر انڈے نیچے اوسکے اس طرح نکال سلے کہ جب مچھلی کے پیٹ مین انڈے پختہ ہوجاوین تو اوسکے معدے کو آہستہ سے دبائے اور جب وہ انڈے اوگلے تو اون کو پانی کے کسی برتن مین لیلیا جائے اور اسیطرح نر کے معدے کو دبا کر وہ رقیق چیز نکلوالے پھر ان دونون کو اچھی طرح آپسمین ملادے اور بڑی حفاظت سے انڈون مین نیچے نکال کر اون کی پرورش کرے۔

اگر سالمن مچھلی کے انڈے یون ہی بے غور و پرداخت رہین تو ہزار مین سے ایک بچہ تیار ہوکر کھانے کے قابل ہوتا ہے مگر انسان اپنی کوشش سے تین چوتھائی بچون کی پرورش کرسکتا ہے۔

مہیر مچھلی اور بہت سی مچھلیان اسیطرح سے بچے دیتی ہین مگر فرق اتنا ہے کہ مہیر سالمن کی مانند انڈے ایک ہی دفع نہین دیتی بلکہ بدفعات دیتی ہے۔ اس خیال سے مہیر کی بھی پود انسانی ذرایع سے بڑھ سکتی ہے۔

مگر ہند مین مچھلیون کی پرورش ایک اور ذریعے سے وہان کے کھیتون مین ہوسکتی ہے۔ یہہ کھیت بعض وقت مچھلیون کے بچون سے بھر جاتے ہین۔ چونکہ مچھلیان انڈے دینے کے واسطے تھوڑے پانی مین آتی ہین تاکہ اس جگہہ اپنے بچون کو حفاظت سے پرورش کرسکین اور کوئی بڑی مچھلی اونکو اگر کھانے نہ پائے۔ جب یہہ بچے بڑے ہوتے جاتے ہین تو گہرے پانی کی طرف چلے جاتے ہین لیکن جب دریا طغیانی پہ آتا ہے تو اوسوقت پانی کے

ساتھ یہہ نیچے بھی بہہ آتے ہین اور وہان کے کھیتون مین آپڑتے ہین - اگر یہان یہہ
نیچے محفوظ رہین تو تھوڑے عرصے مین اچھے خاصے پرورش پاکر تیار ہو جائین - مگر
قبل اُسکے کہ یہہ نیچے بڑے ہون لوگ ان کو پکڑلے جاتے ہین - یہہ امید کیجاتی ہے
کہ اب وہ زمانہ قریب آیا کہ وہان کے کھیت مچھلیون کی پرورش کے واسطے کام
مین لائے جائین گے - سالمن - ٹھروٹ - مھیر مچھلیان اپنے انڈے
پتھریلی زمین مین کھود کر رکھتی ہین - اور دوسری مچھلیان ریگ مین انڈے دیتی ہین
اور ایک قسم کی مچھلی ہے کہ جسکو اسٹکل بیک کہتے ہین
جو دریائی گھاس مین گھونسلا بناتی ہے - اور اوسکی بڑی حفاظت رکھتی ہے لیکن
یہہ گھونسلا نر بناتا ہے - جب تک وہ اوسکو بنا نہین لیتا اوسوقت تک کوئی مچھلی
اوس کے پاس نہین آتی -

بعض شاوک مچھلیان زندہ نیچے دیتی ہین - اور بعض ایک
تھیلی مین دیتی ہین اور یہہ تھیلی دریائی گھاس مین چمٹ جاتی ہے -

بعض مچھلی جسکو کیٹ کہتے ہین اپنے منہ مین انڈون سے
نیچے نکالتی ہے اور بچونکو انڈون سے نکلنے کے بعد بھی اپنے منہ مین رکھتی ہے
بعض مچھلیان بیچ سمندر مین انڈے دیتی ہین - یہہ انڈے سطح سمندر پر تیرتے
رہتے ہین اور وہین اون مین سے نیچے نکلتے ہین -

یہہ عام قاعدہ ہے کہ میٹھے پانی کی مچھلی کے انڈے تہہ پر

بیٹھ جاتے ہین۔ اور کھارے پانی کی مچھلی کے انڈے سطح پر تیرتے رہتے ہین۔ اس مین حکمت آلہی یہہ ہے کہ دریائی مچھلی کے انڈے جو تھہ پر بیٹھ جاتے ہین وہ دریا کی رو سے بھہ کر سمندر مین نہین چلے جاتے اور تھہ پر بیٹھ جانے سے ضایع ہونے سے بچ جاتے ہین اور اگر سمندری مچھلی کے انڈے اسیطرح سے سمندر کی تھہ پر بیٹھ جاتے تو گرمی اور روشنی اون تک نہ پھونچتی جو اون کو اوس حالت مین پھونچتی کہ جب وہ سطح سمندر پر تیرتے رہتے ہین۔ اور روشنی اور گرمی کا پھونچنا اوس کے لئے ضروریات سے ہے۔

اس امر سے بہت پہلے کہ خواص دانی ماہیان ایک فن قرار دیا گیا ہے ارسطو نے اور بعدہ مسٹر پریل اور ٹینینٹ یہہ بیان کر چکے تھے کہ اوس مچھلی کے انڈے جونر کی تربت سے دیتی ہے ایک موسم بارش سے دوسری بارش تک محفوظ رہ سکتے ہین۔ اگر یہہ انڈے قبل اسکے کہ اِن مین سے بچے نکلین مٹی مین دبا دئے جائین اور تمام موسم گرما مین حفاظت سے رکھے جائین (کیونکہ یہہ انڈے قبل اسکے کہ ان مین بچہ بننے کا مادہ پیدا ہوتا زمین مین دبا دئے گئے تھے) تو ان مین بچہ بننے کا مادہ قایم رہتا ہے۔ اور دوسرے موسم بارش مین برسات کے پانی اور آکسیجن کے ملنے سے اون انڈون مین سے بچے نکل سکتے ہین۔

مچھلیون کی پرورش کا طریقہ ہندوستان مین بھی رہا ہے چنانچہ ممالک جنوب مین نواب حیدر علی خان عرف بہادر اور ٹیپو سلطان نے

انواع واقسام کی مچھلیون کی پرورش کی ہے - چنانچہ ہم وہان کی مچھلیون کا کچھہ حال بیان کرتے ہین -

حیدر مچھلی

کندہ پور علاقہ میسور مین ایک عمدہ قسم کی مچھلی ہے جو ملک میسور کے صرف ایک دو ہی تالابون مین پائی جاتی ہے - اس مچھلی مین اب ایک ایسی خراب بو آتی ہے جو ناگوار طبع ہے - شاید یہہ بو اوس پانی سے جس مین وہ رہتی ہے پیدا ہو گئی ہے کیونکہ سرکاری رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ نواب حیدر علی نے اس قسم کی مچھلیون کو خاص ایک تالاب کہدواکر صرف اپنے ہی خاصہ کے واسطے پرورش کیا تھا - اس مچھلی کا گوشت بہت وزنی ہوتا ہے - یہہ مچھلی وزن مین دس بارہ سیر کی ہوتی ہے - اگر یہہ مچھلی میٹھے پانی مین پرورش پاسکتی تو اس قابل تھی کہ قرب وجوار کے دریاؤن مین اوسکی پرورش کی جاتی - جس پانی مین اب یہہ مچھلی رہتی ہے وہ ذرا کھارا پانی ہے -

کنڈاپور سے تھوڑے فاصلے پر ایک میٹھے پانی کا تالاب ہے اوس مین ایک قسم کی مچھلی ہے - جسکو ٹیپو سلطان نے اپنے ہی خاصہ کے واسطے پرورش کیا تھا - یہان کے باشندون نے اسکا نام ہیمنور رکھ چھوڑا ہے - یہہ ایک بہت تیار مچھلی ہے - لیکن یہہ صرف اوسیوقت کام کی ہوتی ہے جب کہ اس مین نمک لگایا جاتا ہے - اگر یہہ مچھلی ملک کے مختلف مقامات مین پرورش کیجاسکے تو

بڑی عمدہ بات ہے - اسکے پکڑنے کے واسطے چند روز پہلے تیاری کی جاتی ہے اور یہہ عجیب طرحسے پکڑی جاتی ہے -

معمولی جال کو آپس مین اس قدر جوڑ دیتے ہین کہ تالاب کے اس سرے سے اوس سرے تک پھیلجائے لیکن یہہ مچھلی اس جال مین نہین آتی ہے یہہ جال صرف اونکے ڈرانے کے واسطے لگایا جاتا ہے - اس جال کے پیچھے ڈونگے یعنے چھوٹی کشتیون کی ایک قطار ہوتی ہے - یہہ ڈونگے کچھہ فاصلے سے اس جال مین اسطرح بند ہے ہوتے ہین کہ جب یہہ جال اوپر اولٹا لیا جائے تو ڈونگے اپنی اپنی جگہہ پر قایم رہتے ہین اور ان ڈونگون پر لوگ ویسا ہی جال ہوا مین روکے کھڑے رہتے ہین - اسطرح سے تیاری کرکے کچھہ آدمی جال کی طرف مچھلیون کو ہکالتے ہین - مچھلیان پانی مین جال کو دیکھکر ڈر جاتی ہین اور اوسکے اوپر سے کودنا چاہتی ہین جب یہہ جست کرتی ہین تو دوسرے جال مین جو ہوا مین تنا رہتا ہے جا پڑتی ہین ان مچھلیون کو پکڑتے وقت دیکھنا ایک عجیب تماشا ہے - بڑے افسوس کی بات ہے کہ یہہ مچھلی اس قدر بڑی اور وزنی ہوتی ہے کہ نہ چرخی سے پکڑی جاتی ہے اور نہ ڈورے سے -

یہہ مچھلی اصل مین سمندری مچھلی ہے - اوسکو میٹھے پانی مین پرورش کرلیا ہے - سمندری مچھلی کا میٹھے پانی مین پرورش کر لینا کچھہ غیر معمولی بات نہین ہے - کیونکہ منگلور متعلقہ ملیوار کے مقام پر چند تالاب سمندر اور دریا کے

درمیان واقع ہین۔ جنکا پانی میٹھا ہے۔ اون مین کئی قسم کی سمندری مچھلیان پائی جاتی ہین۔

سالمن اور شیڈ مچھلی بھی سمندر سے لاکر میٹھے پانی مین پرورش کی جاسکتی ہے۔

مچھلیون کی آمدنی جو انگلنڈ مین ہوئی ہے اوس کی کیفیت بھی ناظرین کو معلوم ہونی چاہئے۔ جس سے اچھی طرح قیاس کیا جاسکے گا کہ مچھلی کی تجارت درحقیقت ملکی دولت کا ایک جزو اعظم ہے۔ ماہی گیری کی ایک سرکاری رپورٹ سے نتایج مفصلہ ذیل حاصل ہوئے ہین۔

	شیل مچھلی کے سوا		قیمت جس مین شیل مچھلی بھی شامل ہے
	وزن بحساب ٹن	قیمت ملک مین آنے پر	
		پونڈ	پونڈ
انگلنڈ	۲۹۸۳۰۴	۴۴۹۱۰۱۸	۴۸۷۰۵۷۲
اسکاٹ لینڈ	۲۶۴۱۸۸	۱۷۵۳۹۸۷	۱۸۲۹۷۸۶
آئرلینڈ	۳۰۵۵۴	۲۹۵۶۴۳	۳۰۸۶۲۷
میزان	۵۹۳۰۴۶	۶۵۴۰۶۴۸	۷۰۰۸۹۸۵

ان رقموں مین سالمن مچھلی کی تعداد شامل نہین ہے جو پکڑنے کے بعد اسکاٹلینڈ اور آئرلینڈ مین لائی گئی۔ سالمن کی قیمت سنہ ۱۹۱۰ء مین جو اسکاٹ لینڈ مین

آئی (۲۰۸۰۰۰) پونڈ۔ اورجو آئرلیسنڈ مین آئی ۳۵۳۰۰۰ پونڈ تھی۔ جس قدر مقدار
انگلنڈ مین آئی اوس مین سے (۲۲۳۲۵۳۳) ٹن (جسکی قیمت (۳۴۴۵۹۳۹ پونڈ تھی)
مشرقی ساحل پر اوتری تھی۔

ادن آدمیون کی تعداد جو ماہی گیری کا کام کرتے ہین (۱۲۳۷۷۴)
ہے۔ ان مین سے (۵۲۷۳۳) اسکاچ۔ اور (۴۲۰۵۵) انگلش ہین۔ رجسٹری شدہ
کشتیون کی تعداد (۲۷۲۲۹) ہے۔ اوس مچھلی کی کل قیمت جو سلطنت متحدہ مین پکڑی گئی
اور ۱۸۹۱ء مین باہر کو بھیجی گئی (۱۰۰۹۸۲۹) پونڈ تھی۔ اور جو باہر سے آئی۔ اور پھر
باہر کو گئی اوسکی قیمت (۵۳۴۳۱۲ پونڈ) تھی۔ جو مچھلی کہ ملک مین آئی ہے اوسکی قیمت
(۲۸۳۹۲۵۳ پونڈ) تھی۔

نقشۂ ذیل سے ۱۸۸۷ء سے ۱۸۹۱ء تک کی اوس مچھلی کی تعداد
ٹنون مین معلوم ہوگی جو سلطنت متحدہ کی بندرگاہون سے ریلونکے ذریعے سے ملک مین آئین

	۱۸۸۷ء	۱۸۸۸ء	۱۸۸۹ء	۱۸۹۰ء	۱۸۹۱ء
انگلنڈ و ویلز	۲۶۴۳۴۳	۲۶۴۹۶۴	۳۸۶۰۵۸	۲۸۳۳۴۴	۲۹۴۸۸۳
اسکاٹ لنڈ	۸۶۴۹۸	۸۳۶۷۰	۹۱۲۷۱	۹۳۶۸۱	۹۴۰۶۲
آئرلینڈ	۸۳۱۲	۷۵۳۶	۹۸۶۴	۷۸۵۳	۷۷۰۹
میزان	۳۵۹۳۵۳	۳۵۶۱۷۰	۳۸۷۱۹۳	۳۸۵۳۷۸	۳۹۶۶۵۴

راقم
حسن

حسن

جلد (۷) نمبر (۸)

بابت ماہ اگست سنہ ۱۸۹۴ء

سلطنتِ روس

از عالی جناب نواب عماد نواز جنگ بہادر

حیدرآباد دکن

مطبع حسن میں باہتمام محمد لطف علیخان چھپا

بقیۂ مضمون سلطنتِ روس

سلسلے کیلئے نمبر گذشتہ ملاحظہ ہو

۲- فوج

۱۳ جنوری ۱۸۷۴ء سے ہر مرد پر جو ۲۱ برس کا جوان ہو فوجی خدمت لازمی قرار دیدی گئی ہے۔ مگر اس قانون میں ۳۰ اکتوبر ۱۸۷۶ء اور ۲۶ جون ۱۸۸۸ء کے احکام سے کچھ ترمیم ہوئی ہے اور اوسکے بموجب افواج روس حسب ذیل ہیں۔

۸۷۰۰۰۰ جوانوں میں سے جو ہرسال ۲۱ برس کی عمر کو پہونچ جاتے ہیں ۲۶۰۰۰۰ جوان جنگی فوج میں لے لئے جایا کرتے ہیں۔ باقی کچھ تو فوج ریزرو اور کچھ فوج سکنڈ ریزرو یا ملیشیا میں قلمبند کئے جاتے ہیں۔ یورپی روس میں جنگی فوج کی مدت ملازمت پانچ سال ہے جو رخصت وغیرہ کے نکال ڈالنے کے بعد ۴ سال ہی رہ جاتی ہے۔ ریزرو کے ۱۳ برس اور ملیشیا میں پانچ ہی برس کی مدت ہے۔ ایشیائی روس میں ۷ برس فوج جنگی میں اور ۶ سال ریزرو میں۔ اور کاکیشیا میں ۳ برس جنگی فوج میں اور ۱۵ سال فوج ریزرو میں ہے

اگر ضرورت ہو تو وزیر صیغۂ جنگ کو اختیار ہے کہ چھہ مہینے اور بھی اونکو فوج مین رکھہ سکتا ہے پڑہے لکھے کے واسطے کچھہ حقوق عطا کئے گئے ہین اور پادری اور نیز ڈاکٹر و مدرس اس خدمت سے معاف ہین ۔

۵۰۴۷۰

سنہ ۱۸۹۱ء مین ۸۷۱۴۱۰۱ آدمیون مین سے جن پر فوجی خدمت لازم تھی اور جن مین یہودی تھے ۲۳۵۳۶ (۲۵۵۷ یہودی) خدمت سے چھپ رہے ۔ ۲۶۷۲۶۱ جنگی خدمت کے کام کے لایق نہ نکلے ۔ ۵۵۷۶۸۱ اسکنڈ ریزرو مین بھرتی کئے گئے ۔ کیونکہ وہ اپنے گھرون کے اکیلے کمائی کرنے والے تھے ۔ اور ۲۵۶۷۶۳ آدمی جن مین ۱۲۳۷ یہودی تھے فوج مین لئے گئے ۔ علاوہ ان کے کاکیشیا مین منجملہ ۲۷۹۰۱ جب الخدمت لوگون کی ۲۴۰۰ آدمی فوج مین داخل کئے گئے ۔ سنہ ۱۸۹۲ء کی کنٹنجنٹ مین ۲۶۲۰۰۰ آدمی سوا ۲۴۰۰ کاکیشیا والون کے تھے ۔ جو لوگ کہ فوج ریزرو مین بھرتی ہوتے ہین اونہین سال مین دو بار قواعد آموزی کے لئے چھہ ہفتہ حاضر ہونا پڑتا ہے ۔

بالکیتے کا جو پہلے ایک سیدہی سادہی ملیشیا (سپاہی کی فوج) تھے سنہ ۱۸۸۸ء اور ۲۷ اپریل سنہ ۱۸۹۱ء کو جدید انتظام ہوا ہے ۔ سپاہیون کی مدت ملازمت بجاے ۴۰ سال کے ۴۳ سال اور افسرون کے بجاے ۵۰ سال کے ۵۵ سال کر دی گئی ہے ۔ اوسکے دو حصے ہین پہلا حصہ پیدل رزر ریزرڈ تو کچھہ کچھہ فوج ریزرو کی طرح ہوتا ہے ۔ اسمین وہ سب لوگ داخل ہوتے ہین جو جنگی خدمت پر مامور رہے ہین ۔ اور نیز وہ بھی داخل سمجھے جاتے ہین جو جنگی فوج مین بھرتی نہین کئے جاتے حالانکہ وہ اس قابل ہوتے ہین

اس قسم کی فوج کا بڑا مقصد یہ ہے کہ لڑائی کے وقت ان مین سے لوگ باقاعدہ فوج مین بھرتی کرلئے جایا کرین جسکے سبب سے سلطنت روس اس قابل ہے کہ ضرورت کے وقت ۱۹ کلاسون کے قواعدوان سپاہی فوج مین بھرتی کرسکتی ہے - چونکہ کاور (فوج) بھی اسی اپالکینے مین شامل کردی گئی ہے اسلئے لڑائی کے وقت جب ان لوگون کو طلب کیا جاے گا تو اون کو پلٹنین اور رسالہ وغیرہ جسمین وہ داخل ہون تیار ملین گے - اور پھر انہین کے ساتھ توپخانے بھی شامل کردئے جائین گے - ملیشیا کے بعض حصون کی قواعد بھی جاری کردی گئی ہے - دوسرا حصہ جسکو ڈورو ری کہتے ہین (اور جس مین وہ سب لوگ شامل ہین جنہون نے پہلے حصے مین کام کیا ہے اور نیز وہ لوگ بھی داخل ہین جو بوجہ نقص جسمانی بخوبی خدمت کے لائق نہین ہین یا اپنے خاندان مین کمائی کرنے والے ہونے کے سبب سے خدمت سے بری کردے گئے ہین) صرف فرمان شاہی کے ذریعے سے اور فقط فوج ملیشیا کی تیاری کے واسطے طلب کیا جاسکتا ہے -

کاسک (لوگ) جنکے اڈان کوبال ترک استراخان اورینبرگ یورال سائبریا سمری ٹرانس بیکالیا آمور اور یوسوری) گیارہ جدا جدا والشکو ہین تین کلاسون مین منقسم ہین - اول وہ جو جنگی خدمت پر ہین - دوسرے وہ جو ہتھیار اور گھوڑون سمیت فرلو (رخصت) پر ہین - تیسرے وہ جو ہتھیارون سمیت مگر بلا گھوڑے کے رخصت پر ہین - ہر ایک والسکو پر لازم ہے کہ وہ اپنے سپاہیون کو سلاح اور ساز و سامان سے درست کرے - کاسک کے سوارون کا ایک حصہ جنگی سوارون مین ملاکر سواران باقاعدہ مین شامل کردیا گیا ہے - اور

ڈالسکو جو جو پابندیان ہمین وہ ایک جدا قانون مین بیان کر دی گئی ہین۔

دیسی فوج جسکے زمانہ امن چین مین ۲۳ اسکوائیڈرن (رسالہ سواران قریب ۸۰ آدمی کا) اور ۲ کمپنیان ہوا کرتی ہین اہل کاکیشیا سے مرتب کی گئی ہے۔

۱۸ دسمبر ۱۸۷۸ء کے قانون سے جسکا اجرا یکم جنوری ۱۸۸۱ء سے ہوا ہے فنلینڈ مین فوجی خدمت اپنی اپنی ذات خاص سے لازم قرار دیدی گئی ہے۔ فنلینڈ کی فوج مین ۹ پلٹنین رائفل والون کی ہین جنمین سے ہر ایک مین ۱۸ افسر اور ۵۰۰ آدمی ہوا کرتے ہین اور کل تعداد ۴۸۳۲ ہے۔ سوائے اسکے ایک سالہ ڈریگون (یعنی اون سوارون کا ہے جو پیادون کا کام بھی کر سکتے ہین) بھی ہے۔ ۱۸۸۶ء مین اہل کاکیشیا پر بھی فوجی خدمت لازمی کر دی گئی تھی۔ مگر ۹ جون ۱۸۸۷ء کے حکم سے وہان کے مسلمانون پر ایک محصول ۵۲۰۰۰۰ روبل کا فوجی خدمت کے عوض لگایا گیا ہے جو یکم جنوری ۱۸۹۰ء سے لیا جانا قرار پایا تھا۔

روسی فوج کی کئی قسمین ہین (الف) فیلڈ ٹروپ (فوج میدان) (ب) فوج قلعہ (ج) لوکل ٹروپ (فوج مقامی) (د) ریزرو (س) سکنڈ ریزرو جسے زپاس کہتے ہین (ص) اکزیلیری کور (امدادی فوج)

ایام امن اور زمانہ جنگ مین فوج کی تعداد مختلف رہا کرتی ہے۔ اور وہ حسب ذیل ہے

زمانہ امن و امان

۱۸۹۲ء مین جبکہ امن چین تھا تو فوج حسب ذیل تھی۔

(۱) یورپی روس کی فوج۔

(الف) فیلڈ ٹروپ۔ انفنٹری (پیادہ) ۱۹۳ رجمنٹ (جنمین بارہ گارد کے ہین) ۴۸ ڈیویزن

ف — یہ گویا ایک محصول ہے مسلمانون پر مسلمان ہونیکی وجہ سے لگایا گیا ہے۔ اس سے ریاست اسلام کے واسطے روس کا [illegible] ہوا۔ اور مسلمانون [illegible] سلطنت انگریزی سے [illegible] اسلام سے کوئی برخاش نہین ہوتی [illegible] لازمی ہے۔ حسن

(حصون) پر منقسم ہین - ہر رجمنٹ مین ۴ بلٹنین جن مین سے ہر ایک مین چار چار کمپنیان اور ایک جماعت
غیر کمبٹنٹ (لڑنیوالون) کی ہوا کرتی ہے - کل ۲۷۲ بلٹنین ... ۳۵۰۱۰ کمبٹنٹ (جنگ آور سپاہی) ۱۳۵۱۰
افسر اور باقی نوکر ہین - ۲۰ رجمنٹ فوجی رائفل مین کے ہین جسمین سے ہر ایک مین دو بلٹنین ہوا کرتی ہین
اور اس سبب سے اون کی کل ۴۰ بلٹنین ہین جنمین ۲۲۵۸۰ کمبٹنٹ ۶۶۰ افسر ہین - ۸ رائفل مین کی بلٹنون
مین (جنمین ۴ گارد کی اور ۴ کاکیشس کی ہین) ۴۳۵۸۴ کمبٹنٹ اور ۱۵۲ افسر ہین - ۶ بلٹنین کاسکو کی ہین
اور اون مین ۴۴۱۰ آدمی ہین - اسطرح پر کل ۵۱۸ بلٹنین پیادون کی اور ۳۸۲۶۴۸ کمبٹنٹ ہین -
(۲) کیولری (سواران) ۵۸ رجمنٹ (جنمین سے ۴ کوئیسیر (زرہ پوش) [چار چار اسکواڈرن کے] اور
دو ہزار (دہاوے کے سوارون کے) اور اہلین اور پچاس ڈریگون کے ہین) چھہ چھہ اسکواڈرن کے ہین اور
چھٹا اسکواڈرن کا ڈرروپ کا ہے - انمین کل ۳۴۰ اسکواڈرن اور ۴۹۷۰۰ کمبٹنٹ ہین - ایک فنلینڈ کا
ڈریگون رجمنٹ ۷۰۰ آدمیون کا ہے اور ۳۷ کاسک رجمنٹ (۲۱ استونیا یا اسکواڈرن کے ہین جنمین
۴۳۷۹۰ کمبٹنٹ ہین - اسطرح پر کل سوارونکے ۵۱۹ اسکواڈرن اور ۸۴۹۲۶ کمبٹنٹ ہوئے - اسمین ۴ اسکواڈرن
کریمیا کے تاتاریون اور اسٹین کے اور جوڑنا چاہئین جنمین ۴۲۲۴ کمبٹنٹ ہین - فوج سواران ۱۲ ڈویژن پر
منقسم ہے - ۲ ڈویژن گارد کی ۱۴ فوج کے جنمین سے ہر ایک مین ایک ایک کاسک رجمنٹ شامل ہے
ایک کاکیشیا کا (یہہ ڈریگون کے ۴ رجمنٹ ہین) اور ۴ کاسک لوگون کے ڈویژن ہین (اور ۱۶۰۰ کا کاسک
رجمنٹ ہین) یہہ تمام سوارون کی فوج امن چین کے زمانہ مین زمانہ جنگ کے طور پر رہتی ہے یعنی ہر ایک
اسکواڈرن مین ۱۴۴ آدمی ہوتے ہین اور جب چاہین تو تھوڑے سے سامان کے گھوڑے زیادہ کرکے
جہان چاہین روانہ کر سکتے ہین - اور اسیکے ساتھہ ۵۶ اسکواڈرن (یعنی ہر ایک با قاعدہ رجمنٹ مین ایک ایک)

اسلئے باقی رہجاتے ہین کہ اونسے ریزرو فوج تیار کرائی جائے - ۳۲ کاسک رجمنٹون کے پاس ۱۴ ماونٹڈ باٹری ہین جنھین کیولری ڈیویژنون کے ساتھ ملا دیا گیا ہے - دو جدید ڈریگون رجمنٹ جولائی ۱۸۹۱ء مین اور بنائے گئے ہین -

(۳) آرٹلری (توپخانہ) ۱۵ ½ میدانی توپخانہ کے برگیڈ ۹۶ بھاری ۱۹۴ ہلکے اور ۱۵ پہاڑی باٹری (توپخانہ کے حصے) ہین جنمین سے ہر ایک مین آٹھ آٹھ توپین ہوتی ہین - انمین سے ۴۰ تو لڑائی کے وقت کیطرح آٹھ آٹھ توپون کی ہین - اور ۲۶۷ مین چار چار توپون کے گھوڑے ہین - اور انمین کل ۱۲۴۰ توپین اور ۳۱۳۴۴ کمٹینٹ ہین - ۴۲ ماونٹڈ باٹری [illegible] ہین ۱۴ ماونٹڈ باٹری مذکورہ بالا بھی شامل ہین - ان مین ۲۵۰ توپین اور ۴۶۷۹ آدمی ہین - پانچ سورٹی باٹری (جنسے محصورین محاصرین پر حملہ کرتے ہین) دو دو توپکے ہین جنمین کل آدمی ۵۶۰ ہین - ۱۲ میدانی مارٹر باٹری تین رجمنٹون مین چھہ چھہ توپون سے ہین جو زمانہ جنگ اور امن دونون مین اسیقدر رہتے ہین - انمین ۲۷ مارٹر (چھوٹی مگر بڑی منہ والی توپین) اور ۲۰۶۷ آدمی ہین - اسطرحپر کل ۳۵۵ میدانی باٹر مین ۱۴۰۸ آدمی اور ۲۷ مارٹر اور ۲۶۶۴۷ آدمی ہوئے -

(۴) انجنیرون کی فوج کی تعداد جو ۱۸۸۹ء مین نئے طرز پر تیار ہوئی ہے اسطرحپر ہے - ۱۷ بٹلین سیپر کی پانچ پانچ کمپنیون کی ہین اور ہر ایک کمپنی مین ۱۲۵ آدمی ہین - ۸ بٹلین پانٹانیر (پیپون کی پل والون) کی دو دو کمپنیون کی ہین جنمین سے ہر ایک کے ساتھ ۲۰ گاڑیان اور ۷۰۰ فیٹ لمبا پل ہوا کرتا ہے - ۱۷ میدان تار کی کمپنیان ہین جنمین سے ہر ایک کے ساتھ ۴۰ میل لمبا تار اور دو اسٹیشن ہوتے ہین - ایک معاملات تار کی ہدایت دینے کی کمپنی ہے - ۴ بٹلین ریلوی انجنیرون کی ہین - ۸ تارپیڈو کمپنیان ہین - ایک ارونانٹک پارک (گودام آلات ہوائی جیسے غبارہ وغیرہ) چھہ انجنیر گودام ۴۰ حصون پر

منقسم ہین - ہر ایک حصہ مین وہ آلات ہین جو انفنٹری ڈیویژن کیلئے ضروری ہوا کرتے ہین - اسطرحپر کل ۳۴۴½ پلٹنین (پانچ برگیڈ) مع ٹرین اور ۲۳ پارکون کے ہین اور انمین ۹۳۲۵ آدمی ہین

(۵) ٹرین کمپنیان - پانچ ٹرین کاڈر کی پلٹنون کی ہین جنمین ۲۰ کمپنیان اور ۱۹۹۵ آدمی ہین - ۴۸ فلائی ٹنگ (دوان) آرٹلری پارک چار چار ڈیویژن کی ہین - ۵ استحرک آرٹلری پارک کاڈر کے لئے ۷ چار چار ڈیویژن کے تین محاصرہ کے پارک ہین - انمین سے دو تو یورپی روس مین ہین (جنمین سے ہر ایک مین ۲۰ توپین ۸ انچہ والی - ۶۰ بھاری اور ۴۴ ہلکی ۶ انچہ والی توپین ۱۱۶ توپین ۴ انچہ والی اور ۱۳۰ مارٹر ہین) اور ایک کاکیشیا مین ہے جسمین ۴۲۰ توپین اور مارٹر ہین - دو محاصرہ کے انجنیر پارک ہین جنکے ساتہ ایک سالہ تشغاخلنے والون کا ہے - یہہ سب آدمی ۳۰۵۱ ہین -

اسطرحپر یورپی روس کی میدانی فوج مین کل ۶۱۹۰۷۳ کمبٹنٹ اور ۲۸۰۰ افسر ہین -

(ب) کاسک حسب ذیل ہین -

ڈان کے کاسک - ۱۹ رجمنٹ ۱۱۰ اسکواڈرن سوار ونکے - ۸ ماونٹڈ باٹری ۴۸ توپون کے اور ایک ریزرو باٹری تین توپون کی کل ۱۷۷۹۲ کمبٹنٹ -

کوبان - ۱۱ رجمنٹ اور ۳ اسکواڈرن سوارون کے کل ۶۹ اسکواڈرن - ۴ پلٹنین چار چار اسٹونیا کے اور ۱۰ کاڈر کے رسالے (۲۲۰ آدمیون کے) اور پانچ ماونٹڈ باٹری ۳۰ توپون کے کل ۱۲۵۷۵ کمبٹنٹ -

ترک - ۴ رجمنٹ اور ایک اسکواڈرن کل ۲۵ اسکواڈرن اور ایک ماونٹڈ باٹری ۸ توپون کے کل ۳۷۵۹ کمبٹنٹ -

استرخان - ۴ اسکواڈرن ۶۰۲ کمبٹینٹ -

ارنبرگ - ۶ رجمنٹ اور ۳ اسکواڈرن کل ۳۳ اسکواڈرون اور تین گھوڑون کی باٹریین چودہ توپون کی - کل ۶۲۳۲ کمبٹینٹ -

یورال - ۳ رجمنٹ اور ۲ اسکواڈرن کل ۱۹ اسکواڈرن ۲۸۰۸ کمبٹینٹ -

سمیری چنسک - ایک رجمنٹ یعنے چار اسکواڈرن ۶۵۰ کمبٹینٹ -

ٹرانس بیکالیا - ایک رجمنٹ یعنی ۶ اسکواڈرن اور دو گھوڑون کی باٹریان ۱۹۸۳ کمبٹینٹ -

آمور - دو اسکواڈرن ۶۵۵ کمبٹینٹ -

یوسوری (جو ۱۸۸۹ء مین بناے گئے ہین اور پہلے آمور وانسکو کا ایک حصہ تھے) دو کمپنیان قریب ۴۰۰ کمبٹینٹ کے کل میزان ۲۸۸ اسکواڈرن ۲۰ انفنٹری کمپنیان اور ۲۰ گھوڑونکی باٹریان ۱۴۴۲۵ کمبٹینٹ جسمین سے ۴½ پلٹنین ۱۸۵ اسکواڈران اور ۱۴ باٹریان (۲۷۳۶۳ کمبٹینٹ) نکالڈالنا چاہین یعنی افواج کاسک کی جو میدانی فوج مین شامل ہین نکالڈالنے کے بعد ۱۰۳ اسکواڈرن اور ۶ باٹریان ۱۹۴۴۸ کمبٹینٹ باقی رہتے ہین -

(ج) افواج ریزرو کا ۱۸۸۹ء مین اسطرح انتظام کیا گیا ہے کہ روانگی کے وقت ۱۰۰ پلٹنون سے ۱۰۰ رجمنٹ فراہم ہو سکتے ہین - اور کاکیشس مین (کچھ کچھ توکل ملیشیا کو درست کر کے) ایسا انتظام کیا ہے کہ جہان کاکیشس کے فوجی ضلع مین صرف ۸ رجمنٹ فراہم ہو سکتے تھے اب ۱۶ رجمنٹ وہان لڑائی کے واسطے کاکیشیا سے باہر جا سکتے ہین - اور اون کی تعداد اب اسطرح سے ہے

انفنٹری ۱۰۳ رجمنٹ - ۲۴ پلٹنین (۱۲ کاکیشس اور ۲ قلو کے ارٹلری) اور ۱۰۱ پلٹنین

(جسمین ۱۰ کاکیٹس اور ۴۲ تو ۔ کے ارٹلری ہین) کل میزان ۲۱ پلٹنین ۳۳۹۳۷ کیبنیٹ اور ۴۰۵۷ گھوڑے کیولری - ۶۵ کاڈر اسکواڈرن ۲۴۴۸۲ آدمی - آرٹلری ۶ بھاری اور ۱۴ ہلکی باٹریان اور ۲ باٹریان زپاس کے ۴۸ توپین ۷۶۶۸ آدمی - ۵۶ قلعہ کی ارٹلری کی پلٹنین اور زیرہ کمپنیان (قریب ۲۳۵۰ آدمی) انجنیر ۹ کمپنیان اور چار نصف کمپنیان قلعہ کے سیپرون کی - ۶ قلعہ کے ٹیلیگراف پارک - دو بیلون (غبارہ) کے پارک اور ۱۰ تار پیڈو کمپنیان ۴۱۱۳ آدمی -

ایشیائی روس کی تین طرح کی فوج نقشہ ذیل سے معلوم ہوگی جسمین کل پیس فوٹنگ (ایام امن کی) فوج کی تعداد مختصر کرکر لکھی گئی ہے۔

پیس فوٹنگ سنہ ۱۸۹۲ء - کل فوج معہ ریزروکے

	افسر	[illegible]	گھوڑے
(۱) فوج یورپ			
جنرل اشاف اور اعلیٰ عہدہ دار	۱۹۲۰	.	.
۱۳۱ ۸½ انفنٹری پلٹنین (۲۰۵ رائفل مین)	۱۶۰۸۹	۴۰۳۷۰۸	۵۲۰۱
۱۲۱ ریزرو پلٹنین، ۲۶ قلعہ کی انفنٹری پلٹنین	۴۸۶۵	۸۷۹۴۵	۷۵۴
۵۶۶ کیولری اسکواڈرن (۲۱۰ کاسک ہنڈرڈ)	۴۰۲۲	۱۰۰۶۰۵	۸۶۶۱۹
۶۵ اسکواڈرن سکنڈ ریزرو کاڈر	۳۵۱	۸۴۴۲	۸۸۱۱
۳۶۷ فیلڈ باٹری	۲۲۹۰	۶۸۰۲۱	۲۳۹۶۲
۴۷ ریزرو اور ۲ سکنڈ ریزرو (زپاس) باٹریان	۲۰۵	۷۶۶۰	۲۰۱۳
۲۰۰ قلعہ کی ارٹلری کمپنیان	۶۵۰	۲۲۵۰۰	۰
۱۱ قلعہ کے سیپر، ۱۰ تار پیڈو کمپنیان	۱۱۵	۲۸۲۳	۳۳
۲۰ ٹیلیگراف ۶ انجنیرز اور ۳ بیلون کے پارک	۱۰۷	۱۲۹۰	۴۰
۲۰ ٹرین کاڈر کمپنیان	۷۵	۱۹۹۵	۴۰۰
۶ گینڈ ارم کے اسکواڈرن	۱۸	۲۷۰	۱۳۸

	افسر	[illegible]	گھوڑے
۱۶ دستہ سرحدی گارد کے	۸۶۰	۲۸۵۰۰	۱۱۴۰۰
میزان فوج یورپ	۳۰۵۷۴	۷۵۰۹۴۴	۱۳۹۹۶۶
۲ فوج مملکت ایشیا			
ملٹری ضلع آمور و ارکٹسک			
۲۰ ½ انفنٹری و رائفل مین پلٹنین (۸ لائن ۱۰ رائفل مین ۲½ کاسک)	۵۳۹	۲۰۷۲۲	۱۱۱۴
۳ ریزرو انفنٹری پلٹنین لوکل ٹروپ کے	۱۱۷	۱۵۵۶	۱۵
۱۲ کاسک اسکواڈرن ۳ رائفلمین بارکالیا ۴ سوتنیہ	۷۲	۱۵۱۹	۱۵۰۹
۱۲ ارٹلری باٹریان (۱۰ ریگولر ۲ ماونٹڈ کا)	۳۸	۱۰۳۰	۵۷۶
اسپیرر کی کمپنی	۷	۱۶۶	۴
میزان شرقی سائبیریا	۷۷۳	۲۴۹۹۳	۳۲۱۸
ملٹری ضلع اومسک			

۸ انفنٹری پلٹنین	۱۸۴	۳۸۳۲	۷۲
۳ ریزرو انفنٹری پلٹنین	۱۵۶	۲۰۸۸	۲۰
۲۲ کاسک اسکواڈرن (۱۸ سائبیریا کے ۴ سمیرے چینسک کے۔)	۱۶۲	۳۶۵۳	۳۶۲۱
۶ آرٹلری باٹریان (۳ ہلکے ایک پہاڑی ۲ ماؤنٹڈ۔ ......)	۳۸	۱۰۶۰	۵۸۶
۱ سیپر کی کمپنی	۷	۱۶۶	۴
۴ سیپر کی ۲ ریلوی کمپنیان	۸۳	۱۸۸۰	۳۲
میزان ترکستان	۱۲۸۰	۳۸۴۶۸	۵۹۷۱
میزان فوج کل مملکت ایشیا	۲۶۱۰	۷۴۲۶۰	۱۳۵۹۲
۳ فوج فنلینڈ			
۸ رائفل مین کی پلٹنین ۲ قسلو کے انفنٹرے	۲۲۲	۶۰۸۲	۵۷
۱۶ اسکواڈرن ڈریگون کے	۴۳	۸۱۷	۶۶۷
۴ باٹریان	۲۴	۷۲۰	۱۹۶
۱۶ کمپنیان قلعہ کی ارٹلری	۵۲	۲۲۲۳	۰
ا دستہ سیپرز کا	۴	۹۶	۰
میزان	۳۴۵	۹۹۳۹	۹۲۰
میزان پیس [illegible]نگ	۳۳۵۲۹	۸۳۵۱۴۳	۱۵۵۴۷۸
میزان منولی سائبیریا	۵۵۷	۱۰۴۹۹	۴۴۰۳
ملٹری ضلع ترکستان			
۳۹ انفنٹری ور ائفل مین پلٹنین (۱۲ رائفل مین) ..	۹۶۰	۳۰۹۲۶	۱۵۱۰
۴۲ کاسک اسکواڈرن (۸ ٹرالسنی کاسپین ۱۲ اور رینبرگ ۴ یورال)	۱۹۲	۴۰۴۱	۳۸۲۹
۹ ارٹلری باٹریان (۲ بھاری ۴ ہلکی ۲ پہاڑی ا ماؤنٹڈ)	۵۵	۱۶۲۱	۵۰۰

(د) لوکل اور امدادی فوج یہہ ہے۔ ۱۴۱۱۰۰ انفنٹری ۱۲۳۱۹ کیولری (جسمیں ۱۶ اسکواڈرن ۷۹۶۹ آدمی گنڈارمے کے شامل ہین) ۲۵۳۱۰ آدمی فوج قسلو۔ ۳۷۸۰۰ سرحدی گارد (جن کا ۱۸۶۹ء مین نیا انتظام ہوا ہے) سوا اسکے اور بہت سی لوکل فوج ہے۔

تمام بادشاہت کی کل لوکل اور امدادی فوج مین ۱۰۵۰۰۰ سپاہی اور افسر ہین :-

جدید انتظام کے بموجب فوج وقت جنگ کے مندرجۂ حاشیہ ہے۔

وار فوٹینگ (فوج وقت جنگ)

	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
انفنٹری رجمنٹ (۴ پلٹنین)	۶۹	۳۸۷۷	۱۵۶	۱۶۶
رائفل مین پلٹنین	۲۱	۹۶۰	۵۴	۵۰
ڈریگون رجمنٹ (۶ اسکواڈرن)	۳۶	۹۲۰	۷۰	۱۰۲۵
کاسک کیولری رجمنٹ (۶ اسکواڈرن)	۲۸	۸۸۹	۸۲	۱۱۰۳
بھاری باٹری (۸ توپین)	۶	۲۳۷	۲۳	۴۴
ہلکی باٹری	۶	۲۰۵	۲۳	۴۴
ماؤنٹڈ (گھوڑ چڑھی) باٹری (۶ توپین)	۵	۱۸۰	۲۸	۱۳۱
سیپر اسرنگ لگانیوالی پلٹنین (ایک توپ)	۲۳	۹۵۹	۸۱	۱۰۸

انوقت یہہ خیال کیاجاتا تہا کہ روس کی سلطنت غالبًا یورپی روس سے زمانہ جنگ مین ۱۹ آرمی کورز (دستہ ہائے فوج) اول لائین مین بہیج سکتی ہے جسکی امداد کیلئے ہر ایک آرمی کورز کو ایک ڈیویژن اور کمک کے طور پر بہیجی جاسکتی ہے اور اسطرح ۱۳۵۵۰۰۰ فوج جرار میدان جنگ مین آسکتی ہے۔ اور ریزرو ٹروپ سے ملیشیا کے ساتہہ جو تقریبًا چار لاکہہ کے ہے ایک دوسری فوج تیار ہوسکتی ہے جس سے دوسری لائن پر تقریبًا ۱۱ لاکہہ فوج جرار موجود ہوسکتی ہے۔

۱۲ اپریل مارچ سنہ ۱۸۹۰ء کو ایک جدید حکم جاری ہوا ہے کہ ریلوی کے تمام ملازم فوج کی روانگی کے وقت فوجی حکام کی اطاعت کیاکرین۔ ۵ اپریل مئی سنہ ۱۸۹۱ء کو ایک اور حکم ہوا ہے کہ ادنی درجہ کے عہدہ دارون مین سے جو بوجہہ عدم تعلیم کے افسرون کے درجہ پر ترقی نہین کرسکتے ہین ایک ماتحت افسرون کا نیا درجہ بنایا جائے اور اسیطرح اون کلرکون کے لئے بہی حکم ہے جو فوجی صیغون مین ملازم ہین۔ اس سے یہہ غرض ہے کہ جبوقت فوج کشی کیجائے گی اور اس سبب سے بہت سے عہدہ دار باہر کو چلے جائینگے تو اونکی جگہہ ان لوگون سے کام لیا جائیگا اور ہزارہا بنے بنائے عہدہ دار اونسے نکل آئین گے۔

سنہ ۱۸۹۲ء مین اور بہی احکام جاری ہوئے ہین کہ جس سے ملیشیا فوج زمانہ جنگ مین بہت جلد مرتب ہوسکے۔ دوامی کاڈر (افسران فوج) بنائے جانے کو ہین اور ایک جدید (تیسرا) مارٹر رجمنٹ مغربی سرحد پر تیار کیا گیا ہے۔

۳- جہازی بیڑہ

روسی جہازی بیڑہ کے دو بڑے بڑے ڈویژن (حصہ) ہین- حلقہ جہازات بحیرہ بالٹک اور حلقہ جہازات بحیرہ اسود- یہہ دونون حلقے پہر کئی سیکشن (حصون) پر منقسم ہین ان مین سے تین تو بحیرہ بالٹک مین

یا اوسکے قریب ہین اور ۲ بحر اسود یا اوسکے قرب وجوار مین رہا کرتے ہین - ان ڈیویژنون مین اوس طرز پر سفید آسمانی سرخ رنگ کے جھنڈے ہوتے ہین جو قوم ڈچ نے نکالا تھا مگر جھنڈے کے رنگ سے امیر البحرون کے درجے کو کوئی تعلق نہین ہے -

سنہ ۱۸۹۲ع کی سرکاری رپورٹون سے روس کے ملازمان بیڑۂ جہازی کی تعداد حسب ذیل معلوم ہوتی ہے

(۱) حلقہ بالٹک مین ۳۳ مکمل اور ۴ بنتے ہوئے آئرن کلیڈ (آہنی) جہاز ہین (پانچ مکمل اور ۴ بنتے ہوئے جہازون کا سکواڈرن ہے - ۴ ٹررٹ جہاز ۳ باٹری جہاز ۳ دو ٹررٹ کے مانیٹر اور ۱۰ ایک ٹررٹ کے مانیٹر حفاظت ساحل کیلئے ہین - ۶ بیلٹڈ (پٹی دار) کروزر اور ۲ ڈیک پر آرمڈ (تختہ بندی کی حفاظت کئے ہوئے) کروزر ہین) ۱۱ کروزر ۳ تارپیڈو کروزر ۳ سمندر مین اندر جانیوالے بیلٹڈ توپون کے جہاز ۱۱ توپون کے جہاز حفاظت ساحل کیلئے ۸ سمندر مین جانیوالے اسٹیمر (دخانی جہاز) ۵ امپیریل یاٹ (بادشاہی سیر کی کشتیان) ۷ امپیریل اسٹیمر ۶ ٹرانسپورٹ (باربرداری کے جہاز) ۴۴ بڑے تارپیڈو کے کشتیان (جو اکثر نئی ہین) ۹۰ تارپیڈو کی کشتیان ۴ ٹریننگ (مشق اور قواعد آموزی کی) کشتیان ۱ کاروٹ (یعنے ڈاک کا جہاز) ۲۲ اسٹیمر بندرگاہ کے کاروبار کے واسطے ۱۰ اسٹم (درآمد و برآمد مال کے) اسٹیمر اور چھوٹے کرافٹ (ایک قسم کے چھوٹے جہاز)

۲ حلقہ بحر اسود مین ہین ۶ آئرن کلیڈ (کیتھرائن ثانیہ چشما سنوپ ٹولو اپاسل (دوازدہ رسل) ٹری شوٹلیا جارجی پوبیدونوسٹز) ۲ پوپوکاس حفاظت ساحل کے لئے - ا کروزر (پامیات مرکوریا) ۳ تارپیڈو کروزر (سیکن کزراسکی گوائڈن) ۶ توپون کی کشتیان ۳ اسٹیمر (اودیٹ ۲۹۲۰ ٹن کا ارکلک کولچڈا) ۹ ٹرانسپورٹ ۱۶ بڑی تارپیڈو کی کشتیان - ۷ چھوٹی تارپیڈو

۳ اسٹیمر بندرگاہ کے کاروبار کے واسطے۔

۳ بحر خضر کا فلوٹلا (چھوٹی کشتیون کا بیڑہ) ۲ توپ خانہ کی کشتیان ۵ اسٹیمر اور ۲ اسٹیمر بندرگاہ کے کاروبار کے واسطے۔

۴ سائبیریا کا فلوٹلا – ۴ توپ خانہ کی کشتیان لرینڈ شور کورٹیس بوبیہ سوچ) ۲ بڑی تارپیڈو کی کشتیان – ۶ چھوٹی تارپیڈو کی کشتیان – اور ایک اسٹیمر بندرگاہ کے واسطے۔

بحر پیسفک کے اسکواڈرن (حلقہ جہازی) مین ۲ آرمرڈ (مسلح اور غلاف دار) جہاز ۳ بغیر آرمرڈ کے کروزر اور ۲ توپ خانہ کی کشتیان ہین۔

روس کا آئرن کلیڈ حلقہ جہازی جس مین ۴۰ مکمل اور ۹ غیر مکمل اور ۵ زیر ساخت جہاز ہین سنہ ۹۲ء کے اخیر مین ان جہازون سے مرتب ہوا تھا جو نقشہ ذیل مین درج ہین – یہان توپون کی تعداد مین وہ توپین شامل نہین ہین جنکے دہانے چھوٹے اور کئی کئی نالون کی ہین۔

آئرن کلیڈون کے نام اور اون کا سنہ جبکہ وہ پانی مین چھوڑے گئے		زیادہ سے زیادہ موٹائی پانی کی لائن پر	توپین: تعداد	توپین: انچ	کتنے گھوڑے کی طاقت ہے	پیچ نیچی مکعب فٹ کی جگہہ (جہازی ٹن ہوئے مکعب)	رفتار فی گھنٹہ میلون مین
جہازات ٹرٹ (برج) (گھومنے والے برج جنمین توپین چڑھائی جاتی ہین)		انچ					
پیٹر دی گریٹ	سنہ ۱۸۷۲ء	۱۴	۴	۴ — ۱۲ انچ	۸۷۵۰	۹۳۴۰	۱۴٫۰
الگزینڈر ثانی	سنہ ۱۸۸۷ء	۱۴	۱۴	۲ — ۱۲ " ۴ — ۹ " ۸ — ۶ "	۸۵۵۰	۸۴۴۰	۱۶٫۰
نکولاس اوّل	سنہ ۱۸۸۹ء	۱۴	۱۴	۲ — ۱۲ " ۴ — ۹ " ۸ — ۶ "	۹۰۰۰	۸۴۴۰	۱۶٫۰
کیتھرائن ثانیہ	سنہ ۱۸۸۶ء ناشپاتی کی صورت	۱۶	۱۳	۶ — ۱۲ " ۷ — ۹ "	۹۰۰۰	۱۰۱۸۰	[illegible]
چیسما	" غلاف دار ۱۲ اور	"	"	۶ — ۱۲ " ۷ — ۹ "	۹۰۰۰	۱۰۱۸۰	[illegible]
سنوپ	سنہ ۱۸۸۷ء ۱۴ انچ کے پترون سے	"	"	۶ — ۱۲ " ۷ — ۹ "	۹۰۰۰	۱۰۱۸۰	[illegible]
نوارن	سنہ ۱۸۹۱ء (۱)	۶	۱۴	۲ — ۱۲ " ۱۲ — ۹ "	۹۰۰۰	۹۹۸۰	[illegible]
ٹولٹوا پاسیلز	سنہ ۱۸۹۱ء	۰	۰	۰	۹۰۰۰	۸۱۱۸	[illegible]
ٹری سویاٹیلیا	" (۱)	۰	۰	۰	۰	۱۲۴۸۰	۰

جارجی پوبیدونوسٹش	سنہ ۱۸۹۲ء	۰	۰	۰	۱۰۰۰۰	۱۰۲۸۰	
گنگٹ	سنہ ۱۸۹۰ء	۹	۱۴	۱۶ ۱۹ انچ ۸ ۶ ؍؍	۶۰۰۰	۶۵۹۲	۱۴½
سیواسٹوپول (۱)		۰	۰	۰	۱۰۶۰۰	۱۰۹۶۰	۰
پٹرو پاولوسک (۱)		۰	۰	۰	۱۰۶۰۰	۱۰۹۶۰	۰
پولٹاوا (۱)		۰	۰	۰	۱۰۶۰۰	۱۰۹۶۰	۰
سیسوی ویلیکی (۱)		۰	۰	۰	۸۸۸۰	۸۵۰۰	۰
کروزر بیلٹڈ							
میٹن	سنہ ۱۸۷۸ء	۷	۱۶	۴ ۸ انچ ۱۲ ۶ ؍؍	۵۲۹۰	۵۷۴۰	۱۲٫۰
ڈیوک آف اڈنبرا	سنہ ۱۸۷۴ء	۶	۱۲	۶ ۸ ؍؍ ۴ ۶ ؍؍	۵۲۲۲	۴۶۰۰	۱۲٫۵
جنرل اڈمرل	سنہ ۱۸۷۳ء	۶	۱۲	۶ ۸ ؍؍ ۴ ۶ ؍؍	۴۴۷۲	۴۶۰۰	۱۲٫۰
میٹری وانسکوئی	سنہ ۱۸۸۴ء	۶	۱۶	۲ ۸ ؍؍ ۱۴ ۶ ؍؍	۷۰۰۰	۵۷۹۶	۱۵٫۵
ولاڈمر مانوکہ	سنہ ۱۸۸۳ء	۶	۱۶	۴ ۸ ؍؍ ۱ ۶ ؍؍	۷۷۰۰	۵۷۹۶	۱۵٫۰
پامیاٹ ازوا	سنہ ۱۸۸۹ء	۶	۱۶	۴ ۸ ؍؍ ۱۴ ۶ ؍؍	۸۰۰۰	۶۰۰۰	۱۸٫۰
ایڈمرل ناکیاف (کچھ کچھ بیلٹڈ باربٹ کروزر)	سنہ ۱۸۸۵ء	۱۰	۱۸	۸ ۸ ؍؍ ۱۰ ۶ ؍؍	۸۰۰۰	۷۷۸۰	۱۷٫۵
ایڈمرل کارنلاف	سنہ ۱۸۸۷ء	۲½	۱۴	۶ ؍؍	۸۲۶۰	۵۰۳۰	۱۸٫۵
رورک	سنہ ۱۸۹۲ء	۱۰	۲۶	۴ ۸ ؍؍ ۱۶ ۶ ؍؍ ۶ ۴¾ ؍؍	۱۲۴۵۰	۱۰۹۳۳	۱۸
جہازات ٹرٹ (سمندر مین اندر جانیوالے)							
ایڈمرل چیچاگاف	سنہ ۱۸۶۸ء	۶	۲	۱۱ انچ	۲۰۶۰	۳۵۱۲	۱۰٫۸
ایڈمرل اسپیرڈاف	سنہ ۱۸۶۸ء	۶	۲	؍؍ ؍؍	۲۰۰۷	۳۷۴۰	۱۰٫۰
ایڈمرل گریگ	سنہ ۱۸۶۸ء	۴½	۳	؍؍ ؍؍	۲۰۳۰	۳۵۴۶	۱۰٫۳
ایڈمرل لازارف	سنہ ۱۸۶۷ء	۴½	۴	۱۳ ۱۱ ؍؍ ۱ ۹ ؍؍	۲۰۰۴	۳۶۳۰	۱۰٫۱
ایڈمرل یوشاگاف (۱)		۰		۰	۱۴۵۰۰	۱۱۷۰۰	۰
فراگیٹ باٹری							
نیاز پوجارسکی (۲)	سنہ ۱۸۶۶ء	۴½	۱۰	۸ ۸ ؍؍ ۲ ۶ ؍؍	۲۸۳۵	۴۵۰۵	۱۰٫۲۵
پٹرو پاولوسک (۳)	سنہ ۱۸۶۵ء	۴½	۰	۰	۲۸۰۸	۶۰۴۰	۰
باٹری جہاز							
پریونیٹ	سنہ ۱۸۶۳ء	۴½	۱۵	۱۰ ۸ انچ ۴ ۶ ؍؍	۱۰۶۷	۳۱۷۵	۰۹٫۰
نٹرل مینیا	سنہ ۱۸۶۴ء	۵½	۱۴	۱ ۹ ؍؍ ۱۴ ۸ ؍؍	۱۶۳۲	۳۳۹۴	۸٫۰
کریمل	سنہ ۱۸۶۵ء	۴½	۱۴	۱۴ ۸ ؍؍	۱۱۲۰	۳۶۶۵	۸٫۵
دو ٹرٹ کے مانیٹر							
چارودیکا	سنہ ۱۸۶۷ء	۴½	۴	۹ ؍؍	۷۸۶	۲۰۲۶	۸٫۷
روسلکا	سنہ ۱۸۶۷ء	۴½	۴	۹ ؍؍	۷۰۵	۱۹۶۰	۸٫۰
اسمرچ	سنہ ۱۸۶۴ء	۴½	۲	۹ ؍؍	۷۰۰	۱۵۲۰	۸٫۰
ایک ٹرٹ کے مانیٹر							

(۱) وہ جہاز جو اب بن رہے ہیں۔

(۲) اب ان سے صرف [illegible] کا کام لیا جاتا ہے۔

(۳) اب یہ بندرگاہ کے کاروبار کے لئے [illegible]

نام	سنہ						
اسٹریلز			۲		۴۴۴	۱۴۳۱	۶٫۰
ادنیاروگ			۲		۴۶۰	۱۴۰۷	۶٫۰
لیٹنک			۲		۴۹۰	۱۵۱۲	۶٫۰
برفینوسٹز	سنہ ۱۸۶۴ء	۳½	۲	۹ انچ	۴۸۰	۱۳۹۲	۶٫۰
یوراگان			۲		۴۳۲	۱۵۶۵	۶٫۰
تفن			۲		۴۵۳	۱۵۶۵	۶٫۰
لاوا			۲		۳۳۵	۱۵۹۱	۷٫۲
پیرن			۲		۳۳۸	۱۵۴۹	۶٫۰
ویتیچن			۲		۵۲۹	۱۴۴۹	۶٫۰
کولڈن			۲		۴۸۰	۱۶۶۲	۶٫۰
گول آئرن گلیڈ							
وائس ایڈمرل یوپاف	سنہ ۱۸۷۵ء	۱۶	۲	۱ ۱۲ انچ	۳۰۶۶	۳۵۹۰	۸٫۲
نوگورود	سنہ ۱۸۷۳ء	۹	۲	۱ ۱۱ ″	۳۰۰۰	۲۷۰۶	۶٫۵
ڈیک پراٹکٹد کروزر۔							
رینڈا	سنہ ۱۸۸۵ء	۱½ (۲)	۱۰	۶ ″	۳۰۰۰	۲۹۵۰	۱۴٫۰
وٹیاز	سنہ ۱۸۸۵ء	۱½ (۲)	۱۰	۶ ″	۳۰۰۰	۲۹۵۰	۱۴٫۰
بلنڈ توپ خانہ کی کشتیان							
گروزیاسچی	سنہ ۱۸۸۹ء	۲	۲	۰	۲۰۰۰	۱۴۹۲	۰
اوڈواجنی	سنہ ۱۸۹۲ء	۲	۲	۰	۲۰۰۰	۱۴۹۲	۰
گریم یاسچی	سنہ ۱۸۹۲ء	۲	۲	۰	۲۰۰۰	۱۴۹۲	-

تنبیہا ۱۲ انچہ کی توپ کا وزن ۴۸ ٹن ہے - ۱۱ انچہ کا ۴۰ ٹن - ۹ انچہ والی کا ۱۲½ سے ۱۵ ٹن تک - ۸ انچہ والی کا ۹ ٹن - ۶ انچہ والی کا ۴½ ٹن - اون جہازون کی توپون کا وزن جواب بن رہی ہین یہ ہے - ۱۲ انچہ والی کا ۵۰ ٹن - ۸ انچہ والی کا ۱۴ اور ۱۵½ ٹن -

سنہ ۱۸۹۰ء تک روسی آئرن کلیڈ حلقہ مین سب سے طاقتور جہاز جو مکمل تھا وہ غیر مستول کا ٹرٹ جہاز پیٹرودی گریٹ تھا - مگر تین آئرن کلیڈ جیسا کیتھرائن ثانیہ اور سینوپ اب اوس سے بھی زیادہ طاقتور موجود ہین - اون کی لنبائی چوڑائی تو وہی ہے - طول عموداً ۳۲۰ فیٹ - زیادہ سے زیادہ عرض ۶۹ فیٹ - اوسط ڈرافٹ (عمق آب جس مین جہاز تیرتے وقت ڈوبا رہتا ہے) ۲۶ فیٹ سینوپ کے آرمر (غلاف) کی موٹائی بلیٹ (پٹی) سے اوپر ۱۶ انچہ سے لیکر ۱۸ انچہ تک ہے اور گنبد مین ۱۲ انچہ ہے - اوسپر دو توپین بارہ بارہ انچہ والی ہین جنکے گولہ کا ٹپا ۱۳ میل ہے

نکولاس اوّل اور الگزینڈر ثانی بھی بڑے غضبناک جہاز ہین - اور دونون ایک ہی قسم کے ۳۲۶ فیٹ لنبے اور ۶۷ فیٹ چوڑے ہین - نکولاس کا بیلٹ ۵ فیٹ چوڑا اور ۴ سے ۱۴ انچہ تک موٹا ہے جسکے پیچھے ۱۲ انچہ کی موٹی لکڑی لگی ہوئی ہے - اوپر دو توپین ۱۲ انچہ والی چار ۹ انچہ والی آٹھہ چھہ انچہ والی رہتی ہین - علاوہ برین دس توپین ۲ انچہ والی - اور بہت سی چھوٹی چھوٹی توپین جنسے نہایت سرعت سے فیر کئے جاتے ہین - اور تارپیڈو چھوڑنے والے آلے اوپر موجود ہین اور اوسکا ٹرٹ فولادی ۱۰ انچہ آرمر کا موٹا ہے - رفتار فی گھنٹہ ۱۸ میل ہے - اسی قسم کا ایک جہاز ۱۸۸۵ء مین اور دو اور جہاز ۱۸۸۹ء مین بمقام نکولائف اور سیباسٹوپول بنا شروع ہوئے تھے - لوزن کا طول ۳۴۸ فیٹ اور عرض ۶۷ فیٹ اور ۲۵ فیٹ ڈرافٹ ہے علاوہ بھاری بھاری توپون کے ۱۶ ہاکس کی توپین اور بہت سی ہوائٹ ہیڈ تارپیڈو کے چھوڑنے والی آلے بھی اسپر رہین گے - گنگت ۲۸۷ فیٹ لنبا ۶۲ فیٹ چوڑا اور ۲۱ فیٹ ڈرافٹ کا ہے - اوسکا بیلٹ ۱۶ انچہ موٹا اور اوپر ۶ توپین ۹ انچہ والی ہین اور ٹرٹ بھی ہے سوا اسکے اوپر ۶ توپین چھہ انچہ والی اور بہت سی ہاکس کی توپین بھی رہا کرتی ہین -

ان کے بعد بلیڈ کروزر ہین - ڈیوک آف اڈنبرا اور جنرل ایڈمرل دونون کا طول ۲۷۰ فیٹ عموماً اور ۴۸ فیٹ ہے اور لوہے کی بنی ہوئی ہین لکڑی چڑہی ہوئی ہے - ان کروزرون کی باڑی دِک پر آرمر نہین ہے مگر توپین اسطرح لگائی گئی ہین کہ جنسے ہرطرف فیر کیا جاسکتا ہے پامیاٹ ازوا بلیلٹڈ کروزر (جسکے معنے ہین "یادگار آزف") ۳۸۰ فیٹ لنبا ہے - یہہ اوس قسم کا جہاز ہے جیسے برٹش بیڑے مین امپیریوس ہے مگر اوسپر ہتھیار انیسے بھاری

نہین ہین ۔ رُورک کروزر جو ۱۸۹۲ء مین پانی مین چھوڑا گیا ہے روسی بیڑے مین سب سے بڑا ہے وہ ۴۲۶ فیٹ لنبا اور ۶۷ فیٹ شہتیر اور ۲۵ فیٹ ۹ انچہ ڈرافٹ کا ہے ۔ آدھر نیچے کو پانی کی لائن پر ۱۰ انچہ موٹی اور نیچے کیل یعنے جہاز کے پیندے کی بیچ والی لکڑی تک ۵ انچہ ہے ۔ اوسپر چار توپین ۸ انچہ والی ٹرٹ مین ۔ ۱۶ ۶ انچہ والی چھہ ۴ ۳/۴ انچہ والی اور ۱۶ ۴۷ اور ۳۷ ملیمیٹر کی جلد فیر کرنے والی توپین چڑھائی جائین گی اور ۵ تار پیڈو چھوڑنے والی آلہ اور ۲ تار پیڈو کی کشتیان ۵۱ فیٹ لنبی بھی اوسکے ساتھہ ہونگی اوس کی تخمینی رفتار ۱۸ میل فی گھنٹہ ہوئی جس مین ۷۶۶ آدمی سوار ہوا کرینگے ۔

اون جہازون مین سے جو ۱۸۹۲ء مین پانی مین چھوڑے گئے واڈیو کروزر ۴۰۰ ٹن کا اور ۱۹۰ فیٹ لنبا ہے اوسکی رفتار ۲۲ میل تک ہے ۔ ایک تار پیڈو کی کشتی پرنا جو ہاورین بنی ہے ۲۰۰ ٹن اور ۱۸۳ فیٹ لنبی ہے اوسکا شہتیر ۱۴ فیٹ ۹ انچہ کا اور رفتار ۲۲ ۳/۴ میل تک ہے ۔ اسپر ۳ تار پیڈو کے آلات اور ۲ ۱ ۱/۲ انچ والی ہاکس کی توپین چڑھائی جائین گی ۔ فولادی غلاف کا ہانیٹر اور واجنی ۲۳۷ فیٹ لنبا ہے اوسکے سرخی پھیلنے والے انجن مین دو ہزار گھوڑون کی طاقت ہے ۔ اور اوسپر ۲ بڑی بڑی توپین اور تار پیڈو کے آلے اور ہاکس کی توپین چڑھائی جائین گی ۔ یہہ جہاز تو روس مین بناتے ہین مگر اسکے ساتھہ کا ایک اور جہاز گرمیپچی جرمن مین تیار ہوا ہے ۔

چار نئے آئرن کلڈ ۱۸۹۲ء مین بمقام سنیٹ پیٹرزبرگ بنا شروع ہوئے تھے جن مین سے سیواسٹوپول پٹر دپاولسک کی لنبائی ۳۵۶ فیٹ اور شہتیر ۷۰ فیٹ اور

۱۰۹۶۰ ٹن وزن اور اون مین ۰۰ ۶۰ ۱ گھوڑون کی طاقت ہے - اور پولٹا وابھی اسیطرحکا
ہے اور سیبوے ویلیکی ۳۳۲ فیٹ لنبا ۶۸ فیٹ تہتیر کا اور ۸۸۰۰ ٹن وزن کا اور ۸۵۰۰ گھوڑونکی
طاقت کا ہے - اسیطرح کا ایک اور بیلیڈ ٹڈ کروزر ایڈمیرل پوشنا کاف بھی حفاظت ساحل کیلیئے
ہے - تارپیڈو کی بار برداری کا جہاز بگ ۲۴۰ فیٹ لنبا سوئیڈن مین بنا ہے - اوسکی
مشین مین ۱۹۸۰ گھوڑون کا زور ہے - اور رفتار فی گھنٹہ ۷۔۱۴ میل ہے - ایسا ہی ایک
اور جہاز ڈنائی بن رہا ہے جو بحر اسود کے بیڑے کے لئے ہوگا -
سنہ ۱۸۹۲ء مین ایرک کلپر (تیز رفتار جہاز) اور پاپوٹس ٹرانسپورٹ اور بارنز سولول نریا توپخانہ
کے جہازون کو اور آمور اسٹیمر کو جو سائبیریا کے فلوٹیلی مین تھی فہرست بیڑہ جہازی سے خارج
کر دیا گیا ہے -
والنیٹر بیڑہ مین جو امن چین کے زمانے مین سکھالین کو جلا وطنون کے لیجانے اور وہان کی
تجارت کے کام مین آتا ہے اور لڑائی کے زمانے مین لڑائی کا کام دیتا ہے ۹ کروزر ہین
جن مین سے سار ٹوچپا چف ۵۰۰۰ و ۵۰۰۰ و ۷۸۴۰ ٹن کے ہین اور آرل اور روسیا جارون
کی عجیب وغریب رفتار ۱۸½ و ۱۹ و ۱۶ و ۱۵ میل فی گھنٹہ ہے - باقی دوسرے جو ۱۰ میل
سے ۱۱ میل تک چلتے ہین درحقیقت ٹرانسپورٹ ہین - سال گذشتہ مین پانچ نئے جہاز اس
بیڑے کے لئے خریدے اور بنائے گئے ہین اور تین اور بن رہے ہین -
قواعد آموزی کا جہاز ماریاک ۱۰۴۵ ٹن کا ہے اسپر ۶ چار پونڈر اور ۴ ہاکس اور ایک
بارانوسکی توپ ہے -

سنہ ۱۸۹۲ء مین امپیریل بیڑہ مین ۸۲ ایڈمیرل نائٹ ایڈمیرل ریر ایڈمیرل اور جنرل اور ۷۰۰ کپتان اور لفٹنٹ اور مڈشپ مین تھے۔ سوائے اسکے ۳۴۹ دوسرے افسر جیسے انجنیر رہنمایان جہاز گولہ اندازوغیرہ تھے۔ اور جہازون کے ملاحون کی تعداد جو سمندر مین اندر کام کرتے تھے ۲۵۹۶۴ تھی۔ یہہ لوگ فوج کے سپاہیون کی طرح ہین۔ اور رنگروٹون کی طرح بھرتی کیئے جاتے ہین۔ ان کے ملازمت کی مدت دس سال ہے جس مین سے سات برس جنگی خدمت پر اور تین برس ریزرو مین رہنا ضرور ہے۔

پیداوار اور حرفہ

۱۔ زراعت

روس خاص کی پچاس گورنمنٹون کا کل ملک سنہ ۱۸۹۲ء مین سوائے جزائر ارکنہگیلسک اور اراضی چراگاہ ملک قلماق وکرغیز (۴۰۹۲۵۰۶۰ ایکڑ) کے حسب ذیل مالکون مین منقسم تھا۔

مالکان	رقبہ مزروعہ	غیر قابل الزراعت وسڑک وغیرہ
	ایکڑ	ایکڑ
سرکار	۴۱۰۸۰۱۸۶۷	۱۳۹۳۹۷۴۹۸
خاندان شاہی	۱۹۸۹۰۸۳۵	
دہاقین	۳۷۳۳۱۰۴۹۶	۳۵۵۴۰۷۳۵
پرایویٹ مالکان	۲۹۴۵۰۴۵۸۲	۳۵۱۱۵۵۵۷
میزان	۱۰۹۸۵۰۷۷۸۰	۲۱۰۰۵۸۷۷۰

پولینڈ مین ۵۵ فیصدی رقبہ قابل الزراعت ہے اور کل رقبہ مین سے نصف پرایویٹ لوگون کی ملکیت ہے۔ دوخمس کے مالک دہقان ہین اور ایک عشر سرکار اور اور جماعتون

کے قبضے مین ہے۔

استخلاص آراضی کی حالت بدست غلام آزاد جماعتہا ے دیہی کے یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء تک حسب ذیل ہے۔ یہہ حالت روس اور مغربی صوبون کی جہان کہ دیہاتیون کے واسطے استخلاص آراضی مین قانون سنہ ۱۸۶۳ء کی رو سے زیادہ مروت برتی گئی ہے جدا جدا دکہائی گئی ہے۔

	روس	مغربی صوبجات
تعداد ذکور دیہاتیین جنہون نے سرکاری امداد سے معاوضہ دیا	۶۶۲۷۹۳۲	۲۵۱۴۲۲۶
تعداد ایکڑ جو چہوڑ دیے گئے۔	۶۱۳۱۰۴۳۱	۲۷۴۳۰۰۳۲
قیمت آراضی روبلون مین۔	۵۰۲۸۵۵۱۵۳	۱۸۳۳۴۹۲۸۹
اوسط قیمت ایک حصہ	۱۰۶ روبل ۴ کوپک	۶۴ روبل ۹۵ کوپک
اوسط مقدار ایک حصہ ایکڑون مین	۹٫۴	.
اوسط قیمت فی ایکڑ	۱۱ روبل ۴ کوپک	۶ روبل ۳۵ کوپک
اوسط تعداد قرضہ سابق مالک آراضی فی حصہ جو سرکاری راہن بنک کا چاہیے تہا	۳۷ ״ ۳۹ ״	۲۷ ״ ۳ ״
اوسط تعداد زر جو فی حصہ مالک آراضی کو دیا گیا۔	۶۸ ״ ۲۶ ״	۳۷ ״ ۵۲ ״

سوا ے اس کے ۳۴۷۳۹ پٹہ دارون نے اپنے حصے کے ۴۷۵۸۰۸ ایکڑون کی بابت ۱۰۴۳۴۱۲۲ روبل جو سب روس اور مغربی صوبون مین دیے اور یہہ روپیہ قانون سنہ ۱۸۶۳-۱۸۸۶ کے بموجب دیا گیا جس کی رو سے پرایویٹ لوگون کا حق ملکیت آراضی بہی تسلیم کیا گیا ہے۔

سنہ ۱۸۹۲ عیسوی مین کل آراضی کے تعداد اور پرایویٹ ملکیت کی تعداد نقشہ مندرجہ صفحہ دیگر سے ظاہر ہوگی۔

نقشہ ملاحظہ طلب ہے

قسم اراضی	کل	ایکڑ	پرایویٹ ملکیت	ایکڑ
رقبہ مزروعہ	۲۸۷۹۶۹۵۵۲	۲۶٫۲	۸۰۰۶۳۲۷۱	۲۷٫۳
باغات چراگاہ گھاس وغیرہ	۱۷۴۹۵۸۷۳۴	۱۵٫۹	۶۸۶۲۸۲۶۹	۲۳٫۲
جنگلات وغیرہ	۴۲۵۵۲۰۷۱۴	۳۸٫۸	۱۱۰۶۹۷۴۸۶	۳۷٫۶
غیر قابل الزراعت سڑک وغیرہ	۲۱۰۰۵۸۷۷۰	۱۹٫۱	۳۵۱۱۵۵۶۶	۱۱٫۹
میزان	۱۰۹۸۵۰۷۷۸۰	۱۰۰٫۰	۲۹۴۵۰۴۵۸۲	۱۰۰٫۰

وسط روس کے رقبہ مزروعہ مین سے ۶۶ فیصدی زیر کاشت تھا۔ جنوبی روس مین ۸۷ فیصدی۔ شمالی اور جنوب مشرق روس مین ۱۰ فیصدی۔ اور استراخان صرف ۸ فیصدی مین کاشت ہوتی تھی۔

فصل ۔ یورپی روس مین علاوہ فنلینڈ کے جو غلے تین سال گذشتہ مین پیدا ہوئے اون کی تعداد حسب ذیل ہے۔

		گندم	رای	(بارلی) جو	(اوٹ) ایک قسم کا جو	دیگر غلات	میزان	آلو
یورپی روس	سنہ ۱۸۸۸ء	۳۰۸۵۹۰۰۰	۸۸۰۰۰۰۰۰	۱۷۰۳۶۰۰۰	۶۶۳۱۱۰۰۰	۲۴۸۱۶۰۰۰	۲۲۷۱۲۳۰۰۰	۳۸۰۰۶۰۰۰
”	سنہ ۱۸۸۹ء	۲۱۶۴۷۰۰۰	۶۶۸۴۶۰۰۰	۱۴۰۱۶۰۰۰	۵۹۳۰۵۰۰۰	۱۶۳۴۳۰۰۰	۱۷۸۱۵۷۰۰۰	۳۶۷۲۲۰۰۰
”	سنہ ۱۸۹۰ء	۲۵۸۱۳۰۰۰	۸۱۷۱۷۰۰۰	۱۹۸۷۷۰۰۰	۶۵۵۵۵۰۰۰	۱۹۶۰۳۰۰۰	۲۱۲۳۵۴۰۰۰	۴۰۱۰۵۰۰۰
”	سنہ ۱۸۹۱ء (۱)	۲۰۳۹۶۰۰۰	۶۰۴۷۴۰۰۰	۱۴۰۱۲۰۰۰	۵۱۹۶۱۰۰۰	۱۵۲۵۲۰۰۰	۱۶۵۲۰۵۰۰۰	۳۴۹۷۳۰۰۰
”	سنہ ۱۸۹۲ء	۳۱۱۰۸۰۰۰	۸۵۶۱۳۰۰۰	۱۸۲۴۷۰۰۰	۵۹۳۰۹۰۰۰	۱۶۷۱۰۰۰۰	۱۱۰۵۱۴۰۰۰	۰
پولینڈ	سنہ ۱۸۸۸ء	۱۷۲۲۰۰۰	۵۸۴۰۰۰۰	۱۳۰۵۰۰۰	۴۲۱۲۰۰۰	۱۰۰۱۰۰۰	۱۴۱۳۶۰۰۰	۱۰۰۱۱۰۰۰
”	سنہ ۱۸۸۹ء	۱۶۱۸۰۰۰	۴۵۴۵۰۰۰	۹۴۳۰۰۰	۳۶۲۸۰۰۰	۴۲۹۰۰۰	۱۰۱۶۳۰۰۰	۱۹۵۱۵۰۰۰
”	سنہ ۱۸۹۰ء	۱۵۳۲۰۰۰	۵۵۰۹۰۰۰	۱۴۸۷۰۰۰	۴۳۷۱۰۰۰	۱۱۴۳۰۰۰	۱۴۰۳۳۰۰۰	۲۱۲۸۲۰۰۰
”	سنہ ۱۸۹۱ء	۱۵۳۷۰۰۰	۴۹۹۱۰۰۰	۱۳۴۷۰۰۰	۳۹۳۹۰۰۰	۵۸۸۰۰۰	۱۲۴۱۲۰۰۰	۱۴۷۹۹۰۰۰

سنہ ۱۸۹۱ء مین سوکھی گھاس جو جمع کی گئی ہے اوسکی تعداد یورپی روس مین ۲۴۹۲۰۰۰۰ ٹن اور پولینڈ مین ۳۳۷۰۰۰ ٹن تھی۔

(۱) ابتدائی تخمینہ

سنہ ۱۸۹۱ء مین ۱۲۱۲۴۴۱ ایکڑ آراضی مین روس سائبیریا اور کاکیشیا مین تماکو تمام بوئی گئی تھی جس سے
۱۰۶۱۳۰۰۰ ہنڈریٹ ویٹ تماکو پیدا ہوئی - لیکن سنہ ۱۸۹۰ء مین ۱۲۰۸۷۵۰۰ ہنڈریٹ ویٹ
(۱۲۰۰۲۵ ایکڑون مین) اور سنہ ۱۸۸۷ء مین ۱۶۲۳۰۰۰ اور سنہ ۱۸۸۶ء مین ۱۲۹۸۲۴۰ ہنڈریٹ ویٹ
پیدا ہوئی تھی - سنہ ۱۸۹۰ء مین ۳۴۰ کوٹھیون سے کم نہ تھین جنسے ۱۳۰۷۲۰۰ ہنڈریٹ ویٹ
تماکو نکلی اور ۱۳۲۲۰۰ ہنڈریٹ ویٹ تماکو کے سگار وغیرہ بنے (یعنی ۲۳۷۷۹۵۵۰۰۰
سگار اور سگاریٹ بنے) ۴۴۳۶ ہنڈریٹ ویٹ روسی تماکو کے اور ۳۲۲۱۹۷۰۰ سیگریٹ
اور ۲۲۱۵۰۰ سگار باہر کو بھیجے گئے - انگور کی کاشت مین ۱۶۰۰۰۰۰ ایکڑ آراضی گھری ہوئی تھی
مگر درحقیقت ۳۶۱۰۰۰ ایکڑ آراضے مین کاشت تھی - اس مین ۴۵۵۰۰۰۰ گیلن پیدا ہوئی
جس مین سے ۱۵۰۰۰۰ جزیرنماے کریمیا مین پیدا ہوئے تھے - سنہ ۱۸۸۸ء مین آراضی کپاس
ترکستان مین ۲۱۴۱۱۵ ایکڑ تھی جس سے نئی روئی ۲۲۵۱۴۸ ہنڈریٹ ویٹ پیدا ہوئی
اس مین امریکا کی روئی نصف تھی اور نصف دیسی کپاس تھی - سنہ ۱۸۸۹ء مین اس کی کاشت مین
ترقی ہوگئی اور صرف فرغانہ مین ۱۳۶۸۴۰ ایکڑ کپاس تھی جس سے ۵۶۷۰۰۰ ہنڈریٹ ویٹ
روئی پیدا ہوئی اس مین تقریباً ۳۰۰۰۰۰ ہنڈریٹ ویٹ امریکا کے روئی تھی - اوس سے
بعد اور بھی زیادہ ہوگئی ہے - اور سنہ ۱۸۹۱ء مین صرف ضلع نارتشلین (فرغانہ) مین ۳۹۷۲۰۰
ہنڈریٹ ویٹ روئی پیدا ہوئی ہے - اس مین امریکا کی روئی ۲۰۵۰۶۰ ہنڈریٹ ویٹ
ہے - اس سال مین وہان دس کارخانے کپاس کے صاف کرنے کے تھے جنسے
۱۵۰۰۰۰ ہنڈریٹ ویٹ روئی صاف کی گئی اور دباکر گٹھے بنائے گئے - ٹرانس کیشیا مین بھی

روئی کی ترقی کے واسطے فکرین ہو رہی ہین - اور ۱۸۹۱ء مین روئی الیز بیتہ پول مین ۲۹۰۰ ہنڈر یٹ ویٹ اور اریوان مین ۲۰۰۰۰ ہنڈریٹ ویٹ پیدا ہوئی ہے -

۱۸۸۸ء مین یورپی روس مین سوائے پولینڈ کے ۱۹۶۲۳۳۴۰ گھوڑے اور ۲۴۴۲۰۹۲۶۰ شاخدار مویشی اور ۴۴۴۲۶۵۴۵۰ بہیڑین تھین (جن مین سے ۹۵ لاکہ عمدہ نسل کی تہین) اور ۹۲۴۴۳۰۰۰ سور تھے - یہہ تعداد بلحاظ ۱۸۹۲ء کے بہت ہی کم ہے

پولینڈ مین ۲۰۴۲۴۰ گھوڑے ۳۰۱۲۴۰۰ شاخدار مویشے ۵۶۶۵۴۷۰ ۳ بہیڑین اور ۱۴۹۹۱۰ سور اسی سال تھے -

۲- جنگلات

یورپی روس کے کل رقبے مین سے تقریبًا یک ثلث کے جنگل ہے - حال کی تحقیقاتون سے ایسا ثابت ہوتا ہے کہ یورپی روس پولینڈ فنلینڈ اور کاکیشیا مین جنگل حسب تفصیل ذیل ہے (مگر ان اخیر کے دونون صوبون کی حالت اچھی طرح معلوم نہین)

یورپی روس ۴۲۲۳۰۷۰۰۰ ایکڑ پولینڈ ۶۷۰۶۰۰۰ ایکڑ فنلینڈ ۵۰۴۹۸۰۰۰ کاکیشیا ۱۸۶۶۶۰۰۰ ایکڑ میزان کل ۴۹۸۱۷۷۰۰۰ ایکڑ -

جو کمی جنگل کے رقبے مین اس صدی کی ابتدا کی بہ نسبت ہوئی ہے اوس کی تعداد تقریبًا ۲۴ فیصدی ہے -

جنگلات کی حفاظت کے واسطے ۱۸۸۸ء مین ایک بڑی عمدہ تدبیر کی گئی ہے اور بہت سے جنگل یورپی روس کے ہر صوبے مین ایک خاص کمیٹی کے زیر نگرانی کر دی گئی ہین -

جنگل کے بعض مقامات جنگلات سے محفوظ قرار دئے گئے ہین - اور بعض دریاؤن وغیرہ کے واسطے مقرر کئے گئے ہین اور کسیطرح سے اون کو خراب نہین کیا جاتا ہے - درختون کے کاٹنے پر سخت سزائین دیجاتی ہین -

۳ - معادن اور معدنیات

روس کی سرزمین مین ہر قسم کی کانین پائی جاتی ہین - اور کان کندنی کا کام روز بروز ترقی پر ہے - سنہ ۱۸۸۰ء اور سنہ ۱۸۸۶ - ۱۸۹۰ء کے حالات ذیل مین درج کئے جاتے ہین -

سنہ	طلا	[illegible]	نقرہ	سیسہ	جست	تانبا	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	کیلوگرام = ۲٫۲۰۴۲ پونڈ انگریزی			ٹن (۲۸ من کا وزن)			ٹن (۲۸ من کا وزن)						
۱۸۸۰ء	۴۳۲۷۹	۲۹۳۷	۱۰۱۰۷	۱۱۳۶	۴۲۵۶	۲۲۰۳	۴۴۰۰۰۰	۲۹۲۰۰۰	۳۷۰۰۰۰	۳۲۰۹۰۰۰	۳۵۲۰۰۰۰	۷۷۹۰۰۰	
۱۸۸۶ء	۳۳۴۴۸	۴۳۱۶	۱۳۳۳۶	۷۷۷	۴۱۹۵	۴۵۷۱	۵۳۲۰۰۰	۳۶۳۰۰۰	۴۴۴۰۰۰	۴۵۷۶۰۰۰	۱۹۴۲۰۰۰	۱۱۹۷۰۰۰	
۱۸۸۷ء	۳۴۸۵۶	۴۲۴۲	۱۵۳۸۰	۹۷۴	۳۵۷۶	۴۹۱۱	۶۰۲۰۰۰	۳۵۴۰۰۰	۲۱۳۰۰۰	۴۴۶۲۰۰۰	۲۷۹۰۰۰۰	۱۱۳۵۰۰۰	
۱۸۸۸ء	۳۵۱۵۱	۲۶۸۶	۱۵۱۳۵	۷۸۷	۶۲۸۴	۵۹۰۷	۶۵۴۰۰۰	۳۵۹۰۰۰	۲۰۱۰۰۰	۴۴۹۲۰۰۰	۲۱۳۳۰۰۰	۱۰۹۶۰۰۰	
۱۸۸۹ء	۳۰۰۰۳	۲۶۲۲	۱۳۸۰۷	۵۶۹	۶۳۴۳	۵۹۷۸	۷۳۳۰۰۰	۴۲۳۰۰۰	۲۵۸۰۰۰	۴۴۹۶۰۰۰	۳۲۰۹۰۰۰	۱۳۷۰۰۰۰	
۱۸۹۰ء	۳۹۳۹۴	-	۱۳۷۷۶	۸۲۵	-	۵۳۱۸	۸۶۹۰۰۰	۴۲۱۰۰۰	۳۲۵۰۰۰	۴۹۳۳۰۰۰	۱۸۰۷۰۰۰	۱۳۷۱۰۰۰	

سونا خاصکر سائبیریا مین ملتا ہے جہان سے سنہ ۱۸۹۱ء مین ۶۰۵۵۷ پونڈ انگریزی اور سنہ ۱۸۹۰ء مین ۶۳۴۳۲ پونڈ دستیاب ہوا - اور کوہستان یورال مین بھی نکلتا ہے - یہان سے سنہ ۱۸۹۱ء مین ۲۵۳۱۴ پونڈ اور سنہ ۱۸۹۰ء مین ۲۳۲۱۲ پونڈ ہاتھ لگا تھا - سنہ ۱۸۹۰ء مین چاندی بھی اضلاع ذیل مین حسب تعداد ذیل دستیاب ہوئی تھی -

الطائی سے اور نرچینسک سے ۲۶۵۷۰ پونڈ - سمی پالاٹننسک سے ۲۶۳۵ پونڈ - کاکیس سے

۱۱۱۶ پونڈ نکلے جسکی کل میزان ۱۳۲۱ ۳۰ پونڈ ہوئی - تانبا اکثر کوہ یورال سے لیجاتا ہے ۱۸۹۰ء میں ۳۸ ۱۴ ٹن نکلا) اور کاکیشس سے نکلتا ہے - کوبالٹ گورنمنٹ کا کیشیا کے الیزبیتھ پول میں ملتا ہے اور ۱۸۸۹ء میں ۳۶۰۹ پونڈ نکلا تہا اور مینگنز بھی یہان سے ۶۷۹۰ ٹن دستیاب ہوا تہا - پارہ جنوبی روس میں ۱۸۸۹ء میں ۳۶۸۳۹۰ پونڈ برآمد ہوا تہا - اور ٹین فنلینڈ مین ۱۲ ٹن بہم پہونچا اور جستہ صرف پولینڈ مین ہی حاصل ہوتا ہے

لوہے کی پیداوار کے لحاظ سے صوبہ اکاٹرنبرگ روز بروز بڑا مقام ہوتا جاتا ہے - ۱۸۹۰ء مین اوس سے ۲۰۴۲۵۰ ٹن لوہے کے ٹکڑے تہے اور ۲۶۰۰۰ ٹن لوہا اور ۳۰۸۰ ٹن فولاد نکلا تہا - آلات کشاورزی کے ساخت جسکی قیمت ۱۸۶۲ء میں ۲۲ ½ لاکھ روبل تھی ۱۸۸۵ء مین تقریبًا ایک کرور روبل ہوگئی تہے - اور اب اور بھی زیادہ ہوگئی ہے -

جنگ واٹرلو — از عالیجناب نواب عماد نواز جنگ بہادر (۱)

مالگزاری کیا چیز ہے — از عالیجناب نواب عماد نواز جنگ بہادر (۲)

حیدرآباد دکن

مطبع حسن میں باہتمام محمد لطف علیخان چھپا

سنہ ۱۸۹۴ء

جنگ واٹرلو

واقعات ماسبق

اکتوبر ۱۸۱۳ء مین ایک سخت جنگ **افواج متفقہ** اور **نپولین** سے میدان **لیپسک** مین ہوئی تھی جسمین موخر الذکر کو سخت شکست ہوئی افواج فاتح نے اوسکا **فرانس** تک تعاقب کیا اور ۳۰ مارچ ۱۸۱۴ء کو **پیرس** پر قبضہ کرلیا۔ پانچ روز کے بعد **نپولین** جنگ سے دست بردار اور حکومت سے مستعفی ہوا۔

شاہان متفقہ نے اپنی اولوالعزمی سے ایک جزیرہ موسومہ **البا** کی اوسکو بادشاہت دیدی اور وہین اوسکو نظر بند رکھا۔ اس نام کی سلطنت نا قیدین **فرانس** سے اوس کو بہت بڑی **پنشن** بھی ملتی تھی مگر ایسے دل چالاک اور بے چین طبیعت والا اولوالعزم شہنشاہ مختصر جزیرہ مین کب اطمینان سے رہ سکتا تھا دس مہینے نہین گذرے تھے کہ چپ چاپ جزیرہ مذکور سے چند آدمیون کو ساتھ لیکر نکل بھاگا اور یکم مارچ ۱۸۱۵ء کو پھر **فرانس** مین داخل ہوا۔

نپولین کے نام کی عظمت و جبروت جو لوگون کے دلون پر چھائی ہوئی تھی اور اوسکے قید ہو جانے سے کسیقدر اطمینان ہوگیا تھا اب اوسکے پھر **فرانس** آنے سے

اوس کا خوف تازہ دم ہوگیا۔ ناممکن تھا کہ اوسکے نام کے اثر کو جو جادو سے زیادہ موثر تھا
کوئی روک سکتا۔ ہر طرف سے لوگون نے اوسکا استقبال کیا۔ خوش آمدی و مرحبا کی صدائین
بلند ہوئین یہان تک کہ جو فوج لوئی ہیژدہم کی طرف سے نپولین کی پیش قدمی روکنے
کے لئے گئی تھی وہ بھی اپنے بادشاہ سے منحرف ہوکر نپولین کا دم بھرنے لگی لوئی تو
دار السلطنت سے بھاگ گیا اور ابھی جزیرہ البا سے نپولین کو نکلے ہوئے ایک
مہینہ بھی نہین ہوا تھا کہ فرانس کے ہر قلعے سے سو سو توپون کی سلامیان سر ہوئین کہ
وہ خطرناک ہمسایہ اور عظیم الشان شہنشاہ تمام یورپ کو پھر ایک مرتبہ درہم برہم کرنے کے
لئے آموجود ہوا۔

افواج متفقہ مین جرمن یعنی پروشیا بھی [illegible]

شاہان متفقہ نے حتمی ارادہ کیا کہ افواج متحدہ اکبارگی فرانس پر چارون
طرف سے حملہ کرین جن کی مجموعی تعداد فرانس کی مجموعی تعداد سے بدرجہا زیادہ ہو۔ ادہر
نپولین نے پہلے تو صلح کا پیام دیا مگر جب دیکھا کہ ناگزیر لڑائی ہوتی ہی ہے اور کسی طرح
مفر نہین ہے۔ تو اوسی نے ابتدا بھی کی اور نہایت عجلت کے ساتھ جو اوسکی کارروائی
کے لحاظ سے اوسکا خاصہ تھا خاموشی اور عجلت سے اپنی افواج اپنے قلعون کے
عقب مین جو سب سے نزدیک دشمن ملک بلجیم کی حد پر واقع تھی جمع کرلیا۔

منجملہ افواج شاہان متفقہ کی طرف وہ افواج جو ولنگٹن
اور بلوچر کے ماتحت تھین اس سے نزدیک تھین اور چونکہ ان لوگون کو پہلے سے [illegible]

معلوم نہ تھا کہ درحقیقت **نپولین** کی جنگ کے متعلق کیا تجویز ہے اسلئے انھون نے اپنی فوجون کو تمام ملک **بلجیم** کے ناکون اور کنٹونمنٹون مین جو سو میل کی لائین مین تھا پھیلا دیا **نپولین** کا یہہ ارادہ ہوا کہ اس ضعیف لائین کو حملہ کر کے توڑ دین اور انگریزے وجرمنے فوجون کو دو ٹکڑے کر کے علیحدہ علیحدہ ہر ایک پر حملہ کر کے قبل اسکے کہ اور متفقہ بادشاہون کی فوجین میدان کارزار مین باہم متقابل ہون شکست دین۔ مگر باوجودیکہ **نپولین** نے اپنی فوج کی نقل وحرکت اپنی دانست مین بہت خفیہ رکھی تھی مگر **ولنگٹن** کو اوسکے ارادے سے کافی اطلاع ہو گئی اور ہوشیار ہو گیا **ولنگٹن** اور **بلوچر** اپنی اپنی فوجون کے اکٹھے ہو گئے اور آپس مین متفقہ حملہ کرنے کی تجویزین پختہ ہو گئین اور عجیب بلکہ معجزانہ طریقے سے **ولنگٹن** نے میدان واٹرلو کی ایک ہفتہ قبل از جنگ کامل طور سے پیمایش کر لی تھی۔

اب **نپولین** بالکل تیار ہو گیا۔ اوسکی فوج **بومنٹ** کے گرد اکھٹی ہو گئی جہان سے **ولنگٹن** کے ہیڈ کوارٹر واقع برز **وسلس** کو ۵۰ میل تھے **نپولین** **پیرس** سے ۱۲ جون کو بمعجلت روانہ ہوکر دو دن مین اپنی پرجوش فوج سے آملا اور اوسکو آگے بڑہنے کا حکم دیا۔

چونکہ یہہ لڑائی جسکا خاتمہ جنگ **واٹرلو** سے ہوا ہے چارون تک برابر مختلف مقامات پر ہوتی رہی ہم چارون دن کی تفصیلی کیفیت علیحدہ علیحدہ لکھتے ہین

جو ناظرین کی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

نپولین کی پیشقدمی

۱۵ جون ۱۸۱۵ء

آج علی الصباح ۳ بجے نپولین حملہ کرنے کی نیت سے آگے بڑھا۔ مگر بدقسمتی سے کل دریائے سیمبر کے پلون پر بمقام چارلرائی اور مارشلنس بلوچیر کے فرسٹ بریگیڈ کے لوگون نے زیر کمانڈ زیٹن قبضہ کرلیا تھا اور یہہ پل تمام مقصود تک پہنچنے کے لیے درمیان مین حائل تھے۔ پس کچھہ تو خود نپولین کے بعض حصۂ فوج کی حرکت مین غیر متوقع تعوِیق اور کچھہ پروشین فوج کی سخت مزاحمت نے نپولین کو ایسا روک دیا کہ دوپہر کے قبل اون کو عبور دریا کا کوئی موقع ہی نہ ملسکا اور جو راستہ بھی ملا اوس مین نپولین کا زیٹن نے چپہ چپہ زمین پر مقابلہ کیا اور اس سے غرض یہہ تھی کہ افواج متفقہ کو ایک مقام مین اکھٹے ہو جانے کا موقع ملجائے زیٹن اور نپولین مین اسقدر جھگڑے رہے اور اسقدر قدم قدم پر فوج فرانس کی راہ مین روک ہوتی رہی اور گاہ گاہ چھوٹی موٹی لڑائی بھی ہو جاتی کہ لڑتے بھڑتے رات کو گیارہ بج گئے اور بالکل تاریکی چھاگئی۔ اسوقت فوج فرانس کے دو ٹکڑے ہوگئے۔ بمین ولیار حصۂ لیسار نے نامی افسر کی ماتحتی مین دیا گیا جو ولنگٹن کے ایک حصہ فوج کا بمقام کوارٹر براس مقابل ہوا۔ اور حصۂ یمینی خود نپولین کے زیر نظر رہا جو بلوچیر

سے کے مقابلے کے لئے بہ مقام **لگنی** ۶ میل **کواٹر براس** سے دور آمادہ ہوا۔ مگر آج صرف افواج فریقین کی مورچہ بندیاں ہوئین کوئی واقعہ پیش نہین آیا۔

کواٹر براس و لگنی

۱۶ر جون

آج ایک دوسرے سے چھہ میل کے فاصلے پر دو لڑائیاں ہوئین اور دونون جگھہ تقریباً آغاز جنگ ایک ہی وقت تھا۔ یہہ دونون لڑائیاں ایسی خون ریز اور سخت واقع ہوئین کہ صرف **واٹرلو** کی عظیم الشان جنگ کے پرہیبت خیال نے اس کی وقعت کم کردی ورنہ فی نفسہ یہہ دونون جنگین بڑی معرکۃ الآرا لڑائیاں تھین۔ اب ہم کسیقدر ان دونون مقامون کی جنگون کی تفصیل بیان کرتے ہین تاکہ اہل مذاق کو اوسکی عظمت کا پورا حال معلوم ہوجائے

جنگ کواٹر براس **کواٹر براس** ایک چھوٹا گانون ہے جو **چارلرائی** سے ۱۴ میل اور **واٹرلو** سے ۷ میل ایک چوراہے پر واقع ہے۔ اور یہہ مقام افواج متفقہ کی طرف سے جنگ کے لئے نہایت موزون سمجھا گیا تھا۔ اس مقام کو ۱۵ر جون کی شب سے **ولنگٹن** کے ایک حصہ فوج (بلجین) نے زیر کمانڈ **پرنس آف آرنج** قبضہ کرلیا تھا۔

نپولین نے جنرل **نے** کو بیس ہزار فوج دیکر اس مقام پر قبضہ کرنے کے لئے بھیجا اور کہا کہ اس مقام پر قبضہ کرو اور **ولنگٹن** سے مقابلہ کرتے رہو جب تک مین مقام **لنگی** مین **بلوچر** کا مقابلہ کرتا ہون۔ گر جنرل **نے** کی فوج جلد

تیار نہ ہو سکی اور اس لئے حملہ کرنے مین دن کے ڈہائی بج گئے۔

جسوقت لڑائی شروع ہوئی شام تک کسی طرح کمی نہ ہوئی بلکہ جوش و خروش اور سختی مین اضافہ ہی رہا۔ **ولنگٹن** نے بعجلت عجیلہ بروسلس پایہ تخت **بلجیم** سے کمک بہم پہونچائی اور جنرل **نے** نے **فرانس** سے۔ ابتداءً افواج متفقہ کی تعداد بہ مقابلہ تعداد افواج **فرانس** بہت کم پائی گئی۔ اور وہ حصّہ فوج جس مین **ڈچ** اور **بلجین** تھے ہار گیا۔ اور یقینی طور سے معلوم ہوتا تھا کہ فتح **فرانس** کو حاصل ہے مگر اسی اثنا مین جب کہ آتش جنگ انتہائی درجہ کی شعلہ زن تھی **سر ٹامس پکٹن** کا سرخ کوٹ والا حصہ جو انگریزے پیدل کا ایک ٹکڑا تھا **ولنگٹن** سے آملا۔ جو درحقیقت اوسکے سخت خطرناک حالت کا محافظ ہوا۔ **پکٹن** بالذات بڑا بہادر اور اوسکے آدمی علےٰ ہذا بڑے دلیر تھے اگرچہ **پکٹن** زخمون سے چور چور ہو گیا تہا مگر اوسنے اپنے زخمون کو اپنے آدمیون سے چھپایا اور بڑے بڑے اور بار بار حملے کئے۔ ۹ بجے رات کو جنرل **نے** نے شکست کہائی اور **فراسنی** پہاڑ پر چلا گیا اور وہان سے کمک طلب کی۔ اس جنگ مین **افواج متفقہ** کے ۳۵۰۰ آدمی مجروح و مقتول ہوئے۔ ان مین سے تین ربع ۲۶۲۵ آدمی صرف انگریز تھے۔ اور **فرانس** کا نقصان ۴۳۰۰ آدمیون کا ہے جو مجروح یا مقتول ہوئے

جنگ لگنی

جسوقت (یعنی ڈہائی بجے) جنرل **نے** نے کواٹر براس مین جنگ شروع کی ٹھیک

اوسیوقت نپولین نے بمقام لگنی بلوچر سے لڑائی شروع کی اِس جنگ مین
فرانس کی فوج صرف ۷۰ ہزار تھی اور جرمنی کی ۹۰ ہزار اگرچہ پروشین فوج تعداد
مین زیادہ تھی۔ مگر بمقابلہ فرنچ کے یہہ لوگ تربیت مین بہت کم تھے۔ بلوچر کی
نصف فوج تو محض ردیف تھی۔ اور فوج نظام مین بھی بڑا حصّہ جدید بھرتی شدہ لوگون
کا تھا۔ مگر لڑائی بڑی خون ریز اور سخت ہوئی۔ مقام سنٹ امند اور لگنی کے
سنگین مکانات فوج پروشین کی محافظت مین بہت کام آئے اور بلوچر جو اپنی دلیری
اور استقلال مزاجی سے معزز خطاب مارشل وردرٹ کا حاصل کرچکا تھا اِس لڑائی
مین مزید عزت افزائی کا کام نہ کرسکا۔ اگرچہ یہہ بڈھا سوبجر ۷۳ سال کا پرانا اور فرسودہ
تھا مگر جس جوش اور خاموشی اور دلیری سے جنگ کے وقت یہہ بڈھا وان ملٹکی کا
نمونہ کام کرتا تھا اوسکے مقابلے مین جوانون کی دلیری اور جوش ہرگز قابل وقعت تھیا۔
لڑائی کا کوئی مقام مخصوص کسی فریق کے لئے نہ تھا اور گھنٹون لڑتے لڑتے دست
بدست لڑائی ہونے لگی۔ یہان تک گلیون کوچون اور مکانات کے اندر خون ریزیان
ہوئین لیکن فرنچ آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہے تھے۔ بلوچر نے آٹھ نبجے رات کو
ایک سخت حملہ کیا جس مین اوسکا گھوڑا مارا گیا۔ اور یہہ بڈھا سپاہی گھوڑے کے مارے جانے
سے خود بیکار ہوگیا۔ اور بڑی مشکل سے فرنچ سوارون کی ضرب شمشیر سے بچ سکا
۱۱ نبجے رات کو پروشین فوج شکست کھاکر بھاگی جس مین اوسکا نقصان بارہ ہزار

آدمیون کا ہوا۔ اور نپولین کے آٹھ ہزار آدمیون کا۔ اور اس طرح ۱۶ جون کا خاتمہ ہوا۔

میدان واٹرلو کی طرف دوڑ

۱۷ جون

گذشتہ شب کی تاریک حالت اور اوس مین پروشین کی شکست کچھہ ایسی نہ تھی کہ کلیتاً پروشین بیدل ہو گئے ہوتے۔ بلوچر کی جگہہ نیسناؤ کو کمانڈ تفویض ہوئی اور فوج کو قابل تعریف عقلمندی اور مستقل مزاجی سے بمقام ویور واپس جانے کا حکم دیا۔ اسمین کامیاب ہوا تھا۔ ادہر نپولین نے کچھہ شک وشبہ مین پڑکر اور کچھہ تاریکی شب۔ بارش۔ اور بارش زدہ سڑک اور اپنی تھکی ہوئی فوج کا لحاظ کرکے پروشین فوج کے تعاقب سے احتراز کیا جو بڑی غلطی تھی۔ صبحکو اوسنے ایک دوسری سخت مہلک غلطی کی۔ یعنے اوسنے یہہ قیاس کرکے کہ پروشین فوج لامحالہ اپنی رسد وغیرہ کی ضرورتون کے واسطے جانب شرق بمقام لیج مین گئی ہوگی چنانچہ اوسنے اپنے ایک جنرل گروچی نامی کو تیس ہزار آدمیون کے ساتھہ اوسی جانب پروشیون کے تعاقب کیلیئے بھیجا۔ حالانکہ پروشین بجائے جانب شرق جانے کے جانب شمال چلے گئے تھے اور صبحکو ۱۴ میل کے فاصلے پر اطمینان اور ترتیب کے ساتھہ ویور مین پہنچ گئے۔ نپولین کو اپنی غلطی کا علم گھنٹون کے بعد ہوا بلوچر پھر گھوڑے پر چڑھا آگے بڑھ رہا تھا اور ایک حصہ فوج کو تھیل مین نامی جنرل کی سپردگی مین گروچی کے مقابلے کے لئے بھیجدیا۔ مبادا وہ جنرل اوسکے بائین حصہ پر حملہ آور ہو

یہہ جنرلون کی ایک دوڑ تھی جس مین سلطنت کی ہارجیت مدنظر تھی۔ ایک جانب **نپولین** بہت عجلت کے ساتھہ جنرل **نے** سے ملکر **ولنگٹن** پر حملہ کرنے کے لئے کوچ کر رہا تھا۔ اور دوسرے جانب **بلوچر** اِس واقعے سے خوب واقف ہوکر چاہتا تھا کہ **ولنگٹن** کی مشکل آسان کرنی چاہئے جو بلے طرح پھنسا ہوا محتاج اعانت ہو رہا اور اوسکو بڑی ضرورت کے ساتھہ اپنے پاس بلا رہا تھا۔ کیونکہ اوسکو اب تک جنگ **لگنی** کے نتیجے سے اطلاع نہ ہوئی تھی اور **بلوچر** بھی باوجود پیرانہ سالی کے خطرناک راستون ندیون اور مہلک دلدلون اور قریب قریب نامعلوم اور دشوارگذار راستون سے گذرتا ہوا اور **فارورڈ فارورڈ** کی صدا بلند کرتا ہوا اور اپنی فوج کا حوصلہ بڑہاتا ہوا چلا جاتا تھا۔ صبحکو کچھہ دیر کے بعد **ولنگٹن** کو شب گذشتہ کی جنگ **لگنی** کا نتیجہ اور **پروشین** فوج کی شکست کا حال معلوم ہوا تو **ولنگٹن** نے **بلوچر** کو تو کہلا بھیجا کہ وہ فوراً اوس سے بمقام **واٹرلو** جو کو **اٹر برسلس** سے ۷ میل فاصلے پر ہے معہ فوج کے آکر ملے مگر دس بجے خود بھی اوسی جانب جس طرف سے **بلوچر** آرہا تھا چلا۔ حسن اتفاق سے آسمانی امداد **ولنگٹن** کے مفید مطلب ہوئی۔ جیون ہی **نپولین** جو اوس وقت جنرل **نے** سے آملا تھا۔ کثیر التعداد متفقہ افواج کے ساتھہ بڑے زور شور سے حملہ کرنے والا تھا ایک بڑا سخت طوفان آیا۔ بجلی کی چمک اور بادل کی گرج کے ساتھہ اس قدر شدت سے بارش موصلا دھار ہوئی کہ آسمان سے زمین تک ایک چادر آب تنی ہوئی معلوم ہوتی تھی

اور تمام تاریکی چھا گئی تھی - چند منٹ مین زمین اس قدر تر ہوگئی کہ توپخانے اور سوارون کو برو سلس کی صف پختہ سڑک پر چلنا ممکن تھا اور بس - یہہ موافق بارش جو مخصوص اوس وقت ولنگٹن کے لئے رحمت آلہی تھی برابر شام تک جاری تھی - چنانچہ اسکی بدولت اور نیز اوس حصّہ فوج کی بدولت جو محافظ حصّۂ پائین تھا اور نپولین سے جنگ مین مصروف تھا ولنگٹن کو چپ چاپ بغیر کسی مزید نقصان کے نکل جانے کا موقع ملگیا - اور رات کو جب کہ فرانس کی فوج صرف ایک میل کے فاصلے پر جانب جنوب پڑی ہوئی تھی ولنگٹن کی تھکی ہوئی فوج ماؤنٹ سنٹ جین کے جَو کے تر بتر کھیتون مین ضعف لطیف جاکر سورہی -

جنگ واٹرلو

۱۸ جون

لو صاحب اب ہم اوس سرزمین مین پہونچ گئے جو ایک پہلو سے مبارک اور دوسرے پہلو سے سخت نفرت کے قابل ہے - اس سرزمین کے عظیم الشان واقعہ نے پولیٹکل کشتی یورپ کو ناپیدا کنار تلاطم سے بچاکر ساحل امن و عافیت مین پہونچا دیا - اور آج اس سرزمین پر بہت سے بندگان خدا کا خون ہوکر سیزدان واٹرلو سرخ پوشاک پہنکر ایک بڑے اولوالعزم شہنشاہ کا قطعی فیصلہ کرتا ہے - تاریخ مین اس میدان کارزار کا نام ہمیشہ رہیگا اور بہادری اور آزادی کے ساتھہ اسکا نام لیا جائے گا - لوگون کے دلون مین

خاصکر یورپ کے اقوام مین واٹرلو کا نام زندہ جاوید رہے گا ۔ پچہتر برس تک واٹرلو کے واقعات اور وہان کی تیغ زنی کی کیفیت قلمبند ہوا کی ۔ موجودہ نسل کے لوگ کامل توجہ کے ساتہہ اب بہے واٹرلو کے حالات سنتے ہین ۔ اوس مختصر قطعۂ زمین مین کوئی بات معمولی یا حقیر نہین ہے واٹرلو کے ٹوٹے اور زنگ آلود گولے توپین ۔ تلوارین اور دوسرے آلات حرب وضرب جو اس عظیم الشان جنگ کے یادگار ہین اور جن مین کی شہنشاہت کا عدم اور وجود ہوا ہے بحفاظت عجائب خانہ مین رکھے گئے ہین ۔ یہہ چیزین اوس جنگ کی یادگار ہین جہان خونین موجین سب سے زیادہ لہرائی تہین اور جہان توپ و تفنگ نے سب سے زیادہ کاری زخم کیا تہا ۔ واٹرلو کے میدان اور آبادی کی ہر چیز اس جنگ کی وجہہ سے معزز ہوگئی اور ہوگومنٹ اور لاہی ہنٹ مقامات جنگ تاریخ مین پرانے تاریخی مقامات کے ساتہہ ساتہہ ہمنام اور ہم زبان ہوگئے ۔

اب ہم کسیقدر میدان جنگ کے تفصیل کرتے ہین تاکہ تہوڑے سے تعمق غور کرنے سے میدان کی صورت آنکہون مین جلوہ گر ہوجائے بروسلس سے چار لرائی کو جنوب کی طرف ایک شاہ راہ جاتی ہے بروسلس سے ۱۲ میل کے فاصلے پر مانٹ سنٹ جان نامی گانون اور کہیت وغیرہ ہین ۔ اس مقام پر ایک پہاڑی ہے جو کچہہ بلند نہین ہے اور سڑک کی دونون جانب شرقاً و غرباً واقع ہے ۔ اس پہاڑی پر ولنگٹن نے اپنے مورچے جمائے ۔ اس سے جنوب کی طرف پون میل کے فاصلے پر ایک دوسری

پہاڑی اسیطرح کی ہے - پس دو پہاڑیان یا کسیقدر بلند زمین کے قطعات خطوط متوازی
کی طرح ایک دوسرے سے پون میل کے فاصلے پر تھے - شمالی پہاڑی پر ولنگٹن جنوب
کی طرف رُخ کئے ہوئے تہا اور جنوبی حصے پر نپولین شمال کیطرف مُنہ پھیرے تھا
ان دونون پہاڑیون کے درمیان مین ایک وادی بھی تھی جسکا طول تقریباً تین میل
اور عرض ہزار گز ہوگا - اس مین جابجا کسانون کے مکانات باغات اور انگور کی بیلون
کے سوا رائی اور جو کے کہیت فصل کاٹنے کے لئے تیار کہڑے تھے - یہہ توموقع
جنگ اور میدان کارزار تہا - دونون پہاڑیون کی عظیم الشان توپون کی دنا دن اور حملے پر
حملہ اور جواب پر جواب اور مانٹ سنٹ جان کے آخری مہلک گراپ کو جنگ واٹرلو
کہتے ہین -

طلوع آفتاب کے قبل بارش موقوف ہوگئی تھی - شاید اسوجہ سے کہ بہت جلد توپ و بندوق
کے گولون کی بارش اور انسانی خون کا سیلاب اوس میدان مین ہونے والا تھا
گر ہنوز آسمان صاف نہ ہوا تہا - نپولین تو اس سے بالکل بے خبر تہا کہ بلوچر جنرل
گروچی کے ہاتھ لگا یا نہین - گر وہ اوس سے بچکر ولنگٹن کے پاس آرہا تہا نپولین
نے تہوڑا سا زمین خشک ہونے کا انتظار کیا تاکہ فوج کو پریڈ کرنے کا اچھا موقع ملے
اگرچہ یہہ امر شاید ضروری تہا مگر اوسکے ساتھہ اوسکے حق مین سم قاتل بھی ہوا بالآخر وہ
آخری ساعت پہونچ گئی - ٹھیک ساڑھے گیارہ بجے نپولین نے اپنی توپون کا مُنہ

کہو لدیا۔ اور موت اجل رسیدہ ون کو ڈہونڈ ڈہونڈہکر شکار کرنے لگی

نپولین نے اس جنگ عظیمہ مین پانچ بڑے بڑے حملے کئے۔ ہم ان پانچون حملون کو تفصیل وار بیان کرینگے جس سے اس لڑائی کی کیفیت اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے

پہلا حملہ

جنگ ہوگومنٹ

ہوگومنٹ ایک مضبوط مقام مانٹ سنٹ جین سے ۱۲۰۰ سو گز کے فاصلے پر ہے اور یہان ایک بڑا مکان (فارم ہوس) اور باغ ہے۔ مکان سے متصل اور چھوٹے چھوٹے مکان بنے ہوئے اور سب ایک دوسرے سے ملصق ہین۔ اس مکان مین ایک پہاٹک اور چند دروازے ہین۔ یہہ مکان ایک اور قلعہ نما مضبوط مکان سے ملا ہوا ہے جس کے گرد چار دیواری ہے۔ پشت پر ایک باغ ہے جسکے چارون طرف مضبوط دیوار ہے اور اسکے جنوب جانب ایک جنگل ہے اور شرق جانب ناشپاتی کا باغ۔

صبح ہونے کے پہلے ہی ولنگٹن نے اس مقام (ہوگومنٹ) کو لیلیا۔ اور عجلت کے ساتھ مورچہ بندی کرلی۔ گولی مارنے کے واسطے اس مکان اور باغ وغیرہ کی دیوارون مین موزون سوراخ بنے ہوئے تھے۔ اور باغ مین مچان بنا دیئے گئے تھے کہ فوج اوسپر سے نشان اندازی کرسکے۔ اس مقام کی محافظت کے واسطے ڈیڑہ ہزار آدمی زیر کمانڈ سر جان بنگ متعین تھے جنہون نے دو تین ماتحت عہدہ دارون کی سپردگی مین اپنی فوج کو

جابجا تعینات کردیا - یہہ مختصر گروہ تہا جسکے مقابلے مین نپولین نے اپنا پہلا پرزور حملہ کیا -
ساڑہے گیارہ بجے نپولین نے قلب افواج متفقہ پر ۱۲۰ توپون سے گولے برسانے
شروع کئے اور تین ڈویژن منجملہ افواج فرانس وادی سے عبور کرکے ہوگومنٹ
کی طرف بڑہ آئے اور بجائے توپون کے جب بندوقون کی تڑتڑاہٹ سنائی دی تو سمجھا گیا
کہ اس عظیم حملہ کا دور آخر دست بدست لڑائی پر ہوگیا انیگلو ڈچ (انگریز اور ڈچ) فوج کو بہت
جلد باغ اور جنگل سے بہاگنا پڑا - مگر انگریز اپنے اجڑے اور ویران شدہ دیوار سے گھٹنون لپٹے
ہی رہے - اگرچہ ان مین بہت کثرت سے آماجگاہ بندوق ہوتے رہے اور جو رسالہ عبور کرآیا تہا
اوسکے کالم کے کالم جلتی ہوئی دیوار کی طرف اور بڑہتے جاتے تھے اور دمبدم زور اور کمک
پھونکنی رہتی تہی اور فرنچ جوان حملہ آور جو محافظون سے کسی طرح کم جری نہ تھے حملے پر حملہ
کرتے رہے مگر کچھ پیش نہ گئی - ایک مرتبہ فرنچ جوانون نے اوس پہاٹک کو جو اس محصور
مکان کا راستہ اور اصل دروازہ تہا توڑ ڈالا اور مکان کے اندر "شہنشاہ کی عمر دراز" کہتے
ہوئے داخل ہوے - مگر قوی دل انگریز جو حملہ آورون سے زیادہ زبردست کرچ اور
بندوق کی لڑائی مین مضبوط اور بہاری تھے نکل پڑے اور بڑی جوانمردی سے
حملہ آورون کو مکان باہر کرکے پہر پہاٹک بند کرلیا - بعد تھوڑی دیر کے اس خراب
نتیجے سے مطلع اور جھنجلا کر نپولین نے ایکبارگی توپون کا منہ بخط مستقیم ہوگومنٹ
پر کھولدیا - سوکھی گھانس کا ایک بڑا ڈہیر لگا تہا جس مین فوراً آگ لگ گئی اور شعلے بلند ہوئے

اور عمارتون کو بھی اگ لگ گئی - یہہ محصورین جو اِس مکان مین اتک حملہ آورون کی وجہ سے نہایت تنگ ہو رہے تھے - اب دوسرے اور نہایت سخت آفت کا سامنا ہوا مگر مجبوراً اعلا وہ مصائب سابقہ کے شعلون کی تابش اور دہوئین کی تکلیف برداشت کرنی پڑی اور اوپر سے گولے برسنے شروع ہوئے - مگر اون کی بہادری ایسی تھی کہ اِن خارجی دباؤن سے موثر نہین ہوسکتی تھی - موت کا بازار گرم تہا جس محصورین کی تعداد تو آناً فاناً کم ہوتی گئی مگر کسی جنگی کارروائی سے اون کی بہادری اور مستقل مزاجی مین فرق نہین آیا - چنانچہ ایک طرف تو اون کے بدنون سے خون جاری تہا اور دوسرے جانب تیغ زنی اور تفنگ بازی مین مصروف تھے -

فریقین کو وقتاً فوقتاً تمام سہپر کو کمک بھیجتی رہی اور درآن حالیکہ دوسرے جگہہ نہایت سختی سے جنگ ہورہی تھی مگر ہوگومنٹ مین تو آٹھہ بجے رات تک بند ہی نہین ہوئے بعد آٹھہ بجنے کے یہان اور دوسرے جگہہ آج کی لڑائی کا خاتمہ ہوا - مگر حالت مین بالکل فرق نہین ہوا - چنانچہ سخت سخت حملے اون دیوارون پر اور اونکے ترکی بہ ترکی جوابات برابر رات تک ہوتے رہے - یہان تک کہ فریق حملہ آور نے محافظین کی تعداد کو بہت گھٹا دیے لیکن بالکل کامیاب بھی نہ ہوسکے اور اِسی حالت مین انہین چھوڑ کر واپس گئے - اِس جنگ مین ولنگٹن کے آٹھہ سو سے زیادہ آدمی مجروح یا مقتول ہوئے اور نپولین کے چار ہزار آدمی - اِس ڈفنس کی جو زیادہ وقعت کی جاتی ہے اوسکا

ثبوت لارڈ وڈلی کے خط سے ملتا ہے جسمین لکھا ہے کہ بلجیین کے کسانون کے باغ کی یہہ دیوار یورپ کے محافظ اور پشت پناہ تھی اور غالبًا بنی نوع انسان کی خوش قسمتی کا یہہ نتیجہ ہے کہ اس مکان پر اس طرح قبضہ کیا گیا۔

دوسرا حملہ

لا ہے سنٹ

لاہی سنٹ کوئی مستقل مقام بجاے خود نہین ہے بلکہ وہ ایک مزرعہ ماؤنٹ سنٹ جان سے ۲۷۵ گز کے فاصلے سے واقع ہے۔ یہہ مقام بروسلس کی سڑک سے مغرب کی جانب اوسکے متصل ہے۔ اس مین چند اینٹون کے مکانات اور باغ اور جھاڑی مثل مقام مسبوق الذکر کے واقع ہے۔ مکانات کی مشرقی دیوار دو سو فیٹ لمبی شمالی حصے تک چلی گئی ہے تاکہ اوس سے متصلہ پائین باغ کی حفاظت ہو جسکے اطراف مین جھاڑی لگی ہوئی تھی۔ اگرچہ یہہ مقام ہوگومنٹ سے بہت چھوٹا ہے مگر پایۂ تخت کی سڑک اور ولنگٹن کے صدر مقام سے نزدیک ہونے سے اس کی قیمت کچھہ تھی۔ چنانچہ ولنگٹن نے اس مقام پر ۱۷ تاریخ کی شب کو قبضہ کر لیا تھا کرنل بیرنگ نے چار سو آدمیون سے مکانات پر قبضہ کئے اور تھوڑی دور شمال کی جانب ہٹکر جھاڑیون کے پیچھے اور سڑک کی مشرق جانب بکٹن کے آدمی تیار پڑے ہوئے تھے اور سڑک کی مغرب جانب ایک دوسرا ڈویژن زیر کمان ڈالٹن مستعد تھا۔

نپولین جنگ آزما نے ڈیرہ بجے اس مقام پر حملہ شروع کیا۔ آج کا حملہ محاربہ عظیم ہے کیونکہ نپولین نے یہہ تجویز کی کہ انگریزی افواج کے قلب پر حملہ کر کے اوسکو دو پارہ کر دین یعنے ولنگٹن اور بلوچر کے سلسلے کو منقطع کر کے متحدہ قوت توڑ دین اور ولنگٹن کی فوج کو سڑک سے پچہم کیطرف ہٹا کر پیچھے کی قطارون کو کاٹ دین۔ اوسکی یہہ تجویز اوسکی تیاری اور ارادے کے موافق تھی پچیس ہزار فوج جس مین کلرمین کے سوارون کا ایک دستہ شریک تھا زیر کمانڈ کونٹ ڈی آرلن اس حملے کے لئے منتخب کیگئی۔ اور جسوقت کہ ہوگومنٹ مین لڑائی ہورہی تھی اس جنگی ممتاز جماعت نے وادی مین ۷۴ توپین لاکر لاہی سنٹ سے صرف ڈہائی سو گز کے فاصلے سے جما دین اور وقت مذکورۂ بالا پر پکٹن کی فوج اور متصلہ مکانات پر بڑے زور شور سے گولہ باری شروع کر دی۔ اور ان سخت توپون کی مار کے ساتہہ ہی ساتہہ ڈی آرلن کے پیدل سپاہی کالم در کالم حملے کے لئے آگے بڑہے۔ اور ہر کالم سے قلیل الوزن جوانون کا ایک حصہ علیحدہ ہوکر ۱۲ سو گز تک لاہی سنٹ سے جانب شرق پہیل گئے۔ اور بآواز بلند شہنشاہ کی عمر دراز کہتے ہوئے اکٹھے ہوکر دست بدست لڑائی کے لئے حملہ کیا۔ بندوقون کی جانبین سے اسقدر تڑاتڑ ہورہی تھی کہ لڑنے والون کی صدائے بلند کچہہ بہی نہ سنائی دیتی تھی۔ جنرل نے جو ہوگومنٹ سے ایک بریگیڈ لایا تہا اوسنے بیرنگ کے دستہ فوج پر لاہی سنٹ مین حملہ کیا۔ اور اسقدر

گولیون کی بارش کی کہ بیرنگ کے آدمی اپنے کشتون اور زخمیون کو چھوڑ چھاڑ باغ سے بھاگ گئے۔

مگر بیرنگ کے آدمی پورانے جنگ آزما تھے۔ ان لوگون نے ولنگٹن کی ماتحتی مین جنگ پنٹشولا ناموری کے ساتھہ کی تھی۔ بہر حال جب یہہ باغ سے نکال دیئے گئے جس طرح ان کے ساتی گذشتہ جنگ ہوگومنٹ سے بھگا دیے گئے تھے تو یہہ مکانات کے اندر گھس آئے اور جلدی جلدی دروازون اور دوسرے آمدورفت کے راستون کو پتھر دے کے بند کرکے اپنے تئین محفوظ کرلیا۔ اوپر سے اس قدر گولیان برسائین کہ ان کے دشمن انہین وہان سے نکال نہ سکے۔ اور جب فریخ نے دیکھا کہ اس مکان سے یہہ لوگ بالفعل نکل نہین سکتے تو ایک حصہ فوج کو تو ان کے مقابلے مین سرگرم چھوڑ کر باقی زبردست حصے کو لیکر مانٹ سنٹ جین کی پشت کی طرف سے حملہ آور ہوئے۔ اس موقع نازک پر ڈچ اور بلجین کے متفقہ بریگیڈ زیر کمانڈ بائی لینڈ بکٹن کے فوج کے حصہ یسار کے آگے تعینات تھا۔ اس بریگیڈ پر جون ہی فریخ کی آگ برسنی شروع ہوئی اوس سے گھبرا کر اور فرانسیسیون کو فتحیاب صورت مین آگے اور اپنے سے بہت قریب ہوتے ہوئے دیکھکر ایسا مضطرب الحال ہوا کہ بڑی بدحواسی کے ساتھہ پہاڑون مین بھاگ گیا۔ مجبوراً اکپٹن کی فوج سے مقابلہ ہوا جسکو ایک دو دن پہلے کواٹر براس مین بہت نقصان ہوچکا تھا۔ اور آج ۷ ۴ ۳ ۱ آدمیون نے

به مقابله فرنچ جنکی تعداد تیس ہزار تہی جنگ کا سامنا ہوا - مگر یہہ گروہ ایسے اہم وقت
پر کام آنے والا تہا - کیون کہ پہلی کی جنگون مین یعنے پننسولا مین اس حصہ فوج
نے ناموری حاصل کی تہی اور اب اوسی حصہ ناموری کو اور توسیع دینا منظور ہے
جب پکٹن نے دیکھا کہ فرنچ آگے بڑہتے آتے ہین تو اسنے اپنے کل آدمیون
کو جہاڑیون اور غلون کے کہیت مین چھپا لیا اور جب فرنچ بڑہتے بڑہتے
۳۰ گز کے فاصلے پر آرہے تو یکایک آتشباری کردی فرنچ اس ناگہانی حملے
سے مجروح ہوکر اور جہاڑیون سے راہ گذر نہ دیکھکر مشرق کی جانب بڑہے پکٹن نے
موقع مناسب دیکھکر گھوڑے پر سوار ہوکر چلایا کہ ایک اور بارہ مارو اور پہر حملہ کرو
کرو - چنانچہ ایک باڑہ اور مارکر اور جہاڑیون سے ہوکر گرج سے نکل گیا - پانچ منٹ مین
فرنچ پسپا ہوے - اور فتح بالکل یقینی تہی کہ ایک تازہ مصیبت آپڑی ڈچ اور
بلجین کی متفقہ فوج کے فرار ہونے سے بہت وسیع راستہ کہلگیا تہا - اسی راستے
سے فرنچ کی فوج کا ایک حصہ پیدل ولنگٹن کی قلب فوج پر آگہسا - چنانچہ جسوقت
پکٹن جہاڑیون سے اپنے آدمی کو لیجا رہا تہا فرنچ کی ایک گولی اسکی پیشانی پر
ایسی کاری لگی کہ وہین ٹھنڈا ہوگیا - اوسکی فوج بھی فرانسیسیون کے متواتر اور
پے درپے مسلسل حملون سے پریشان ہوگئی تھی - اور فتحیابی کے ساتھ فرنچ
اون کی قطارون مین برابر چلے آرہے تھے اور پکٹن کی لاوارث فوج بطور خود

ایسے نازک موقع پر کوئی صف بندی اطمینان سے جنگ کے قابل نکر سکتی تھی
یہہ حالت ایسی ہو رہی تھی کہ جنگ کا فیصلہ مشتبہ ہو رہا تہا۔ مگر ولینگٹن یہہ تمام
کارروائی دور پہاڑی پر سے بیٹھا ہوا دیکہہ رہا تہا۔ اوسنے دیکھا کہ فرنچ بڑہ
رہے ہین اور اوسکا قلب بہت خطرناک حالت مین پھونچگیا ہے۔ چنانچہ گھوڑے
پر سوار ہوکر اپنی ریزرو فوج کو جو اس وقت قابل جنگ و مستعد تھی حملہ کرنے کا حکم دیا
اس محفوظ (رزرو ڈ) فوج کے کمانڈر لارڈ اکسبرج ۔ لارڈ سومرسٹ
اور ولیم پونسنبی تھے۔ لارڈ اکسبرج کو افضلیت دی گئی۔ اور وہ تمام
محفوظ فوج لیکر بعجلت تمام آگے بڑہے اور لڑائی شروع ہوگئی۔ یہہ موقع محض شمشیر زنی
کا تہا۔ تلوارین چہارون طرف چمک رہی تہین دست بدست لڑائی ہو رہی تھی۔ آدمی
آدمی سے۔ گھوڑا گھوڑے سے مقابل تہا۔ اور سپاہی او رافسر مین کوئی تمیز باقی نہ رہی
تھی۔ فرنچ سوارون کے پاس لمبی لمبی تلوارین تہین جنسے اون کو بڑا فائدہ اس موقع
پر ہوا۔ وہ دوسرون پر وار کرتے مگر اون کی آنچ اپنے اوپر نہ آنے دیتے
اسکے سوا فولادی زرہ پہنے ہوئے تھے۔ مگر انگریز دشمنون کی صف مین گھس
گئے۔ اگرچہ کسیقدر زخمی بھی ہوتے رہے مگر اپنے قوی الجثہ گھوڑون اور آدمیون
سے فائدہ اوٹھایا۔ اس خون ریز اور سخت لڑائی کا خاتمہ جلد ہو گیا۔ دیر تک قیام
نہین رہا۔ آج جس قدر دست بدست لڑائیان ہوئین معہ اس لڑائی کے سب مین

انگریزون کو فتح حاصل ہوئی فرنچ سوارون کے پیر اکھڑ گئے۔ اور پہاڑی کے نیچے اوتر گئے جہان سے وہ قبل جنگ بڑے اطمینان کے ساتھہ چڑہے تھے۔ مشرق کی جانب ایک تہہ آب سڑک تھی جس کا علم فرنچ کو پہلے سے نہ تہا۔ جب اسکو عبور کرنے لگے تو اون کی فوج منتشر ہوگئی اور اس حالت مین سومرسٹ مذکورہ بالا کی فوج سے ایک ایسی جھپٹ ہوگئی کہ اس مین بھی فرنچ کا بہت نقصان ہوا۔

اسیوقت پونسنبی کے سوارون کو ایک دستہ فوج پیدل سے سخت مقابلہ ہوا جو کرچون سے مسلح تہا۔ مگر ادہر یہہ سوارون کا گروہ بھی ترکی بہ ترکی جواب دینے کے لئے آمادہ تہا فرنچ فوج نے ایک مرتبہ جو گولیون کی بارش کی تو ایک بارگی بہت سے گھوڑے بے سوار نظر آنے لگے۔ مگر بقیۃ السیف حملہ کنان دشمنون مین گہس گئے اور مارتے پیٹتے خون آلود دشمنون کو پہاڑی کے نیچے کر دیا۔ اور لاہی سنٹ کے آگے تک فرنچ مفرورون کا تعاقب کیا۔ اور فرنچ کی توپ خانے پر جا گرے اور گولہ اندازون کو تہہ تیغ کرہی رہے تھے کہ ناگہان ایک پہلو سے فرنچ زرہ پوش سوار نیزہ ہاتھون مین لئے ہوئے آپڑے کہ انگریزون کو بہت نقصان کے ساتھہ اپنی لین مین واپس بھاگ جانا پڑا جن مین بہادر جنرل پونسنبی اور کرنل ہملٹن بھی تھے۔

نپولین کا دوسرا حملہ پورے ایک گھنٹے تک رہا۔ مگر اس حصے مین دونون طرف سے خون کے دریا بہہ گئے۔ لیکن ساڑھے تین بجے اس حملے کا ناکامیابی کے ساتھہ

خاتمہ ہوا۔

تیسرا حملہ

قلب فوج انگریزی

لا ہے سنٹ کا فتح ہونا

اگرچہ نپولین کو متواتر دو حملوں مین ناکامی ہوئی مگر وہ کسیطرح دل شکستہ نہین ہوا۔ اور تازہ بتازہ ہمت و جراءت کے ساتھ اوسنے تیسرا حملہ قلب فوج انگریزی پر کیا۔ اور یہہ ارادہ کیا کہ مانٹ سنٹ جین کی پہاڑی گولہ باری سے زمین دوز کر دیجائے۔ اوسنے جنرل پائر کو جو پرنس جرومی کی ماتحتی مین تھا حکم دیا کہ ہوگومنٹ کے باغ اور مکان پر گولہ باری کرے جس سے یہہ مقصود تھا کہ انگریزی فوج کے حصہ میمنہ کو صدمہ پہونچایا جائے اور جب ولنگٹن اوسکے بچانے کو قلب لشکر سے مدد بھیجے گا تو قلب کمزور ہو جائے گا اور اوسپر حملہ کیا جائے گا۔ چنانچہ گولہ باری ہوتے ہی ہوگومنٹ کے مکانات وغیرہ مین آگ لگ گئی جس سے علاوہ مکانات کے وہ زخمی سپاہی جو ماسبق کی لڑائیون مین بیکار ہوکر اس مقام مین بنظر حفاظت و علاج لائے گئے تھے جلکر خاکستر ہو گئے۔ مگران واقعات سے بھی محصورین دل شکستہ نہین ہوئے۔ ڈیوک آف ولنگٹن نپولین کی ان چالون سے دہوکے مین نہین آیا۔ صرف جنرل گرینفسٹ کے تحت مین ایک دستہ سوارون کا فرنچ کی نقل و حرکت دیکھنے کے لئے بھیجدیا تھا۔

اسوقت جبکہ بقول ڈیوک ۲ بجے تھے اور بقول نپولین ۳ بجنے کا وقت تھا نپولین نے دو دستہ فوج کے اس غرض سے بھیجے کہ لاہی سنٹ پر جو اب تک ناقابل تسخیر سمجھا جاتا تھا حملہ کرکے لے لین - یہہ لوگ چیدہ اور بڑے بہادر تھے - ہاتھون مین تبر لئے ہوئے اس بڑے دروازے کو توڑنے لگے جو چار لرائی کسٹر پر واقع تھا - اور انہین کے ساتھیون مین سے دوسرون نے پشت کے دروازے پر حملہ کیا - مگر محصورین نے جی توڑکر اس قدر گولیان برسائین کہ یہہ لوگ واپس ہوکر باغ مین محصورین کی زد سے دور نکل گئے - مگر پہر از سر نو حملہ شروع کیا - پہر دوسری مرتبہ یہہ لوگ بھگا دیے گئے اور پہر ادہر سے حملہ ہوا - اور آتش باری ثانی ہوئی - لیکن جرمنی بہادرون نے ہر مرتبہ آگ بجہا دی - میجر بیرنگ کو دو مرتبہ کمک بہونچائی گئی مگر انکے تحت کے آدمی جلد جلد لقمۂ اجل ہوتے جاتے تھے اور ہر حملے مین انکے گولہ بارورت مین کمی آتی گئی - اور آیندہ کی امداد فرنچ سوارون نے روک دی -

جون ہی انگریزون کی طرف سے آتشباری مین سستی نظر آئی فرنچ کی آگ بڑہ گئی - وہ دروازہ توڑکر اندر گہس آئے اور چہت پر چڑہکر محصورین پر نہایت سخت گولیون کی بارش کی - ایک جانب تو فوج کی کمک بند ہوگئی دوسرے جانب حملہ آورون کی تعداد بہ مقابلہ محصورین کے بدرجہا زیادہ ہوئی لطف یہہ کہ گولہ بارورت وغیرہ بہی خرچ ہوگیا تہا نتیجہ یہہ ہوا کہ تاب مقابلہ نہ لاسکے فرنچ فتح کی صدا بلند کرتے ہوئے پہاٹکون اور دروازون کو گرا دیا - اور گولیون یا برچہیون سے محصورین کا ایک ایک کرکے تسکار کیا - صرف چند جرمنی دیوارون

پر جُڑ ہکر گیہون کے کھیتون مین سے بہاگ کر جان بر ہوئے ۔ فرنچ کو بہت بڑی خونریزی کے بعد عظیم کامیابی بہی ہوئی ۔

چوتہا حملہ

سوارون کا سخت حملہ

چونکہ گذشتہ حملہ مین انگریزی فوج پیدل نے سختی سے مقابلہ کیا تہا اسلئے جوش مین آنکر نپولین نے ارادہ کیا کہ سوارون کے عظیم الشان حملے سے مانٹ سنٹ جان پر قبضہ کرلینا چاہئے ۔ چنانچہ بارہ ہزار چیدہ سوار جو ایسے عمدہ سلاح جنگ سے مسلح اور اس قدر زیادہ تعداد مین تہے کہ پچہلے زمانہ یورپ مین ایسے سوارون سے کسی نے حملہ نہین کیا ۔ اور یہہ کل فوج آتش مزاج مارشل نے کی تفویض ہوے آدہے گہنٹے تک تو یہہ دستہ سواران برابر بڑہتا گیا مگر ٹہیک چار بجے فریق ثانی کی طرف سے ایک ایسے سخت گولون کی بارش ہوئی کہ یہہ بڑہتا ہوا کالم چند ان منتشر ہوگیا ۔

لاہی سنٹ سے ہوگومنٹ تک سوارون کی ٹوپیون کے پر (ٹوپیون پر پرون کا طرہ تہا) ہوامین اڑ رہے تہے گویا طرون کا ایک دریا بڑے لطف کے ساتہ لہرین مار رہا ہے ۔ اور لمبی لمبی چمکتی ہوئی تلوارین جو ہاتہون سے بلند کئے ہوئے تہے ۔ لطافت کے ساتہ اپنا جلوہ دکہلا رہی تہین ۔ یہہ مسلح و مہذب سوارون کا گروہ سیدہے قلب فوج انگریزی کی طرف بڑہ رہا تہا اور نے کا پرشان دستہ سواران

سے حملے کے لئے آگے جارہا تھا۔

رفتہ رفتہ آگے بڑہکر اس حملہ آور سوارون کی رفتارین تیزی ہوئی۔ اور جب پہاڑی کے قریب پہونچے تو گیلپ (چہاترک) بہگاتے ہوئے لاٹ یڈ اور کلیو کے توپ خانون پر ٹوٹ پڑے جنکے توپ خانون سے پہلے ہی سے جبکہ وہ بڑہ رہے تھے گولہ باری ہو رہی تہی۔ مگر فریخ اس سے کچہ زیادہ متاثر نہ ہوئے۔ اور کل بارہ توپین چہین لین اور صدائے فتحمندی بلند کرتے ہوئے فرنچ فوج بڑے ہی زور شور سے انگریزی امدادی فوج پر بجلی کی طرح ٹوٹ پڑے مگر ولنگٹن کی فوج بہی آمادہ اور مستعد کارزار تہی۔ چنانچہ بعجلت ممکنہ اسکی فوج کے تین حلقے[ل] (ہالو اسکوئر) قایم کئے گئے اور افسران حلقون کے اندر تھے۔ ادہر جنرل نے کے سوارون کا یہہ حال تہا کہ حملہ ہر چیز پر کرتے تھے مگر ڈرتے کسی سے بہی نہ تھے۔ ان لوگون نے بے تحاشا حلقون پر حملہ کیا جو چارون طرف سے آتشباری کر رہے تھے اور پستولون (تپنچہ) سے حملہ کرنے کے بعد تلوارون سے بڑی خونریزی کے ساتہہ ان لوگون کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ یہہ دن ہٹ کے عید کا دن تہا یعنے بلا امتیاز افسر و سپاہی لوگ تہہ تیغ بے دریغ ہو رہے تھے۔ ہر سکنڈ مین بیسون آدمی جانبین سے ضایع ہوتے تھے مگر جوان پیدل بہت دلیری سے مستقل کھڑے رہے

[ل] فوجی قواعد کی اصطلاح کے بموجب پیدل فوج سوارون کی حملے کے وقت حلقہ باندہ لیتے ہین جسکو قلعہ فوجی بہی کہتے ہین۔ قلعہ یا حلقہ سوارون کے حملے سے کہین نہین ٹوٹتا بلکہ حملہ آور بالضرور قتل مارے جاتے ہین۔ حسن

اگرچہ فرنچ سواران روشن حلقون کے گرد اور بعض مرتبہ حلقون کے درمیان مین گھس گھس
دشمنون کا شکار کرتے رہے مگر اوسوقت ان لوگون نے بھی دل مین یہی ٹھان لیا تھا کہ
اپنے دشمنون مین مرجانا ہی بہتر ہے۔ انسانی جرات اور استقلال کی بھی کوئی حد ہوتی
ہے۔ چنانچہ فرنچ جلد منتشر ہو کر پیر اکھاڑ دیے تاہم تین مرتبہ جنرل نے نے اپنے
سوارون کو اکھٹا اور درست کر کے اور کمک بہم پہونچا کر انگریزے حلقون پر حملہ کیا۔ اور تینون
مرتبہ ولنگٹن نے اپنی مضبوط بٹالین سے اس عظیم الشان حملون کو اسطرح روکا جسطرح بحر
مواج کے طوفان خیز موجین کسی ساحلی پہاڑی سے ٹکر کھاتی ہین۔ یہان تک کے ساڑھے
پانچ بجے شام کو ان قیامت نما جنگی موجون کا زور ٹوٹا اور فرنچ سواران حلقون
کو نیم مردہ آغوش موت مین چھوڑ کر چلے گئے۔

اگرچہ اس خون ریز حملے کی نسبت فرنچ کا بیان خلاف مین بہت مبالغہ آمیز ہے مگر
اس مین کوئی شک نہین ہے کہ اس حملے مین کوئی انگریزے حلقہ کلیتاً تباہ و نیست و نابود
نہین ہوا تھا۔ چوتھا حملہ اسطرح بالآخر ناکامی کے ساتھہ ختم ہوا۔

اس کل حملے کی مدت مین فرنچ کے متفرق گروہ ولنگٹن کے تمام
فوجی لائن پر جو ہوگومنٹ سے پیپ لاٹ تک پھیلی ہوئی تھی برابر
حملہ کرتے رہے۔ اور اگرچہ ان متفرق حملون سے ولنگٹن کی فوج کو جو بہت
کمزور ہو گئی تھی بہت بڑا خطرہ تھا مگر چونکہ یہہ حملے خود ترتیب کے ساتھہ نہ تھے اسلئے

اون کا تفصیلی تذکرہ اِس موقع پر چندان ضرور نہین ہے۔

آخری حملہ

پچہلے حملے مین انگریزے توپ خانے کا بڑا حصہ بیکار ہوگیا تہا اور لڑنے والے بہی اِس درجہ کم ہو گئے تھے کہ ہر طرف خوف چہایا ہوا تہا۔ اور غالب ہے کہ اگر فرنچ کی طرف سے ایک حملہ اور ہوا ہوتا تو سب باتون کا فیصلہ ہوگیا تہا۔ جنرل سے نے اپنے کل جنگی آدمیون کو جمع کیا لیکن نپولین نے چند پیدل اور رسالے تاکہ جی توڑ کر آخری حملہ کرین مگر بدقسمتی سے نپولین فوراً اوسکی خواہش کی تعمیل نہ کرسکا۔ شام کو چہہ بجے جرمنی فوج کا ایک حصہ جو بلو نامی جنرل کے زیر حکم تہا میدان کارزار مین نمود ہوا۔ اور نپولین کے حصہ میمنہ اور عقب کے جانب بڑہتا ہوا معلوم ہوا۔ یہہ حالت فوراً توجہ طلب معلوم ہونے سے شہنشاہ نپولین نے لباؤ نامی جنرل کے ماتحتی مین دس ہزار آدمیون کو اِس ہدایت کے ساتہہ بہیجا کہ یا تو اس جرمنی فوج کو آگے بڑہنے سے روکو یا جنگ کرکے پسپا کردو۔ چنانچہ نپولین اِس جدید خطرے کا حتے الوسع بند و بست کرکے آخرے حملے کیطرف متوجہ ہوا۔

آج کی یہہ حالت ولنگٹن اور نپولین دونون کے لئے نازک اور خطرناک تہی اور جنگی قوتون کا دونون جانب ایسا مساوی وزن تہا کہ کسی جانب ایک تنکے کی بہی گنجایش نہ تہی۔ اور اسقدر ضعیف تدخلہ یا تجزیہ سے فتح و شکست کسی ایک فریق کی متصور تہی۔

نپولین نے دیکھا کہ جرمنی فوج گروہ در گروہ ساعت بہ ساعت اوسکے حصۂ میمنہ پر بڑہتی جاتی ہے اس لئے اب کوئی موقع تساہلی کا باقی نہیں رہا۔ نارکفت سر پر موجود تہا اوسنے سونچا کہ قبل اسکے کہ جرمنی کی بقیہ فوج میدان مین جمع ہو ولنگٹن کا جلد خاتمہ کرکے میدان جنگ سے اوسے باہر نکال دینا چاہئے۔

سات بجے شام کو جب کہ کسیقدر شام کی تاریکی چھا گئی تھی۔ نپولین نے کل جنگ آزمودہ فوج کے ساتھ عام حملے کا حکم دیا اور ساتھ ہی ساتھ اپنے بے بہا امپیریل گارڈ کو بھی جھونک دیا۔ نے اس حملے کا سرگروہ تہا اور اس مین کچھ شک نہین کہ اس شہنشاہی کے آخری وقت مین جس بہادری اور دلدہی سے یہہ لوگ لڑے اس سے اون کی اگلی فتحمندیون کا ایک ثبوت ملتا ہے۔ لیکن قضا و قدر نے اون کا اور اون کی اعلے حکمران کا فیصلہ کر دیا تہا قسمت نے اونکو جواب دے دیا تہا۔

چنانچہ جب کہ فرنچ اس مہلک پہاڑے پر حملہ کنان چڑہ رہے تھے تو دوسرے جانب سے بڑی سخت توپون کی مار ہوئی۔ اور یہہ لوگ بڑی بہادری اور مستقل مزاجی سے اون موت کے پیامون کو قبول کرتے رہے۔ ایک آخری حملہ پیپر کے توپ خانے سے اس شدت کا ہوا کہ سرگروہ کا خاتمہ ہو گیا مگر تاہم وہ لوگ آگے بڑہتے ہی گئے اور رفتہ رفتہ توپون پر چھاپا مارا اور لیلیا معلوم ہوتا تہا کہ لڑائی کا نتیجہ انہین حملہ آورون کے حق مین مفید ہوا فرنچ تیغ آزماؤن نے کسی دشمن کو اپنے روبرو قائم نہ پایا۔۔

مگر تھوڑی دور پر چند سوار نظر آئے۔ ان مین سے ایک ولنگٹن تھا جسکے زیر کمانڈ پیدل فوج انگریزی غلے کے لمبے لمبے پودھون مین پوشیدہ تھی اور جبکہ فرنچ اپنی گرچون کو گراتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے تو ایکبارگی ولنگٹن جو آہنی کھلاتا تھا چلا یا۔ اپ گاردز اینڈ ایٹ دِم یعنے اوٹھو اور اپنر حملہ کرو۔ یہہ سنتے ہی یہہ مخفی گروہ جو گویا زمین کے اندر چھپا ہوا تھا اچھل پڑا اور ایک ایسا سخت حملہ گولیون کا کیا کہ تین سو آدمی ایک ہی وہلہ مین کھیت ہے اور بعدہ کرچ لیکر ٹوٹ پڑے نپولین کے پرانے سپاہی بھی بڑی بہادری سے تھوڑی دیر تک لڑتے رہے مگر انگریزون کے روبرو کچھہ نہ چلی۔ اور بالآخر اِس بریگیڈ سے بشاکت ایک دوسرے بریگیڈ کے فرنچ کو شکست ملی۔ اور اسیطرح سے اِس فوج کا ایک دہسرا کالم دوسرے جگہہ جو اِس جنگ گاہ سے قریب تھا پسپا ہوا۔ اور جب انگریزی توپخانون کی بدولت فرنچ کا بہت کچھہ نقصان ہو چکا تو بقیۃ السیف پہاڑی کی چوٹی پر جا پہونچے مگر بدقسمتی سے وہان بھی شکست اور ہلاکت کے سوا اور کچھہ نہ ملا۔ امپیریل گارڈز (فوج شاہی محافظ) کی شکست سے تمام فرنچ فوج مین بے دلی اور ہزیمت کے آثار پیدا ہو گئے اور چند لمحون کے بعد نقصان کے ساتھہ واپسی اختیار کی۔ خود نپولین نے اپنے چند اولڈ گارڈ کو وادی متصلہ مین جمع کر کے باقاعدہ مخالف فوج کے فتوحات کو روکنا چاہا۔ مگر ایسے وقت مین کچھہ مفید نہ ہوا۔ جرمنیون نے لوباؤ کی ڈویژن کو شکست کر دیا۔ اور ولنگٹن نے عام حملے کا حکم دیا جسکا نتیجہ یہہ ہوا کہ میدان جنگجو جوانون سے صاف ہو گیا اور کشتون کے

پسپتے لگ گئے اور رات کو دس بجے ولنگٹن اور بلوچر نے ایک دوسرے سے جوش مسرت کے ساتھہ ہاتھہ ملائے باہم فتح وظفر کی مبارکبادیاں ہوئین ۔

نپولین کا نیر اقبال انق ہزیمت مین غروب ہوگیا ۔ اوسکی فوج جرنیلون کے سخت تعاقب سے صبح ہوتے ہوتے نیست و نابود ہوگئی ۔ اور نپولین شہنشاہ بے فوج کا کیا حال ہوا ۔ وہ لاچار خوف زدہ اور گرفتار ہوکر جزیرہ سنٹ ہلینا مین مقید کرکے بھیجدیا گیا ۔ یہان تک کہ اسی جزیرے مین اوسکا خاتمہ ہوگیا ۔

نقصانات افواج متفقہ کا نقصان بشمول مجروح و مقتول و مفرور ۲۲۲۲۸ آدمی ہے اس مین خاصکر انگریزی فوج کے امتیاز کی یہہ بات ہے کہ بدرجہ اوسط ہر چار آدمیون مین سے ایک آدمی یعنے چہارم حصہ میدان کارزار مین کام آگیا ۔ افواج فرانس کا جو نقصان ہوا اوسکی تنقیح صحت کے ساتھہ کبھی نہین ہوئی ۔ متوسط اندازہ مقتول اور مجروح اور قیدیون کا تیس ہزار تک ہے ۔ ان کی کل توپین بھی ضایع ہوئین ۔ افواج موجودہ جنگ کی پوری فہرست درج ذیل ہے ۔

افواج نپولین

نپولین کا امپیریل گارڈ (شاہی محافظ فوج)	۲۱ ہزار آدمی		۹۶ توپ
پہلی فوج پیدل زیر کمانڈ ڈی آرلن	۲۰	״ ״	۴۶ ״
دوسری ״ ״ ریلی	۲۴	״ ״	۴۶ ״

تیسرے فوج پیدل زیر کمانڈ وانڈامی	۱۹	ہزار	آدمی	۳۸	توپ
چوتھے ؍؍ ؍؍ جرارڈ	۱۶	؍؍	؍؍	۳۸	؍؍
پانچویں ؍؍ ؍؍ لوباؤ	۱۰ ہزار پانسو			۳۲	؍؍
	۱۱۵۰۰	؍؍	؍؍	۲۹۶	؍؍

محفوظ فوج سواران

پہلی فوج زیر حکم لفٹنٹ جنرل پجول	۳۰۰۰	ہزار	آدمی	۱۲	توپ
دوسرے ؍؍ ؍؍ اکسلمین	۳۲۰۰	؍؍	؍؍	۱۲	؍؍
تیسرے ؍؍ ؍؍ کلرمین	۲۶۰۰	؍؍	؍؍	۱۲	؍؍
چوتھے ؍؍ ؍؍ ملہاد	۳۵۰۰	؍؍	؍؍	۱۲	؍؍
	۱۲۳۰۰	؍؍	؍؍	۳۴۴	؍؍
انجنیر	۳۵۰۰				
	۱۲۷۳۰۰	؍؍	؍؍	۳۴۴	

افواج ولنگٹن

پہلی فوج زیر حکم پرنس آف آرنج	۲۵	ہزار	آدمی	۴۸	توپ
دوسرے ؍؍ لارڈ ہل	۲۴	؍؍	؍؍	۴۰	؍؍
محفوظ فوج ؍؍ ولنگٹن	۳۸	؍؍	؍؍	۶۴	؍؍

سوار	زیر حکم	ارل آف اکسبرج	۱۴	ہزار پانسو	ادمی	۴۴	توپ
			۱۰۱۵۰۰	،،	آدمی	۱۹۶	توپ
انجنیر اور قلعہ بند			۴۰۰۰				
			۶۰۰۰	،،	آدمی	۱۹۶	توپ

افواج بلوچر تیکسر بالا

پہلی فوج	بماتحتی	جنرل ون زیٹن	۳۱	ہزار	آدمی	۹۶	توپ
دوسرے	،،	،، ون پیرچ	۳۲	،،	،،	۸۰	،،
تیسرے	،،	،، ون سیلیمن	۲۴	،،	،،	۴۸	،،
چوتھے	،،	،، کونٹ بلو	۳۰	،،	،،	۸۸	،،
انجنیر			۷	،،			
			۱۲۴۰۰۰	،،	،،	۳۱۲	توپ
کل فوج جانب انگلشیہ			۲۳۰۰۰۰	،،	،،	۵۰۸	،،

راقم
حسن

مالگذاری کیا چیز ہے

نہایت قدیم زمانے مین جب کہ بادشاہت کا سیان گمان بھی نہ تھا یہان کے راجاؤن اور چھوٹے چھوٹے سردارون وغیرہ کا یہہ دستور تھا کہ اپنے راج یا علاقے کے کاشتکاران آراضی سے ہر ایک مزروعہ کھیت کے پیداوار پر کچھہ حصّہ لیا کرتے تھے۔

ہر قسم کی پیداوار مین جو سرکاری حصہ ہوتا ہے اوسکا تذکرہ سنسکرت کی کتابون مین ہے اسلیئے ہم اس مالگذاری کے بیان کو آریا قوم کے راجایان ہندستان سے شروع کرتے ہین جب آریا قوم کا ایک بڑا حصّہ پنجاب سے گذر گیا۔ اور جمنا اور گنگا کے میدانون مین رہنے لگا تو اونھون نے علم ادب قانون اور فلاسفی کو ہی نہین رونق دی بلکہ تدابیر سلطنت اور مالگذاری کے آئین بھی صاف صاف جاری کردیے جن سے قومی نشو و نما اور جنھون کا اثر بھی اچھی طرح سے دکھائی دیتا ہے۔ چھتری ذات کے لوگون مین سے راجہ ہوا کرتا تھا جسکے ماتحت کچھہ سردار ملک کے حصّون کا انتظام کیا کرتے تھے۔ برہمنون کی ذات مین سے وزیر اور درباری مشیر ہوتے تھے۔ مزروعہ آراضی کی پیداوار مین سے جو

راجہ کو حصہ ملتا تھا وہ ہی خزانے کی آمدنی کا جزو اعظم تھا۔

آریا لوگون سے پہلے ہندوستان مین اور راجہ بھی ایسے گذرے ہین کہ جنھون نے ایک حد تک ملک کا انتظام کیا تھا مگر یہہ ناقص انتظام صرف اس طرح کا تھا جیسا کہ کسی خاندان یا قبیلے کے بزرگ کیا کرتے ہین۔ ان کا حال ہم کو ایسا صاف صاف نہین معلوم ہوتا کہ جس سے مالگذاری یا پیداوار کا کوئی حصہ لینا ثابت ہوتا ہو تا ہم ممالک مشرقی اور ممالک متوسط اور دکن مین کل جنوبی حصہ شامل ہے۔ اور جہان جہان ڈور آور راجہ حکومت کرتے تھے اس بات کا پتہ ملتا ہے کہ حصہ سرکاری مین زر نقد یا حصہ پیداوار کے لینے کی عوض خود آراضی کا ایک حصہ راجہ اپنے قبضے مین رکھتا تھا اور اپنے غلامون کے ذریعے سے کشت کار کروا کے اوسکا محاصل خزانے مین داخل کروانا اسطرح سرکاری زمینون کے آثار ابھی تک کئی جگہہ پائے جاتے ہین۔ بہر تور رفتہ رفتہ آریا لوگون کے قانون کے باعث سے یا کسی اور سبب سے سرکارے حصہ پیداوار سے وصول ہونے لگا البتہ بعض لوگ جیسے پروہت اور قدیمی رہنے والے اور گاؤن کے مکھیا وغیرہ سرکارے مطالبے سے مستثنیٰ ہوا کرتے تھے جو اس زمانے تک دار العام کے نام سے مشہور ہین۔

اس پیداوار کے سرکاری حصے کی ابتدا کچھہ ہی کیون نہ ہو اس مین تو کسی طرح سے شک نہین کہ قدیم زمانے مین اس کا علے العموم دستور ہو گیا تھا۔ منو کے قوانین مین بھی اسکا ذکر اسطرح ہے کہ جیسے کوئی دستور بہت قدیم سے چلا آتا ہو۔ کل پیداوار مین سے لینے خرمن گاہ پر

غلہ کے ڈھیر مین سے چھٹا حصہ سرکار مین لیا جاتا تھا۔ اور لڑائی وغیرہ کی ضرورتون مین یہ حصہ
چوتھائی تک بھی ہو سکتا تھا۔

چونکہ سرکار کو لڑائی کی مدافعت کی وجہ سے خرچ کی ضرورت بڑہتی جاتی تھی۔ اور فتحیاب
تو مین بھی زیادہ مطالبہ کیا کرتی تہین اس سے سرکارے مطالبے کی مقدار روز بروز بڑہتی گئی
اسکے بڑہانے مین بہت سی حکمتین نکالی گئین یعنے بجائے دہاتون کے چانول طلب کیے گئے
جس سے بظاہر حصے کی زیادہ طلبی نہین معلوم ہوئی مگر آخر کار سرکاری حصہ بڑہتے بڑہتے
نصف پیداوار تک پہونچگیا۔ مگر سلاطین مغلیہ نے نہایت دانائی سے مالگذاری کا انتظام
کیا اور اس نصف حصے کو گھٹا کر ایک ثلث کر دیا جو ایک اوسط اور منصفانہ مطالبہ تسلیم کر لیا گیا ہے
ابتدائی زمانے مین اس تجویز مین بڑی سادگی تھی۔ چونکہ سرکاری مطالبہ صرف پیداوار کا
کوئی ایک حصہ ہوتا تھا اسلیئے کاشتکارون کی منفعت کا حساب لگانے مین کوئی پینچ پانچ نہین
پڑتے تھے اور نہ اخراجات اور زمین کی حیثیت اور موسم کی عمدگی اور خرابی کی دریافت کرنیکی
ضرورت ہوتی تھی۔ اہلکاران مالگذاری کو جو کچھ کام کرنا تھا وہ صرف یہ تھا کہ زمین سے
جو کچھ پیدا ہو تھوڑا ہو خواہ بہت خرمن مین ڈھیر لگا دیا گیا سرکاری آدمیون نے اوسکی بٹائی
کرلی۔ جب کبھی قحط کے زمانے مین کچھ پیدا نہ ہوتا تو سرکار کو بھی کچھ وصول نہ ہوتا اور مالگذاری کے
معافی دینے کی کوئی ضرورت ہی نہ پڑتی سرکاری محاصل کا وصول نہ کرنا بھی امداد
سرکاری تھی۔

ہندوستان کی بعض ریاستون مین ٹبائی کا دستور ابھی جاری ہے - بہت سی ہندوستانی ریاستون مین خاصکر پہاڑی ملکون مین جہان ابی تہذیب بہت کم پھیلی ہے سرکار ابتک اپنے مطالبے مین غلہ لیتی ہے - اور بعض انگریزی اضلاع مین بھی (اکثر پنجاب مین) جہان کہ زمین کے مالک زمیندار لوگ ہین ٹبائی ہوا کرتی ہے - یہہ زمیندارون کا لگان جو وہ کاشتکارونسے لیتے ہین وہ ہی ہے جو پہلے سرکار کو ملتا تہا -

جب آبادی زیادہ ہوتی ہے اور زراعت بہت پہیل جاتی ہے تو غلے کا فراہم کرنا دشوار ہوجاتا ہے - ظاہر ہے کہ اگر اچھی طرحسے نگرانی نہ کیجائے تو کسان لوگ غلے کو اکثر اخفا کرتے ہین یا چرالیجاتے ہین - اور جو ملازم کہ غلہ فراہم کرتے ہین وہ بھی سرکار اور نیز کاشتکار دونون کو دغا دیتے ہین - پہلے پہل تو غلہ فراہم کرنیکی اور صورتین نکالی گیئن - غلہ کی ٹبائی خرمن گاہ پر ہونا موقوف کی گئی - کہڑی کھیتی کو کونا یعنے انچنا یا تخمینہ لگایا گیا - اور اس سکوت سے کنکوتی بڑے تجربہ کار ہوگئے - جب کنکوتون یعنے تخمینہ کرنے والون نے اپنی راے دے دی کہ فلان کھیت مین اس قدر غلہ پیدا ہوگا جس مین سے سرکار کا حصہ اس قدر ہے تو جب کھیت کٹا اسوقت وہی کھڑے کھیت پر اندازہ کیا ہوا غلہ کاشتکار سے لیا گیا اور اوس سے کچھہ غرض نہ رہی کہ واقعی غلہ کھیت مین کس قدر پیدا ہوا - اسکے سوا اور بھی طریقے جاری ہوئے تھے جسکا بیان طوالت سے خالی نہین مگر جب کاشتکارون کے درمیان کھیتون کی تقسیم در تقسیم ہوئی تو ان فرضی قیاسات کا

عملدرآمد گھٹنے لگا اور اوسے زمانے مین سکہ بھی روز بروز زیادہ رواج پانے لگا کہ بجائے غلہ لینے کے مطالبہ سرکاری مین زر نقد لیا جاوے۔ چونکہ یہہ تدبیر بہت آسان اور مفید سمجھی گئی آخر کار اندازاً ہر کھیت پر نقد محصول مشخص کر دیا گیا۔ مالگزارے کا یہہ بے بہا قاعدہ اور زر نقد لینے کا طریقہ سلطنت مغلیہ کے زمانے مین آئین اکبرے کے بموجب جاری ہوا اور حتے الامکان ہندوون کا انتظام اونہین قوانین کے بموجب کیا گیا جو یہان ایک عرصۂ دراز سے جاری تھے۔ شہنشاہ اکبر اور اوسکے لایق منشیرون نے سب سے پہلے مالگزاری کے متعلق ہندوونکے دستورات اور بغیر قلمبند کئے ہوئے قاعدون کو ایک قاعدے کے طور پر مرتب کر لیا اور بعد اصلاح و تکمیل کے ضابطہ کے قالب مین ترتیب کیا۔ مالگزارے کا حساب جاری کیا۔ مالگزاری کے کامون کے الفاظ اور اصطلاحین ایجاد کین۔ عہدے مقرر کئے اونکے نئے نئے نام رکھے درحقیقت شہنشاہ اکبر نے اس پارینہ انتظام کو قوانین اسلام کا لباس پہنا کر عالم شہود مین عروس کی طرح تخت زمین پر جلوہ گر کر دیا جس سے ہندوون کے ناتمام قاعدے صفحۂ ہستی سے نسیاً منسیاً ہو گئے اور سلاطین مابعد نے ان قواعد کی یوناً فیوماً اصلاح کر کے اور رونق بڑہا دی اکبر کی سی بڑی سلطنت کے لئے یہہ ضرور تھا کہ صوبجات کی مالی حالت بخوبی معلوم رہے چونکہ کل ذرایع آمدنی مین سے مالگزاری سب سے بڑی رقم تھی اسلئے یہہ لازم ہوا کہ اسکی پیمایش کی جاوے اور جو غلہ کہ ہر قسم کی زمین سے پیدا ہوتا ہے اوسکی جمع تشخیص کرنیکے لئے پیداوار کا اوسط باقاعدہ دریافت کیا جاوے۔ اس لئے اکبر نے کلی آراضی کی

پیمائش کرائی اور پیداوار کے تخمینے بنوائے اور رسید ہا سادا ابتدائی طور پر بندوبست مالگزارے کا قاعدہ جاری کر دیا۔

اکبری قوانین کا پہلا رسالہ شہنشاہ کے ہندو وزیر راجہ ٹوڈرمل کے اہتمام سے (سنہ ۱۵۷۱ء اور بنگالہ میں سنہ ۱۵۸۲ء میں) بنا تھا۔ اس میں بندوبست بٹائی کے ہی طرز پر ہوا تھا مگر کچھ مدت کے بعد اوسکی اصلاح کی گئی اور نقد جمع تشخیص ہوئی۔ نقدی کی شرح اس طرح قرار دی تھی کہ اکبر کی انیس[1] برس کی گذشتہ سلطنت میں غلہ کا بھاؤ جو رہا تھا اوس کا اوسط نکالا گیا۔ اور اس کل پیداوار کی اوسط کا ثلث لیا گیا۔ اور اس حساب سے اوسکی قیمت لگائی گئی اور نیز ایک بیگہ زمین کی پیداوار کا اوسط نکالا گیا۔ اور ہر قسم کی زمین اور مروجہ غلوں کے نرخ مقرر کئے گئے۔ جہاں کہیں کوئی خاص قسم کی جنس ہوتی یا جسکی بٹائی نہیں ہو سکتی تھی یا جہاں اس قسم کی اراضی کی جمع زر نقد میں قدیم سے ہی مقرر تھی اوسکا بھی از سر نو اندازہ کیا گیا۔ اور اس پیداوار کی اوسط دریافت کرنے کے لئے کھیت کے کاٹنے اور اوسکے تولنے سے آزمایش کی گئی۔ اور ہر قسم کی اراضی کی شرح ایسی قرار دی گئی تھی کہ جس سے اچھے اور برے موسموں میں پیداوار کی کمی بیشی سے اعتدال ہو جائے جو زمینیں اچھی تھیں اور وہاں ہمیشہ اچھی پیداوار ہوتی تھی وہاں شرح بڑی رکھی گئی تھی

---

[1] انیس برس کی مدت ایک ایسی مدت سمجھی گئی تھی کہ جس میں معمولی اچھے اور برے موسم آجاتے ہیں۔ اور اس سبب سے یہہ اوسط ہر طرح کے معمولی اچھے اور برے موسموں پر شامل تھا۔

اور جہان پیداوار مشتبہ تھی یا کسی سال پیداوار ہوتی یا کسی سال پیداوار نہ ہوتی جیسا کہ ہمارے ملک دکن مین پل چلکا آرا غیے کا حال ہے وہان کی شرح از زان مشخص کی گئی۔ افسران مالگزاری جو زراعت کے نگرانی کیا کرتے تھے اونہین اختیار دیدیا گیا تھا کہ ایام قحط اور خشک سالی مین جہان کہین مناسب سمجھین وہان زر لگان ایک سالہ معاف کر دین۔ پس اس تمام نیو د وراہ ورسم پر لحاظ رکھہ کے کل ممالک محروسہ کا مطالبہ غلے کے قالب سے نکالکر زر نقد مین مشخص کر دیا گیا اور اس طرح کے تبدل عظیم سے کاشتکارون کی خوشحالی و فارغ البالی مین یوماً فیوماً ترقی ہوتی گئی اکبر نے چونکہ نیا قاعدہ جاری کیا تھا اسلئے ابتداءً بہت کچھ نرمی برتی گئی اور مطالبہ سرکاری کا ادا کرنا کاشتکارون کی مرضی پر چھوڑ دیا گیا اور ہر کاشتکار مجاز کر دیا گیا کہ چاہے وہ غلہ دے چاہے نقد لگان ادا کرے۔

آپ کو تحریر بالا سے معلوم ہوا ہوگا کہ اکبر نے اوس حصے کی عوض جو پیداوار کا ایک ثلث تھا نقدی لینے کا اسطرح قاعدہ جاری کیا تھا جس سے کسی پر بار نہ پڑے اور آہستہ آہستہ اوسکا رواج پڑ جائے۔ مگر بہت سے مقامات پر جہان اکبر کے آئین کا رواج نہ ہوا اور بہت سی ہندوستانی ریاستون مین جو بعد مین قائم ہوئین یہہ قاعدہ غلہ کی بجائے نقد دینے لینے کا جاری نہ رہا۔ ہم یہان اوسکے وجوہات تو بیان نہین کر سکتے کہ کیون ایسا ہوا۔ مگر دیہاتیون کی حالت پر غور کیا گیا جس سے معلوم ہوا کہ وہ اس حیثیت کے زمین اس قدر جوت بو سکتے ہین اور اسطرح سے اون پر اسقدر محصول وغیرہ لگانا مناسب ہے۔ یہہ ہمیشہ قاعدہ ہے

کہ ہر ایک کے پاس کچھہ ہل ہوتے ہین اور ایک ہل سے ایک خاص تعداد زمین کی جوتی جا سکتی
ہے اسلئے یہہ ایک آسان بات ہے کہ فی ہل محصول مقرر کر دیا جائے - سوائے اسکے
یہہ بھی تہا کہ زمین کے اندازاً مختلف اقسام تہرالین جسکی حیثیت کے سبب سے پیداوار مین
فرق ہوتا تہا - اور ایک رقبہ محدود پر خواہ پنچایت کے ذریعے سے یا آپس کی رضامندی
سے محصول لگا دیا جب ایک مرتبہ ایسی شرح مقرر ہوگئی تو پہر آئندہ اگر کاشتکار سے دیکہا
کہ محصول وصول نہین ہوسکتا تو اوسے کم کر دیا - اور اگر دیکہا کہ بہت خفیف ہے تو بڑہا دیا -
اس طرح پر وہ معمولی شرح ہو جاتی اور سالہا سال تک اسی طرح کام چلا کرتا تہا - اسکے
بعد جو اور حکام ہوئے اونہون نے بہی اسکو پسند اور منظور کر لیا - اور اسکے مطابق اپنا
بندوبست کر دیا ہم اسکا بیان آگے اور کچہہ بہی کرینگے - چنانچہ ہمارے ملک حیدر آباد
کے مشہور رستم جی صاحب تعلقدار نے ناراین پیٹہ وغیرہ تعلقات مین
یہی طریقہ جاری کر دیا تہا جسپر لوگون کو آتک اعتراض ہے

شرح نقد جب عام مین ایک مرتبہ پہیل گئی تو بہت اوسکے لین دین مین بہت آسانی
پائی گئی اور یہان کے مالی عہدہ دارون کو بہت جلد معلوم ہوگیا کہ زمین پر جو جمع تجویز کیجاتی
ہے اوسکی مقدار ایسی ہے جو کاشتکارون سے زیادہ سے زیادہ وصول ہوسکتی ہے اور اس
مین وہ اور اوسکی مویشی بہوکے بہی نہین مرتے اور نہ زراعت مین کمی ہوتی ہے
کاشتکار اپنے مقبوضون کو نہین چہوڑتے اور گانون چہوڑکر نہین بہاگتے - اون کے

کارپردازون کو خوب تجربہ ہوگیا تھا اور جہان تک ممکن تھا کاشتکارون کو لیمو کی طرح نچوڑ کر چھوڑ دیتے تھے۔

مرہٹے حساب کتاب تو خوب جانتے تھے۔ اونکے کچھہ صوبے تو ایسے تھے جہان وہ صرف غارت گری ہی کیا کرتے تھے۔ وہان روپیہ لینے مین بڑی بیدردی اور بےرحمی کرتے جو انسانون سے بعید ہے۔ گانؤن بالکل ویران ہوجاتے اور زمین بے کاشت پڑی رہجاتی۔ لیکن جہان کسیقدر اون کی حکومت جمی ہوئی تھی وہان وہ مثلاً صوبجات وسط ہند مین مسلمان بادشاہون کی جاری کی ہوئی شرح کو وہ مان لیتے تھے اور اوسکو آئین شرح کہا کرتے تھے۔ اور اوسکو سب جگہہ پھیلا کر جمع کامل بولا کرتے تھے۔ ہر ایک گانؤن مین اون کی طرف سے ایک مقدم رہتا تھا جو نہایت مستعد ہوتا تھا۔ اور اگر مقدم نہ ہوتا یا اون کی مرضے کے موافق وہ کام نہ کرتا تو کسیکو اجارہ دیتے تھے۔ اس مقدم یا مستاجر کا یہہ کام ہوتا تھا کہ وہ اوس حد تک کاشتکارونسے روپیہ وصول کرے کہ گانؤن تباہ نہ ہوجائے۔ ان گانؤن کے کھیا اور مستاجرون کی مدد پر اونکے دیسای یا افسران ضلع ہوتے تھے جنکا یہہ کام تھا کہ جہان تک ممکن ہو اونسے روپیہ وصول کرکے خزانے کو بھردین اور کچھہ اپنے لئے بھی الگ وصول کرین

حالات متذکرہ بالا سے یہہ نتیجہ ظاہر ہے کہ کبھی کسی ہندوستانی حاکم نے اس امر کا خیال نہ کیا کہ جب ایک مرتبہ جمع تشخیص ہوگئی تو پھر اوس مین اضافہ اور تبدل نہ کیا جائے

جو اپنے فرمان روا تھے وہ رفتہ رفتہ ایک عرصۂ دراز کے بعد شرح مین اضافہ کر دیتے تھے۔ اکبر کا بندوبست درحقیقت دس سالہ کے لئے تہا۔ اوس سے یقیناً غرض یہی تہی کہ جب زراعت زیادہ ہو جائے تو صرف اوس زیادہ زمین کی پیمایش کی جائے۔ اور یہہ کہ جو پرگنہ کی معمولی شرح ہے وہ اوسپر لگا دیجائے۔ مگر ہمکو وقتاً فوقتاً اس امر کا ثبوت ملا ہے کہ شرح مین اضافہ کیا گیا۔ اصل مین بات یہہ ہے کہ جب حکومت کو تنزل ہوتا گیا اور حاکم نالایق ہونے لگے تو اونکو ہر جگہہ سالانہ بندوبست کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہا۔ البتہ یہہ ہو گیا کہ پچھلے زمانے کی باقاعدہ جمعبندی حال کی تشخیص سالانہ کے لئے ایک اصول مقرر ہو گئی۔

زمانۂ مابعد مین جب کمبختی آئی تو باوجود اسکے کہ سلطنت پورانی ہو گئی تھی مگر بجائے ترقی کے اصول مالگزاری روز بروز خراب ہی خراب ہوتے گئے۔ ہمین امید ہونا چاہئے تہی کہ جب روپے کی قیمت ارزان ہوتی یا اوسکی قیمت مین جب تبدل ہوتا یا اراضی کی شرح گران ہو جاتی تو کچہہ نہ کچہہ اوس مین اصلاح ہوتی اور اور نہین تو پنچایت ہی کے ذریعے سے شرح ٹہیک ٹہاک ہو جاتی۔ مگر ایسا نہ ہوا۔ صوبہ دارون نے اور کوئی بہتر تجویز تو نہ کی صرف یہہ کیا کہ نقد مالگزاری پر کچہہ فیصدی اور چند ابواب اور بڑہا دئے۔ صوبہ دار کہ ان ابواب کو جاری کرتے اونہین کے نام پر اون ابواب کا نام ہوتا تہا یا اور کبھی کبھی جس غرض سے وہ ابواب جاری ہوتے تھے اوسی نام سے اونہین پکارا کرتے تھے

جب چھوٹے چھوٹے حاکمون اور مستاجرون نے دیکھا کہ صوبہ وار صوبہ اس طرح سے رقومات لیتے ہین تو وہ خود اپنے لئے بھی لینے لگے - غرض کہ ایسی ایسی باتون سے وہ پہلے طریق بندوبست کے جو جاری ہوئے تھے سب مفقود ہو گئے اور یہان تک اضافون کی ترقی ہونا شروع ہوئی کہ رعایا سے اون کا بوجہ سنبھالنا دشوار ہو گیا اسپر حاکمون نے رعایا کو راضی کر کے اصل مالگزارے اور ابواب متفرق کو اکھٹا کیا اور وہ سب یکجائی طور پر مقرر کر کے جمع سرکارے قرار دی - اور اسطرح سے ایک نئے جمع مقرر ہو گئی -

سلطنت مغلیہ کے اخیر دور مین مالگزاری کے انتظام مین روز بروز دقتین بڑھنے لگین اور سلطنت کے کمزوری کے باعث سے اپنے ماتحت عہدہ دارون کو اختیارات زیادہ دینا پڑے اس لئے یہ آسان معلوم ہوا کہ ملک کو کچہہ حصون مین منقسم کیا - اوسے اور خزانے کے حساب کو دیکھکر اون ہر تعلقہ یا ضلعے پر کچہہ معینہ جمع لگائی جاوے جو قدیم سے وصول ہوا کرتی تھی - اور کسی ساہوکار یا مالدار اور ذی رعب رئیس کو وصول زر مالگزاری وغیرہ کا کل انتظام حوالے کر دیا جاوے اور اس امر کا ذمہ دار ٹھیرا دیا جاوے کہ خزانے مین ہر سال اس قدر روپیہ داخل کر دیا کرے چنانچہ ایسا ہی ہوا -

اسطرح جو مستاجر مقرر ہوتے تھے اونکو دیہات اور جاگیرات وغیرہ مین سے مالگزاری وصول کرنے کے لئے بڑے بڑے اختیارات ہوتے تھے - خزانے کے افسرون کا

اسکے بعد صرف یہی کام رہگیا تہا کہ فلان علاقے سے کل اسقدر روپیہ آگیا یا نہین اور
جب یہہ کل روپیہ آجاتا تو اونہین اور کوئی غرض بجز اسکے نہ رہتی کہ اوس مین سے
حق مستاجری مستاجر کو منہا کر دین - ایک اور باعث بھی ایسا تہا جس سے مستاجری
کی ضرورت سمجھی گئی یعنے جسے مانتے ہین کہ ہندو راجہ اونکے سمستان تمام ہندوستان
مین منتشر و متفرق قایم تھے اور ان پر حملہ آور بادشاہان اسلام ایسے غالب آگئے تھے کہ
بظاہر یہہ لوگ بغاوت نہین کرسکتے تھے یہہ اندیشہ لگا ہوا تہا کہ کہین یہہ لوگ ناراض
ہوکر بغاوت نہ کرین - کیونکہ ان راجاؤن اور اونکے سردارون کا رعایا پر بہت بڑا رعب وداب
تہا - مگر یہہ اس طرح سے راضی ہوسکتے تھے کہ اونکو اپنے اپنے علاقون مین کسیقدر
اقتدار ملتا اسی خیال سے ایسے بڑے بڑے زمیندارونکو صوبہ دارون کی طرف سے
پٹہ مل جاتا کہ وہ اقساط معینہ پر اپنے علاقے کا خراج مالگزاری ادا کرتے رہین -
راجہ بادشاہی فرمان کے بموجب گویا مستاجر ہوجاتے تھے اسیطرح سے جب کبھی
کوئی عہدہ دار اپنے عہدے سے الگ ہوتا تو اوسے اور نیز کسی ساہوکار یا درباری
امیر کو بھی اجارہ ملجایا کرتا تہا - یہان تک کہ ان دونون صورتون مین کچھہ فرق نہ رہا سب ایک
ہی سے ہوگئے - چنانچہ یہی طریقہ ہمارے ملک حیدرآباد مین نواب سرسالار جنگ
مرحوم کی دیوانی کی ابتدا تک جاری رہا - اس مذموم طریقے کو مرحوم مغفور نے نہایت
کوششون سے نکالدیا اسوقت ہمارے ملک مین مستاجری کے نام سے بھی کوئی شخص

واقف نہین ہے ۔

جو لوگ اس طرح مقرر ہوتے خواہ وہ ملکون کے راجہ ہوتے یا دوسرے لوگ ہوتے وہ سب زمیندار کہلاتے تھے اور بعض ملکون مین جیسے کہ اودہ ہے تعلقدار کہلاتے تھے ۔ زمین پر ان دونون قسمون کے لوگون کا کوئی خاص حق نہ تہا ۔ پہلی صورت مین تو یہہ مطلب ہوتا کہ راجہ وغیرہ زمین کے سرکاری حق کا منتظم ہے ۔ دوسرے صورت مین یہہ مراد تھی کہ وہ شخص صوبہ دار وغیرہ کا متعلق ہے ۔ یعنے تعلقدار سے متعلق یا ماتحت مراد ہے ۔

جب کہ مستاجرے کا قاعدہ جاری ہوا تہا تو سلطنت اوسوقت تک بالکل بربادی کے درجہ کو نہین پہونچی تھی ۔ اسلئے مستاجر جنہین اب ہم زمیندار کہتے ہین پہلے پہل باقاعدہ مقرر ہوتے تھے ۔ اونکے تقرر مین بڑی احتیاط کیجاتی تھی ۔ اون سے تحریری قبولیت لیجاتی اور ایک قول یا سند عطا کیجاتی تھی جس مین اونکے فرائض اور فہرست علاقجات و دیہات اضلاع وغیرہ کی رہتی تھی ۔ مستاجر اوس علاقے کی مالگزارے کا ذمہ دار ہوتا تہا ۔ سوائے اسکے اوس سند مین یہہ بھی لکہا ہوتا تہا کہ حق مستاجری حق التحصیل خرچ کوتوالے خیرات وغیرہ کی بابت اس قدر اوس سے منہا ہونا چاہئے ۔ اکثر یہہ دستور تہا کہ دس حصہ تحصیل مین سے نو حصے سرکار مین داخل کرتا تہا ۔ لیکن اسکے سوا اوسکو کچہہ زمین بلا لگان اپنے اور کوتوالی کے خرچ کے لئے ملا کرتی تھی ۔ پرگنہ کے سرکارے عہدہ دار یعنے قانون گو کو اوسوقت تک حساب کے جانچنے او مالگزارے کے فرائض ادا کرنے کی نگرانی

کا اختیار تھا۔ مگر مستاجری کا عہدہ موروثی نہ تھا۔ جو زمیندار یا راجہ یا سردار اپنی آراضی پر بطور وراثت کے قابض چلے آتے تھے اونکے جانشین کو اس قسم کی زمینداری بھی وراثت مین ملتی تھی لیکن دوسرے قسم کے خاص مستاجرون کے بیٹے اجازت سے وارث قرار دے جاتے تھے اور تا ختم میعاد اجارہ جنکو نئی سند ملا کرتی تھی اور غالباً انکو نئی سند ملنے کے لئے سرکار مین کچھہ نذرانہ بھی دینا پڑتا تھا۔

جب شاہان دہلی کی حکومت کو تنزل ہونے لگا تو صوبہ داران بنگال اودہ وغیرہ روز بروز خودمختارانہ برتاؤ کرنے لگے۔ مگر اونہون نے بھی انتظام کے تفصیلی کامون مین سستی اور غفلت شروع کی۔ جسکا معمولی نتیجہ یہہ ہوا کہ بدانتظامی کے باعث خزانے خالی ہونے لگے۔ اب ستاجرون کے سوا اور کون تھا کہ جس سے روپیہ طلب کیا جاتا۔ جب اون کو یہہ حالت معلوم ہوگئی تو اونہون نے جھل کیا کہ بغیر اونکے کام نہین چلتا اور مقابلہ و مجادلہ پر آمادہ ہو گئے جس سے حاکمون کو اونکے حساب کے جانچ پڑتال مین تجاہل کرنا پڑا اور جس قدر اونہون نے رضامندی سے دیا اوسی پر صبر کیا۔ اسطرح جو مالگزارے کا سرکاری انتظام تھا وہ سب درہم برہم ہوگیا۔ اور جہان کہین کہ رہگیا وہ بھی برائے نام ہر طرح زمیندار کو کامل اختیار تھا۔ وہ جو چاہتا سو کرتا تھا۔ گانون والون سے وہ جس قدر چاہتا وصول کر سکتا۔

بنگالہ مین (اور دوسرے ملکون مین بھی جب کہ وہ انگریزون کے قبضے مین آسے)

وہان مالگزارے تو پشت ہا پشت سے نقد وصول ہوتی تھی مگر تشخیص جمع کے لئے (جو اکثر ایک سال کے لئے ہوتا تھا) کوئی قاعدہ مقرر نہ تھا۔ پیداوارین سے جو حصہ زر نقد کے قالب مین لیا جاتا تھا اوسکے آثار بالکل معدوم ہو گئے تھے۔ خزانے مین جو روپیہ داخل ہوتا تھا وہ وہی تھا جو زمینداروںسے بالجبر لیا جاتا تھا۔ اور جو روپیہ کہ چھوٹے چھوٹے قالبضان اراضے یا مقدمون کے ذریعے سے کاشتکاروںسے وصول ہوتا تھا اوسکی شرح پرگنہ کی شرح کے نام سے مشہور تھی۔ اور قیاس اسبابات کا مقتضے ہے کہ یہہ وہی شرح ہوگی جو سب سے اخیر باضابطہ تشخیص کے وقت مقرر ہوئی ہو جو بڑے بڑے انقلابوں کے بعد بدل بدلاکر اوسوقت قایم رہ گئی تھی۔ لیکن یہہ شرح ہر جگہہ جدے جدے طور پر تھے اور اسکے ساتھہ قسم قسم کے ابواب اور زمینداروںکے رسوم اور بھی لگے ہوئے تھے خلاصہ یہہ کہ مالگزارے کیا چیز تھی کیا اوسکی حالت پہلے سے چلی آئی تھی۔ اور صدی گذشتہ کے اخیر مین اوسکی کیا کیفیت ہو گئی تھی۔ اسکی یہہ جو حالت گذری ہے وہ بالکل تاریخی بیان پر منحصر ہے۔ مگر چونکہ اس جگہہ ہمین اوسکی تفصیل کرنا بے محل معلوم ہوتا ہے اسلئے ہم مختصر طور پر ہر ایک صوبے کا جدا جدا حال لکھتے ہین اور حسب ذیل بتاتے ہین کہ سرکار انگریزی مین اون صوبون کے داخل ہونے کے وقت اون کی مالگزارے کی کیا حالت تھے۔

بنگالہ مین (جہان مالگزارے کا انگریزے انتظام سب سے پہلے ہوا تھا) **شہنشاہ اکبر** کے قواعد کے بموجب تشخیص کی گئی تھی اور یہہ تشخیص کئی مرتبہ ہوئی تھی سنہ ۱۷۶۵-۱۷۷۲ع کے

قریب قریب جبکہ انگریزی عملداری شروع ہوئی تو ان اضلاع کے بہت بڑے حصے مین یعنے وسط اور نہایت آباد مقامات مین بالکل زمینداری کا رواج ہو گیا تہا جو سو برس پہلے سے وہان جاری تہا - البتہ کہین کہین چہوٹے چہوٹے قطعات ایسے بہی تھے جو بالمقطع روپیہ ادا کرتے تھے اور زمیندار نہ تھے - اور نیز اور بہی کئی طرح کے سرکاری دی ہوئی جاگیرات بہی تہین -

ممالک مغربی شمالی اضلاع بنارس کے صوبے سے (۱۷۷۵ء مین) شروع ہوا تہا - یہہ علاقہ ایک راجہ کا تہا - جو سب علاقہ کا زمیندار نہین ہوا تہا - اور اِس سبب سے وہان بڑے بڑے مناجر نہ تھے صرف چہوٹے چہوٹے قابضان آراضی تھے اور وہ ہی مالگزاری کے ذمہ دار تھے -

۱۸۰۱ء مین انگریزی امداد کے معاوضے مین نواب وزیر اودہ نے گنگا کے میدان کے اضلاع انگریزون کو دیدئے - ۱۸۰۳ء مین کچہہ اور اضلاع اوسکے قریب کے بہی انگریزون نے مرہٹون سے فتح کئے - بعد اسکے ۱۸۱۵ء مین اور بہی دامن ہمالیہ کا کچہہ ملک حاصل ہوا لیکن پہلے ہی اضلاع سے جسکا ہمنے اوپر ذکر کیا ایک صوبہ بنا تہا - یہہ کہہ سکتے ہین کہ بہت سے اضلاع مین تو زمینداری کا رواج ہو گیا تہا مگر ایسا نہ تہا جیسا بنگالہ مین ہر جگہہ بر جال کی طرح سے پہیلا ہوا تہا - بعض اور ایسی صورتین بہی تہین کہ مالگزاری کا انتظام ملک کے راجاؤن پر چہوڑ دیا گیا - اور کہین کہین فرقۂ امراء مین سے بہی بڑے

بڑے علاقون کے اجارہ دار تھے - ایسا بھی تہا کہ خود سرکاری عہدہ دار ہی مالگزاری
کے گورنمنٹ کے واسطے ذمہ دار ہوگئے تھے اور یہہ عامل درحقیقت مستاجرون کی طرح
پر تھے ، لیکن بہت سے ایسے حالات تھے کہ گانون کے لوگون کے جتھے کے باعث
جنکا ہم آگے بیان کرینگے اجارہ گانون گانون کا مجموعۃً مقرر رہتا تھا -

اودہ ۱۸۵۶ع مین اوسوقت لیا گیا تہا جب کے وہان کی مالگزاری کا انتظام نہایت
ہی ابتر تہا - اوسکے اکثر اضلاع پر راجا قابض تھے - اور بعض جگہہ ناظم یعنے سرکاری
افسر کہین ساہوکار اور دربار کے لوگ وغیرہ بھی قابض ہوگئے تھے - یہہ سب
لوگ درحقیقت مستاجر تھے اور اصلی مالکون کی طرح کام کرتے تھے -

پنجاب ایک ملک تھا جہان گانون کے بڑے مضبوط جتھے تھے اور زمینداری وہان بہت
جاری نہین ہوئی تھی - مگر سکھون کے زمانے مین وہان اجارہ کا دستور ہوگیا تھا
اور جگہہ جگہہ ابھی تک بٹائی کا دستور جاری تھا -

ممالک متوسط کا ملک تو اکثر مرہٹون کے قبضے مین رہ چکا تھا - اس مین سے کچھہ
کچھہ ملک تو وہان کے سردارونکے اختیار مین بھی تھا جو حاکمان وقت کو خراج
دیا کرتے تھے باقی ملک مین ایک ایک گانون کے قدیمی مقدم کو یا کسی اور لایق
کارپرداز کو جو مالگزار کے نام سے مخاطب ہونے لگے تھے ٹھیکہ دیدیا جاتا تھا - اور
وہ ایک مقررہ روپیہ داخل کرنے کے ذمہ دار ہوتے تھے -

بمبئی مین اجارہ کا دستور علی العموم تھا مگر وہ مالگزارے کے افسرون کو ملتا تھا جس مین سے اکثر تو ایسے ہوتے تھے کہ جنھین آراضی کا مستقل مدامی قبضہ نہین ملتا تھا۔ یہان دیسپای (زیادہ تر مکہ) اور دیسپانڈیہ یا ضلع اور تعلقہ کے دوسرے افسرون کے ذریعے سے بالکل کارروائی ہوتی تھی جسمین قانون کے مقدم یا پٹیل کا بھی واسطہ ہوتا تھا۔

مدراس مین شمالی اضلاع مغلون کے قبضے مین تھے۔ وہان زمینداری کا رواج ہو گیا تھا۔ مگر اون مین سے اکثر ملک کے پرانے سردار تھے جنھون نے اور زمیندارون کی طرح کاشتکارون کے حقوق کو باطل نہین کر دیا تھا۔ کرناٹک کے اضلاع مین نظام کی طرف سے ایک صوبہ دار حکومت کرتا تھا اور زر مالگزاری اجارہ دارون سے اوس درجہ تک زیادہ وصول کیا جاتا تھا جو بے رحمی کی حد تک نوبت پہونچ گئی تھی۔ انگریزی عہد کا نتیجہ یہہ ہوا کہ کہین جاگیر تک نام کو قایم نہین ہوئی اور سارے حقوق آراضی بھی مفقود ہو گئے۔ ملک کے دوسرے حصون مین چھوٹے چھوٹے سردار حکومت کرتے تھے جنھین ایک طرح کا اجارہ دار کہنا چاہیئے۔ مگر ان کا رعب داب چندان نہ تھا۔ باقی اور اضلاع نوابون کے ماتحت تھے جو حکومت حیدرآباد کے خراجگذار تھے۔ سلطان میسور یا ہندو راجاؤن یا مرہٹون کی اطاعت کرتے رہے تھے۔ یہان سب جگہہ کم و بیش اجارہ کا دستور تھا اور نہایت بدانتظامی اور ظلم ہوتا تھا۔ مگر اس مالگزارے کے اجارے سے قبضہ آراضی پر کوئی مدامی اثر بجز اسکے نہ ہوا کہ پرانے حقوق باطل ہو گئے اور زمین کا قبضہ جو ایک بڑی

بیش بہا چیز ہے کاشتکارون پر ایک بوجھ سمجھا جانے لگا۔

گذشتہ زمانے کا جو ہمنے اجارہ کا دستور پڑنے اور اوسکے زیادہ رواج ہونے کا مختصر بیان کیا ہے اوسکی اولاً تو وجہ یہہ ہے کہ اٹھارھوین صدی کے اخیر پر جو انتظام مالگزاری کی حالت تھی اوسے ظاہر کر دیا جاے اور یہہ بتایا جاے کہ جسوقت سے انگریز حاکمون کو یہہ ملک ہاتھ لگا تو کوئی قاعدہ ایسا جاری نہ تہا کہ جسکے مطابق مالگزاری کا انتظام کیا جاتا۔ اور دوسرا اسکے سوا ایک اور بھی وجہہ ہے۔ وہ یہہ ہے کہ کئی صوبون مین اس ستاجری کی وجہہ سے قبضہ آراضی کی بنیاد پڑنے کے لئے منجملہ اور اسباب کے اس سے بڑی مدد ملی۔ بعض جگہون مین تو ستاجر بڑے بڑے زمیندار ہوگئے اور قانوناً اونکو قبضہ ملگیا۔ کہین دیہات مین اون کی چھوٹی چھوٹی جائدادین قایم ہوگئین۔ اور اور جگہون مین اونکو اتنا ہی ہوا کہ اوپر کے مالکون کو لگان دیدینے کے سوا اور کوئی اندیشہ نہ رہا۔ بعض جگہون مین ایسا بھی ہوا کہ اونکے کوئی آثار باقی نہ رہے بنگالہ ایک ضابطہ کے طور پر گویا ستاجرون کا گھر تہا جہان ستاجر بڑے سے بڑے زمیندار ہوگئے۔ دوسرے صوبون مین کہین ایسے یکسان طور پر ستاجری تمام ملک مین نہ پہیلی۔

ایک بات یہہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے۔ کہ اگرچہ ستاجری اس معنے کے اعتبار سے کہ وہ آراضی کے انتظام اور اہتمام کے لئے ہے کسی نہ کسی صورت مین تمام جگہون مین پہیل گئی تھی مگر اوس سے سب جگہہ جائداد ہاے مستمرہ پیدا نہ ہوئین۔ اور جہان کہین کہ قابضان آراضی کے حقوق قانوناً تسلیم کئے گئے وہ اس بنا پر تھے کہ وہ لوگ یا تو ملک کے قدیمی رئیس تھے

یا بادشاہی سرداروں کے خاندان میں سے تھے یا کوئی اون مقامات کے ایسے افسر تھے کہ جنھیں وہاں خاص طور پر استقلال ہو گیا تہا غرضکہ سب کو کوئی نہ کوئی تعلق زمین سے پہلے ہی سے چلا آتا تہا۔

اب ہم اپنے اوسی عنوان کی طرف رجوع کرتے ہین۔ یعنے زمین کی مالگزاری آجکل کیا چیز ہے۔ جب بنگالہ مین انگریزی سرکار نے عنان حکومت براہ راست اپنے ہاتھہ مین لی تو سب سے پہلے اور بڑی مشکل یہہ پیدا ہوئی کہ زمین کی مالگزاری کا کس طرح بندوبست کیا جائے۔

اب تو ایک بڑا زمانہ گذر گیا ہے۔ اسوقت ان دشواریون کا خیال مین آنا بہت مشکل ہے جو افسرون کو مالگزاری کے انتظام مین عاید ہوئی تہین۔ ملک مین ایک دراز زمانے تک قحط پڑ چکا تہا جو پہلے کبھی سننے مین نہین آیا تہا۔ جس سے ملک کے آبادی دسوان حصہ رہ گئی تھی۔ مالگزاری کے تشخیص کا کوئی اصول اور قاعدہ نہ تہا۔ کہین کہین کوئی لئے دئے کاغذات سرکاری ملتے تھے جنکا کوئی اعتبار نہ تہا۔ اون مین سرکاری تعلقات کے کچھ فہرستین تھین اور برائے نام قیاسی جمع اوس مین لکھی ہوتی تھی۔ اور پہلے جو تحصیل ہوئی تھی اوسکے حساب مندرج تھے۔ سوائے اسکے نہ تجربہ کار افسر تھے نہ پیمایش تھی۔ کیونکہ پہلے کارپردازون مین سے کوئی نہ رہا تہا۔ اگر کچھہ عملہ تہا تو اضلاع مین وہی ناکافی عملہ تہا جو انگریزی عہدہ دارون کا۔ اون کو یہہ خبر بھی نہ تھی کہ ہندوستان مین

ملکیت آراضی کیا شے ہوتی ہے - یہہ تو وہ بیشک خوب جانتے تھے کہ تجارت مین روپیہ کس طرح پر لگاتے ہین - اور اوس سے کیونکر منفعت اوٹھاتے ہین -

جب بنگالہ دیکھہ بھال لیا تو بھی وہ تجربہ اس کام نہ آیا کہ دوسرے جدید صوبون مین بندوبست کیا جاتا - کیونکہ جو ملک ممالک مغربی شمالی کا ملا تھا یا نیا فتح ہوا تھا اوسمین جگہہ جگہہ مقامی قاعدے جاری تھے - اونکے لئے ایک نیا ہی انتظام کرنیکی ضرورت تھی - یہی مدراس کی اور اوس سے پیچھے بمبئی کی حالت ہوئی - ہر صوبے مین اپنے اپنے مقام کے موافق جدا ہی ضرورتین تھین اسلئے وہان کا انتظام جدا ہی طرز کا کرنا ضرور پڑا - اوس مین بار بار ناکامیابی ہوئی اور بڑی بڑی تشویشین ہوئین -

دوسرے صوبے پنجاب سندہ اودہ اور ممالک متوسط ابھی تک ہاتھہ نہین لگے تھے - یا اس قابل نہ ہوئے تھے کہ جبتک کوئی اچھے اصول نہ قایم کئے جائین تبتک وہان باضابطہ بندوبست کسطرح کیا جائے - لیکن جب یہہ ہو ہی گیا تب بھی مشکلات پیش ہوئین - اگرچہ اون مین سے بہت سی ایسی تھین کہ جنھین ہم نے ہی خود پیدا کیا تھا - یعنے خلاف توانین قدرت ہم چاہتے تھے کہ ایک ہی سا انتظام ہر جگہہ ہو جائے حالانکہ وہ اونہین صوبون کے مناسب حال تھا جہان وہ تجویز ہوا تھا - جیسا کہ اسوقت ہمارے ملک حیدرآباد مین مرہٹواڑے اور تلنگانہ مین بہت کم تفاوت کے ساتھہ بندوبست ہو رہا ہے جسکا نتیجہ آیندہ چلکر نقصان دہ پیدا ہوگا -

ان بیانات سے ظاہر ہو جائے گا کہ ہندوستان مین مالگزاریے کے انتظام کے درخت نے
اسقدر آہستہ آہستہ کیون نشو و نما پایا۔ یہان تک کہ وہ حال مین ہی اگر اپنی پوری
ثمر بار پر پہونچا ہے۔ اوس سے یہہ بھی معلوم ہوگا کہ کیون اوسکی ترقی زینہ بہ زینہ ہوئی
ہے۔ اور وقتاً فوقتاً کیون اوسکے کام مین تبدیلی ہوتی رہی ہے۔ یہان تک کہ ہمعصر
کا مسئلہ مالگزاریے ایک معما سا سمجھا جاتا ہے کہ اوسکو باہر کا آدمی کچھہ سمجھہ ہی نہین سکتا۔
گورنمنٹ قیصری یہہ بات تو ٹھیک کہتی ہے کہ اوسکی مالگزاریے کی نبیاد وہی قدیمی
غلہ کا ایک حصہ ہے اور نقدی جو حال مین لیجاتی ہے صرف غلے کے بدلے مقرر ہوئی
ہے۔ مگر تشخیص کے طریقے جو اب وہ ایجاد کر رہی ہے۔ وہ اس خیال سے کہ نقدی
کی بجائے غلہ سے روز بروز زیادہ مفید ہوتی جاتی ہین حقیقت ایک وقت تو ایسا ہوا تھا۔ کہ
گورنمنٹ نے اس طرح قیمت لگانے کی تجویز کی تھی جسکا ہم آگے چلکر حال لکھین گے۔ مگر
اوس خیال کو حکام نے چھوڑ دیا۔ بعض صوبجات مین (جیسے برہما اور مدراس مین) تشخیص کی
ابواب مین اوسط پیداوار اراضی اوس کی قیمت اور خرچہ پیداوار و منافع ہوسکتے جو
اوس سے منہا کرنا چاہیئے باقی حصہ مالگزاری اراضی ہے جس کا ابتک
حوالہ دیا جاتا ہے۔

زمین کی حیثیت اور اوس مین کام کرنے کے طریق سے بے شک جمع کی تجویز کا طریقہ
بدل جایا کرتا ہے۔ اور طرح طرح کی صورتین پیدا ہو جاتی ہین۔ مگر ان سب صورتون

ہین صرف دو اصول ایسے ہین کہ جو ہمیشہ الگ الگ دکھائی دیتے ہین - ایک تو

اون ہین سے آزمایشی شرحین ہین - ان ہین پہلے پہل صرف وہ مقدار لیتے ہین جو

سب سے بڑی ہے اور جو پہلے درحقیقت وصول ہو چکی ہے - مگر چونکہ اشیا کی قیمت

اب گران ہوگئی ہے اور ملک آسودہ و خوشحال ہو گیا ہے اسلئے اوس ہین کسیقدر

اوس پہلی جمع سے اضافہ بھی کر دیا جاتا ہے - پھر سرکری طور پر یا تو سب جگہہ یا کہین

کہین یہہ جمع لگا دیجاتی ہے - اور زمین کو دیکھہ بھال کر اوسکی حیثیت تجویز کیجاتی ہے

اور اس تجویز ہین بہت احتیاط ہوتی ہے - دوسرا اصول اون سب مالکان آراضی

کی جایدادون کے لئے ہے جہان کاشتکارون سے تعلق ہے - وہ یہہ ہے کہ کاشتکارونسے

جو لگان پہلے وصول ہوا ہے اوس سے دریافت کیا جاتا ہے پھر اوسکا اوسط لیا جاتا ہے

کہ کس کس قسم کی زمین پر کس کس قدر فی ایکڑ وصول ہوا - پھر اوس وصول کا ایک سرکاری حصہ

مالگزاری قرار دیجاتی ہے - غرض خلاصہ یہہ ہے کہ آجکل کی شرح یا تو ایک آزمایشی

شرح ہے جسمین ہر قسم کی زمین کی فی ایکڑ شرح بہت غور و خوض کے ساتھہ تجویز

کی گئی ہے - یا کسی قطع آراضے سے مجموعۃً جو کچھہ درحقیقت وصول ہوا ہے اوس کا

ایک سرکاری حصہ ہے -

یہہ تو خیر ممکن ہے کہ اس تمام پر اسبارے ہین بحث کیجائے کہ مالگزاری سرکاری آمدنی

ہونے کے قابل ہے یا نہین صرف مختصر طور پر اس قدر کہنا یہان کافی ہوگا کہ گذشتہ

زمانے مین کسی حکومت نے ایک لمحہ کو بھی خیال نہ کیا کہ اوسے چھوڑ دیا جاوے اور آیندہ سے یہہ خلاف قیاس معلوم ہوتا ہے کہ کوئی گورنمنٹ دوسرا ایسا ذریعہ آمدنی کا اوسکے عوض قایم کرسکے جس سے مالگزاری کی حاجت نہ رہے - یہہ قاعدہ وصل زر مالگزاری کا تمام ملک مین جاری اور لوگ اوسے تمدن اور معاشرت کا ایک قدرتی قاعدہ سمجھنے لگے ہین - خاصکر ہندوستان مین تو وہ اوّل درجہ پر ہے - کسی محصول کی عمدگی سب سے پہلے یہہ ہے کہ لوگ اوسکے عادی ہوجائین اور اوسکی تحصیل مین بادشاہ کی طرف سے ظلم اور رعایا کی طرف سے لیت ولعل نہ ہو -

یہہ بحث بھی اسی طرح یہان فضول معلوم ہوتی ہے کہ ہشتقیر ملکون مین مالگزاری زمین کا محصول ہے یا اوسکا کرایہ ہے یا اور کچھہ ہے کیونکہ اس بحث مین لوگون نے بہت سی کتابین لکھدی ہین جو محض تضیع اوقات ہے - اس مین تو شک نہین کہ انگلستان کی محصول اراضی سے ہندوستان کے محصول آراضی کو کچھہ بھی مشابہت نہین - کسی زمانے مین چونکہ حاکم اصلی مالکان آراضی خیال کیئے جاتے ہین - اسوجہ سے اوسوقت مالگزاری زمین کا کرایہ ہوسکتا تھا - اسکی نسبت ہم آگے اور کچھہ بیان کرینگے اس جگہہ صرف اتنا ہی کہنے کی ضرورت ہے کہ انگریزی گورنمنٹ نے ہر جگہہ پر رعایا کو آراضی کے حقوق دیدیئے ہین یا اونکے حقوق تسلیم کرلئے ہین اور زمین کے بڑے بڑے قطعات (بنگال اودہ اور تمام شمالی ہندمین) ظاہر زمیندارون کی زمینداری مین دیدیئے اور اونہین زمین کا مالک کردیا ہے - اسلئے

یہہ کہنا تو غیر ممکن ہے کہ سرکار قابضان آراضی سے کاشتکارون کی طرح کرایہ وصول کرتی ہے - اس مین شک نہین کہ کہین کہین سرکار بھی زمین کی مالک ہے یعنے تمام بنجر زمین اور غیر مقبوضہ زمین اوسیکی ہے - مگر ہم یہان پر اوسکا ذکر نہین کرتے بلکہ آراضے مزروعہ اور مقبوضات دیہی کا ذکر کر رہے ہے - اوسکی تو سرکار کسیطرح مالک نہین ہے - زیادہ سے زیادہ یہہ کہہ سکتے ہین کہ سرکار کے پاس ہر ایک زمین مالگزاری کے وصول کرنے کے لئے بطور کفالت کے ہے - اور کچھہ کچھہ سرکار ایسے کام بھی کرتی ہے جو آراضی کے مالکون کے ہوتے ہین یعنے وہ کاشتکارون کی رفاہ اور بہبودی کے کوشش کرتے ہے قابضان آراضی کو تقاوی دیتی ہے کہ وہ زمین کی حیثیت مین ترقی کرین - کنوے کہدواتی ہے - مینڈے بنواتی ہے - پانی کے آنے جانے کا بندوبست کرتی ہے - اور بھی مثل اسکے بہت سے کام کرتی ہے یہ باتین ایسے ہین کہ پہلے حاکم جس بناء پر زمین کی مالکیت کا دعوے کرتے تھے اور شاید یہی ایک قسم حق کی باقی رہ گئی ہے جو گورنمنٹ کو ابھی تک اون صوبون مین حاصل ہے جہان قابضان آراضی کاشتکار ہین اور مالک نہین ہین اور یہی ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس سے مالگزاری کسیطرح زمین کا کرایہ ہوسکتی ہے - سچ تو یہہ ہے کہ یہہ فضول لفظی بحث ہے ہم کو چاہئے کہ خود مالگزاری ہی کو خیال کرین اور دیکھین کہ اوسکی کیا حالت ہے اوسکا کاشتکارون کی آمدنی پر محصول کی طرح اثر ہوتا ہے - یعنے زمین کی پیداوار مین سے جو منافع حاصل ہوتا ہے اوس مین سے سرکار کو امداد دیجاتی ہے ٹہیک اوسیطرح جیسے جیسے دوسرے

پیشیون اور حرفون کی آمدنی سے سرکار کو مدد دیجاتی ہے۔

ایک تھوڑا سا بیان اوس مسئلہ کا بھی ہم کرتے ہین جو ۱۸۸۲ء تک کم و بیش تمام ہندوستان مین زیر بحث تھا۔ یعنے جب جایدادون مین ایک کافی طور پر پیداوار ہونے لگے اور مالگزاری کی تشخیص ایک مناسب مقدار تک ہوجاے تو کیا یہہ بہتر نہین ہے کہ اوس مالگزاری اوس جایداد کا استمراری بندوبست کردیا جائے یعنی یہہ قرار دیدیا جاے کہ پہر اوس مین کبہی ترمیم نہ ہوگی۔ اس مسئلہ کا اسوجہہ سے بڑا جوش و خروش اوٹھا تھا کہ بندوبست کے باربار کرنے مین بہت محنت اور بڑا خرچ پڑتا ہے۔ جب اوسکا کام شروع ہوتا ہے تو پانچ پانچ سال سے لیکر دس دس سال تک چلا جاتا ہے۔ اور اس سبب سے اضلاع مین مدتون تک کاشتکاری کے کام مین بدانتظامی اور خرابی پڑا کرتی ہے۔ اور یہہ خیال کیا گیا تھا کہ تیس برس یا کسی زمانہ مقررہ کیلیے بندوبست کیا جائے تو پہر یہہ سب کام اس عرصے کے بعد دوہرانا پڑیگا۔ ایسی ایسی صورتین سرکار اور رعایا دونون کیلیے اندیشے سے خالی نہ تھین۔ لیکن اس مسئلہ مین پہلے تو اوسکی اصل بنیاد ہی پر اعتراض ہوا کہ وہ کونسی علامت ہے جس سے یہہ معلوم ہو کہ پیداوار آراضی کافی طور پر بندوبست استمراری کردینے کے لائق ہوگئی ہے۔ جب کسی ایک بات کو آپ اوسکی علامت یا حد ٹہرائینگے تو دوسرے اوسکے برخلاف اور موجود ہوجاتی ہے۔ اور اب تک جسقدر تحقیقاتین کی گئی ہین اونکی نسبت یہہ ہی کہنا پڑا ہے کہ بندوبست استمراری کرنے کیلئے اوس عرصہ تک اور ٹہرنا چاہیئے۔ کہ زمین کی حیثیت ایسے اسباب سے ترقی کرتی رہے جو خاص آراضی کی کوشش

اور خرچ کا نتیجہ نہیں ہیں۔

اسکے سوا اسپر دو اور بھی اعتراض ہوتے ہیں۔ ایک اون مین سے یہہ ہے۔ کہ جن اضلاع مین ایک سو برس سے بندوبست استمراری کردیا گیا ہے ان مین اون اضلاع کی بہ نسبت جہان ایک عرصہ معقول کیلئے میعادی بندوبست ہوا ہے کوئی سرسبزی زیادہ نہین پائی جاتی دوسرے یہہ ہے کہ گورنمنٹ کے یہہ بڑی حماقت کے بات ہوگی کہ آیندہ گورنمنٹ کو اپنے اوار سے بالکل مجبور کردے اور یہہ نہ سوچے کہ آیندہ کیا ہوتا ہے۔ روپیہ کی قیمت زمین کی حیثیت اور اوسکی پیداوار مین کیا تغیر و تبدل ہونیوالا ہے۔

ایسے سخت اعتراضوں کے ہوتے ہوئے یہہ ایک تعجب کی بات معلوم ہوتی ہے کہ پہلے سے کسیکو یہہ بات نہ سوجھے کہ بندوبست استمراری کا اصل فائدہ۔ یعنے آیندہ بندوبستون کا خرچ اور محنت بچانا کسی اور طرح سے بھی ممکن ہے یا نہین۔ آخر کار یہہ تسلیم کرلیا گیا کہ مکرر بندوبست کیلیئے مدت دراز تک کام جاری رکھنے کی کوئی ضرورت نہین ہے۔

اس کام کے انصرام کے واسطے جو پہلے پہل بندوبست کیا گیا وہ یہہ ہے کہ ایک دفتر آراضی کا قایم کیا گیا اور اوسکو جدید اختیارات دسئے گئے اور اب ایسا انتظام ہوگیا ہے کہ جس سے ہم کہہ سکتے ہین کہ اگر قیمتون کے بڑہنے وغیرہ کے سبب سے آیندہ مکرر بندوبست کے ضرورت ہوگی تو ایک سیدہی سادی نظر ثانی کی طرحپر اوسکا انتظام ہوجائے گا۔ اور اس نظر ثانی کا کام ایسی آسانی سے ہوجائے گا کہ کسیطرح زراعت کے

کامون مین وقت نہ ہوگی ۔ اور کاشتکارون کو معلوم بھی نہ ہوگا ۔ چنانچہ اس آخر الذکر
کام کے سرانجام دینے کے لئے ہمارے ملک حیدرآباد مین میر محمد حسین صاحب
کا تقرر کیا گیا تھا مگر اونکے عہدے کا نام ناظم زراعت وتجارت رکھدینے سے
لوگون کے خیالات عہدے کے لفظی معنی کی طرف رجوع ہو گئے ۔ آخرکار
اس لایق افسر کے انتقال کے ساتھہ ہی اونکا عہدہ بھی تخفیف کر دیا گیا ۔ حالانکہ ہمارے
ملک مین اسوقت ایسے عہدے کی نہایت ضرورت داعی ہے ۔

راقم
حسن

لارڈ بیکنس فیلڈ کی سوانح عمری

فصل اول

لارڈ بیکنس فیلڈ پر کارلائل کی تقریظ - ہوس آف کامنز کا فیصلہ
خاندانی تاریخ - اسپین کے یہودی - وینس مین جا بسنا - بنجمن
ڈزریلی کلان - طفولیت آئی زک ڈزرائیل ++

کارلائل کی تقـ

کارلیل صاحب نے کچھ برسون پہلے پارلیمنٹری انتظام کے متعلق مجھ سے یہہ ظاہر فرمایا کہ ہمارے نظم ونسق ملکی کو انجام دینے کی غرض سے جو ارا کین پارلیمنٹ ممتاز ہوتے ہین وہ اپنے منصب کے عہدہ برا ہی نہین ہوسکتے بلکہ سراسر ناقابل ثابت ہوتے ہین - اور بطور مثال اس نامی گرامی وزیر اعظم کی طرف انگشت نمائی کی۔
صاحب موصوف نے اپنے حسب عادت بیدھڑک و بلا تامل یہ نقص لگا تو دیا لیکن ساتھہ ہی اپنے اس خیال کی تردید بھی کی کہ نہین رحم بر غریب! اگر ہم اس کے کل واقعات سے واقف ہولیتے تو ہرگز اسکی نسبت ایسا نقص عاید نہ کرتے - مین نہین سمجھتا کہ انھون نے یہہ اپنی دورکی رائے کسی محققانہ نظر سے دی ہو - اگر کارلیل صاحب کی خواہش ہو کہ اس امر کا فیصلہ کسی سلیس و خفیف انصاف سے کیا جائے تو ۱۸۸۶ء کے رفارم بل سے جو ان کی رائے مین قوم و ملک کے لئے خودکشی تھی متضاد ثابت ہوا - اور اپنی تصنیف شوٹنگ نیاگرا مین اس بل اور مقنن کی

نسبت رائے دیدی ہے کہ ایک پشت تک اس بل کی تاثیر عوام پر زیادہ سے زیادہ ظاہر ہوتی گئی۔ اب اسکا احصل چند ہی سال مین معلوم ہوجائے گا۔ سب دغاباز **پالیٹیشن** و ممبران متفق الرائے کی طمع سے یہہ انجام ہوا۔ کوئی غور سے دیکھے تو ان منتظمون کو بجز دغاباز اور بے ایمان کے اور کسی صورت سے نامزد نہین کرسکتا۔ اس لئے کہ کوئی مرد با ایمان اس گروہ مین شریک ہونے سے اپنے آپ پر گولی چلانی بغایت احسن سمجھے گا۔ مین اس بل کے کامیاب ہوجانے پر صاف طور سے تاسف ظاہر نہین کرسکتا تھا۔ باطن مین اپنے آپ افسردہ دل و مغموم رہتا تھا۔

مین خود ہی کو مخاطب کرتا ہون اور کہہ لیتا ہون کہ خیر جو کچہہ ہو لیکن ایسی کمینہ جوئیان بدنظمیان۔ بے ایمانیان۔ اور کفر کی باتین یا تو قطعاً موقوف ہوجاتین یا ان کے بانیون کو موت آجاتی۔ اسوجہہ سے کہ گناہون کا شمار روز بروز بڑہنے سے سرے ہی سے زیست منقطع ہوجاسے تو بہتر ہے۔ مگر ایک خوشی کی صورت مجہہ مین مضمر ہے کہ یہہ سارا انقلاب **ڈزی** کی ذات پر محمول ہے۔ ان پولیٹکل تماشہ گردن نے اپنی مان کی نعش رزق و روزی پر بیچ لی اس لئے یہہ پرفن تماشا گر دکھائی دیا اور بیان کیا کہ ٹھہرو یارو مین اس نعش کا وزن کرلون جو تمہاری مان بلکہ سوتیلی مان اور ہیبر دودیلی گائے ہے۔ سرکاری خدمتون کے آپ لوگ نہین بلکہ مین ہی مستحق ہون۔ یہہ بالکل ظرافت آمیز کلام ہے۔ مگر اس معاملے مین سب سے

زیادہ تر افسوسناک یہہ بات ہے کہ ایک غیر قوم کا یہودی سحر باز و پُر فن سارے انگریزی اراکین و معززین ملک کو اپنی رائے پر کھینچے لئے جاتا ہے - کیا دُنیا نے ایسا واقعہ بھی اپنی آنکھون سے دیکھا ہے - مقدر و شیت بھی اس مین شامل ہون تو یہہ سمجھنا چاہئے کہ ہم ایسے سلوک کے لایق تھے ؟ اگر اس غریب انگلنڈ کے حق مین عبرت دلانے کے لئے اس نقل غم کا نیتجہ غم ہی نہ ہو بلکہ سادی اور اوچھی سی شرمندگی دلانے والی نقل کا سا ہو تو مفید اور مناسب ہوگا -

ان کے میلان آلتبار کے نتایج اون کے خیال کے بموجب جلد نمایان نہ ہوئے - اور گورنمنٹ کے کاروبار برابر جاری رہے جن کے چلانے اور اجرا کرنے کے لئے ایک نہ ایک شعبدہ باز کا ہونا ضرور تھا - جب کارلیل صاحب کی امید نے ان سے کنارہ کر لیا تو وہ اپنے خیالی نتایج کا ظہور دیکھنے کی عوض موجودہ انتظام کی جانب متوجہ ہوئے - اور ڈزریلی صاحب کے منتظم ہونے پر کسیقدر خوشی بھی ظاہر کی - یہہ صاحب اکثر مُصر ہوتے تھے کہ مین بھی پارلیمنٹ مین ممبر بنایا جاؤن - جیسی کہ مجھسے درخواست کی گئی ہے - اسوجہہ سے کہ مین ان کا کم و بیش ہم خیال تھا - کارلیل صاحب کے اس اظہار سے ڈزریلی صاحب کی کوئی تحسین متصور نہ تھی بلکہ موجودہ ناقابل ممبرون مین ان کے خیال کے بموجب یہہ کچھہ ممتاز سمجھے جاتے تھے جب ڈزریلی صاحب اپنے فضیلت و ہمہ دانی کی حد تک کارلیل صاحب سے بخلاف اُنکے

شکوہ اور ملامت کے ممبری کے لئے ملتمس و مصر ہوئے تو اونکو اپنے پچھلے شکوون
کے لحاظ سے بہت ہی ندامت ہوئے۔ اور انکے التماس اور معروضات قبول نہ کر سکے
لیکن اس تیقن سے کہ یہ یہودی شعبدہ باز باوجود اختلاف قوم و مذہب میری لیاقت
و فضیلت کو مانتا تو ہے باطن مین بہت ہی مسرور و محظوظ ہوئے۔ کارلیل صاحب
گو کہ ڈزرَیلی صاحب کے موجودہ مشرقی پالیسی سے نارضامند تھے مگر انہون نے یہ بھی
جان لیا تہا کہ ان کی جُزوی و کُلّی کارروائیون کو فرداً فرداً پیش نظر رکھ کے

پارلیمنٹ کا فیصلہ

انصافانہ فیصلہ نہین کیا گیا۔ سب کچہ سہی لیکن ڈزریلی پارلیمنٹ کا طفل عزیز تہا
اور پارلیمنٹ ہی کے اطمینان و اعتماد نے اسکو گورنمنٹ مین جگہہ دلائی تھی۔ چالیس
سال تک یہ صاحب **ہوس آف کامنز** مین سرکاری عہدہ یا مخالفت یا برباد
یا سرسبز ہر حالت مین اپنے عصر کے نامی گرامی مباحثون اور مقررون سے
بحث کرتے رہے۔ انہون نے اپنے خصائل و عادات کے زور و کشش سے
تعصب و تعرض مذہب کو دور کیا۔ اور بلا تصرف دل خوش کن الفاظ اور
خوش آیند کلمات کے پارلیمنٹ و نیز ملک سے یہہ رائے دلادی کہ ان کا وزیر اعظم
مقرر کیا جانا اولے تر ہے۔ ضرور ہے کہ کوئی غیر معمولی لیاقت ان مین موجود ہو
ظاہر ہے کہ کوئی گھوڑا اس میدان شرط مین نہین بازی لیجا سکتا تاوقتیکہ اس مین
اتنی ہی کافی قوت فیصلہ اور استقلال مزاج نہ ہو۔ ہمین اس امر کے علم کی ضرورت

نہین کہ یہہ صاحب انگلنڈ کی حکومت رانی کے لایق تھے کہ نہین۔ یہہ کافی ہے کہ
ہوس آف کامنس نے آپ کو اس گرامی خدمت کے لئے منتخب کر لیا۔ جب ڈزرلی
صاحب کارلیل کے خیال سے بعض جگہہ مکار خیال کئے گئے ہون تو ضرور تہا کہ پارلیمنٹ
اون کی اس حالت سے واقف ہو جاتی۔ لیکن جب کہ پارلیمنٹ اِن کی دلی غوامِش بہہ
نہ سکتی ہو تو اس سے ثابت ہوگا کہ ذات پارلیمنٹ جسپر انتظام ملکی کا دار و مدار ہے
اسپنے فرض کی قابلیت نہین رکھتی۔ نہ وہ کسی خارجی اور بیرونی تحریک سے اس خدمت
عالیہ پر پہونچے اور نہ انھون نے کوئی ایسا انتظام جدید کیا کہ جس سے ملک مین
شہرت حاصل ہوتی۔ انھون نے صرف اپنی ذاتی لیاقت سے عروج پایا جس کی
واقفیت کے ساتھہ ہم پارلیمنٹ کی لیاقت سے بھی علم حاصل کر سکتے ہین۔

ابتدائی تاریخ یہود

جب یہودیون نے حضرت عیسیٰ کو قید کیا تو پیغمبرون نے
ان کی حق مین دعائے بد کی کہ وہ اسپنے اس گناہ کے عذاب مین باہمدگر تباہ اور متفرق
ہو جائین گے۔ جب انہون نے بیت المقدس سے راستہ ڈہونڈہا تو بحیرہ
رُوم کے ساحلون پر جا بسنے کی تجویز سُجائی دی۔ سسرو کے عہد حکومت مین آکر
آباد ہوئے کارتھج کے باشندے بھی ان کی بولی بولتے تھے۔ ممکن ہے کہ جب
کارتھج کے باشندے سینٹ پالس کے زمانے مین اسپین پر چڑہائی کیا کرتے
توبھی اونکے ہمراہ ہو لیتے تھے۔ اِس جزیرہ نما مین انھون نے گھر بھی بنائے اور

اسپین کی رنج وراحت مین ملکیون کے ساتھہ یکسان ہمدرد رہتے تھے جب سلطنت عرب کا یہان تسلط اور سکہ بیٹھا تو یہودے بے کھٹکے اپنے مذہب کو رواج دیسکتے تھے اور جب چاند کراس (صلیب) سے مغلوب ہوا تو یہہ لوگ عیسائی گھرانون مین بھی شادی کرنے لگے اور بظاہر خود کو ہم مذہب بتلاتے مگر اپنے رسومات مذہبی پوشیدہ طور سے ادا کر لیتے تھے۔ سر آئی زک ڈزرائلی نے اپنی تصنیف جی نیس آف جوڈیزم مین بیان کیا ہے کہ قوم یہود کو ایک فرقہ یا ایک گروہ نہین کہا جا سکتا بلکہ اسکی کئی مختلف شاخین ہین۔ چنانچہ ہسپینش ۔ پورچ گیس ۔ جرمن ۔ پولیش ہین ۔ اور صرف اتنی ہی شاخین نہین اور نہ زائد نام تبلانے سے محدود ہو سکتی ہین۔ اس لحاظ سے کہ یہہ لوگ ہر ملک اور ہر دیس مین وہان کے رسم و رواج اور چال ڈھال کے مطابق گرگٹ کا رنگ بدلا کرتے ہین۔ یہہ قوم اسرائیل مشابہ اوس دریا کے ہے جو کئی وسیع ملکون سے گذرتا ہے اور ہر زمین متعلقہ کی خاصیت اور رنگت سے مملو ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ہر ایک یہودی کی ملکی تہذیب دوسرے غیر ملکی یہودی سے اختلاف رکھتی ہے۔ ہر یہودی اپنے اور دوسرے ملک کی باہمی موافقت یا مخالفت یا محبت یا عداوت مین ہمہ تن شریک رہتا ہے۔ نیز خود کو وہین کا متولد ظاہر کرتا ہے۔ ان تمام ملکی اختلافات مین مڈل ایجز (ازمنہ متوسطہ) کے یہودیون نے اپنے قدیم مذہبی رسومات کے قایم رکھنے کی بڑی کوشش کی۔ انگلنڈ ۔ فرانس

جرمن اور اٹلی مین ملکیون کی جبر و زیادتی برداشت کیا کیئے۔ برنیهم ان ملکون
کے باشندون نے اِن کے تمول اور دولتمندی کے لحاظ سے انہین سبنهال کہا،
چودهوین صدی کے آغاز مین یہہ فرقہ انگلنڈ سے خارج کردیئے گئے اور گورنمنٹ نے
اِن کی ملک وجائداد ضبط کرلی۔ اسپین کے یہودیون نے اپنے مذہبی رسومات کو
رازِ سربستہ کی طرح اخفا کر رکہا اور مذہبی تعصب کے خطرناک اثر سے بآسانی محفوظ ہوسلئے۔
اگر کوئی یہودی خود کو برائے نام عیسائی ظاہر کرتا تو سب تعصبی آفات سے بچتا اور دامن امن
مین لیا جاتا۔ چونکہ یہہ لوگ متمول۔ دولتمند۔ دانا۔ دور اندیش۔ اور ذی جرأت تھے انہون نے
ظاہری پیرایہ مین کیاسلیہ کی باوقعت اور دولتمند بیبیون سے اپنی شادی کی۔ سرکاری
خدمات۔ اعلےٰ درجون۔ اور مفتخر عہدون پر مامور ہوتے رہے۔ حتےٰ کہ عیسائی گرجاؤن
مین پادری اور بشپ بھی خود ہی لوگ مقرر ہونے لگے۔ ایک یہودی جو بظاہر
عیسائی اور بہ باطن مذہب یہود کا معتقد و پابند تہا اسپین کا وزیر اعظم بنایا گیا۔ جب
کیاسٹیل اور آراگین کی سلطنتین متحد ہوگئین۔ یہہ عام خیال تہا کہ ان دونون کے
وجود مین یہودی خون شریک رہے۔ عروج ہی نے انہین زوال دلایا۔ اور سرسبزی نے
آخر کو خزان زدہ کیا۔

سلطنت گرانیڈا (غرناطہ) فرڈینینڈو آزابیلیہ سے
مغلوب ہوئی۔ اسپین کے باشندون نے خدا کی درگاہ مین شکریہ ادا کیا کہ ان کا

جزیرہ نما ان مالدار کافروں سے خالی ہوگیا - جو یہودی ترک مذہب کرتا اور عیسائی ہو جاتا
وہ مذہبی تعصب کے اثر سے محفوظ رہتا مجلس محققین اسپین مذہب اہل یہود پر سخت گیری
کرنے لگی مرتبہ اور دولت کا سہارا یا بچاؤ نہ تہا حتے کہ امرا و اعزہ عمائد و اکابر اسکے
تحقیقات و انضباط سے مجلس کی پیشی مین لائے گئے - ہزارہا ایسے نئے عیسائی
جو مخفی طور پر اپنے ابتدائی مذہب یہود کے مطیع و معتقد تھے زندہ جلا دیے گئے - البتہ
وہ لوگ جو ایسے مقامات مین فرار و روپوش ہوسکتے تھے - جہان مذہبی تعصب کا اثر کم ہویا
بالکل نہ ہو اس دار وگیر سے نجات پاتے تھے **وینیس** مین مذہبی تعصب کے تو ضات و
سخت گیری بالکل کم تھی - چونکہ یہہ تجارتی شہر تہا اور یہودی لوگ زمانہ مین بڑے
مشہور لایق اور خوش اخلاق تاجر تھے - وینس کے امراء و شرفا کوچون اور بازارون
مین رذیل قوم دہقانون اور کسانون کی طرح اون کی تحقیر تو ہین ہجو اور بدزبانی کرسکتے
تھے - اون کی تجارتی اسباب کپڑون پارچون وغیرہ پر تھوک سکتے تھے - اور چونکہ مال وزر
خاطر خواہ پاس تہا - قانون وضابطہ اوسکی جنبہ داری کرتا اور بچاتا - اس جمہوری سلطنت مین
مین اوسکی فیاضی اور صلح کل سے جو لوگ آ بسے ان مین ایک وہ خاندان بھی شامل تہا
جو لارا سے سلسلہ رکہتا تہا - اس فرقے کے لوگون نے بھی خود کو اسی نقط سے نامزد کر رکہا تہا
انھون نے چاہا کہ جزیرہ نما ے اسپین سے جسنے اونکا استیصال کیا قطعا تعلق نہ رکہا
جائے اور صرف ڈزرائلی اپنا خاندانی نام رکھہ چھوڑا - **لارڈ بیکنس فیلڈ** کا قول

ہے کہ یہہ نام اون سے پہلے اور نہ اونکے بعد کسینے اختیار کیا تہا۔ چونکہ مذہب یہود
اس نام سے علانیہ اوازہ زن ہے اس خاندان والے وینس مین تقریباً دوسو برس تک
سرسبز۔ مرفہ الحال۔ دولتمند۔ اور ذی عزت بستے رہے۔ اٹھارہوین صدی کے
وسط مین جب کہ وینس کی تجارت کا عروج زوال پذیر ہونے لگا۔ اونہون نے
اور مقامات و بلاد کی جانب اپنی نگاہین پہیرین۔ ان کے بہت سے ہوگی لوگ
ہالنڈ مین بہی تونگر و عزت یافتہ تھے۔ انگلستان نے اونہین داخل البلد ہونے کی
پہر اجازت دی۔ جسکے ساتہہ بعض شرایط کی پابندی بہی لگادی گئی۔ بہر حال اون کو جان
کے تہلکے یا نقصان عظیم کا اندیشہ اور خطرہ نہ تہا۔ جیساکہ اسپین والے مذہبی رسم پاس ووڈر
مین اپنے لوگون کو کہا جانے کے گمان اور تہمت پر گہوڑونسے کہدلوادیا کئے۔ وہ اپنے
کاروبار و معاملات مین مشغول رہ سکتے اور اونسے ثمرہ پا سکتے تھے۔ اس وینش خاندان
کے سرگروہ نے چاہا کہ انکا منجہلا بیٹا بنجمن لندن جائے اور بخت ازمائی کرے۔ یہہ
لوگ پہلا اسپین کا غرور اپنے دماغ مین رکھ لئے تھے۔ اسلئے لندن کے کم رتبہ یہودیونسے
اپنا تعلق نہ رکھتے تھے۔ بنجمن اٹھارہوین برس لندن مین اکر مقیم ہوا اور دولتمند ہوا۔ خودرائی
اور خودداری سے اپنا کام اجرا کرلیتا۔ اور اپنے ہمسایہ اور شہر کے یہودیون سے بالکل ارتباط
نہ رکہتا تہا۔ ان یہودیون سے مغائرت اور کنارہ کشی شادی کے بعد انتہا کو پہونچگئی تہی
لارڈ بیکنس فیلڈ نے لکھا ہے کہ " میرا دادا ایک حرارت دار پر جوش قوی امید

ذی جرأت - عالی دماغ - روشندل - اقبالمند - اورخوش قسمت آدمی تھا - کسیطرح کی مایوسی طبیعت پر موثر نہ ہوتی تھی - اوہمیشہ تدابیر اوراقسام کے توڑجوڑ سے دماغ مملو رکھتا تھا" اس نے مال وزر حاصل کیا - اور ایک ہم مذہب حسینہ وجمیلہ لڑکی سے اپنی شادی کی جو خود بھی اوسکی طرح مذہبی تعصبات کے رنج والم سہے ہوئے تھی - یہہ بی بی سوشل عزت کی بڑی شایق تھی اور دل مین اپنے مذہب سے ناخوش رہتی "کہ لوگ مجھے اس مذہب کے خیال سے نفرت کی نگاہون سے دیکھا کرتے ہین" اوسکا اقبالمند شوہر صبر کرتا تھا - خاص مکان انگلنڈ مین تھا جہان وہ اپنے دوستون کی دعوت - لطائف وحکایات - مسرت انگیز مصاحبت اور دہستے کھیلنے مین محظوظ وخوشوقت رہتے - حالانکہ بی بی ان کی ان کے نام سے جو صاف مذہب یہود کا انگشت نما تھا ہرگز عفو اور درگذر نہ کرتی - وہ اپنے تدابیر او راندیشون مین ایسا کامیاب ہوتا رہا - اورنیز اپنا کاروبار ومشغلہ اس سلیقے اور قرینے سے رکھنا چاہا کہ تمام یورپ مین ایک موتمن اور معزز بزرگوار سمجھا جانے لگا - یہہ جسقدر عروج واقبال پاتا اوسیقدر اسکی بی بی اپنے مذہب سے نفرت وناراضی جبلاتی تھی - حتے کہ اوسنے اپنی سب کمائی کا ذخیرہ کرکے کاروبار سے کنارہ کیا - شاید یہہ خیال اوسکا اپنی شادی کے اکلوتے بیٹے کے چلن سے اور بھی جابذظہور پذیر ہوا ہو -

اوسکا خیال تھا کہ اپنا معاملہ اپنے بیٹے آئی زک ڈزرائیلی کے تحویل کردن لیکن اوسکے بیٹے نے ابتدا ہی سے اس معاملہ رانی سے سرتاپا تنفر وتکدر ظاہر کر رکھا تھا -

فطرت نے اوسے پیدائش ہی کے زمانے سے اوسکو ایسے تجارتی معاملات اور سود و رسان جہد و تگاپو کے لئے نازیبا قرار دیا تھا - وہ آپ کو نئے طریقے اور انوکھی راہ و روش اور بالکل نادر الاخلاق ثابت کرتا - وہ اپنے ایسے باپ کے گھر پرورش پایا جو محض مختلف الطبع - دنیاوی تجسسات و معاملہ رانی - اور مسترانگیزی مین گذران کرتا تھا - بلکہ یون کہنا چاہئے کہ ایک ہے گھر مین ان دونون کی طرز معاشرت اور باہمی بسر برد گویا اجتماع ضدین تھی - اس کی طبیعت اور مزاج کی نوعیت نہ تو اسکا باپ جان سکتا تھا - اور نہ اوسکی مان سمجھہ سکتی تھی - یہہ اپنے مان باپ کو ایک معما اور طلسمی تپلا دکھائی دیتا تو غیرون کو یہہ ایک شرم آموز اور غیرت انگیز دکھائی دیتا تھا - اسکے خیالات بھرے گردشی آنکھین اوسکو ناشائستہ اور نا تربیت یافتہ بتلاتی تھین - مان اکثر اسپر غضبناک ہوتی عتاب کرتی - جب اوسکی مان کسی کام کے کرنے مین سخت و شدید تاکید کرتی تو یہہ اوس سے تغافل کر جاتا - حتے کہ وہ اب ایسے پرتاسف سن کو پہونچا کہ جو شعور مین شمار کیا جا سکے اسکے بظاہر خبط بھرے کام لوگون کی نظرون کو اوسکی طرف راجع اور شیدا کرتے - لیکن دلون مین ہمدردی و تاسف نہین پیدا کرتے تھے - مان اس حالت مین بھی بجائے خبرگیری و محبت و الفت کے اسپر ہمیشہ خفا رہتی - اسکا آئی زک اسکے غم و محنت کا جام بھرنے اور لبریز کرنے والا اخیر قطرہ ہو گیا - اوسنے اپنی اون باتون کی تعداد جن پر وہ ہمیشہ سرنگون رہتا بہت زیادہ بڑہا دی جو خارج از حساب تھین - لارڈ بیکنس فیلڈ کا قول ہے کہ

"وہ (ماں باپ) غم کہاتے کہاتے اوس سے ایسے بے دل و برخاستہ خاطر ہو گئے کہ گو وہ اسّی برس تک بقید حیات رہے لیکن اس تمام مدت مین بھولکر بھی اپنے بیٹے پر ایک بار بھی محبت کی نظر نہ کی" اس حالت مین ظاہر ہے کہ اوسکا پوتا (لارڈ بیکنس فیلڈ) کیا کچھہ چشم محبت اپنے دادی پر رکھتا ہوگا۔ باپ اپنے کوشش کے امکان تک دونوں ماں بیٹوں کو نصیحت اور صلح سے بحال خود رکھتا۔ شدہ شدہ نوبت یہہ آئی کہ آخر آئی زک اس جور و جفا کا نامتحمل ہوکر گہر سے بہاگ گیا اور پیاکنی قبرستان مین ایک قبر پر سوتا پکڑا گیا۔ جب وہ گہر واپس لایا گیا۔ باپ نے اوسے اپنے گلے لگایا۔ اور بہت کچھہ تسلی دی۔ آخر ایک مدرسے مین اوسے اوسنے بغرض تعلیم بھیجا۔ جہاں اوسکو ایک وقفہ آرام ملا کیا۔ جب وہ مدرسے سے شام کو مکان پر واپس آتا پہر اوسیطرح طعن و تشنیع کیجاتی۔ اوسکی ایک نظم گوئی ان سب مصیبتوں پر طرّہ ہوگئی۔ پہلی پہل باپ خوف زدہ اور متاسف ہوا۔ اتنے تک وہ سمجھا کیا کہ لڑکے آخر لڑکے ہی ہوتے ہین۔ ان کے حرکات پر واقعی غور فکر بھی نہ کرنا چاہیئے۔ مگر نظم گوئی اوسکے تباہی کی ایک خوفناک علامت ہے۔ اب اُسکے باپ کا تاسف اور ملال اس درجہ ترقی کر گیا کہ اگر اوسکے لبریز تجارتی جہاز غرق آب ہوجاتے تو وہ بھی اتنا مغموم نہ ہوتا۔ آخر یہہ عالی دماغ لڑکا ایک ساہوکار کی شاپ کو ہالنڈ بھیجا گیا۔ باپ نے کبھی کبھی اوسے جاکر دیکھا کرتا چند سال تک زیر نگرانی وہین رکھا گیا تاکہ شاعرے کا خیال تجارتی حساب کتاب کے

شغل مین اوس کے دل سے محو ہو جائے آئی زک ٹوزرایلی اگر اسی پر گذر اوقات
اور حصول معیشت کے ضرورت سمجھتا تو نہایت کامیاب مشاق اور تجربہ کار نکلتا۔ یہہ نہایت
خوش اخلاق۔ نرم گو۔ چرب زبان۔ شیرین گفتار۔ دل فریب۔ اور معقول پسند تھا
اس مین شک نہین کہ وہ اس معاملے مین مصروف اور متوجہ ہونے کے لئے
آسانی سے مجبور کیا جا سکتا تھا لیکن وہ اپنے کو ایک نہایت ذی عزت اور
دولتمند باپ کا اکلوتا بیٹا سمجھے ہوئے تھا۔ وہ کیون اپنی طبیعت پر جبر کرتا
اور کیون ایسے شغل مین اپنے دن کاٹتا جسکو وہ محض بے ضرورت سمجھتا ہو۔ تجارتی
حساب و کتاب کو اوسنے بالائے طاق رکھا بلکہ بجائے اسکے وہ بیل اور والٹر
کی تصنیفات کے مطالعہ مین اپنے اوقات صرف کرنے لگا۔ یہان تک کہ اوسنے
آپکو روسو کے تصورات و تصدیقات سے متفق کر لیا اور بیلی ثانی قرار دیا۔

جب اسکو یہان رہتے تھے زیادہ دن گذرے والدین کی
محبت نے جوش کیا۔ آخر اسے وہان سے واپس بلایا گیا۔ یہہ زمانہ اسکا آغاز شباب کا
تھا۔ جب یہہ مکان مین آیا۔ تو اسکی اجنبی وضع سے رمیدگی۔ حقیر شکل سے رکاوٹ
پر جوش اور سرگرم حالت سے حقارت۔ اسکے لانبے لانبے بالون سے سودا
اور ناہموار فیشن والے لباس سے تنفر کا سامنا ہوا۔ جسنے مان کے دل پر نظر حقارت
سے دیکھنے کا اثر ڈالا۔ اوسنے اسکے نئے فیشن اور نئے انداز پر نہایت لعنت و ملامت

کی - اور اسکو پہر پچہلے جور و جفا اور ذلت و خواری کا سامنا ہوا جنسے اسے کچہہ دنون تک نجات ملی تھی ۵

مردہ ام اما ز آسایش ہمان بے بہرہ ام
با کف خاکم ہنوز آن طفل دارد کارہا

باپ نے اسکو اپنی جانب سے اطمینان دلایا کہ تمہارے والدین کا دلی مقصود یہہ ہے کہ تم ہر طرح سے خوش و خرم رہو - اور نیز یہہ بھی ہدایت کی کہ وہ تجارتی بورڈون مین جاکر تجارتی معاملات کے سیکہنے مین کوشش کرے - جسکے جواب مین اوسنے کہا کہ سردست مین نے ایک اور نظم تجارت و بیوپار کے ذمایم اور توہین مین لکھی ہے جو انسان کے جذبات و لولون - فکر و تعمق - رنگین خیالی - اور روشندلی کو تباہ کرنے والی شے ہے اور جسکے طبع کرانے کی نہایت آرزو رکھتا ہون -

ایسے لڑکے سے اس قسم کے تلون اور اختلاف پر کیا سلوک کیا جا سکتا ہے لارڈ بکنس فیلڈ نے بیان کیا ہے کہ وہ گھر مین انتہا سے زیادہ آسایش اور راحت - باپ نہایت ہی سلیم الطبع - خوش اخلاق - رقیق القلب - پند آموز - عالی مزاج علے ہذا مان بھی ایسی کہ جسکا خیال اور برتاؤ کم و بیش عام اوقات مین اسکی ذات پر مفید اور ثمرہ بخش اثر ڈالتا ہو - اسپر بھی یہہ بیٹا گھر سے ناخوش اور بیزار رہتا تھا - پہر تو اسکا گھر مین رہنا بے سود تھا - باہر گیا بھی تو اپنی خودرائی اور ر

دنخواه منصوبون پر۔ پیرس مین اہل علوم۔ اور ارباب فضیلت کی سوسایٹی اور کتب خانون
کے مطالعہ مین انقلاب فرانس کے آغاز تک رہا۔ جس مین دماغی مدرکات
طبیعی تحریکون۔ سوشیل اور مدنی قوتون نے اسکی طبیعت مین اور ہی رنگ پیدا
کردیا تھا۔ اب اسکے روز افزون معلومات روسو کی تحقیقات کے متضاد قایم ہونے
چلے۔ پیرس زمانۂ انقلاب مین چندان امن بخش و محفوظ مقام نہ تھا۔ وہ گھر واپس
آیا۔ تجارت سے وحشت اور کراہت دلانے والے خیالات جو پہلے اوسکے دل مین
جاگزین تھے کچھ کچھ مبدل ہوگئے۔ لیکن دنیاوی تجربات و محسوسات اور مشاہدے
بمقابلہ انکے جو کتابون سے حاصل تھے وہ کہین کم تھے۔ اسکا تنفر تجارت بحال
خود قایم رہا۔ اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آے ہین کہ اسکے باپ بنجمن ڈزرائلی نے
دوکان تجارت بند کردی اور موجودہ ذخیرہ پر قانع ہو بیٹھا آئی زک اپنے ارادے
پر مستقل اور مصمم۔ باپ کے تائید اور دستگیری کا لاپروا اور بے احتیاج ہو اپنا خاص
مسلک اور طریق اختیار کیا۔ اسی اثنا مین اسنے ایک اور نظم ہجو مین لکھی جسکے
دلگیر اثر سے اسکے باپ نے اس سے کنارہ کیا اور بلا خلش اپنی زندگی بسر کرنے لگا
آئی زک لندن کی علم و فضل کی دنیا مین داخل ہوا۔ اور ابھی پورا اونیس ۱۹ برس
کا سن نہ ہوا تھا کہ اسنے نثر مین ایک تصنیف کیوریاسیٹی آف لیٹریچر
طبع کرائی جس سے اسنے بڑی شہرت اور ناموری حاصل کی۔ اسلیے ایسے مضامین

نظم کئے جو حسن معنے ۔ ندرت الفاظ ۔ خوبی بندش ۔ اور طرز ادا مین اپنے آپ نظیر تھے
کہ جنکو خود سر والٹر جیسا مقبول و معروف اور مسلم شاعر ور د زبان رکھتا تہا بر ینہم
اسنے نظم گوئی کی شان ۔ تمہید ۔ محل ۔ پایہ ۔ گریز ۔ حسن بلاغت ۔ اور دیگر طریق مثل
خاتمہ وغیرہ کے جیسا کہ اسکو مرغوب و مطلوب تہا ۔ کافی طور پر حاوی اور ممتاز
ہونا دشوار جانکر نثر کی جانب توجہ کی ۔ جس مین اسکو عام مقبولیت اور دلفریبے حاصل
کرنے کا پورا اطمینان تہا ۔ یہہ خیال نہ ہو کہ نظم سے اسکو محض بے توجہی تھی نہین بلکہ
اسطرف بھی اوسکی طبیعت کا میلان اور لگاؤ تہا ۔ وہ اعلے درجے کا نثر نویس ہی
نہین بلکہ نظم نویس بھی تہا ۔ اسنے اپنی مضمون آفرینی ۔ رنگینی طبع اور شیرین کلامی
سے لٹریچر (علم بیان) کو لوگون کا مرغوب عزیز اور دلخواہ بنا دیا ۔ اونکو اسکے
دماغ نے ایسے تصنیفات عطا کئے جو تاریخی دلچسپ واقعات تازہ خیالات
اچھوتے مضامین جودت بخش مدرکات پر ذوق فقرون اعجوبہ خیز تحریکون
سے مملو تھے ۔ جنکو علمائے عصر ۔ فضلائے وقت اور عوام الناس نے جان و دل
سے قبول کیا ۔ معائنہ مین ہر سواد تحریر آنکھون کی ضیا ۔ اور مکالمہ مین ہر لفظ و فقرہ زبان
کی زیبایش تہا ۔

فصل دوم

خاندان آئی زک ڈزرائلی - لنڈن کی اقامت - ولادت اطفال - ترک مذہب - اتباع چرچ آف انگلنڈ - بنجمن ڈزرائلی کی تعلیم - زوال تعلیم مکتب - اسکا تذکرہ و تعریف - ڈیوین گری اور کنٹرانی فلیمنگ مین - ذاتی خانگی تعلیم - ابتدائی ہونہار اولوالعزمیان

آئی زک ڈزرائلی اپنی بلندبختی اور دولت مندی کی وجہ سے اپنی شاعرانہ زندگی ولٹریری لیف کے مصائب اور اذیتون سے محفوظ اور نہایت آسودہ حال رہا اس نے نامور ومغز لوگون سے اپنا ربط ضبط بڑہایا - تجربہ ومشاہدے نے اس کے خیالات کو ہیرس مین نہایت وسیع اور آزاد بنا دیا - گہرانے کا مذہب وعقیدہ اس پر متاثر نہ تہا - لیکن اپنے باپ کے حیات تک ظاہرا اسی مذہب کا نام لیوا رہا جس مین وہ پیدا ہوا تہا - حسن اتفاق سے اس نے ایک یہودی لڑکی میریا دختر جارج برٹن فرزند جارج ایسوی باشندہ برٹین کے جو نہایت خوش سلیقہ نیک سیرت - مہرانگیز - اور باوفا تہی اپنا سب خانگی کاروبار سپرد کیا - اور خود لائبریری اور کتب خانجات اور دیگر کتب فروشون کے گردن کی کتابون کے مطالعہ مین مصروف رہتا - عجائب خانون کے معائنہ - اور لایق پولیٹیشن و فضلای عصر

کی محفل مین اپنی اوقات مبذول رکھتا۔ اسکی زندگانی بعد شادی کے گھر کے باہمی
نفاق و تنفر سے محفوظ رہی جو کم سنی مین ہوتا رہا۔ ان دونون کی باہمی معاشرت و
بسر بردا ایسے خوش اسلوب اور پر محبت تھی کہ انگلنڈ کے گھرانون اور خاندانون
مین شاید ہی اس حد تک ہو سکتی تھی۔

ان کے چار بچے پیدا ہوئے سب سے بڑی لڑکی تھی جس کا نام
سارا تھا۔ اور جسکا علم و فضل ایک رتبہ عالی کو پہونچا تا اگر یہہ لڑکا ہوتی۔ بنجمن جو
وزیر ہونے والا تھا دوسرا فرزند تھا۔ رالف اور جیمس دوسرے دو لڑکے تھے۔
یہہ ڈزرئیلیان لندن مین رہا کرتے تھے جہان انہون نے اپنے مسکن کو کئی مقامات
پر نقل کیا۔ آغاز شادی مین اڈلفی مسکن تھا۔ اسکے بعد انہون نے اس مقام کو بدلدیا
کنگس رگریسن مین جا بسے جہان ۲۱ دسمبر ۱۸۰۴ء کو بنجمن پیدا ہوا۔ جو لیش گرجا
مین معمولے رسم سے یہودی بنایا گیا۔ جس تلقین کی کیفیت اسپنیش اور پورچ گیس
کے دفتر بوس مارکس مین درج ہے۔ اسکے عروج و اقبال کی نسبت کیسے پیشین گوئی
تو نہ کی تھی کہ جس توقع اور تفخر پر ناز و نعمت سے پرورش پاتا۔ دوسرے بچون کے ساتھ
بلا امتیاز وہ بھی نشو و نما پانے لگا۔ یہہ اپنی مان کا بہت پیارا تھا اسلئے یہہ آوارہ۔ بے پروا
اور غیر محکوم بھی تھا۔ گھر مین بہت شور و غل مچاتا۔ غالباً باپ کے دماغی سکون کو متحرک اور
دلی جمعیت منتشر کیا ہو۔ کمیٹی مین یہہ امر مسلم ہوا کہ یہہ مدرسے کو بھیجا جائے۔ لیکن

خصوصیت نہین تبلائی گئی - انگریزمنٹ کے لڑکے بالکل سخت - آتش مزاج - اور متعصب تھے نہایت تلخی اور غمگینی سے ان مین شریک رہنا اور بسر کرنا ممکن تہا - آئی زک ڈزرایلی کا ایک دوست جو اس وقت کی مدارس تعلیم مین بہرۂ وافر رکھتا تھا لڑکے کو دو مشہور مدرسون آیٹن اور ونچسٹر مین داخل کرنے کی رائے نہ دے سکتا تھا - لہذا امتحان کا پہلے ایک خانگی مدرسہ قایم کیا گیا - جسکی ابتدائی تعلیم بلاک اسمتہ کی پاٹیگری سے آغاز پائی - اس مدرسے مین اس نے اُس عرصے تک تعلیم پائی کہ اس کا سن اب وہان رہنے کا مزاحم و متعرض ہوا - علاوہ برین ایک نیا انقلاب اور ناگاہ حادثہ بھی اس گھرانے مین پیش آیا وہ یہہ ہے -

سنہ ۱۸۱۷ء مین اس کے دادا نے انتقال کیا - آئی زک ڈزرایلی اپنے باپ کے اثاثہ و املاک کا وارث ہو گیا - اور گریس روڈ والے مکان مین جس کا نمبر (۶) بلوا سبری اسکوئر تھا جا رہا یہہ مقام اُن سب مقامات مین نہایت متبرک تہا - اسوجہہ سے کہ وہان بڑے لایق وکیل ارباب فضل - اہل دانش - اور کاروان لوگ رہا کرتے تھے - یہان اسنے اپنے پہلے ہی کے نامضبوط اور بودے مذہب کو کھلم کھلا ترک کر دیا جس کے وجوہات بھی اس نے اپنی تصنیف "جینس آف جوڈیزم" مین لکھے ہین کہ "یہہ مذہب گروہ روے زمین پر بالکل قلیل المقدار ہے اس کے مسائل و مقاصد عقائد و ارکان ہر حال مین تقیید اور پابندی پر مجبور کر رکھتے ہین - مگر حالات کے لحاظ سے یہہ امر دشوار ہے اور بیان کرتا ہے کہ اس مذہب کے بزرگون

